بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ یا حیّ یا قیّوم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَ حَبِيْبِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَ بِعَدَدِ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادِ كَلِمَاتِكَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

یا حیّی یا قیّوم

خصلت

مؤلفہ

صاحبزادی انیس اختر سلمہا اللہ

بنت

حضرت ابو انیس محمد برکت علی لودھیانوی قدس سرہ العزیز

المقام النجاف الصحاف المقبول المصطفین ○ کیمپ دار الاحسان فیصل آباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ یا حی یا قیوم

خصلت

للتقسیم والتوزیع فی سبیل اللہ

لانتفاع و النفع

لجمیع امۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لمرضات اللہ تعالی ورسولہ الکریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔ امین

مؤلفہ صاحبزادی انیس اختر سلمہا اللہ بنت حضرت ابونیس محمد برکت علی لودھیانوی قدس سرہ العزیز

المقام النجاف الصحاف المقبول المصطفین ○ کیمپ دار الاحسان سندھی روڈ فیصل آباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَاشَاءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

خصلت

انتخاب از

مقالات حکمت

جلد اول تا سی ام

حضرت ابوالخیر محمد برکت علی لودھیانوی قدس سرہ العزیز

ترتیب و تزئین

صاحبزادی انیس اختر سلمہا اللہ بنت حضرت ابوالخیر محمد برکت علی لودھیانوی قدس سرہ العزیز

طبع ..... اول

مطبع ..... احمد سجاد آرٹ پریس، موہنی روڈ لاہور۔

طابع ..... کیمپ دارالاحسان ، فیصل آباد

تاریخ ..... ۱۶ رمضان المبارک ۱۴۲۷ھ

مقام اشاعت

المقام النجاف الصحاف المقبول المصطفین

کیمپ دارالاحسان سمندری روڈ، فیصل آباد، پاکستان۔ فون 041-2679900

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ○

بے شک اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے (البقرۃ ۱۵۳)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ
اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

کِتَابُ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ صلی اللہ علیہ وسلم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّھِمْ یَعْدِلُوْنَ ○ ھٰذَا کِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْاَمِیْنِ الصَّادِقِ الْمَصْدُوْقِ الْمُجْتَبٰی الْمُخْتَارِ الْاَحْمَدِ صَاحِبِ الْقَضِیْبِ وَالتَّاجِ وَالرَّاْیَۃِ وَالْکَرَامَۃِ صَاحِبِ شَفَاعَۃِ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ اِلٰی مُسْتَقَرِّ الدَّارِ وَالدِّیَارِ وَالْاَوْطَانِ وَالْاَمْصَارِ وَالْقِفَارِ اِلَّا طَارِقًا یَّطْرُقُ بِخَیْرٍ ○
اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَکُمْ فِی الْحَقِّ سَعَۃً فَاِنْ تَکُنْ طَارِقًا مُّوَلِّیًا اَوْ مُذْوِیًا اَنْ خَدَعَنَا حَقًّا اَوْ بَاطِلًا اَوْ مُؤْوِیًا اَوْ مُقِیْمًا
فَاسْتَوْکَلُوْا حَصْلَۃَ الْقُرْاٰنِ وَانْطَلِقُوْا اِلٰی عَمْرَۃِ الْاَوْثَانِ یُرْسَ عَیْنَکُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِیْمِ ○ بِاسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا اَحَدَ مِثْلُ اللّٰہِ وَلَا شَیْءَ سِوَی اللّٰہِ وَبِسْمِ اللّٰہِ اَسْتَفْتِحُ وَعَلَی اللّٰہِ اَتَوَکَّلُ
حَابِلْ یَکْتَنِیْ ھٰذَا فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَفِیْ حِفْظِہٖ وَفِیْ کَنَفِہٖ وَفِیْ سِتْرِہٖ اَیْنَ مَا کَانَ وَحَیْثُ مَا تَوَجَّہَ لَا تَقْرَبُوْہُ وَلَا تَضُرُّوْہُ وَلَا تَضُارُّوْہُ قَائِمًا وَّقَاعِدًا وَّنَائِمًا وَّلَا فِی الْاَکْلِ وَالشُّرْبِ وَلَا فِی اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَلَا فِی یَوْمٍ وَّلَا فِی لَیْلَۃٍ وَّلَا فِی سَحَرٍ وَّلَا فِی
لَا فِی سَحَرٍ وَّکُلَّمَا سَمِعْتُمْ صَوْتَ حَابِلٍ یَکْتَنِیْ بِالْکَتِبِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ فَادْبُرُوْا عَنْہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ
اللّٰہِ ○ بِاللّٰہِ الَّذِیْ ھُوَ غَالِبٌ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ وَّھُوَ اَعْلٰی مِنْ کُلِّ شَیْءٍ وَّھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ شَھِیْدٌ ○ وَبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ النَّبِیِّ
الْاُمِّیِّ الْمَبْعُوْثِ اِلَی الثَّقَلَیْنِ ○ اَللّٰھُمَّ احْطُطْ حَابِلَ یَکْتَنِیْ ھٰذَا ○ بَلْ مَنْ عَنَّنِیْ عَلَیْہِ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءُ بِالْاِسْمِ الَّذِیْ ھُوَ مَکْتُوْبٌ
عَلٰی حَوَاشِیْ قَوَائِمِ الْعَرْشِ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ھُوَ الْغَالِبُ الَّذِیْ لَا یُغْلَبُ شَیْءٌ ○ وَّلَا یَمْنَعُ مِنْہُ ھَارِبٌ ○ فَاَعِیْذُہٗ
بِالْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَبِالْحَیِّ الَّذِیْ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ وَالْعَیُّوْقِ الَّذِیْ لَا یَتَحَرَّکُ وَالْکُرْسِیِّ الَّذِیْ لَا یَزُوْلُ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ ھُوَ مَکْتُوْبٌ فِی
اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ ھُوَ مَکْتُوْبٌ فِی الْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ جَآءَ بِہٖ عَرْشُ بِلْقِیْسَ اِلٰی سُلَیْمٰنَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَیْہِ
السَّلَامُ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْہِ طَرْفُہٗ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ نَزَلَ بِہٖ جِبْرَآئِیْلُ عَلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ
ھُوَ مَکْتُوْبٌ فِیْ قَلْبِ الشَّمْسِ وَاُعِیْذُہٗ بِالْاِسْمِ الَّذِیْ سَمَاہُ بِہِ السَّحَابُ الثِّقَالُ وَیُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ مِنْ خِیْفَتِہٖ وَ
بِالْاِسْمِ الَّذِیْ یَعْلَمُ بِہِ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ لِمُوْسَی ابْنِ عِمْرَانَ فَخَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا ○ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ کُتِبَ بِہٖ عَلٰی وَرَقِ الزَّیْتُوْنِ
وَاُلْقِیَ فِی النَّارِ فَلَمْ یَحْتَرِقْ ○ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ مَشٰی بِہِ الْخَضِرُ عَلَیْہِ السَّلَامُ عَلَی الْمَآءِ فَلَمْ یَبْتَلَّ قَدَمَاہُ ○ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ
نَطَقَ بِہٖ عِیْسٰی وَھُوَ ابْنُ مَرْیَمَ فِی الْمَھْدِ صَبِیًّا وَّاَبْرَاَ الْاَکْمَہَ وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِ اللّٰہِ وَاَحْیَی الْمَوْتٰی بِاِذْنِ اللّٰہِ ○ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ
نَجٰی بِہٖ یُوْسُفَ مِنَ الْجُبِّ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ نَجَّا بِہٖ اِبْرَاھِیْمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ مِنْ نَّارٍ عَتَتْ وَّجَبَتْ اَنْ تُلْقٰی فِی النَّارِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ نَجَّا بِہٖ
یُوْنُسَ مِنْ بَطْنِ الْحُوْتِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ فَلَقَ بِہِ الْبَحْرَ لِمُوْسَی ابْنِ عِمْرَانَ وَجُنُوْدُہٗ کُلُّ فِرْقٍ کَالطَّوْدِ الْعَظِیْمِ وَاُعِیْذُہٗ بِسِرِّ
اٰیَاتِ الَّتِیْ نَزَلَتْ عَلٰی مُوْسَی ابْنِ عِمْرَانَ بِطُوْرِ سِیْنَآءَ وَاُعِیْذُہٗ مِنْ کُلِّ عَیْنٍ نَّاظِرَۃٍ وَّکُلِّ اُذُنٍ سَامِعَۃٍ وَّاللِّسَانِ نَاطِقَۃٍ وَّاَیْدٍ
بَاطِشَۃٍ وَّقَلْبٍ وَّاعِیَۃٍ فِیْ صَدْرٍ غَادِیَۃٍ وَّاللِّسَانِ کَالْبَرْقِ وَمِنْ کُلِّ مَنْ یَّعْمَلُ عَمَلَ النُّشْرَۃِ وَمِنْ سُوْءِ شَرِّ التَّرَاوِیْحِ وَالسَّحَرَۃِ وَ
مَنْ فِی الْجِبَالِ وَالْاَرْضِ وَالْغَابِ وَالْعُرْنِ وَسَاکِنِ الْاَجَمِ وَسَاکِنِ الْبِحَارِ وَسَاکِنِ ضِیْنِ الظَّلِیْمِ وَاُعِیْذُہٗ مِنْ شَرِّ الشَّیَاطِیْنِ
وَجُنُوْدِھِمْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ غَوْلٍ وَّغُوْلَۃٍ وَّسَاحِرٍ وَّسَاحِرَۃٍ وَّسَاکِنِیْ وَّسَاکِنَۃٍ وَّتَابِعٍ وَّتَابِعَۃٍ وَّمِنْ شَرِّھِمْ وَشَرِّ اٰبَآئِھِمْ
وَاُمَّھَاتِھِمْ وَاَبْنَآئِھِمْ وَبَنَاتِھِمْ وَاَخَوَاتِھِمْ وَعَشَائِرِھِمْ وَخَلَآئِرِھِمْ وَقَرَابَاتِھِمْ وَمِنْ شَرِّ الْمَوَارِیْدِ وَالْمَحَرَّۃِ وَالطَّیَّارَاتِ وَمِنْ شَرِّ
سَاکِنِ الْجِبَالِ وَالتِّلَاعِ وَالْعُمْرَانِ وَالْبَرِّ وَالْخَرَابِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَالْجِبَالِ وَمَنْ یَّسْکُنُ فِی الظُّلُمَاتِ وَمِنْ
شَرِّ مَنْ یَّسْکُنُ فِی الْعُیُوْنِ وَمَنْ یَّمْشِیْ فِی الْاَسْوَاقِ وَیَکُوْنُ مَعَ الدَّوَابِّ وَالْمَوَاشِیْ وَالْوُحُوْشِ وَیَسْتَرِقُّ السَّمْعَ وَمَنْ لَّا اِلٰہَ
اِلَّا اللّٰہُ یَدُبُّ کَمَا یَدُبُّ الْوَصَبُ وَالْحَصِیْدُ عَلَی النَّابِ وَمِنْ شَرِّ مَا یَکُوْنُ فِی الْاَرْحَامِ وَالْاَجْنَامِ وَالْاَعْظَامِ وَمِنْ شَرِّ مَا
یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنْ یُّخْتَرُ لَّاسِ وَاُعِیْذُہٗ مِنَ الْعُسْرِ وَالنَّظْرِ وَالْکَیِّ ھِیَ شَرًّا ھِیَ مَھْلًا ○ اَللّٰہُ ھُوَ اَجَلُّ وَاَعَزُّ وَاَقْدَرُ مِنَ
الْحَیَّۃِ وَالنَّاسِ وَاُعِیْذُہٗ مِنْ کُلِّ عَیْنٍ بَاغِیَۃٍ وَّاُذُنٍ سَمِعَۃٍ وَّمِنْ شَرِّ الدَّاخِلِ وَالْخَارِجِ وَمِنْ شَرِّ عَفَارِیْتِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَمِنْ شَرِّ
کُلِّ ذِیْ شَرٍّ وَّمِنْ شَرِّ کُلِّ غَاوٍ وَّرَابِضٍ وَّمِنْ شَرِّ سَاکِنِ الزَّوَایَا مِنْ عَجِیْجٍ وَّصَیْحٍ وَّزَلْزَلٍ یَّقْطَعُ وَیَصِلُ وَاُعِیْذُہٗ مِنْ شَرِّ مَنْ تَطَّلِعُ اِلَیْہِ الْاَبْصَارُ
وَتَضْطَمُّ اِلَیْہِ الْقُلُوْبُ وَمِنْ شَرِّ سَاکِنِ الْاَرْضِ وَسَاکِنِ الزَّوَایَا وَمِنْ شَرِّ مَنْ یَّصِفُہُ الْخَطِیْئَۃُ وَیُوْلَہُ بِھَا وَمِنْ شَرِّ مَا تَنْظُرُ اِلَیْہِ الْاَبْصَارُ
وَاُعِیْذُہٗ مِنْ شَرِّ اِبْلِیْسَ وَجُنُوْدِہٖ وَمِنْ شَرِّ الشَّیَاطِیْنِ ○

یہ مقدس مکتوب پیرس (فرانس) کے شاہی عجائب گھر سے دستیاب ہوا،
پاکستان میں اسکی پہلی اشاعت کا شرف دارالاحسان کو نصیب ہوا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَ دِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ ط یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ

خصلت:

تاریخ ابن آدم چیست؟ تذکرۂ خصلت!

انسان ہو یا حیوان.....خصلت ہی ہر شے کی پہچان ہے

باز اور کوے میں جسامت کا نہیں، خصلت ہی کا فرق ہے

خصلت، زندگی کی پہچان ہے، جان ہے اور آن۔

ہر مقام خصلت ہی کا مقام ہے اور ہر شان خصلت ہی کی شان!

اگر خصلت نہیں، گویا کچھ بھی نہیں۔

خصلت ایک شہر ہے، کبھی اکیلی نہیں رہتی، نہ ہی اکیلا پن اسے زیب دیتا ہے۔ اپنا ایک شہر بسا کر بسا کرتی ہے۔ ایک بار قائم ہو کر پھر باطل نہیں ہوتی!

یہ زبدۃ العمل بھی ہے، قوی العمل بھی۔

زندگی ایک میدان ہے۔ خصلت میرِ میدان! ہر میدان خصلت ہی کے ہاتھ رہا۔

ہر جھنڈا خصلت ہی نے بلند رکھا، کبھی گرنے نہ دیا:

ہر فتح نے خصلت ہی کے قدم چومے!

ہر کامیابی خصلت ہی کی تلاش میں رہی۔ اسے جہاں پایا، اس سے واصل ہوگئی۔

یہ وہ ہتھیار ہے جس کا وار کبھی خالی نہیں گیا۔ وہ دریا ہے جس کا رخ کسی سے بھی موڑا نہ گیا۔ وہ سیلاب ہے جسے کوئی کبھی روک نہ سکا۔ وہ چوٹی ہے جسے کوئی سر نہ کر سکا۔ وہ پہاڑ ہے جسے کوئی سر نہ کر سکا۔

دیر و حرم میں اسی کے ترانے گونجے۔ ہر جگہ جا پہنچی حتی کہ حریم ناز تک بھی۔

فتح و نصرت اور تائید و حمایت جب بھی نازل ہوئی، خصلت پہ ہوئی۔

خلعت پہ نہیں، خصلت پہ۔

خصلت، ہر شے پہ غالب رہی، حتی کہ موت پہ بھی۔

ہر شے مٹ گئی، خصلت کبھی نہ مٹ سکی۔ اپنے حامل کو بھی زندہ جاوید بنا گئی۔

اہل خصلت دنیا سے اٹھ گئے، ان کے جسم پیوند خاک ہو گئے، قبروں میں پڑے پڑے صدیاں گزر گئیں مگر ان کا تذکرہ باقی، احترام قائم، عظمت برقرار، مثال موجود، اور فیض سدا جاری رہا۔

ان کی صورت اوجھل ہوگئی، خصلت اوجھل نہ ہو سکی۔ گردش لیل و نہار خصلت کی اِس خصلت کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکی۔ اور اے جان من! افراد کا نہ اقوام کا، مال کا نہ اسباب کا، صرف خصائل کا تذکرہ باقی رہتا ہے۔

خصلت صرف باقی نہیں رہتی، آنے والوں کی رہنمائی بھی کیا کرتی ہے

خصلت کی عظمت دیکھ!

نبوت بھی مخصوص خصائل ہی سے عبارت ہے اور خصائلِ نبوت ہر خصلت کی کسوٹی ہیں۔

جو خصلت اس معیار پر پوری اترے، مقبول، ورنہ مردود!

کوئی مقبول خصلت اپنا.....نرا رولا نہ پا!

رولے میں ہر شے رل جاتی ہے!

کوئی عمدہ خصلت اپنا، جہاں سے بھی ملے حاصل کر! ورنہ یہ زندگی کسی دفتر میں قابل قبول نہیں۔

بے شک آدمیت وانسانیت وبشریت کی عظمت کا راز.....خصلت ہے

ہر شے فانی.....خصلت باقی

باقیات الصالحات، ماشاء اللہ!

خصلت باقیات الصالحات ہے جس کا تذکرہ اللہ کے نیک بندوں کی زبانوں پر قیامت تک جاری رہتا ہے، کس بھی زمانے میں کبھی بند نہیں ہوتا۔

خصائلِ نبوت ولایت کے نشانِ راہ ہیں۔

خصائلِ نبوت کو اپنانے کی جدوجہد کا اصطلاحی نام طریقت الاسلام ہے۔

نبوت کے بعض خصائل امکانی اور بعض غیر امکانی ہوتے ہیں۔

عبادات ومعاملات امکانی،

نزول وحی، مشاہدات ومعجزات غیر امکانی ہیں۔

امکانی مدارج کی ابتاع کی جدوجہد طریقت کی قابلِ تحسین منزل ہے۔

غیر امکانی مدارج وہبی ہوتے ہیں۔ عنایت کئے جاتے ہیں، کسب سے حاصل نہیں کیے جاسکتے۔

کرنی.....کرم کی عنایت پہ موقوف۔

آدمیت وانسانیت وبشریت کا عروج کسی عمل کو پڑھنے کی بدولت نہیں، خصلت کو اپنانے کے باعث ظہور پذیر ہوتا ہے۔

تاریخ عالم نے خصلت ہی کی بدولت آدمیت کا تذکرہ کیا۔

آدمیت وانسانیت وبشریت کے مکارم اخلاق ہی خصائل نبوت ہیں۔

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم مجسم مکارم اخلاق ہیں۔ان کے کسی بھی اخلاق کے استقلال کو اپنا۔فصاحت وبلاغت کسی اخلاق ہی کی حمایت میں ہوتی ہے۔

بین الاقوامی تبلیغ کے لئے بین الاقوامی اخلاق کی ضرورت ہے اور اسلام کا ہر اخلاق بہترین اخلاق ہے۔

اللہ ہمیں مقبول عام اور مشہور الاسلام اخلاق عنایت فرمائے آمین۔

منکرات الاخلاق یعنی جمیع معاصی سے اجتناب بہترین اخلاق۔

اسلامی اخلاق کا یہ مطلب ہے کہ تیری کوئی بھی حرکت اسلام کے منافی نہ ہو۔

سرفہرست جھوٹ غیبت، چغلی اور حسد سے کلیتًا اجتناب۔

دیکھنے کی چیز تو بندے کا اخلاق ہوتا ہے، نہ مال ہوتا ہے نہ جائیداد۔

جو اخلاق قرآن کریم نے پیش کیا، کوئی بھی بندہ اس پہ گزر نہیں رکھتا مگر اللہ کے پسندیدہ بندے۔

اخلاق کیا ہے؟ قباحت سے اجتناب۔

ہر خصلت کے دامن میں ایک اثر ہوتا ہے جس کا وار کبھی خالی نہیں جاتا،

حسد بدترین اور اخلاق بہترین خصلت ہے۔

اخلاق انسان کی شخصیت کا آئینہ دار ہے۔مقبول اور منکر، اخلاق کی میزان کے

دو پلڑے ہیں۔ ہر کسی کا قول و فعل ان دو ہی پلڑوں میں تولا جاتا ہے۔

یہ عبادت گاہ ہے، تفریح گاہ نہیں۔ مردوں کا اکھاڑا ہے، بازیچہ اطفال نہیں۔ یہ میکدہ ہے، عشرت کدہ نہیں۔ دارالحزن ہے دارالصحن نہیں۔

اس میدان میں جو جھنڈا بھی لہرایا، اخلاق ہی کی بنیادوں پر لہرایا نہ کہ عبادات کی۔ جس کا جتنا بلند اخلاق، اتنا ہی اونچا مقام ہوتا ہے۔

اخلاق کی کمی کو عبادت پورا نہیں کر سکتی لیکن عبادت کی کمی کو اخلاق پورا کر دیتا ہے۔

ہمارے سیرت و کردار اخلاقی میزان میں پورے نہیں اترتے۔ اگر ہم ہر معاملہ میں قرآن و سنت کے پابند ہوتے، ہماری زندگی قابل رشک ہوتی۔

ذکر الٰہی اور سنت مطہرہ کے عین مطابق عملی نمونے کا اصطلاحی نام.....

اللہ کے دین اسلام کی دعوت و تبلیغ۔

امت کے ہر فرد پر ہر وقت لاگو۔

بین الاقوامی مبلغ کا بہترین اخلاق:

ہر مسلمان بھائی کو اپنے سے بہتر جانے۔

بزرگی کے مقامات تو وری الوریٰ ہیں، عام مسلمان کی تعریف میں اللہ رب العالمین اور اس کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

وہ اپنے کسی مسلمان بھائی کا حق نہیں کھاتا

امانت میں خیانت نہیں کرتا

کسی کی دل آزاری نہیں کرتا

اپنے وعدے سے کبھی نہیں پھرتا

کبھی جھوٹ نہیں بولتا

کسی کی غیبت نہیں کرتا

نہ چغلی کرتا ہے نہ حسد

آپ اپنا جائزہ لیں: کیا آپ اپنے کسی مسلمان بھائی کا حق تو نہیں کھاتے؟

کیا امانت میں خیانت تو نہیں کرتے؟

کیا لوگ آپ سے دُکھی تو نہیں ہیں؟

کیا آپ اپنے وعدے پورے کرتے ہیں؟

کیا آپ جھوٹ تو نہیں بولتے؟

کیا آپ غیبت یا چغلی تو نہیں کرتے؟

کیا آپ کے دل میں حسد تو نہیں؟

اور کیا آپ نہیں جانتے کہ حسد نیکیوں کو اس طرح جلا دیتا ہے جیسے کہ آگ سوکھی ہوئی لکڑی کو؟ یہ ہماری وہ چند بنیادی خامیاں ہیں کہ جب تک یہ دور نہیں ہوتیں ہماری کوئی جدوجہد کوئی رنگ نہیں لاسکتی۔

دین میں چار چیزیں قطعی حرام ہیں

(۱).....جھوٹ

(۲).....غیبت

(۳).....نمیمت

(۴).....حسد

جو اِن سے باز آجاتا ہے، دین دار بن جاتا ہے۔

ہر بات جھوٹی

ہر قول جھوٹا

ہر وعدہ جھوٹا

پھر کیونکر کوئی زندگی پروان چڑھے؟

☆ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

''بے شک اللہ تعالیٰ اسے ہدایت نہیں کرتے جو حد سے بڑھنے والا، بڑا جھوٹا ہو'' (الزمر، ۶۰)

o حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا، کیا مومن بزدل ہوتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں (ہوسکتا ہے) پھر عرض کیا گیا کیا مومن بخیل ہوسکتا ہے؟ فرمایا ہاں (ہوسکتا ہے) پھر عرض کیا گیا: کیا مسلمان جھوٹا ہوسکتا ہے؟

فرمایا:

نہیں!

(مشکوٰۃ شریف)

☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اے ایمان والو! بہت سے گمانوں سے بچا کرو کیونکہ بعض گمان گناہ ہوتے ہیں۔ (الحجرات: ۱۲)

☆ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

''ایک دوسرے کی غیبت نہ کیا کرو۔ کیا تم میں سے کوئی یہ پسند کرتا ہے کہ وہ اپنے

مردہ بھائی کا گوشت کھائے.....پس تم اس سے کراہت کرو گے" (الحجرات:۱۲)

o حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ دو روزہ دار شخصوں نے ظہر یا عصر کی نماز پڑھی جب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ چکے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جاؤ دوبارہ وضو کر کے نماز پڑھو اور اپنا روزہ پورا کر کے دوسرے دن قضا روزہ رکھو۔ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس لئے کہ تم نے فلاں شخص کی غیبت کی ہے۔ (بیہقیؒ)

☆ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

کیا وہ لوگوں سے اس پر حسد کرتے ہیں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے عطا فرمایا ہے۔

(النسا:۵۴)

o حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

حسد سے اپنے آپ کو بچاؤ اس لئے کہ حسد نیکیوں کو کھا جاتا ہے (یعنی نیکیوں کو فنا کر دیتا ہے) جس طرح آگ لکڑیوں کو کھا جاتی ہے۔

(مشکوٰۃ شریف)

آفاقی پیغام کا علمبردار کس الجھن سے دوچار؟

حسد بدترین برائی ہے، دین کا مبلغ حسد کا شکار ہو گیا۔

تو جب تک رذائل وخبائث سے پاک نہیں ہوتا،

تیری تقریر وتحریر کیا رنگ لا سکتی ہے؟

حسد نے ہمیں مار مکایا اور غیبت ونمیمت نے ہمارے اعمال کو کھایا اور ہمیں

اس زیاں کا کوئی احساس ہی نہیں۔افسوس صد افسوس!

دیکھ، تیری کرتوت نے کیا کچھ نہ کیا! بھری ہوئی محافل اجاڑ دیں۔شیطان نے چپے چپے پہ ایسی عبادت کی کہ کسی اور کو ایسی سعادت نہ ملی۔

وہ معلم الملائکہ بنا اور جبریلؑ اس کے تلمیذ۔

حسد نے اسے ورغلایا اور حسد خصائل کی دنیا میں بدترین خصلت سے بھی بدتر خصلت ہے۔ہر حسد شیطان ہی کے حسد سے پرگٹ ہوا۔جب معلم الملائکہ کا یہ حال ہے تو اور کون محفوظ رہ سکتا ہے۔

حسد شیطان کی فطری خصلت ہے وہ اس سے کبھی باز نہیں رہتا۔

دنیائے دوں میں ہوگا تو ضرور، پر دیکھا نہیں جو دوسرے کا حاسد نہ ہو۔

ہر کوئی ہر کسی کا حاسد ہے اور حسد ہی کی نحوست کے باعث بدخواہ۔

حسد.....بدترین خصلت۔

جانتے نہیں؟ شیطان معلم الملائکہ تھا،

حسد ہی کے باعث ابلیس وملعون ہوا۔

حاسد کسی کا بھی خیر خواہ نہیں ہوتا۔

حسد ایک بدترین خصلت ہے۔جس بھی وجود میں ایک بار داخل ہو کر گھر کر لیتی ہے، بالکل نہیں نکل سکتی۔چونکہ کسی اور کو اس کی خبر تک نہیں ہوتی اس لئے یہ اپنا کام جاری رکھتی ہے۔دل کو کبھی فارغ ہونے نہیں دیتی۔نماز میں بھی نہیں۔اور ذکر تو ہے ہی اس کی لپیٹ میں۔ایسے ایسے رخنے پیدا کرتی ہے کہ توبہ توبہ!

اپنے سوا ہر کسی کو ہر حال میں مشکلات میں مبتلا کر دیتی ہے۔

تبلیغ میں ذاتیات نہیں، دین ہوتا ہے اور حسد عین ذاتیات ہے۔

بندہ بندے کا معاون نہیں بنتا۔ ایک دوسرے کا یا شریک بنتا ہے یا حاسد۔ اور یہ بندے کی سب سے بڑی غلطی ہوتی ہے۔ یہ دونوں باتیں صلاحیت کو کچل دیتی ہیں۔ اگر ہم ایک دوسرے سے متحد ہوتے، صلاحیت گھٹائیں باندھ کر رحمت برسانے لگتی۔

اللہ کے بندو اللہ سے ڈرو

فرقوں میں مت بٹو

ایک دوسرے کے معاون بنو

اتحاد کو پارہ پارہ مت کرو

یہ ہے سبل السلام

اللہ کے دین اسلام کی تبلیغ۔

مخالفت..... بے نیلِ مرام۔

اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام اکابر ملت کے کارناموں کو قیامت تک آنے والی نسلوں کی رہنمائی کے لئے اپنے بندوں کی زبانوں پہ زندہ رکھتے ہیں اور.....اکابر ملت کے تمام کارناموں میں اتحاد بین المسلمین کی روح کارفرما ہوتی ہے۔ مسلمان کو مسلمان سے لڑوانا، اسلامی اتحاد کو پارہ پارہ کرنا کسی بھی دانشور کے نزدیک مستحسن نہیں اور اکابر دانشمندوں کے سردار ہوتے ہیں۔ ایسی باتیں کبھی نہیں کہتے اور ایسے کام کبھی نہیں کرتے۔

اگر تو اللہ کی راہ میں صرف اللہ ہی کے کاموں میں مشغول ہوتا، شیاطین تیری تبلیغ کے جلال کی تاب نہ لاتے ہوئے جل جاتے اور اللہ کی نصرت و برکت تیرا استقبال کرتی۔

ہم جو کچھ بھی کہتے ہیں لوگوں ہی کو سنانے کے لئے کہتے ہیں ورنہ اپنا حال کوئی حال نہیں۔

قرآن کریم اور سنت مطہرہ کا داعی خود ممنوعات کا مرتکب ہو جاتا ہے۔

اپنے نفس کو ذلیل اور قابو میں رکھ۔ جو اسے برا کہے، برا مت مان۔ بے شک یہ ایسا ہی ہے۔ حرام کاموں سے کبھی باز نہیں رہتا۔ مسجد میں بھی نہیں۔ حسد و کذب و غیبت و نمیمت مطلق حرام ہیں یہاں تک کہ نماز و روزہ کے ثواب کو کھا جاتے ہیں۔ نیکیوں کو ایسے جلا کر راکھ بنا دیتے ہیں جیسے آگ سوکھی لکڑی کو۔

چغلی، غیبت، حسد نہ چھوڑا تو کیا چھوڑا؟

چھوڑ دیتا..... آدمیت و بشریت کا بول بالا ہو جاتا۔

یہ خصائل چنے ہوئے بندوں کو عنایت ہوا کرتے ہیں۔

چنے ہوئے بندوں کو کوئی بھی بات ناپسند نہیں ہوتی۔

عام فہم، افراط تفریط سے مبرا۔

یہی دین کی تبلیغ ہے اور دین عملی نمونہ سے پھیلا، تقریر و تحریر سے نہیں۔

عملی نمونہ، تحریر و تقریر کا محتاج نہیں ہوتا،

تبلیغ کے میدان میں جو کردار نمونہ ادا کرتا ہے، تحریر و تقریر نہیں۔

تقریر و تحریر نمونہ کا بدل نہیں، نمونہ تحریر و تقریر کا نعم البدل ہے۔

اور نمونہ کا کوئی منکر نہیں ہوتا۔

منکر کو نمونے نے نوازا، دلیل نے نہیں۔

حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی ساری زندگی اسلام کا صحیح نمونہ پیش کرنے میں گزری!

نہ کسی کی خلافت کام آئے گی نہ خطابت

افسردہ و پژمردہ۔

جب تک جھوٹ، چغلی، غیبت کا خاتمہ نہیں ہوتا..... ہر شے جوں کی توں!

اور یہ ترک حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کا صحیح مذہب تھا۔

خصائل نبوت میں سرِ فہرست: جھوٹ مت بول

غیبت مت کر

چغلی مت کھا

حسد مت کر

جس بھی بندے میں یہ پائے جائیں گے اگرچہ کافر ہو، ایمان اس کا استقبال کرے کہ آ بھی جا..... بندگی کی تمکنت کا ورود ہو۔

جس میں کوئی بھی خصلت نہیں، ہم ہیں۔

دین اسلام کی دعوت و تبلیغ کا مبلغ غیبت و چغلی کا شکار ہو گیا۔

جو ہر شے پہ غالب تھا، مغلوب ہو گیا۔

جس کی زندگی کے نمونے سے زندگی بہرہ ور تھی، گم ہو گیا۔

ساری دنیا کی تنظیم کا محرک..... ذاتیات کی ذات میں گم گیا۔

کفر، شرک، کذب، غیبت، نمیمت، فواحش، معاصی سے بیزار ہو کر باز رہنا اسلامی کردار ہے۔

اے اوطالب حق! تیرے آباء کی ایک بھی خصلت تجھ میں نہیں۔
تجھ سے بڑھ کر بھی کوئی مفلوک الحال ہوگا؟
وہ گزرا ہوا دور ایک بار پھر سے لوٹ کر بزمِ کونین کی رونق بنے!
تیرے دین پہ خزاں طاری ہے
تیری کرنی ہی نے بہار لانی ہے
اے مسلم! تو اقوام عالم کا پیشوا تھا، آج سب سے پیچھے ہے۔
دین کا وارث تو تھا، تو نے اس کی بنیاد ہلا دی!

دین انسانیت کی روح
معاشرے کی جان
عالم برزخ کا سرمایہ اور
مردوں کی پہچان ہے
دین ملک کا محافظ اور
قوم کا راہبر ہے۔

دین میں کوئی اختلاف نہیں، جملہ انبیائے کرام علیہم السلام ایک ہی دین کے داعی۔
ذکر حق،
دعوت حق
اور مخلوق حق کی بے لوث خدمت اس کی اساس۔
جب بھی دین کی نمو ہوگی، اسی بنیاد پر ہوگی۔
یہی عبادت یہی باعث کمال!
قرآن کریم اور سنت مطہرہ دین ہے

دین کا کوئی منکر نہیں

جو دین کو مانتا نہیں.....وہ بھی منکر نہیں

جو بھی منکر ہے.....ہمارا منکر ہے

ہمارا فعل.....قول کے مطابق نہیں

جو ہم کہتے ہیں.....کرتے نہیں۔

دین باتیں نہیں، نمونہ مانگتا ہے اور نمونہ پا کر ہی مطمئن ہوتا ہے۔

مسلمان کہلاتا ہے.....نہ اللہ کے حکم کی تعمیل کرتا ہے نہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ بتا کیا مسلمانی ہے؟

فرمان کا منکر نا فرمان نہیں تو کیا ہے؟

اسلام اسے کبھی قبول نہیں کرتا۔

اسلام کی نمو جہاں بھی ہوئی.....نمونے سے ہوئی

جب بھی ہوگی.....نمونے سے ہوگی

دین.....علم وحکمت کا سرچشمہ

طریقت.....علم پہ عمل

دین نمونے کا محتاج ہے اور نمونے سے زندہ اور قائم ہے۔ محض بات کسی کو بھی کیونکر مطمئن کر سکتی ہے؟

علم اور عمل ایک مقام پہ متحد ہوتے نہیں دیکھے

علم کا مقام اور ہے عمل کا اور۔

علم کے بغیر عمل مشکل اور عمل کے بغیر علم تشنہ

جو تم کہتے ہو، پڑھتے ہو یا سنتے ہو..... علم ہے

جو کرتے ہو وہ عمل۔

دنیا میں ہوگا ضرور، لیکن دیکھا نہیں کہ کوئی جو کہتا ہے اس پر عمل بھی کرتا ہو۔ کسی علم پر عمل کرنا باقیات الصالحات کے تذکرہ میں ایک نمایاں مقام رکھتا ہے۔

علم کی جو تشریح عمل میں لانے کے بعد لکھی جاتی ہے، کایا پلٹ ہوتی ہے۔

جس قوم نے دنیا میں ترقی کی، علم پہ عمل کر کے کی اور علم کی تکمیل بھی عمل ہی سے کی نہ کہ مطالعہ سے۔

ہر علم پہ تو ہر کوئی عمل نہیں کر سکتا، کسی ایک بات پہ ضرور کر۔

عمل اپنے عامل میں اسی طرح مہکتا ہے جیسے کہ پھول میں خوشبو۔

قرآن کریم کی کسی سورۃ کا عامل وہ کہلا سکتا ہے جس کا عمل اس کے مطابق ہو مثلاً اس کے نزدیک سورہ مزمل کا عامل وہ قاری ہے جو ہمہ اوقات کھڑے، بیٹھے، لیٹے، چلتے، تھمتے اپنے رب کے ذکر میں محو و مستغرق رہے اور ماسوا سے کسی بھی قسم کی کوئی امید نہ رکھے۔ اور یہ مقام ساری دنیا میں گنتی کے بندوں کو نصیب ہوتا ہے..... نیز یہ کہ وہ کسی کہنے والے کی کسی بھی بات کی مطلق پروا نہ کرے، ہر حال میں مستغنی عن المخلوق رہے۔

عمل اپنے عامل میں اس طرح جلوہ گر ہوتا ہے جیسے کہ متکلم اپنے کلام میں!

کلام متکلم سے عمل کا مطالبہ کرتی ہے۔ جس کلام پہ متکلم کا عمل نہیں ہوتا، فتنے کا موجب ہوتی ہے۔ اپنے فعل سے اپنے قول کی تصدیق کر ورنہ چپ رہ۔

اپنے عقیدہ کی تصدیق میں اپنا عمل پیش کر۔

علم کا نمونہ عمل اور عمل ابدالآباد قائم الدائم۔

علم نے عمل کو اور عمل نے علم کو زندگی بخشی ۔علم نے جب بھی کسی عمل کا مظاہرہ کیا، تاریخ نے اسے کبھی نظر انداز نہ کیا۔علم کی تاریخ میں عمل جگمگا تا رہا اور زندگی کو زندگی کا پیغام سناتا رہا۔

حضرت امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ نے علم کی زندگی کو تابندگی بخشی اور ہر حد کو مات کر دیا۔خلیفہ نے بار بار حاضری کے لئے بلایا، انکار پہ چراغ پا ہو کر مضروب کیا، **مرحباً مکرماً مشرفاً**۔

اصح السیر محدثین نے مات ہی کر دیا۔حضرت امام اسمٰعیل بخاری رحمتہ اللہ علیہ بیمار ہوئے، طبیب متحیر ہوا.....جس مریض کا تم قارورہ لائے ہو، اس نے چالیس سال سے سالن نہیں کھایا۔

نمونہ سے معترض کو مطمئن کر۔

فعل سے قول کی تصدیق کر.....آگ گلزار۔

حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کو جب نمرود کی آگ میں پھینکنے لگے، کرّ و بین میں کہرام مچ گیا۔حضرت جبریل علیہ السلام حاضر ہوئے ۔عرض کی: میں آپ کی مدد کے لئے حاضر ہوا ہوں۔فرمایا مجھے تمہاری مدد کی مطلق ضرورت نہیں، میرے لئے میرا اللہ کافی ہے۔**حسبنا اللہ و نعم الوکیل** کہا اور بے دھڑک آگ میں کود پڑے، آگ نے گلزار بن کر اللہ کے خلیل کا استقبال کیا۔

علم عمل کا اور عمل.....نمونے کا محتاج ہے۔محض علم کوئی گل نہیں کھلاتا، تشنہ رہتا ہے۔علم جب غیرت میں آیا عمل کو سینے سے لگایا اور نمونے کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔

خصائلِ نبوت کی فہرست میں جو خصلت سب سے مشکل ہے وہی سب سے آسان۔

خصائلِ نبوت کا کمالِ کمال جملہ منہیات کو بہالے جانا ہے۔

اے میرے نوجوان! میدان تیری کسی خصلت کے نمونے کا مدت سے اور شدت سے منتظر ہے۔ تو نصرت کا اور نصرت تیری خصلت کی منتظر ہے۔ بیدار ہو، کمر کس، سامنے آ، کوئی کرتب دکھلا، کسی جوہر کا مظاہرہ کر۔ تیری داستانیں گویا دیو پری کی داستانیں ہیں، ان کو کون زندہ کرے گا؟ جواب دو!

بزم میں بات، میدان میں صفات

بات بات، صفات باقیات الصالحات۔

بات نہیں، صفات پیدا کر..... ملکوتی و جبروتی صفات۔

بات حباب، صفات گوہر

بات گفتار، صفات کردار

بات صرف سامعین کو خوش کرتی ہے اور بس۔

بار بار بتا چکے، سو بار بتا چکے..... رحمت کا نزول بات پہ نہیں، صفات پہ موقوف ہے۔

رحمت، نصرت، برکت، فتح..... گفتار پہ نہیں، کردار پہ عنایت ہوتی ہے۔

اے ہمنشیں: اللہ کا کن تیری بات کا نہیں، صفات کا منتظر ہے۔

مٹی کا یہ بت صفات ہی سے اشرف و افضل ہے۔

یہ دور بات کا نہیں صفات کا ہے۔ ہر کوئی ہر قسم کی بات کر چکا لیکن حال جوں کا توں ہے۔

صدیاں بیتیں کوئی نمونہ، نمو نہ پا سکا۔

تو ہی بتا، تیری کس کرنی پہ، کیا داد دی جائے؟

اہل علم وہ ہے جو اپنے علم پہ عمل کرے۔ اور علم پہ عمل کرنا سب سے مشکل منزل ہے۔ ابھی تک دیکھنے میں نہیں آیا جو اپنے علم پہ عمل کرتا ہو۔

اسلامی، پاکیزہ، قابلِ رشک، قابلِ تقلید اور خوش گوار ماحول اور اپنی نسبت کا کردار پیش کر۔ بلا کردار نسبت چہ معنی دارد؟ قول بلا عمل کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔ جو کہتے ہو کر کے دکھاؤ۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں تم وہ بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں۔

قول جسم اور عمل روح ہے۔ روح کے بغیر جسم محض مٹی کا تودہ ہے۔

جس قول پہ کہنے والے کا اپنا عمل نہیں ہوتا، کسی دل میں نہیں اترتا، اکثر اوقات بحث کا موضوع بن جاتا ہے۔

زندگی کا دارومدار کہنے اور کرنے پہ موقوف ہے۔

جو کہتے ہو کرتے نہیں..... کوئی زندگی نہیں۔

ہر کوئی کہنے اور کرنے ہی کی شامت میں مبتلا ہے۔

ہم سب کو اللہ نے تبلیغ کا حکم دیا ہوا ہے لیکن کسی بھی حکم کو کوئی کما حقہ، نہیں مانتا، من مانی کرتا ہے، اپنی ہی کی ہوئی بات کی خلاف ورزی کرتا ہے۔ تبلیغ کا دارومدار اس زبان پہ موقوف ہے۔ تیری اپنی زبان تیرے قابو میں نہیں، اور کس کی ہوگی؟

مبلغ وہ ہے جس کی آنکھ، کان، زبان، ہاتھ اور پاؤں خود سر نہ ہوں، اللہ کے حکم کے تابع ہوں۔ جو اپنی راہ سے کبھی نہ ہٹے، کبھی نہ رکے، کبھی نہ تھکے۔ ہر وقت ہر حال میں اپنا کام پورے عزم بالجزم سے جاری رکھے۔

تیرا قول تیرا فعل ہو۔

ہر قول کے مطابق تیرا فعل ہو۔

تیرا فعل تیرے قول کا ترجمان ہو۔

تیرا کوئی قول و فعل قابل اعتراض نہ ہو۔

تیرا قول و فعل تیری قوم کیلئے ایک نمونہ ہو۔

تیری تبلیغ تیرے اپنے قول و فعل تک محدود ہو۔

بے شک آج تیری قوم کو ایسی تبلیغ کی ضرورت ہے۔

جو تو کہنا چاہتا ہے، کر کے دکھا۔

عملی نمونہ بہترین تبلیغ ہے.....اس حال میں ایک دن جینا سو سال جینے سے بہتر ہے۔

علم پہ عمل.....اصل تبلیغ۔

عمل کا وار کبھی خالی نہیں جاتا،

جا سکتا ہی نہیں،

وار دہو کر رہتا ہے۔

قدم قدم پہ اور ہر قدم پہ، بات بات پہ اور ہر بات پہ.....دنیا کی مذمت اور دین کی تائید کر! پرلے درجے کی مذمت اور اعلیٰ درجے کی تائید! حتی کہ کسی بھی قسم کی مذمت کی کوئی کسر باقی نہ رہے اور نہ ہی کسی تائید کی۔

دین کی تبلیغ کا بینر لٹکا کر جہاں چاہے چلا جا، ذاتی مفاد کے لئے تگ و دو مکاری نہیں تو کیا ہے؟

اگر دین کے لئے جاتا دین تیرے سفر پہ اتراتا۔قدم قدم پہ رحمت پاتا۔برکات تیرا استقبال کرتیں۔اور دین تیری کسی بھی خدمت کو کبھی نظر انداز نہ کرتا۔کائنات کی ہر شے تیری خدمت میں اپنی خدمات پیش کرتی۔جو کہتا اگر کرتا بھی .....اللہ اللہ! ایک تذکرہ بن جاتا.....زندۂ جاوید تذکرہ! ماشاءاللہ

اگر تو تبلیغ کا علمبردار ہوتا، جو کہتا کرتا،

کیا بتاؤں کہ کیا ہوتا؟ اسلام کا نمونہ ہوتا اور دنیا بھر پہ چھا جاتا۔

بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃ ایک سہل ترین بات تھی، تاویلات میں الجھا کر ہر مشکل سے مشکل بنادی۔آنے والے آئندہ تبلیغ پہ جانے سے باز رہے۔ایسے خصائل کے وہ متحمل ہی نہیں پھر کیسے جائیں؟ کوئی ایک سادی بات بتا، دوسری کا انتظار کر۔رفتہ رفتہ بتا، ایک ہی بار نہیں.....یہ تبلیغ ہے۔

مبلغِ اسلام خلافت راشدہؓ اور اصحاب صفہؓ کا ظل ہوتا ہے۔

طریقت چند اسباق پہ مشتمل۔ہم انہی اسباق کے گرد گھوم رہے ہیں۔سبق نمونے کا محتاج ہے۔نمونہ موجود نہیں۔

تلقین کے پاس اگر نمونہ نہیں تو کچھ بھی نہیں۔

ہر کوئی خصلت ہی کی تشہیر کرتا ہے لیکن کسی نے بھی کسی خصلت کو نہیں مانا الا ماشاء اللہ .....نہ معلم نے نہ متعلم نے۔پالیتا تو گنگ ہو جاتا۔

خصلت شاعرانہ تاویلات سے بالا۔حقیقت کی ترجمان۔

کسی خصلت کی تشریح صاحبِ خصلت ہی کر سکتا ہے، ہر کوئی نہیں۔

صاحبِ خصلت، خصلت کو پا کر تائید و تنقید سے بے نیاز۔

خصلت اوامر ونواہی کا مظہر العجائب نمونہ۔ خرافات کا نام تک نہیں۔

ایک خصلت دھوم مچادیتی ہے چہ جائیکہ مجمع الخصائل۔

طریقت کی خلافت حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے خلفائے راشدین کا ظل ہوتی ہے

قول وفعل اور نیت وعمل میں ہمہ وقت جلوہ گر۔

قول وفعل اور نیت وعمل چاروں یکساں ہوں تو کھنکھناتی ہوئی مٹی سے معرضِ وجود میں آنے والا پُتلا بقائے دوام پالیتا ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم دعوت ذی العشیرہ سے فارغ ہوکر، عزیز واقارب کے سامنے کلمۂ حق پیش کرتے ہیں۔

''کون ہے جو اعلائے کلمۃ الحق میں میرا معین ومددگار بنتا ہے؟''

مجمع میں شہ زور قریشی نوجوان، آزمودہ کار ہاشمی نکتہ دان اور مُطَّلبی قادر البیان موجود ہیں مگر محفل میں سناٹا ہے۔

ہادی برحق صلی اللہ علیہ وسلم مکرر سہ کرر پکارتے ہیں کسی طرف سے کوئی آواز نہیں آتی۔ سکوتِ مرگ طاری ہے۔ دفعتہً ایک کونے سے ابو طالب کا صغیر سن ہاشمی فرزند اٹھتا ہے۔ اس کی نحیف آواز فضا میں ارتعاش پیدا کرتی ہوئی بلند ہوتی ہے:

''اگرچہ میں چھوٹا ہوں، میری ٹانگیں کمزور ہیں، آنکھیں بھی دکھتی ہیں مگر میں ہر حال میں آپ کا ساتھ دوں گا''

اور پھر ابو طالب کا فرزند علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ قول وفعل اور نیت وعمل کی یکسانیت کی ایسی مثال پیش کرتا ہے کہ مبصرِ عالم کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جاتی ہیں۔

اسی طرح سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ

اور سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ

نے قول وفعل اور نیت وعمل کی ہم آہنگی کے ایسے ایسے نمونے دیے کہ تاریخ عالم قیامت تک ان کی مثال پیش نہیں کر سکتی۔

حکمائے قدیم (ارسطو، افلاطون، سقراط، بقراط اور جالینوس وغیرہ) کے افکار و نظریات دلکش اور جامع سہی..... چند صدیوں بعد دم توڑ بیٹھے۔اس لئے کہ ان کی بنیاد قول وفعل اور نیت وعمل کی یکسانیت پہ استوار نہ تھی۔

قول کی اپنی کوئی زبان نہیں ہوتی، ارادہ ونیت سے مستحکم ہو کر عمل کی زبان سے بولا کرتا ہے۔

پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل سکتا ہے

دریا اپنا رخ بدل سکتا ہے

صحرا ذرے میں سمٹ سکتا ہے

مگر عمل کی زبان سے نکلا ہوا بول کبھی نہیں ٹل سکتا۔

قول وفعل اور ارادہ ونیت کی یکسانیت کا اصطلاحی نام فقر ہے اور

فقر.....اُن صلی اللہ علیہ وسلم کا فخر۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کو ملعون ومردار قرار دیا ہے۔حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے بدن پر ہاتھ رکھ کر فرمایا:۔

دنیا میں یوں رہو گویا تم ایک پردیسی ہو یا ایک مسافر جو کسی راستے سے گزر رہے

ہو اور اپنے آپ کو قبر والوں میں شمار کرو۔ نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے یہ بھی فرمایا کہ اے ابن عمرؓ! اگر تم صبح کو اٹھو تو اپنے دل سے شام کی باتیں مت کرو اور جب شام تک رہو تو اپنے دل کو صبح کی خبر مت دو۔ بیمار ہونے سے پہلے پہلے اپنی صحت میں سے کچھ لے لو اور مرنے سے پہلے پہلے اپنی زندگی سے کچھ لے لو کیونکہ اے عبداللہ! تمہیں نہیں معلوم کہ کل تمہارا کیا نام ہوگا (تم زندہ ہوگے یا مردہ ہو جاؤ گے)

(ترمذی شریف جلد دوم صفحہ ۱۴۱ شمار ۱۹۵)

یہ ایک قول ہے۔ اس کے مطابق ارادہ و نیت و عمل و فعل کی مطابقت کا نام

کبھی خلافتِ راشدہ ہے، کبھی اصحابِ صفہؓ

کبھی اُم الفقر فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے

کبھی شاہِ فقر علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ۔

کبھی سلمان رضی اللہ عنہ و بوذر رضی اللہ عنہ ہے، کبھی اویس قرنی رضی اللہ عنہ۔

غرض عمل و فعل اور ارادہ و نیت کے میدان میں مردانِ حق آتے رہے اور گفتار و کردار کی یکسانیت کا حق ادا کرتے رہے۔ ان کے نام بدلتے رہے پر کام نہ بدلا اور یہ ریت رہتی دنیا تک قائم رہے گی۔ ماشاء اللہ!

یزید کی بیعتِ خلافت سے انکار کرنے والوں کی تعداد ہزاروں نہیں، لاکھوں تھی جن میں

اکابر صحابہؓ

فرزندانِ صحابہؓ

جلیل القدر تابعینؒ

اور صالحینؒ

موجود تھے مگر میدانِ عمل میں قول کو ارادہ ونیت وعمل سے مزین کر کے استحکام ودوام بخشنے والا ایک شہزادہ نکلا.....شہزادۂ کونین رضی اللہ عنہ۔

ہم میں سے کوئی ایک بھی نہیں جو کسی ایک بھی قول وعمل وفعل کا پابند ہو۔ یہ ناداری کی حد نہیں تو کیا ہے؟

اور کوئی ایک بھی نہیں.....نام کو بھی نہیں.....جو اپنے علم پہ عمل کرتا ہو۔

البتہ باتیں گھوٹنے میں ہمارا پہلا نمبر ہے۔

چاہیں تو پل باندھ دیں!

ہماری باتیں.....کچے دھاگے کی مانند۔

اس لئے کہ جو ہم کہتے ہیں، کرتے نہیں۔ ہمارا کرنا ہمارے کہنے کے خلاف ہے۔

یہی ہماری ذلت کا موجب۔ پھر کسی بھی عنایت کی کیا فرمائش کریں!

جو علم تم جانتے ہو، کرتے نہیں.....وبال ہے اور وبال ہی زوال کا موجب۔

طریقت کا وہ علم جو کبھی نہیں بدلا اور کبھی نہیں بدلنا..... اپنے علم پہ عمل کرنا ہے۔ جس علم پہ عمل نہیں کیا جاتا، دنیا وآخرت میں شامت کا موجب ہوتا ہے۔ اے ہمنشیں! جو علم اللہ نے تجھ کو بخشا ہے اس پہ عمل کر اور ضرور کر! اپنے علم پہ عمل مومن کی سب سے بڑی ضرورت ہے اور یہی زندگانی کی متاع ہے۔

☆ اللہ رب العالمین نے فرمایا

''اے ایمان والو! ایسی بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں۔ اللہ کے نزدیک یہ بات بہت ناراضی کی ہے کہ ایسی بات کہو جو کرو نہیں''

(الصف، ۲، ۳)

ف: ہم سب شب و روز ایسی بات کہتے ہیں جو کرتے نہیں۔ کہتے سب کچھ ہیں، کرتے کچھ بھی نہیں۔

دین علم وفلسفہ نہیں، عمل کا نام ہے۔ ہر فلاسفر دین دار نہیں ہوتا لیکن ہر دین دار فلاسفر بھی ہوتا ہے۔ لوگ دین کا فلسفہ غیر اسلامی ممالک میں جا کر غیر مسلم فلاسفروں سے سیکھتے اور فلسفہ کی سند حاصل کرتے ہیں۔

اگر دین کا کمال فلسفہ ہوتا تو اسلام کے غیر مسلم فلاسفر ضرور دین دار ہوتے۔ دین کا حاصل فلسفہ نہیں، عمل ہے۔

دین میں جہاں عالم کے فضائل بیان کئے گئے ہیں اس سے مراد وہ عالم ہے جو اپنے علم پہ عمل کرتا ہے۔

o حضرت یحییٰ رضی اللہ عنہ بن جعدہ سے منقول ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ اپنے علم پر عمل کرو کیونکہ عالم وہی شخص ہے جو اپنے علم پر عمل کرے اور اس کا علم اس کے عمل کے موافق ہو۔ اور قریب ہے کہ ایسی قومیں ہوں گی کہ وہ لوگ علم حاصل کریں گے لیکن وہ ان کی ہنسلیوں سے آگے نہیں بڑھے گا۔ ان کا عمل ان کے علم کے خلاف ہوگا اور ان کا باطن ان کے ظاہر کے خلاف ہوگا۔ حلقے حلقے ہو کر بیٹھیں گے اور ایک دوسرے کے مقابلے میں فخر کریں گے۔ یہاں تک کہ آدمی اپنے ہم مجلس پر اس وجہ سے ناراض ہوگا کہ وہ اور شخص کے پاس بیٹھنے لگے گا اور اس کو چھوڑ دے گا۔ ان لوگوں کے اعمال، جو ان کے جلسوں میں ہوں گے، اللہ سبحانہ کے پاس نہیں جائیں گے۔ (ان کے اعمال قبول نہیں کیے جائیں گے)

(دارمی شریف صفحہ ۱۰۷ شمار ۳۸۳)

o حضرت عبید اللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ امیر المومنین حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے پوچھا، اہل علم کون لوگ ہیں؟ کہا وہ لوگ جو ان باتوں پہ عمل کرتے ہیں جن کا علم رکھتے ہیں۔ پوچھا لوگوں کے سینوں سے علم کو کیا چیز نکالتی ہے؟ کہا لالچ۔

(دارمی شریف صفحہ ۱۲۷ شمار ۵۷۷)

o فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے: آخر زمانہ میں ایسے لوگ ظاہر ہوں گے (یعنی منظر عام پہ آئیں گے) جو مکر وفریب سے دین کے ذریعے دنیا کمائیں گے۔ لوگوں کو اپنی نرمی دکھانے کے لئے بھیڑ کی کھالیں پہنیں گے (یعنی بظاہر بڑے نرم دل، شیریں زبان، اسلام کے ہمدرد، تبلیغ کے علمبردار، حق وصداقت کے داعی، دنیا سے متنفر اور تقدس مآب ہوں گے) ان کی زبانیں شکر سے زیادہ شیریں، لیکن ان کے دل بھیڑیے کے دل ہوں گے۔ اللہ سبحانہ فرماتے ہیں کہ کیا تم لوگ میرے ساتھ دغا بازی اور فریب کرتے ہو یا میرے سامنے سینہ زوری اور بہادری دکھاتے ہو؟ میں نے بھی اپنی ہی قسم کھائی ہے کہ ان لوگوں میں انہی میں سے فتنہ بھیجوں گا ..... ایسا فتنہ جو ان میں سے ان کے باوقار اور بردبار کو بھی حیران کردے گا۔

(اس باب میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے بھی روایت ہے)

(ابو ہریرہؓ، ترمذی شریفؒ جلد اول صفحہ ۵۴ شمار ۲۶۸)

o فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری امت میں سے بہت سے لوگ دین کا علم حاصل کرینگے اور قرآن پڑھیں گے اور کہیں گے کہ ہم امراء کے پاس جا کر ان کی دنیا (دولت) میں سے اپنا حصہ حاصل کرینگے اور اپنے دین کو ان سے علیحدہ رکھیں گے لیکن ایسا نہیں ہوتا۔ جس طرح

خاردار درخت سے کچھ حاصل نہیں ہوتا مگر کانٹا، اسی طرح امراء کی صحبت سے حاصل نہیں ہوتا مگر گناہ۔

(ابن عباسؓ، ابن ماجہؒ، مشکوٰۃ شریف جلد اول صفحہ ۱۰۲ شمار ۲۴۱)

o فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مجھے اپنی امت کے بارے میں سب سے بڑا ڈر گمراہ پیشواؤں سے ہے۔

(ثوبانؓ، دارمی شریفؒ صفحہ ۴۱۳ شمار ۲۷۱۸)

o حضرت امامہ بن زید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

قیامت کے دن ایک شخص کو لایا جائے گا اور اس کو آگ میں ڈال دیا جائے گا یعنی دوزخ میں۔ اس کی انتڑیاں آگ میں جاتے ہی فوراً اس کے پیٹ سے نکل پڑیں گی اور وہ اپنی انتڑیوں کو اس طرح پیسے گا جس طرح پن چکی یا خراس کا گدھا آٹا پیستا ہے۔ دوزخی یہ دیکھ کر اس کے گرد جمع ہو جائیں گے اور اس سے کہیں گے کہ "اے فلاں شخص! تیرا کیا حال ہے؟ تو تو ہمیں نیک کاموں کا حکم دیتا اور برے کاموں سے منع کرتا تھا" وہ جواب دے گا "ہاں! میں تمہیں امر بالمعروف کرتا تھا لیکن خود اس پر عمل نہ کرتا تھا اور تمہیں بری باتوں سے منع کرتا تھا لیکن خود باز نہیں رہتا تھا"۔

(بخاریؒ و مسلمؒ)

o حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

میں نے معراج کی رات بہت سے شخصوں کو دیکھا کہ ان کے ہونٹ آگ کی قینچیوں سے کاٹے جاتے ہیں۔ پوچھا: جبریلؑ! یہ کون لوگ ہیں؟ انہوں نے کہا (یہ لوگ آپ کی امت کے خطیب (واعظ) ہیں جو لوگوں کو نیکی کی ہدایت کرتے تھے اور اپنے آپ کو بھول جاتے تھے (یعنی خود نیک کام نہ کرتے تھے)۔ (شرح السنۃ)

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ حضرت جبریلؑ نے کہا: یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے واعظ ہیں جو ایسی بات کہتے تھے جس پر خود عمل نہ کرتے تھے، اللہ کی کتاب کو پڑھتے تھے مگر اس پر عمل نہ کرتے تھے۔

میرے اللہ کی ذات

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات

قرآن کریم اور سنت مطہرہ میں تو ہے، ہم میں سے کسی میں بھی نہیں پائی جاتی۔

جانتے سب ہیں، مانتا کوئی نہیں۔ سو میں سے ایک بھی نہیں۔ بتا پھر ہمارا کیا حال ہے؟

کون سی وہ حکمت ہے جو قرآن کریم میں نہیں۔

کون سی وہ نعمت ہے جو سنت مطہرہ کی اتباع میں نہیں اور

کون سا وہ میوہ ہے جو تیرے اس باغ میں نہیں!

بڑے میاں! کھا کر ہی میوہ کی لذت وقوت محسوس ہو سکتی ہے۔

طریقت الاسلام میں جس بھی قسم کے تمام احوال و مقامات آج تک ظہور پذیر ہوئے ان سب کا منبع سنت مطہرہ کی اتباعِ تام تھی۔ عزم الامور میں اتباع تام اہم مقام رکھتی ہے مثلاً ایفائے عہد سنتِ مطہرہ کی ایک اتباع ہے۔

حضرت پیران پیر غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی محبوب سبحانی قدس سرہ العزیز اپنی ابتدائی عمر میں ایک سفر پہ جا رہے تھے کہ ایک صاحب ان کے ساتھ ہو لئے۔ تھوڑی دور چلنے کے بعد انہوں نے کہا کہ ذرا ٹھہریے کہ وہ ایک چیز بھول آیا ہے، اسے لے آئے۔ آپ اپنے اس ساتھی کے انتظار میں وہیں راستے میں ٹھہر گئے۔ وہ ایک سال واپس نہ آئے اور آپ پورا سال وہیں ٹھہرے ان کا انتظار کرتے رہے۔ جب وہ آئے دیری کی معذرت کی،

پھر کہنے لگے وہ کوئی اور چیز چھوڑ آیا، ذرا انتظار فرمایئے اسے ابھی لے کر آیا۔ اسی طرح ایک اور سال وہ نہ آئے اور آپ حسب وعدہ دوسرا پورا سال اپنے ساتھی کے انتظار میں اسی مقام پر رکے رہے۔ دوسرے سال جب وہ لوٹے پھر عرض کرنے لگے وہ کوئی اور شے بھول آئے ہیں ذرا تھوڑی دیر رکیے تا کہ وہ اسے لے آئے۔ آپ پھر رک گئے حتی کہ تیسرا سال بھی ان کے انتظار میں وہیں گزار دیا۔ اب کے جب وہ تشریف لائے، مسکرائے، فرمانے لگے آپ مجھ کو جانتے ہیں میں کون ہوں؟ آپ نے اپنا دست مبارک اپنے چہرہ انور پر پھیرا اور اپنی صحیح صورت میں جلوہ افروز ہوئے۔ فرمانے لگے میں خضر ہوں، میں نے عرش پہ آپ کا تذکرہ سنا، مجھے آپ سے ملاقات کا اشتیاق ہوا ماشاء اللہ الحمد للہ، بے شک آپ شیخ الشیوخ اور اسی مرتبہ کے اہل ہیں۔

یہ سنت مطہرہ کی اتباع تام کا ایک حال ہے جو قیامت تک اس راہ میں چلنے والے طالبان حق کی راہنمائی کرتا رہے گا ماشاء اللہ۔

ایفائے عہد کی ایسی نادر مثال کسی تاریخ میں نہیں ملتی اور ہم قرآن کریم کو ضامن بنا کر بھی اپنے کسی عہد پہ کبھی پورا نہیں اترتے۔ یہ افسوس کا مقام نہیں تو کیا ہے؟

مرد بھی بھلا کبھی اپنے عہد سے پھرا کرتے ہیں؟ کبھی نہیں۔ مرد جو عہد ایک بار کر لیتے ہیں اسے پورا کرتے ہیں، کبھی نہیں توڑتے۔ عہد کو پورا کرنا مردانگی کی اولین آبرو ہے۔ ماشاء اللہ۔

دنیا بھر کے اعمال مل کر بھی ایک سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی برابری نہیں کر سکتے۔

سنت مطہرہ زندگی کا مایۂ ناز نمونہ۔

تیرے اقوال جب یکجا ہوئے، دھوم مچادی۔ کائنات مہک اٹھی۔

ایک خصلت کی ماں نے نو بہ نو خصائل پیدا کئے۔

قرآن کریم وحکیم ومجید اور میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مطہرہ کی اتباع کا اصطلاحی نام تصوف ہے اور تصوف میں ذکرِ دوام اور ترکِ تام کے سوا کچھ بھی نہیں ہوتا۔

ف: ترکِ تام سے مراد ہر اس قول وفعل کا ترک کرنا ہے جو اللہ اور اس کے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ناپسند ہو۔

اصل الاصول فضیلت مآب

ذکر دوام

ترک تام

جو سمجھ گیا، وہ پا گیا

تشنہ تھا، سیراب ہوا

جب بھی نشان قائم ہوا، ان ہی کی بدولت ہوا، وما علینا الا البلاغ

ذکرِ دوام پہ استقامت..... جہادِ اکبر

ترکِ تام.....اصحاب صفہؓ کا فقر

سارے دین کا مظہر۔ یہی عین کرامت۔

قرونِ اولیٰ کی تمکنت کا راز.....ذکر دوام

اور فقر کا کمال.....ترکِ تام

غزوۂ بدر اور

اصحاب صُفّہ (رضی اللہ عنہم) اسلام کے وہ مایہ ناز نمونے ہیں جو رہتی دنیا تک زندہ اور قائم رہیں گے۔

غزوۂ بدر کی بدولت اسلام پہ جہانبانی کی تمام ادائیں چھائیں اور اصحاب صُفّہؓ نے فقر کو ابدی تمکنت بخشی۔

جہاں بانی.....سارے جہان کے لئے رحمت اور

فقر.....سارے جہان کا پردہ پوش۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی کامیابی کا صرف ایک ہی راز تھا کہ جوں ہی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی فرمان سنتے اسی وقت اس پر عمل پیرا ہو جاتے اور ہم دن میں سو سو بار سنتے سناتے ہیں مگر کبھی عمل نہیں کرتے، بات جوں کی توں رہتی ہے۔

حکومت ایک حکم دیتی ہے مان لیتے ہیں، کوئی چون و چرا نہیں کرتے مگر اللہ اور رسول کے کسی حکم کو بالکل نہیں مانتے۔ جو چاہتے ہیں کرتے ہیں اور کرتے ہی رہتے ہیں۔

دین پہ کتابیں لکھی گئیں، لکھی جا رہی ہیں اور لکھی جائیں گی لیکن کسی کو بھی اپنی تالیف پہ عمل کی توفیق نہ ہوئی، نہ مولف کو نہ کسی اور کو۔

اگر ہم اپنے علم پہ عمل کرتے، زیادہ نہ سہی کسی ایک ہی خصلت کو قطعی طور پر اپناتے، ہماری حالت بدل جاتی اور ضرور بدل جاتی۔ خصائل نبوت اپنے عامل کو عمل کے نور کی برکت سے منور فرماتے اور ضرور فرماتے۔

تیرے ہر قول و فعل میں سنت جلوہ گر ہو۔

تیرا ہر قول و فعل سنت کا مظہر ہو ماشاء اللہ!

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائل نبوت میں سے کسی ایک کو کما حقہ اپنانا طریقت میں خصلت کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

خصائل نبوت اوامر ونواہی پہ مشتمل.....

چند حروف کا مجموعہ.....

باقی سب شاعرانہ تخیلات.....

خصلت جب میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فیض یاب ہو کر اکھاڑے میں اترتی ہے، دھوم مچا دیتی ہے۔

خصلت کا جنون ہی مجنون۔

جب تک قائم نہیں کر لیتا، کبھی چپکے نہیں رہتا۔

محض علم دین کا کیا نمونہ دے سکتا ہے؟

علم ایک بات ہے اور بات نمونے ہی سے زندہ اور قائم ہوتی ہے اور نمونہ بندے ہی دنیا میں پیش کیا کرتے ہیں فرشتے نہیں۔ اور بندہ جس خصلت کا بھی نمونہ دیا کرتا ہے، وہ رہتی دنیا تک زندہ اور قائم رہتا ہے۔ ماشاءاللہ!

جب تک کوئی خصلت عادت نہیں بنتی، ڈانواں ڈول رہتی ہے۔

تیری اس بے مقصد مصروفیت سے ملت کو کیا سروکار اور کیا حاصل؟

گفتار کی بجائے کردار پیش کر۔

کردار کی سیڑھی تیار کرو، اللہ کی رحمت اترے گی اور ضرور اترے گی انشاءاللہ۔ خلافت بھی سیڑھی ہی کے ذریعے اترا کرتی ہے۔ خوب یاد رکھ خلافت اترنے کے لئے سیڑھی کی ضرورت ہے۔

خلافت کی شرط اولین.....ذکر الٰہی

جملہ علائق.....منقطع

یادِ حق.....قائم ودائم

علم نے ایک امر و نہی کی تلقین فرمائی ،فقر نے کاربند ہو کر اس کا عملی نمونہ پیش کیا ۔ اگر نمونہ نہ ہوتا تو علم کیا تصدیق کرتا؟

ہر خصلت کا نمونہ فقر ہی نے دیا۔

فقر کا حاصل ترکِ تام اور

ذکرِ دوام۔

جو کرتا نہیں، کر سکتا نہیں، تاویلات کرتا ہے۔

تیرے خطبات میں فقر کی بو تک نہیں اور فقر ہی نے ہر خصلت کا نمونہ دے کر دنیا کو بتایا کہ یہ خصلت ، یہ خصلت ہے۔ تیرے پاس باتوں کے سوا کچھ بھی نہیں اور ان کے پاس سب کچھ ہوتا باتیں نہ ہوتیں۔

علم و حکمت کی انتہا.....فقر

اور فقر کا جبہ مولائے علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو ورثہ میں ملا۔

حضرات! فقر حیدریؓ میں دنیا کی کوئی بھی شے نہیں ہوتی یہاں تک کہ اپنے اور اپنے اہل وعیال کے لئے مولائے علی کرم اللہ وجہہ نے ایک یہودی کے باغ کو گوڈی کا شرف بخشا۔

خانقاہی اور شاہی نظام کے قائد مولائے علی کرم اللہ وجہہ ہیں ۔اسلامی سلطنت کے خلیفہ ہو کر بھی خانقاہی اور شاہی نظام کا ایسا نمونہ دیا اور ایسا دیا کہ قیامت تک ان کا کوئی

ہمسر نہ ہوگا۔ اپنے اور اہل وعیال کے نان ونفقہ کے لئے یہودی کے باغ میں نلائی کی۔ شام کے وقت سائل آیا، دن بھر کی کمائی اسے عنایت کردی۔ اکثر ایسا ہوتا کہ آپ رضی اللہ عنہ پانی ہی پہ اکتفا کرتے..... یہ ہے فقر حیدریؓ۔

ولایت نبوت کی اور نبوت ربوبیت کی مظہر ہے۔ جو شے نبوت نے ناپسند کی، ولایت اسے کیسے پسند کرسکتی ہے؟

فقر انبیاء علیہم السلام کی وہ سنت موکدہ ہے جس پہ کہ سید الانبیا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو ناز تھا۔

جس بات پہ تم شرماتے ہو، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم فخر کرتے تھے۔

طریقت..... میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کا ایک ظل۔

طریقت کی سند..... **الفقر فخری** وما علینا الا البلاغ

وہ تھے سلطان المشائخ جو چالیس شہزادوں کی حکومت سے دست بردار ہو کر اور تاج وتخت کو خیر باد کہہ کر **توکلت علی اللہ** اللہ کی راہ میں نکلے پھر جیتے جی کبھی نہ لوٹے۔

مبلغ وہ ہے جو "**الفقر فخری**" کا جامہ پہن کر میدان میں آتا ہے اور آن کی آن میں دنیا کے کونے کونے پہ چھا جاتا ہے۔

تیری تبلیغ میں صرف باتیں ہی باتیں ہیں، کسی کردار کا نام تک نہیں۔

کردار ہی کی آغوش میں اصل تبلیغ ہوتی ہے۔

علم کا نمونہ محدثین کرام رضی اللہ عنہم نے دیا اور حد کردی، فقرا نے فقر کا۔ **وما علینا الا البلاغ**

فاقہ جس سے تو بے زار ہے..... فقر کا فخر، فقر کی آبرو اور فقر کی جان ہے اور اے جان من! فاقہ ہی فقر کی تلوار ہے۔

جب تک دین ملعون و مردار سے پاک نہیں ہوتا، دین کی عظمت کی تمکنت کا ظہور نہیں ہوتا۔ ہوسکتا ہی نہیں۔ اور اللہ نے ملعون و مردار سے اجتناب کا ورثہ فقر ہی کو بخشا ہوا ہے۔

قرآن کی حقیقت سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقت فقر حیدریؓ ہے۔

بھنگ پی کر بھنگڑا مارنا فقرِ حیدریؓ نہیں، فقر حیدریؓ کی توہین ہے۔

سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی کامل اتباع فقرِ حیدریؓ ہے۔

اللہ کی قسم! اے جانِ من! سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی کامل اتباع ہی فقر حیدریؓ ہے۔

مولائے علی کرم اللہ وجہہ فقر کے مظہر ہیں۔

o حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دفعہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو تنگی پیش آئی تو انہوں نے حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا سے کہا اگر تم حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں جاؤ اور ان سے سوال کرو تو کتنا اچھا ہو۔ پس وہ آئیں اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس وقت اُمِ ایمن رضی اللہ عنہا تھیں پس حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ام ایمن رضی اللہ عنہا سے فرمایا کہ یہ کھٹکھٹانا فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کا ہے، وہ ہمارے پاس ایسے وقت آئی ہے کہ ایسے وقت اسے آنے کی عادت نہیں ہے۔ پس حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! یہ فرشتے ہیں جن کا کھانا تہلیل و تسبیح و تحمید ہے۔ ہمارا کھانا کیا ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے، آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں تیس دنوں سے آگ نہیں جلی اور ہمارے پاس

بکریاں آئی ہیں اگر تم کہو تو پانچ بکریوں کا تمہارے لئے حکم دے دوں اور اگر چاہو تو پانچ ایسے کلمات سکھادوں جو حضرت جبریل علیہ السلام نے مجھے سکھائے ہیں

حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ مجھے وہ پانچ کلمات سکھادیں جو حضرت جبریل علیہ السلام نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سکھائے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! کہو

یَآ اَوَّلَ الْاَوَّلِیْنَ وَ یَآ اٰخِرَ الْاٰخِرِیْنَ وَ یَا ذَا الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ وَ یَا رَاحِمَ الْمَسَاکِیْنِ وَیَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○

پس وہ (حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا) چلی گئیں اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے پاس پہنچیں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا: کیا کچھ لے کر آئی ہو؟ تو حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا نے فرمایا میں تمہارے یہاں سے دنیا لینے گئی تھی اور آخرت لے کر آئی ہوں تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا:

یہ تیرا بہترین دِن ہے

(کنز العمال، کتاب العمل بالسنۃ جلد ۴ صفحہ ۲۳، ۲۲)

یہ تھا حیدریؓ فقر

اس پہ کسی کو بھی گزر نہیں اور ان کے سوا کسی بھی اور کو عنایت نہ ہوا

فقر فقرِ حیدریؓ کا مقلد ہوتا ہے کسی اور کی تقلید اس پہ لاگو نہیں۔ یہ تقلید مدت سے اور شدت سے کرم کی منتظر ہے یا اکرم الاکرمین۔

اس کے بنا فقر سجتا نہیں اور پھبتا نہیں۔

''لو مسکین کو دو''، فقر حیدریؓ کی قدیم رسم ہے۔

فتوحات کو پیٹ میں نہ سمیٹ

کھلانا.....کھانے سے افضل۔

یا شیخ! فقراء کی فتوحات فقرا ہی کے لئے مخصوص اور فقرا ہی کو لائق وسزاوار ہوتی ہیں، عیش وعشرت کے لئے نہیں۔

فقرا کا رہنا مسافر کی طرح ہوتا ہے.....ایک پلچی میں بند۔کل کے لئے نہ ذخیرہ نہ فکر.....اور نہ ہی زندگی کی امید۔

جس نے اس انسب معمول کی خلاف ورزی کی ..... جامہ فقر کو تار تار کر گیا، فقر ابوذر رضی اللہ عنہ کو داغ دار کر گیا اور صدق سلمانی رضی اللہ عنہ کے معیار سے گر گیا اور جو بھی اس معیار پر پورا اترا.....ماشاءاللہ کامیاب۔

o حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اہل صفہ میں سے ایک آدمی نے وفات پائی اور ایک دینار چھوڑا۔حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، یہ ایک دینار ایک داغ ہے۔حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ کچھ دنوں بعد اصحاب صُفّہ میں سے ایک اور شخص نے وفات پائی اس نے دو دینار چھوڑے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ دو دینار دو داغ ہیں

(احمدؒ، بیہقیؒ، مشکوٰۃ شریف جلد دوم صفحہ ۲۴۶ شمار ۴۹۴۷)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے اور ان کے پاس کھجوروں کا ڈھیر لگا ہوا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: بلال رضی اللہ عنہ یہ کیا ہے؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ایک چیز ہے جس کو میں نے کل کے لئے جمع کیا ہے یعنی آئندہ کے لئے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اس سے نہیں ڈرتا کہ قیامت کے دن دوزخ میں اس کا بخار بنے؟ اے بلال رضی اللہ عنہ!

اس کو خرچ کر دے اور عرشِ عظیم کے مالک سے فقر و افلاس کا خوف نہ کر۔

(بیہقی فی شعب الایمان، مشکوٰۃ شریف جلد اول صفحہ ۳۲۷
شمار ۱۷۸۰، ترتیب شریف جلد ۵ صفحہ ۱۱۵)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ دن کو یارات کے وقت حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم گھر سے نکلے۔ ناگہاں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ آپ کو مل گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا کہ تم کو اس وقت کس چیز نے گھر سے نکالا ہے؟ انہوں نے جواب دیا بھوک نے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے مجھ کو بھی اسی چیز نے گھر سے باہر نکالا ہے جس نے تم کو۔ چلو چنانچہ دونوں آپ کے ساتھ ہو لئے اور ایک انصاری کے گھر پہنچے وہ اس وقت گھر میں موجود نہ تھا۔ اس کی بیوی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ کر کہا۔ مرحباً واھلاً۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پوچھا کہ فلاں شخص کہاں ہے (یعنی اس کا شوہر)؟ اس نے کہا کہ ہمارے لئے میٹھا پانی لینے گیا ہے۔ اتنے میں وہ انصاری بھی آ گیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے دونوں ساتھیوں کو دیکھ کر کہا خدا کا شکر ہے آج کے دن بزرگ مہمانوں کے اعتبار سے مجھ سے زیادہ کوئی خوش نصیب نہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ پھر وہ شخص اپنے مہمانوں کو باغ میں لے گیا اور کھجوروں کا ایک خوشہ پیش کیا جس میں نیم پختہ، پختہ اور تازہ اور خشک کھجوریں تھیں اور عرض کیا اس میں سے تناول فرمایئے۔ پھر چھری لی اور بکری کو ذبح کرنے کا ارادہ کیا۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: دودھ کی بکری ذبح نہ کرنا چنانچہ اس نے مہمانوں کے لئے بکری ذبح کی، مختصر یہ کہ

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے، قیامت کے دن تم سے ان نعمتوں کی بابت پوچھا جائے گا، بھوک نے تم کو تمہارے گھروں سے نکالا اور گھر واپس نہ ہوئے تھے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے یہ نعمتیں عطا فرمائیں۔

(مسلمؒ، مشکوٰۃ شریف جلد دوم صفحہ ۱۳۹ شمار ۴۰۳۵)

o حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات کے بعد نہ تو کوئی دینار چھوڑا اور نہ درہم، نہ کوئی بکری چھوڑی اور نہ کوئی اونٹ اور نہ کسی چیز کی وصیت کی۔

(مسلمؒ، مشکوٰۃ شریف جلد دوم صفحہ ۴۰۹ شمار ۵۶۹۱)

o حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ہمارے مال کی میراث نہیں ہوتی، ہم جو کچھ چھوڑیں، صدقہ ہے۔

(بخاریؒ و مسلمؒ، مشکوٰۃ شریف جلد دوم صفحہ ۴۰۹ شمار ۵۶۹۴)

o حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: اے اللہ: تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل (اہل بیت وذریات) کو صرف اتنا رزق عطا کر جو اس کی جان کو بچائے اور بدن کی قوت کو قائم رکھے اور ایک روایت میں ہے کہ صرف اتنا رزق عطا کر جو اس کی زندگی باقی رکھنے کے لئے کافی ہو۔

(بخاریؒ و مسلمؒ، مشکوٰۃ شریف جلد دوم صفحہ ۲۴۲ شمار ۴۹۰۹)

o حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کے زمانہ میں میرے پاس آپ کے چھ یا سات دینار تھے (اشرفیاں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا

کہ میں ان کو تقسیم کردوں لیکن آپ کے درد یا بیماری نے مجھے مشغول رکھا اور میں ان کو تقسیم نہ کرسکی اس کے بعد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے پوچھا کہ وہ چھ سات اشرفیاں کیا ہوئیں؟ میں نے عرض کیا آپ کی بیماری کی مشغولیت کے سبب میں انہیں تقسیم نہ کرسکی پھر آپ نے ان اشرفیوں کو طلب فرمایا اور اپنے ہاتھ پر رکھ کر فرمایا کیا اللہ کے نبی کا یہ خیال ہے کہ وہ اللہ عزوجل سے ملاقات کرے اس حال میں کہ یہ اشرفیاں اس کے پاس ہوں۔ (احمد)

o حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ کعبہ کے سایہ میں تشریف فرما تھے۔ مجھ کو دیکھ کر آپ نے فرمایا: قسم ہے پروردگار کعبہ کی، وہ لوگ بڑے ٹوٹے (خسارے) میں ہیں۔ میں نے عرض کیا: میرے ماں باپ آپ پہ فدا ہوں: وہ کون لوگ ہیں؟

فرمایا! مال کو زیادہ جمع کرنے والے مگر (وہ لوگ مستثنیٰ ہیں) جنہوں نے ادھر ادھر اور اس طرف یعنی اپنے آگے پیچھے اور دائیں بائیں خرچ کیا اور ایسے لوگ کم ہیں۔

(بخاریؒ و مسلمؒ)

o حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے مدینہ منورہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عصر کی نماز پڑھی آپ سلام پھیر کر فوراً اٹھے اور لوگوں کی گردنیں پھاندتے ہوئے اپنی بعض ازواج کے گھر کی طرف متوجہ ہوئے لوگ یہ دیکھ کر گھبرا اٹھے جب آپ واپس آئے اور دیکھا کہ لوگ آپ کی سرعت سے حیران ہیں تو فرمایا! مجھے سونے کی ایک چیز یاد آگئی جو ہمارے پاس تھی پس میں نے برا جانا کہ وہ چیز مجھے تقرب الٰہی سے باز رکھے پس میں نے اس کو تقسیم کردینے کا حکم دے دیا۔

(بخاریؒ)

o حضرت کعب بن عیاض رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ہر قوم اور ہر امت کے لئے ایک فتنہ ہے (یعنی ہر قوم اللہ کی طرف سے کسی چیز کے فتنہ میں ڈال کر آزمائی جاتی ہے) اور میری امت کا فتنہ (یعنی اللہ کی طرف سے آزمائش) مال ہے۔

(ترمذیؒ)

o حضرت عمرو بن عوف رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں تمہارے فقر و افلاس سے نہیں ڈرتا بلکہ اس سے ڈرتا ہوں کہ دنیا تم پر کشادہ کی جائے گی جس طرح ان لوگوں پر کی گئی تھی جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں پھر تم دنیا کی طرف رغبت کرو گے جس طرح تم سے پہلے لوگوں نے رغبت کی اور پھر یہ دنیا تمہیں (اسی طرح) ہلاک کر دے گی جس طرح اس نے ان کو کیا۔

(بخاریؒ و مسلمؒ)

o حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب آفتاب طلوع ہوتا ہے تو اس کے دونوں پہلوؤں میں دو فرشتے ہوتے ہیں جو پکارتے اور مخلوقات کو سناتے ہیں ان کے پکارنے کی آواز کو ساری مخلوق سنتی ہے مگر جن اور انسان نہیں سنتے۔ وہ یہ اعلان کرتے ہیں کہ لوگو! اپنے پروردگار کے حکم کی طرف رجوع کرو اور اس بات کو جان لو کہ جو مال کم ہو اور کافی ہو، وہ اس مال سے بہتر ہے جو زیادہ ہو اور لہو و لعب میں ڈالے۔ (ابو نعیمؒ)

o حضرت ابو درداءؓ اور حضرت ابو خلاد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم دیکھو کہ کسی بندہ کو دنیا میں زہد (دنیا سے بے رغبتی) اور کم گوئی

عطا کی گئی ہے تو اس سے قرب حاصل کرو اس لئے کہ اسے حکمت سکھائی گئی اور دی گئی ہے۔
(بیہقیؒ)

o حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے حاضر ہو کر عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے کوئی ایسا عمل بتلایئے کہ میں جب اسے کروں تو اللہ اور اللہ کے بندے مجھ سے محبت کریں۔ آپ نے فرمایا دنیا کی رغبت نہ کر، اللہ تجھ سے محبت کرے گا اور اس چیز کی خواہش نہ کر جو لوگوں کے پاس ہے، لوگ تجھ سے محبت کریں گے۔
(ترمذیؒ، ابن ماجہؒ)

o حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے دنیا میں زہد اختیار کیا (یعنی دنیا سے بے پروائی کی) اللہ تعالیٰ نے اس کے دل میں حکمت پیدا کی، اس کی زبان کو گویا کیا، دنیا کے عیوب، دنیا کی بیماریاں اور ان بیماریوں کا علاج اسے سکھایا اور پھر اس کو دنیا سے سلامتی کے ساتھ دارالسلام کی طرف لے گیا۔
(بیہقیؒ)

o حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ کسی بندہ سے محبت کرتا ہے اس کو دنیا سے بچاتا ہے جس طرح تم میں سے کوئی شخص اپنے بیمار کو پانی سے بچاتا ہے۔
(احمدؒ، ترمذیؒ)

o حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ ''میرا مال میرا مال'' کہتا رہتا ہے اور حقیقت یہ ہے کہ اس کے مال میں سے جو اس کا ہے وہ صرف تین چیزیں ہیں۔ ایک تو وہ جو کھایا اور ختم کر دیا۔ دوسرے وہ جو پہنا اور پھاڑ ڈالا۔

تیسرے وہ جو اللہ کی راہ میں دیا اور آخرت کے لئے ذخیرہ کرلیا۔ ان تینوں چیزوں کے سوا جو کچھ ہے، اس سب کو وہ لوگوں کے لئے چھوڑ کر چلا جانے والا ہے۔

(مسلمؒ، مشکوۃ شریف جلد دوم صفحہ ۲۴۲ شمار ۴۹۱۱)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: لعنت کی گئی ہے درہم و دینار کے بندہ پر۔

(ترمذیؒ، مشکوۃ شریف جلد دوم صفحہ ۲۴۴ شمار ۴۹۲۵)

o حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میرے سامنے اس بات کو پیش کیا کہ وہ میرے لئے مکہ کے سنگریزوں کو سونا بنادے، میں نے عرض کیا نہیں اے میرے پروردگار! میں تو یہ چاہتا ہوں کہ ایک روز پیٹ بھر کر کھاؤں اور ایک روز بھوکا رہوں۔ جب میں بھوکا رہوں، تیری طرف عاجزی وزاری کروں اور تجھ کو یاد کروں اور جب میں پیٹ بھر کر کھاؤں تو تیری تعریف اور تیرا شکر کروں۔

(احمدؒ، ترمذیؒ، مشکوۃ شریف جلد دوم صفحہ ۲۴۵ شمار ۴۹۳۵)

o حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے دنیا اس شخص کا گھر ہے جس کا (آخرت میں) گھر نہیں اور مال اس شخص کا ہے جس کا (آخرت میں) مال نہیں اور مال وہی شخص جمع کرتا ہے جس میں عقل نہیں۔

(احمدؒ، بیہقیؒ، مشکوۃ شریف جلد دوم صفحہ ۲۴۷ شمار ۴۹۵۶)

o حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے بھوک کی شکایت کی اور اپنے پیٹ پر پتھر بندھا ہوا دکھایا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے

اپنا پیٹ کھول کر دکھایا تو اس پر دو پتھر بندھے ہوئے تھے۔

(ترمذیؒ، مشکوۃ شریف جلد دوم صفحہ ۲۵۲ شمار ۴۹۶۹)

o حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت نے کبھی دو روز مسلسل جو کی روٹی سے پیٹ نہیں بھرا یہاں تک کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی۔

(بخاریؒ، مسلمؒ، مشکوۃ شریف جلد دوم صفحہ ۲۵۱ شمار ۴۹۸۲)

o حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت شام کو نہ تو ایک صاع گیہوں رکھتے تھے اور نہ کوئی غلہ (یعنی صبح کے لئے کسی قسم کا سامان نہ رکھتے تھے) حالانکہ آپ کی نو ازواج مطہرات تھیں۔

(بخاریؒ، مشکوٰۃ شریف، جلد دوم صفحہ ۲۵۱ شمار ۴۹۸۲)

یہ تھا میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فقر۔ اور یہی فقر ان کا فخر تھا، اس پہ کل کائنات نازاں

اور ہمارا فقر؟

ہائے ہائے! ملعون و مردار سے بھرپور۔ تل دھرنے کو بھی جگہ نہیں۔

.....فقر خصائل نبوت میں سرِ فہرست فخر۔

اس خصلت نے دنیائے دوں کو ہر خصلت کو مات کر دیا۔

حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد کو اسی خصلت کی بنا پر آبدار و تابدار کیا اور ہم میں اس کا نام تک نہیں، نشان تک نہیں۔ ماضی کی داستان از بر کئے جاتے اور دل بہلائے جاتے ہیں۔

فقیر کی میراث کا وارث فقیر ہوتا ہے۔

اور فقیر کے پاس کچھ بھی نہیں ہوتا مگر اللہ اور صرف اللہ۔

یہ تھی اور ہے طریقت کی راہ۔ جب بھی کوئی اس پہ چلا، کائنات نے اس کا احترام کیا۔

فقر کی یہ خصلت جب تک باقی رہی، چمکتا رہا دمکتا رہا۔

جب سے رخصت ہوئی ہر شے رخصت ہوئی۔ نام باقی تھا وہ بھی نہ رہا۔

اے ہم نشیں! عجب یہ کہ اس کا احساس تک نہیں۔

ہر کوئی ہر قسم کے مجاہدے کا متحمل ہو سکتا ہے امکانی ہے۔ کل کے لئے کوئی بھی شے جمع کر کے نہ رکھنا اگر چہ سنت موکدہ ہے، اس پہ کوئی بھی گزر نہیں رکھتا۔ اور اس سنت مطہرہ ہی کی بدولت فقراء کا فقر فقید المثال رہا اور تمکنت سے ہمکنار رہا۔

فقراء کی تمکنت خانقاہی نظام پہ موقوف رہی اور ہے اور یہی نظامت طریقت کی جان۔

خانقاہی نظام یہ تھا اور ہے

آج کا رزق آج ہی تقسیم ہو

کھا

کھلا

کل کے لئے جمع مت کر

کل کی روزی کل ملے گی اور

خانقاہی نظام میں اللہ اللہ کے سوا کچھ بھی نہیں ہوتا۔

یہ نظام جب بگڑ جاتا ہے، کھلبلی مچ جاتی ہے۔

پیر ہو یا فقیر، خانقاہی نظام کا متحمل نہیں ہوتا الا باذن اللہ !

خانقاہی نظام.....فقر کا فخر

یہ پرسوں شام کا رزق تھا، کل کیوں نہ دیا، بُس گیا۔

پھر کبھی آئندہ ایسے نہ کرنا۔ ابھی تقسیم کرو۔

گویا نمونہ ابھی نمونے ہی کا محتاج ہے۔

کسی بھی نمونے کا نمونہ دینا اہم ترین کام ہوتا ہے۔

اس قول و عمل کو نبھانا بچوں کا کھیل نہیں، عزم الامور کا فقید المثال اکھاڑا ہوتا ہے۔ جچے تُلے ہزاروں نامور نوجوان میدان میں اترے، کسی قسمت والے ہی نے بازی جیتی۔

فقر کے مدارج تو دری الوریٰ ہیں، تیری اور میری سمجھ سے بالاتر۔ فہم و ادراک میں آ ہی نہیں سکتے۔ کوئی ایسا بندہ پیش کر جو کبھی جھوٹ نہ بولتا ہو غیبت نہ کرتا ہو چغلی نہ کھاتا ہو، حاسد نہ ہو، کل کے لئے کوئی شے جمع نہ رکھتا ہو، اپنے علم پہ عمل کرتا ہو، جو کہتا ہو کرتا ہو اور پورے کا پورا اسلام میں داخل ہو۔ اگر نہیں تو کیا ہمارا ''وہ'' اور کیا ہماری ''وہ'' اور کیا ہماری ''وہ''؟

دنیا خدائی خصلت کے نمونہ کا اکھاڑا ہے۔ ہر شے فانی ، خصلت باقیات الصالحات۔ خصلت کے سوا کوئی اور تذکرہ نگار خانہ دہر میں زندہ نہیں رہتا۔

خانقاہی نظام سنتِ مطہرہ کی عین تعمیل ہے۔

میرا گھر ایک مسجد ہو اور حجرہ میں ضروریات زندگی کے سوا کوئی اور شے باقی نہ ہو۔

خانقاہ بولی:

میرا نظام واپس لا،

قرونِ اُولیٰ کی برکات میرے ہمراہ ہوں گی۔

اتقیا کی رہائش گاہوں کا اصطلاحی نام خانقاہیں ہے۔ تیرے خانقاہی نظام میں تقویٰ جلوہ گر ہو!

سلوک کی منزل تقویٰ کی راہ ہے۔ اس وادی میں باتیں اگرچہ کتنی حکمت بھری ہوں کوئی رنگ نہیں لاسکتیں۔ جو کام روئے زمین کی باتیں مل کر بھی نہیں کرسکتیں، تقویٰ کی ایک مثال کرسکتی ہے۔ جتنی باتیں کی جاتی ہیں کرنے والوں کا ان پہ اپنا عمل نہیں ہوتا۔ ایسی باتوں کا کیا فائدہ؟.....

کسی تقویٰ کا نمونہ پیش کر، باتیں سامعین کو مطمئن نہیں کرسکتیں۔

زندہ قومیں کورانہ تقلید کی پابند نہیں ہوتیں۔ تقویٰ میں تمہارا پہلا نمبر ہو۔

متقی کا دنیا میں جینا کسی بھی طرح قید سے کم نہیں ہوتا!

جس پہ تقویٰ وارد نہیں وہ متقی کیا؟ ہم تقویٰ کے مبلغ ہیں لیکن ہم میں سے کسی پہ بھی تقویٰ کی حقیقت وارد نہیں۔ اگر ہے تو ظاہری ہے، عملی نہیں۔

کسی سے بھی پوچھنے کی ضرورت نہیں۔ اپنے دل سے پوچھ کیا تو حاسد ہے؟

متقی حاسد نہیں ہوتا۔ جو حاسد ہے متقی نہیں۔

حسد تقویٰ کو باطل کردیتا ہے۔

تقویٰ کا داعی متقی نہیں۔ محبت کے دعویدار کے دل میں محبوب کی محبت نہیں۔

اگر تو متقی ہوتا، اقوامِ عالم کا پیشوا ہوتا _____ اور _____ اگر تیرے دل میں ان کی محبت ہوتی، بزمِ کونین کا ممتاز رکن ہوتا۔ نوری، ناری، خاکی، آبی

تیرے حضور میں حاضر ہوتے۔

درویش تارک الدنیا ہوتا ہے نہ کہ تارک السنّت۔

تارک السنّت گمراہ ہے اگر چہ کوئی ہو۔

یہ محل ، یہ ذخیرے، یہ تفریحیں ، یہ تقریبیں، سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع نہیں، صریح خلاف ورزی ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ساری عمر کھجور کی چٹائی پہ گزاری اور کبھی پیٹ بھر کر کھانا نہ کھایا، نہ ہی کبھی کوئی فاخرہ لباس پہنا.....

اور یہ ترک، سنتِ موکدہ ہے جس پہ کہ ہم میں سے کسی کو بھی گزر نہیں۔

کسی نے تیرے کسی پیراہن میں کبھی پیوند لگے نہیں دیکھا حالانکہ یہ سنت موکدہ ہے۔

ہمارے چولہے چوبیس گھنٹے ہمارے لئے گرم رہتے ہیں پھر بھی ہم کبھی سیر نہیں ہوتے نہ ہی کبھی شکر کرتے ہیں حالانکہ بعض دفعہ پورا ماہ گزر جاتا اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر کسی بھی دن آگ نہ جلتی۔

ایک دفعہ حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ بیمار ہوئے تو آپ کا قارورہ طبیب کے پاس بھیجا گیا۔ طبیب نے عرض کی میں اس مریض کی عیادت کرنا چاہتا ہوں کیونکہ یہ ایک ایسے مریض کا قارورہ ہے جس نے چالیس سال سے بغیر سالن کے روٹی کھائی ہوئی ہے ۔اس کے برعکس ہمارے دسترخوان پہ رنگارنگ کے کھانے اور سالن ہوتے ہیں۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدم کے بیٹے کا ان چیزوں کے سوا کسی اور چیز پہ کوئی حق نہیں:

بغیر سالن کے روٹی،

پانی،

تن ڈھانپنے کے لئے کپڑا اور رہنے کے لئے گھر۔

کیا ہم میں سے کسی کو بھی یہ مقام حاصل ہے؟

اگر ہو.....فقر بندہ نوازی اور خدائی بے نیازی کا مظہر ہوتا ہے اور یہ شرف کسی اور مخلوق کو نہیں، نہ ہی وہ اس کی متحمل ہو سکتی ہے۔

فقر اور صرف فقر اللہ کی وہ مخلوق ہے جو اللہ سے اللہ کے سوا کسی اور شے کی طالب نہیں اور نہ ہی کوئی شے اسے اپنی طرف متوجہ کر سکتی ہے اگر چہ ہفت اقلیم کی شاہی ہو۔

حضرت ابراہیم ادھم قدس سرہ العزیز کو کس لذت نے بلخ کے چالیس شہزادوں کی بادشاہی چھوڑنے پہ مجبور کیا؟ شاہی چھوڑ کر گدائی اختیار کی اور ہمیشہ فرماتے: یہ سودا بڑے ہی سستے داموں ملا!

حوادث دہر کا کوئی بھی واقعہ ان کی توجہ اپنی طرف مبذول نہ کرا سکا، تا قیامت رہنمائی کا وارث بنا۔

یہ تھی اور ہے حیاتِ جاودانی کی حقیقت!

دنیا مر گئی.....مرے جا رہی ہے.....خصلت کبھی نہ مری، ہمیشہ زندہ رہی اور زندگی کا پیغام سناتی رہی۔

حق ہی حق کا نمونہ دیا کرتا ہے باطل نہیں۔

حقیقت جب بھی کسی نمونے کی طلب گار ہوئی فقر نے ہی پیش کی۔

فقر کی وارثت تیری ازلی میراث تھی، کھانے پینے، پہننے اور ذخیرہ اندوزی کا شکار ہو کر رہ گئی۔

تیری دنیا کی کوئی بھی چیز اور کوئی بھی منصب، فقر کے نزدیک کوئی بھی قدر و اہمیت مطلق نہیں رکھتا۔ تیرے سوا، تیری قسم، ہر شے ہیچ و بیکار ہے۔

پھر سن اور غور کر! فقیر کی کوئی جائیداد نہیں ہوتی، کوئی مال نہیں رکھتا۔ جو شے لوگ فقیر کو دیتے ہیں، بیٹھے بیٹھے لوگوں میں تقسیم کر دیتا ہے۔ کبھی بخل نہیں کرتا۔ اور کل کے لئے کوئی بھی شے جمع کر کے پاس نہیں رکھتا۔ یہی فقیر کا ترکہ ہوتا ہے یہی میراث۔ صحابہ کرامؓ میں سے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ اسی پہ کاربند تھے۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات کے بعد نہ کوئی دینار چھوڑا نہ درہم، نہ بکری چھوڑی نہ ہی کوئی اونٹ، نہ ہی کسی چیز کی وصیت کی.....اور یہ طریقت کی سنتِ موکدہ ہے۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی ہر شب یوں گزرتی کہ نہ کوئی دینار پاس ہوتا نہ درہم۔ جو ہوتا سونے سے پہلے تقسیم کر دیتے۔

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے بغرض امتحان غلام کے ہاتھ ایک ہزار اشرفی بھجوائی پھر اگلے روز علی الصبح غلام کو کہہ بھیجا کہ وہ رقم کسی اور کا حصہ تھی، غلطی سے آپ کو دے دی گئی، واپس لوٹا دیں۔

فرمانے لگے: امیر سے کہو وہ رقم میں نے سونے سے پہلے مستحقین میں تقسیم کر دی۔ کچھ مہلت دے دو تا کہ میں واپسی کا بندوبست کر سکوں۔ ماشاءاللہ!

فقرا جو کچھ بھی کرتے ہیں بے خود ہو کر کرتے ہیں، ہر اجرت و عوضانہ سے بالاتر

ہو کر افادۂ عام کے لئے کرتے ہیں، کسی سے بھی اور کسی بھی قسم کی غرض وغایت نہیں رکھتے.....اور یہی بے خودی ان کی زندگی ہوتی ہے۔

اہل فقر.....کونین کی آبرو ماشاءاللہ!

کلیاتِ فقر کا خلاصہ چند معروف اسباق پہ مشتمل واللہ باللہ، تاللہ، ماشاءاللہ!

ترک فطرت ہے اور فقر کی عظیم خصلت۔

ترکِ معصیت اور ترکِ فضولیات.....فقر کی بیّن علامات۔

فقر کو ترکہ میں ترک عنایت ہوتا ہے۔

حضرت آدمؑ سے لے کر آج تک فقر الی اللہ کی یہ خصلت ہمیشہ قائم ودائم رہی اور کسی بھی زمانے میں کبھی نہ بدلی، نہ بدلے گی۔اور یہ خصلت ہے..... ماسواء سے کلیتًا مستغنی و بے نیاز رہنا اور کسی میر وسلطان سے کوئی واسطہ نہ رکھنا۔کھا کر، کھلا کر، کل کے لئے جمع نہ رکھنا اور مہاجر الی اللہ ہو کر متوکل علی اللہ زندگی بسر کرنا۔

قومیں بدلیں اور بدلتی رہیں، فقر کی یہ خصلت ہمیشہ اسی حال میں لازوال رہی، لازوال ہے اور ہمیشہ برقرار رہے گی۔

مہاجر الی اللہ وہ ہے جو حرام سے باز رہے۔ملعون سے بھی اور مردار سے بھی۔

اللہ کی راہ میں چلنے والے متوکل علی اللہ زندگی کا سفر طے کیا کرتے ہیں۔ماسواء کے مطلق محتاج نہیں ہوتے۔کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ جب حضرت بی بی ہاجرہ علیہا السلام حضرت سیدنا اسماعیل ذبیح اللہ علیہ السلام کے لئے پانی کی تلاش میں نکلیں تو جب کہیں پانی نہ پایا، زم زم ابل آیا۔

سلطان الفقراء حضرت ابراہیم بن ادھم قدس سرہ العزیز جب تاج وتخت سے

دست بردار ہو کر اللہ کی راہ میں نکلے تو پانی کے لئے ایک پیالہ اور سونے کیلئے ایک تکیہ ساتھ لے لیا۔ راستہ میں ایک آدمی کو چُلّو سے پانی پیتے دیکھ کر پیالہ پھینک دیا۔ آگے گئے تو ایک آدمی کو مٹی کے ڈلوں پہ سوتے دیکھا، تکیہ بھی وہیں پھینک دیا۔

قرونِ اُولیٰ کے دو مایہ ناز خصائل:

ترکِ تام اور

ذِکر دوام۔

بے مثل قوت دو ہیں: حیدریؓ اور

صابریؒ۔

ترک کو مات کر گئی، مثال نہیں ملتی۔

ایک انار حاصل کرنے کے لئے حضرت امیر المومنین علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے سارا دن ایک یہودی کے باغ میں نلائی کی۔ شام کو جب گھر آنے لگے، راستے میں ایک سائل نے انار کا سوال کیا اور آپؓ نے وہی انار جو سارا دن گوڈی کرنے کے بعد حاصل کیا تھا پیش کر دیا۔ **مرحباً، مکرماً، مبارکاً، مشرفاً**

مولائے علی کرم اللہ وجہہ کے بعد پھر کبھی بھی کسی پہ یہ عنایت نہ ہوئی اور اگر ہوئی تو کبھی کبھی اور کہیں کہیں ہوئی۔

سائل نے ایک روٹی مانگی

کسی اونٹ کے کجاوے میں ہے

ساری قطار بخش دی

سخاوت کی حد نہ کہیں تو کیوں نہ کہیں!

منصور قدس سرہ العزیز شہیدِ وفا، ماشاء اللہ، حق کی شہادت میں انا الحق کہہ کر شہید ہوئے، طریقت کے امام نہیں تو کیا تھے؟ بندی خانہ میں تین دن فاقہ کے بعد کھانا آیا، کھانے کے ہمراہ ایک سائل بھی آیا، آپ نے وہی کھانا سائل کو پیش کر دیا۔ یہ سخاوت کی حد تھی۔

آدمی چلا جاتا ہے خصلت چھوڑ جاتا ہے

خصلتیں بہت ہیں، سرفہرست یہ ہیں:

صداقت

عدالت

شرافت

شجاعت

سخاوت

شہادت

ان میں سے کسی ایک خصلت کو ضرور اپنا اور پوری طرح اپنا ورنہ یہ زندگی کسی بھی کام کی نہیں۔

جسے جو شے عنایت ہوئی، کمالات نبوت ہی کی برکت سے ہوئی۔

سوچ کر بتا ہر کسی کو ہر شے ملی، اے او نوجوان مسلم! تجھے کیا ملا؟ پدرم سلطان بود؟

تیرے دادے کے پردادے کے نانے کے دادے کی کرنی تیرے کس کام؟

کسی کی کرنی پر اترانا بھی بھلا کوئی جوانمردی ہے؟

اکھاڑے میں اتر، کوئی کرتب دکھلا!

تاریخ تشنہ، مبصرِ عالم منتظر

تیرا عمل ہی تیری زندگی کی متاع ہے۔

زندگی کی اصلاح وفلاح کا سہرا قرونِ اُولیٰ کی منزل کے سر ہے۔ جب تک تم قرونِ اُولیٰ کے حال کو نہیں اپناتے، تمہارا حال نہیں بدل سکتا۔

دنیا آخرت کا سرمایہ ہے اور سرمایہ دنیا ہی میں رہ کر جمع کیا جاتا ہے۔

احسن دنیا وہ ہے جو دین کے رنگ میں رنگی ہوتی ہے۔

آدمیت وانسانیت وبشریت کا نمونہ انبیائے کرام ہی نے دیا کہ

یہ دنیا احسن ہے..... یہ معلون۔

احسن دنیا وہ ہے جو آخرت کے لئے زادراہ ہو

صدیقین، شہدا اور صالحین نے من وعن تائید وتصدیق کی

ملبوسات تیرے لئے

ماکولات تیرے لئے

مشروبات تیرے لئے

حکمت تیرے لئے

حکومت تیرے لئے

غرض دنیا کی ہر شے تیرے لئے اور تو.....اللہ کے لئے ہے۔

کیا تو نے کبھی اس پہ بھی غور کیا کہ تو زمین پہ اللہ کا خلیفہ ہے؟ اللہ کا خلیفہ! اللہ نے تجھے اپنا خلیفہ بنا کر تیرے مقام کو ہر مقام سے بلند فرمایا اور یہ خلافت عنایت کی حد ہے۔ تجھے اس کی قدر ہی نہیں گویا خبر ہی نہیں۔ آدم تیرا باپ ہی تو تھا۔ تیرے باپ کو فرشتوں نے سجدہ کیا۔ جبرائیل نے کیا، میکائیل نے کیا، اسرافیل نے کیا، عزرائیل نے

کیا۔

بیٹے کو باپ کی وارثت ملا کرتی ہے، ضرور ملا کرتی ہے، تجھے کیوں نہ ملی؟ تو اپنی میراث کی تلاش کر اور جیسے بھی ہو، اسے حاصل کر۔

تیرا ارادہ اللہ کا ارادہ ہوا کرتا تھا۔

وہ بھی کیا دن تھے جب تیری اپنی کوئی مرضی نہ تھی۔ اللہ کی مرضی تیری مرضی تھی۔ تیری مرضی اللہ کی مرضی میں مدغم ہوتی تھی۔ اور اللہ کی رضا تجھ پر راضی ہوتی تھی۔ تو نے جب بھی کسی چیز کا ارادہ کیا پورا کیا۔ کسی بھی ارادے کو ادھورا نہ چھوڑا۔ تیرا ارادہ کبھی نہ ٹلا، کبھی نہ ہلا، کبھی نہ رکا، اور کوئی بھی رکاوٹ تیری راہ میں کبھی حائل نہ ہوئی۔ تو جس بھی میدان میں اترا، بازی لے گیا۔

تیرے عزمِ آہنی کے سامنے یہ پہاڑ ایک تنکے سے بھی زیادہ وقعت نہ رکھتے۔ کوئی پہاڑ تیری راہ روک نہ سکا۔ سمندر تیرے عزم کے سامنے ایک چُلّو بھر پانی سے زیادہ اہمیت نہ رکھتا۔

اے نوجوان مسلم! تو جب تک دنیا میں اللہ کے لئے رہا، جہان تیرے لئے رہا اور ساری خدائی تیرے لئے رہی۔ اور جب سے تو جہان کا بنا، تیرا کوئی بھی نہ بنا اور کچھ بھی نہ بنا۔ یہی تیری پستی اور یہی تیری ذلت ہے۔ تیری داستان کے بوسیدہ اوراق ملت کے بوستان میں بکھرے پڑے ہیں۔ ان کو یکجا کر اور پڑھ کہ اسلام کو جب بھی کسی نے للکارا اور جب بھی اسلام نے تجھ کو پکارا، تو مسکرا کر اٹھا، دندنا کر بڑھا اور اغیار پر قہرِ الٰہی بن کر ٹوٹا۔ اسلام کی خاطر تو سولی پہ لٹکا، تپتے ہوئے صحراؤں میں تڑپا، انگاروں پر لوٹا، دریاؤں میں کودا، پہاڑوں سے ٹکرایا، مصائب پہ مسکرایا، کھال کھنچوائی لیکن اسلام پہ آنچ نہ آنے دی۔

آج نہ معلوم تو کیوں ٹس سے مس نہیں ہوتا؟ آج تو نے خود اپنی جمعیت کے شیرازے بکھیر ڈالے۔ تیرا خون ملت کی بے آبروئی اور رسوائی پہ کیوں نہیں گرماتا؟ کاش تجھ میں کوئی بھی بات تو باقی ہوتی! جب تک تو اللہ کے لئے رہا، فتح و نصرت تیرے ساتھ رہی اور تیرے ہاتھ رہی۔ تو جہاں بھی جاتا فتح پاتا۔ کبھی مار نہ کھاتا کبھی ہار نہ مانتا۔ اللہ کا ''کن'' تیرا مشتاق اور تیرے ارادے کی تکمیل کے لئے بے تاب رہتا۔ آخر یہ کُن تیرے ہی لئے تو ہے اور تجھے اس کی خبر ہی نہیں۔

تو جس بھی میدان میں اللہ اکبر کہتا، رن کانپ اٹھتا۔ تو کسی بھی میدان میں اللہ کے سوا کسی سے نہ ڈرا۔ یہی تیری غیرت، یہی تیرا فخر اور یہی تیری مردانگی تھی۔

اللہ کے سوا کسی اور سے ڈرنا فتویٰ میں شرک اور تقویٰ میں کفر ہے۔

تو کسی سے بھی کوئی امید نہ رکھتا۔ کسی سے کوئی امید رکھنا اپنے لئے ذلت و رسوائی کا موجب سمجھتا۔ نوری فرشتے تیرے در کی دربانی کیا کرتے تھے اور آج شیاطین تجھے ڈرا اور دھمکا رہے ہیں۔

یہ دنیا جو آج تیری امام بنی ہوئی ہے، تیرے غلاموں کی غلام ہوا کرتی تھی۔ یہ عزت کوئی عزت ہے کہ جس پر تو اترا تا نہیں تھکتا۔

یہ واہ واہ، یہ کھانا، یہ پینا، ایک دھوکا ہے فریب ہے اور اس میں ہر کوئی مبتلا ہے۔

دستانے پہن کر جیبوں میں ہاتھ ڈالے پھرنا، اے میرے نوجوان! تیرا کام نہیں اور نہ ہی تجھے زیب دیتا ہے۔ اسی طرح ایسے دسترخوان پہ بیٹھ کر کھانا۔

تیرے مطبخ میں پکوان شب و روز پکتے رہتے ہیں، چولہا کبھی سرد نہیں ہوا۔

تیرے ایک وقت کے کھانے پہ ایک گھنٹہ لگتا ہے جب کہ یہ دس منٹ کا کام ہے۔

گویا تیری زندگی کی منزل اے اونو جوان! کھانے پینے کا شکار ہوگئی، ہائے ہائے!
جو کام کرنے تو آیا تھا، بھول گیا۔ ایسا بھولا کہ بھول ہی گیا۔
جس دنیا پہ تو پھولے نہیں سماتا اور کسی کی بھی ہدایت کو کسی خاطر میں نہیں لاتا، گندگی کا ایک ڈھیر ہے اور تیری دنیا کی ہر شے تجھ ہی سے مل کر گندی ہوئی۔
اے اوسونے والے نوجوان مسلم! تو کسی بھی آواز پہ کیوں نہیں جاگتا؟ شب نے اپنی سیاہ زلفیں سمیٹ لیں۔ مرغ نے بانگ دے دی۔ سحر ہونے کو ہے۔ بیدار ہو۔ اب سونے کا کوئی وقت نہیں، بالکل نہیں۔ اگر تو اب بھی نہ جاگا تو بتلا پھر کب جاگے گا؟
تیرے باپ کی بادشاہی تیرے کس کام؟
اے میرے نوجوان! کوئی اپنی حکایت بتلا۔ ایک مدت سے تاریخ تیری داستان سننے کی منتظر ہے۔
نہ کوئی دن ہے نہ مہینہ.....جس دن بھی کسی کو کوئی خصلت عنایت ہوئی، زندگی کی سعید و مسعود و مبارک ساعت ہوتی ہے۔
اپنے شب و روز کا محاسبہ کر۔ ہماری زندگی سیدھی راہ پہ نہیں، خوشگوار بھی نہیں!
آ.....تجھ کو تیری زندگی کے وہ گوہر جس کے بغیر کسی کی بھی کوئی زندگی نہیں اگرچہ مسند نشین ہو، بتاؤں

(۱) کسی خصلت کو عزم بالجزم سے اپنا یہاں تک کہ تو اس خصلت کا صاحبِ حکم ہو ماشاءاللہ

(۲) کسی برائی و بے حیائی کو قطعی ترک کر، پھر جیتے جی کبھی اس کے نزدیک مت پھٹک یہاں تک کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے احسان و کرم سے تجھ کو اس کا صاحبِ حکم حاکم

مقبول فرمالے آمین۔

(۳) کوئی عمل اختیار کر پھر اسے کبھی باطل مت کر۔ ترکِ عمل ابطالِ عمل ہے۔

عمل تیرا وہ ہمنشیں، مونس ومعاون اور دنیا وآخرت کا ہمدم ہے جو دم بھر کے لئے بھی کبھی جدا نہیں ہوتا۔ تیرا کوئی عمل، اے میرے نوجوان، کبھی باطل نہ ہو۔ جو اسے باطل کرنے لگے اسے باطل کردے، خود کبھی نہ ہو۔ عمل تیری زندگی کی زرہ بکتر اور وہ ڈھال ہے جس کے بغیر تو زندگی کے میدان میں کیا جوہر دکھا سکتا ہے؟

اللہ تجھ کو "قوی العمل" عنایت کرے۔ عمل انسان کا وہ زیور ہے جس کے بغیر وہ قطعی نہیں سجتا۔

یہ زندگی کا میدان مردوں کا اکھاڑا ہے، بازیچۂ اطفال نہیں۔

شاباش میرے نوجوان! تیرے گھوڑے کی گردن سے آگے کوئی گردن نہ ہو اور نہ ہی جیتے جی تجھے کوئی جیت سکے۔

تیرے عمل کا جلال شیطان کو جلا دے اور جمال کا نور اجڑے ہوئے دلوں کو بسا دے۔

اے اوجینے والے نوجوان! مبصر تیرے عمل کی داد دے۔

تیرا عمل تیرا عہد۔ اور تو اپنے عہد کا پاسبان ہو۔

زندگی کے میدان میں تیرے عمل کا عَلَم کبھی سرنگوں نہ ہو۔ جیتے جی کبھی گرنے نہ پائے۔ اور عمل زندگی کا تذکرہ، باقیات الصالحات اور ابدالآباد زندہ اور قائم رہتا ہے۔ اور عمل کے بغیر زندگی بے برگ وبر، بے کیف اور مردود ہے۔

کسی عمل کو اپنا.....اور ہمیشہ کے لئے اپنا،

دعا مانگ .....اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے فضل وکرم سے تجھ کو مقبول الاسلام اعمال نصیب کرے وماتوفیقی الا باللہ!

جسم خاک

عمل نور ہے

خاک میں جب نور جلوہ نما ہوا، خاک کی ماہیت بدل گئی

کسی اور طرح خاک کی خصلت نہیں بدل سکتی۔

نہ یہ دنیا رہے گی نہ کوئی بندہ،

بندوں کے اعمال زندہ رہیں گے،

کوئی نیک عمل کر لے!

اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام نے ہمیں نیک عمل کرنے اور برے عمل سے باز رہ کر زندگی گزارنے کے لئے دنیا میں بھیجا ہے۔ نیکی کرنے اور برائی سے بچنے کی کوشش کا اصطلاحی نام جہاد ہے..... جہاد اکبر یعنی سب سے بڑا جہاد۔

جہاد اکبر

o حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ایک غزوہ سے واپس تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرامؓ سے فرمایا تم خیر وعافیت سے واپس آئے، ہو تم جہادِ اصغر سے جہادِ اکبر کی طرف واپس لوٹے ہو۔ صحابہ کرامؓ نے پوچھا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! جہاد اکبر کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندے کا اپنے نفس سے جہاد کرنا جہاد اکبر ہے۔

(تاریخ بغداد للخطیب بغدادی جلد ۱۳ صفحہ ۴۹۲)

صالحیت کے زمرہ میں جو بھی داخل ہوا، نفس کو لتاڑ کر ہوا۔

یہ دنیا اور جو کچھ بھی اس میں ہے، تیرے لئے ہے لیکن تو اللہ کے لئے ہے، دنیا کے لئے نہیں۔

میرے بیٹے! اللہ تجھے قابلِ رشک زندگی بخشے، یہ زندگی قابلِ رشک نہیں۔

قابلِ فکر یہ بات ہے اور ایسی باتیں ہیں۔ اس پہ ہم میں سے کوئی جتنا بھی فکر کرے، کم ہے۔

تیری زندگی کے دن گنتی کے ہیں، توبہ کر۔

اللہ سے ڈر۔ نماز قائم کر۔ گناہوں سے بچ۔ تیرا کوئی بھی دم تیرے اللہ کی یاد سے خالی نہ گزرے۔

محبت کرو	اللہ کے لئے	عداوت کرو	اللہ کے لئے
ملو	اللہ کے لئے	لڑو	اللہ کے لئے
جیو	اللہ کے لئے	مرو	اللہ کے لئے

اِس حال میں جینا قابلِ رشک جینا ہے۔

کرنا چاہتے ہو تو نیک کام کرو!

بننا چاہتے ہو تو کچھ مت بنو!

کھانا چاہتے ہو تو غم کو کھاؤ!

پینا چاہتے ہو تو غصہ کو پیو!

ڈرنا چاہتے ہو تو اللہ سے ڈرو!

مخالفت کرنا چاہتے ہو تو نفس کی کرو!

آنا چاہتے ہو تو دین کی تبلیغ کے لئے آؤ!

جانا چاہتے ہو تو حج کے لئے جاؤ!

لینا چاہتے ہو تو والدین کی دعائیں لو!

دینا چاہتے ہو تو اللہ کی راہ میں دو!

بولنا چاہتے ہو تو سچ بولو!

تولنا چاہتے ہو تو اپنی بات کو تولو!

رونا چاہتے ہو تو اپنے اعمال پر رو!

دھونا چاہتے ہو تو بدیوں کو دھو!

بیٹھنا چاہتے ہو تو نیکوں کی صحبت میں بیٹھو!

لڑنا چاہتے ہو تو اللہ کی راہ میں لڑو!

بننا چاہتے ہو تو: انسان بنو.....مسلمان بنو

ذاکر بنو.....شاکر بنو

امین بنو.....مسکین بنو

مہربان بنو.....قدردان بنو

حلیم بنو.....کریم بنو

خلیق بنو.....شفیق بنو

نمازی بنو.....غازی بنو

رومی بنو.....جامی بنو

محسن بنو.....متوکل بنو

مومن بنو.....مخلص بنو

تیری زندگی کا کوئی بھی دم خالی نہ گزرے، کسی نہ کسی کارآمد کار میں مصروف رہے۔

اے او جینے والے نوجوان! ہانسے ہانسے جی ..... بھاویں ایک دن جی۔ بندہ بن کر جی اور جی بھر کر جی۔

جب تمہیں ایک بار قبر میں لٹا دیا جائے گا پھر قیامت تک کبھی نہیں اٹھنا، کسی نے بھی نہیں جگانا اور نہ ہی کوئی کام کرنا ہے۔ پچھتانا ہی پچھتانا ہے۔ اٹھ۔ کمر کس۔ محوِ عمل ہو۔ یہ وقت پھر کبھی ہاتھ نہیں آنا!

اے او جینے والو! مرنے والوں سے عبرت حاصل کرو

دنیا میں الجھ کر آخرت کو برباد مت کرو

دنیا میں اصلاحی و تعمیری کام کرو۔ انسانیت کو بلند کرنے کے لئے بلند کردار کا نمونہ دو۔ تیرا کردار ایک نمونہ ہو اور ساری دنیا کے لئے ہو۔

یہ رہبانیت نہیں مردانیت ہے۔ دنیا میں جینے والوں کے لئے زندگی کا مژدۂ جانفزا ہے۔ یہ انسانی زندگی کا بلند ترین مقام ہے۔ اس مقام کو حاصل کر۔ یہ مقام تیری زندگی کی معراج ہے۔

تیری دنیا میں تیرے وہ بندے، وہ پراسرار بندے، جو تیرے سوا کسی کو بھی کسی خاطر میں کبھی نہ لاتے آج کہیں نظر نہیں آتے۔ ان کے بغیر تیری دنیا کے کسی بھی بازار میں کوئی رونق نہیں اور نہ ہی کوئی چہل پہل ہے۔

جب وہ لا الہ الااللہ و اللہ اکبر کہتے، اللہ کو سامنے پاتے۔ معیت طاری ہو جاتی۔ اللہ تصدیق فرماتے (بے شک) کوئی الٰہ نہیں مگر میں (اور میں) سب سے بڑا

ہوں۔جب لاحول ولا قوۃ الاباللہ کہتے (اس کے جواب میں) اللہ فرماتے ''اطاعت گزار ہوا میرا بندہ اور نجات پائی میرے بندے نے اور فرمانبردار ہوا یا سپرد کر دیئے اس نے تمام کام اللہ کی طرف''۔

اللہ کے سوا کسی سے بھی اور کسی قسم کی کوئی امید مطلق نہ رکھتے اور نہ ہی کسی ساز و سامان کے پابند ہوتے۔توکلت علی اللہ جس بھی اکھاڑے میں اترتے، جھنڈے گاڑ دیتے۔

آپس میں موم اور کفار کے لئے لوھا ہوتے۔ہماری طرح آپس میں کبھی دست و گریباں نہ ہوتے۔فروعی مسائل کو مطلق اہمیت نہ دیتے۔

اکابر ہی کو اکابر کے مقام پر فائز فرماتے۔ایک ہی نشست فیصلہ کن ہوتی۔معاملات سلجھتے نظر نہ آتے وہیں ٹھپ کر کے ملی کاموں میں مصروف ہو جاتے۔ زندگی کا کوئی دم ضائع نہ کرتے۔القابات سے ملقب نہ ہوتے۔نہ قطب بنتے نہ قلندر۔جس حال میں اللہ رکھتا راضی رہتے۔اور ان اوصاف حمیدہ کی بدولت اللہ کی رحمت و برکت و فضل وکرم کے نزول کا مرکز ہوتے ماشاءاللہ لاقوۃ الاباللہ۔

ان کے جذبے کا عالم تاریخ کو مات کر دیتا۔سواری نہ ہوتی پیدل چل پڑتے۔ناؤ نہ ملتی دریا میں کود جاتے۔خوف وخطر اور موت وحیات سے بے پرواہ ہو کر اللہ کے یہ پراسرار بندے اللہ اکبر کہتے ہوئے دریا میں کودنے سے بھی دریغ نہ کرتے۔دنیا بھر کے دریا ان کی نظروں میں چلّو بھر پانی سے زیادہ وقعت نہ رکھتے۔صحیح سلامت ساحل تک پہنچ جاتے۔دریا کبھی ان کی راہ نہ روکتا اور نہ ہی کسی کو ڈبوتا۔جس گمنام راستے سے گزرتے، روشناسِ خَلق ہو جاتا۔ان کی آمد کا انداز ایسا نظر نواز ہوتا کہ کبھی نہ بھولنے والی داستانیں

مرتب ہوتیں۔ جدھر رخ کرتے، تاریخ کے زریں باب رقم کرتے جاتے۔ ان کی گردِ راہ نئے دور کی تمہید اور نئی صبح کے طلوع کا پیش خیمہ بن جاتی۔ ان کے نقوش پا آنے والوں کی رہنمائی کرتے اور گم گشتہ راہ ان سے منزل کا سراغ پاتے۔ ان کی جبین کی ہر سلوٹ کسی انقلاب کا عنوان ہوتی۔ ان کی گرد آلود پیشانی سے انسانیت کے روشن مستقبل کی جھلک نظر آتی!

مقصد سے ان کی سنگت کی یہ رنگت تھی کہ دریا تو دریا، کوہ بھی ان کے سامنے پرِ کاہ سے زیادہ اہمیت نہ رکھتا۔ ان کا عزم ہر رکاوٹ کو کاٹ کر رکھ دیتا۔ ان کے جوش و جذبے کا یہ عالم ہوتا کہ عالم انگشت بدنداں رہ جاتا۔ یہ وسیع ریگزار ان کے جذبے کو سرد کرنے کی بجائے مہمیز کا کام دیتے۔ صحرا ان کے لئے ذرہ بن جاتا اور وہ سیل بیکراں کی مانند راستے کی ہر رکاوٹ کو خس و خاشاک کی طرح بہاتے ہوئے منزل کی طرف گامزن رہتے۔

اور پھر ماشاءاللہ کامیابی ان کے قدم چومتی، کامرانی خوش آمدید کہتی۔ راستے ان کی قدم بوسی کو سعادت سمجھتے۔ مقام ان کے قیام سے یُمن و برکت پاتے۔ اور یہاں تک کہ منزل بھی خود ان کا استقبال کرتی۔ ذات ملت کی کنیز رہتی۔ جب بھی مدمقابل آنے لگتی، روندی جاتی۔

تیری کس کرنی پہ کوئی تیری طرف متوجہ ہو؟ تیری محبت ہی نے کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنا ہے۔

کبھی مداری کی طرف بھی کوئی متوجہ ہوا؟ کرتب کی طرف ہوتے ہیں۔ حالانکہ کرتب کا حامل مداری ہے۔ تعریف کھیل کی ہوتی ہے، کھیل دکھلانے والے کی نہیں! معلوم ہوا کرتب مطلوب ہے، مداری نہیں!

حکایت کے راوی نے حکایت سنادی اور

شکایت کے عادی نے شکایت کردی۔

واضح ہو کہ قومیں حکایتوں اور شکایتوں سے نہیں، کسی کردار کے عملی نمونوں سے جاگا اور ابھرا کرتی ہیں۔

تاریخ وریٰ الوریٰ ہے، ہر زمانہ میں ایک سے ایک بہتر نمونہ پیش ہوا۔ اسی طرح ہمیشہ ہوتا رہے گا "پدرم سلطان بود" کے نعرے بودے ہوتے ہیں کسی شمار میں نہیں آتے، زندگی کے دفتر میں کوئی نمونہ پیش کر۔

نمونہ بازی گر کا ہو یا مداری کا، دنگ کر دیتا ہے۔

جو دنگ نہیں کرتا نمونہ نہیں کہلاتا۔

نمونے کا کوئی منکر نہیں ہوتا، تماشائی عش عش کیا کرتے ہیں۔

قول و عمل کے تضاد کی کمی، ملی کمی ہے۔ میری اور آپ ہی کی نہیں، دنیا بھر کے مسلمانوں کی کمی ہے۔ اور جب تک یہ کمی دور نہیں ہوتی اللہ کبھی راضی نہیں ہوتے۔ اور جس شان و شوکت کے دینے کا اللہ نے مومن کے لئے وعدہ کیا ہوا ہے، ہماری کس کرتوت پہ عنایت فرمائیں۔ جب تک ہم اس کمی کو پورا نہیں کرتے، ہماری نام نہاد دینی جدوجہد کی انتہا کھانے کی پلیٹ تک ہی محدود رہے گی۔

"فرمایا فرمایا" کہتے ہو، پل باندھ دیتے ہو

کیا مانتے بھی ہو؟

نہ معلم مانتا ہے نہ متعلم۔

کتاب میں تو ہر شے لکھی ہوئی ہے، کتاب کے کسی علم پہ عمل کا نمونہ پیش کر۔

علم نے کیا نمونہ دینا ہے، عمل ہی علم کا نمونہ دیا کرتا ہے۔

اے قوم: تیری یہ کورانہ تقلید ہی تیری پستی وذلت کا باعث ہے، قوموں کی صلاح و فلاح عمل پہ اور عمل نمونہ پہ موقوف ہے لاریب۔

کسی کام کو کسی انوکھے انداز میں کرنے کو نمونہ کہتے ہیں۔

تو کوئی نرالا نمونہ پیش کر، ایک مدت سے وقت کی یہ پکار ہے۔

اے او جینے والے! اس جگ میں ایسے جی کہ جگ جاگے۔ نہ تو نے بار بار اس جگ میں آنا اور نہ ہی تجھے بھیجا جانا ہے۔

تیرا جینا تیری قوم کے لئے ایک نمونہ ہو۔

جو بننا چاہتے ہو، وہ کردار پیدا کرو۔

دین کے لئے آئے ہو، دین لے کر جانا۔ کسی خصلت کو اپنا کر جانا۔

جیتے تو وہ بھی ہیں، جینا سیکھ۔

خصلت پہ استقامت کا استقلال زندگی کا شاہ مہرہ۔ اسی سے زندگی زندگی کہلاتی اور اسی کی بدولت عروج پذیر ہو کر زندہ اور قائم رہتی ہے۔

دانشمندوں کے نزدیک تیری یہ مصروفیت کسی کام کی نہیں

.....مصروف ہو.....مگر اللہ کے لئے!

کشف الجدید نے کشف الورید (طب) اور کشف الحدید (حربی شعور نو) کو کہاں سے کہاں پہنچا دیا، سورَ کھانے اور شراب پینے والے چاند تک جا پہنچے۔ قیام کیا .....کھانا کھایا، وہی کھانا جو زمین پر کھاتے۔ سیاحت کی۔ تصاویر کھینچیں۔ سطح کے نمونے لائے اور اپنی نقل وحرکات سے متعلق زمین والوں سے رابطہ قائم رکھا یہاں تک کہ

منٹ منٹ کی خبر دی۔ کہاں ہیں کیا کر رہے ہیں.....اور ہم اے ہم نشیں! آپس ہی میں ایک دوسرے سے باہم دست وگریباں ہیں۔

ایک کہتا ہے میں بڑا ہوں دوسرا کہتا ہے میں۔

ایک کہتا ہے وہ سیدھی راہ پہ ہے دوسرا کہتا ہے وہ.....

اگر ہم متحد ہوتے، اللہ تبارک وتعالیٰ ایسی ایجادات ہمیں عنایت فرماتا۔

تیرا ذہن اے میرے نوجوان! تعمیری کاموں میں مصروف ہو، آمین۔ ملی کاموں میں مصروف ہو نہ کہ تخریبی۔

اغیار نے کیا کیا ایجادات کیں اور یار.....محوِ خواب

وقت اللہ کی امانت ہے، کوئی دم مت کھو۔

کسی کو بھی یہ پتہ نہیں کہ کب اس نے یہاں سے چلے جانا ہے لیکن یہ پتہ سب کو ہے کہ ضرور چلے جانا ہے اور ایک بار جا کر پھر واپس نہیں آنا اور قیامت تک قبر میں پچھتانا ہی پچھتانا ہے۔

اے اوسونے والے نوجوان! تو کیوں بیدار نہیں ہوتا! کسی اور کے لئے نہ سہی اپنے لئے تو اٹھ! اس وقت تجھے سونا زیب نہیں دیتا۔

مت بھول کہ وہ دن آنے والا ہے جس دن کہ یہ انگلیاں کوئی حرکت نہ کر سکیں گی۔ اس وقت کو غنیمت جان اور ان سے وہ کام لے جو تیری قبر میں تیرے کام آئے، اور وہ کام لے جس سے کہ ملت کو فائدہ پہنچے۔ تیری یہ زبان گوشت کا ایک لوتھڑا ہے، اس نے یہ رنگا رنگ کی بولیاں سدا نہیں بولنی۔ اس سے اپنے رب کی، جس نے تجھ کو پیدا کیا، تسبیح وتحمید بیان کر اور اتنی زیادہ کر کہ کوئی دم یاد سے خالی نہ گزرے۔

بے شک جو دم غفلت میں گزرا، یاس وحسرت کا موجب ہے۔

مشرق تیرا، مغرب تیرا، شمال تیرا، جنوب تیرا۔

تو زمین پر اللہ کا خلیفہ، اقوام عالم کا رہنما ہے۔

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيٓ اٰدَمَ (بنی اسرائیل:۷۰)

(اور ہم نے اولاد آدم کو عزت بخشی)

بندہ بنا کر اکرام کی حد کر دی،

یہی بندوں کی شاہی ہے۔

یہ دریا تیرے لئے پہاڑ تیرے لئے ہوائیں تیرے لئے فضائیں تیرے لئے

نباتات تیرے لئے معدنیات تیرے لئے پھل تیرے لئے پھول تیرے لئے

فتح تیرے لئے نصرت تیرے لئے سطوت تیرے لئے تمکنت تیرے لئے

حکمت تیرے لئے حکومت تیرے لئے مہر تیرے لئے ماہ تیرے لئے

جمال تیرے لئے جلال تیرے لئے جاہ تیرے لئے فرش تیرے لئے

عرش تیرے لئے حوریں تیرے لئے غلمان تیرے لئے مصطفائی تیرے لئے

مجتبائی تیرے لئے عجائب تیرے لئے غرائب تیرے لئے اور

ساری کی ساری خدائی تیرے لئے ہے، تو نہ لے تو تو ہی بتا کوئی کیا کرے؟ وما علینا الا البلاغ

اے او جینے والے! قبر میں قیامت تک پچھتاتا اور کرلاتا رہے گا کہ یہ میوے میرے لئے تھے، میں نے کیوں نہ ان کو کھایا۔ یہ پھول میرے ہی لئے کھلے لیکن افسوس! میں نے ان کو اپنی زینت نہ بنایا۔ تمام شجرات میرے لئے بنائے اور میں اپنی نادانی کے باعث عمر بھر دھوپ میں سڑا۔ اللہ نے مجھ کو دنیا میں جواہرات کے خزانوں کی کنجیاں بخشی ہوئی

تھیں لیکن میں نے کسی بھی خزانے کو بالکل نہ کھولا۔ کاش مجھے ان نعمتوں کی دنیا میں قدر ہوتی۔ اور میں دم بھر کے لئے بھی دنیا میں جی نہ لگاتا۔ کردار کی مستی میں مدہوش ہو کر اللہ کے سوا کون و مکاں کی ہر شے کو بھول جاتا۔

اے او میرے نوجوان! تو کوئی بھی نمونہ نہیں دیتا۔ نہ دین کا نہ دنیا کا..... تجھ سا تہی دست بھی کوئی ہے؟ طرہ یہ کہ اس ناداری کا تجھے احساس تک نہیں!

تیرے پاس ایک بھی نمونہ نہیں اور نمونے ہی سے علم نے عمل کا مظاہرہ کیا۔ تیرے پاس تو نمونوں کے انبار ہوتے! نمونے ہی نے دین کو پھیلایا، نمونہ ہی دین کی جان۔ نمونہ نہ ہوتا تو کسی علم میں کیا جان ہوتی۔ نمونے ہی نے دین کو سرفرازی بخشی۔ تو دین رکھتا ہے، دین کا نمونہ نہیں رکھتا۔ بازی گر نے صرف نمونہ پیش کیا اور نمونے کا کوئی منکر نہیں۔ تیرا علم نمونے کا متلاشی ہے، پا کر ہی مطمئن ہو سکتا ہے، کسی اور طرح کبھی نہیں۔

نمونہ کبھی صدیق اکبر، رضی اللہ عنہ کبھی فاروق اعظم رضی اللہ عنہ، کبھی عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور کبھی حیدر کرار رضی اللہ عنہ،

نمونہ کبھی کلیر کبھی پانی پت،

کبھی سالک کبھی مجذوب۔

ہر حال میں اور ہر دور میں دین کی عظمت کو برقرار رکھا، کبھی گرنے نہ دیا۔ ہر دور میں دین ہی کا پاسبان رہا۔

نمونہ..... دین کی آبیاری کا مالی..... کبھی خشک نہ ہونے دیا۔

پھر کیا ہوا؟ دین پہ بہار آئی، پھل و پھول میں رنگت و حلاوت۔ نمونہ پیش کر۔ نمونہ شدت سے اور مدت سے تیرے نمونے کا منتظر ہے۔

نمونہ پایا گویا ہر شے پائی۔

نمونہ ہی سے ہر شے سمجھ میں آئی۔

تیری کس کرنی پہ کیا اعتبار کرے اور کیا عنایت کرے!

خصلت ایک وجود رکھتی ہے.....قوی الجسم وجود۔

جب کوئی کسی خصلت کو اپنا لیتا ہے خصلت کا جلال و جمال اس پہ چھا جاتا ہے اور چھائے رہتا ہے

اور خصائل ہی سے فضائل پیدا ہوتے ہیں۔

نیکی اور صبر نبوت و ولایت کی دو بنیادی خصلتیں ہیں۔ ہر کسی سے ہر وقت ہر حال میں نیکی کر اور نیکی کی مخالفت پہ صبر کو اپنے اوپر لازم قرار دے۔ یقین جان کہ اللہ نیکی اور صبر کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور ان کے ساتھ ہوتا ہے۔

نیکی کا اجر کبھی ضائع نہیں ہوتا۔ نیکی کی مخالفت پہ صبر نیکی کے اجر کو دوبالا کرتا ہے۔

نیکی کے ساتھ صبر نیکی کے اجر کو کبھی ضائع نہیں ہونے دیتا۔ اللہ رب العالمین نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا خوب فرمایا: وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَ اهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ط

یعنی آپ کے مخالفین جو کچھ بھی آپ کو کہیں آپ صبر کریں انہیں کچھ مت کہیں اور نہایت ہی احسن و جمیل طریق سے ان سے علیحدگی اختیار کریں۔

پھر فرمایا رَبُّ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ط

یعنی ان بیچاروں کے قبضہ قدرت میں کوئی شے نہیں، مطلق نہیں، آپ کا رب ہی مشرق و مغرب کا رب ہے۔ اور آپ اپنے رب کو اپنا کارساز ٹھہرایئے۔

گزرا ہوا سانس کمان سے نکلے ہوئے تیر کی طرح ہوتا ہے پھر کبھی لوٹ کر نہیں آتا۔ جو سانس گزر گیا پھر کب اس نے واپس آنا ہے ؟ نیکی کر ، ہر مقبول نیکی باقیات الصالحات میں سے ہے۔

نیکی کے میدان میں نیک بن کر اتر۔ نیکی کا مظاہرہ کرتا ہوا نیکی کے میدان میں گم ہو جا۔ کسی کی کوئی خصلت تیری کسی خصلت سے کبھی عمدہ نہ ہو یا تیری کوئی خصلت کسی کی خصلت سے کبھی کم نہ ہو۔ نیکی کے میدان میں تجھے کوئی پچھاڑ نہ سکے۔ پھر یہ زندگی قابلِ رشک ہے۔ نیکی کے میدان میں نیکی کا علَم بلند کر۔ نیکی کے جھنڈے کو کبھی گرنے نہ دے۔ کسی کی کوئی برائی تجھے نیکی سے کبھی روک نہ سکے۔ جب تو نے برائی کا بدلہ نیکی سے دیا، جہادِ زندگی میں کامیاب ہوا۔

احسان کے میدان میں احسان کر، ہر کسی سے کر، بلا تمیز اور بلا معاوضہ ہر کسی سے ہر معاملہ میں احسان کر۔ احسان کا کوئی بدلہ نہیں مگر احسان۔ جو تو کرتا ہے اللہ دیکھتا ہے۔ کسی اور کو دکھانے کی ضرورت ہی نہیں۔ جس کیلئے تو کرتا ہے وہ دیکھ رہا ہے اور وہ کافی ہے۔ احسان کر۔ اگرچہ احسان کا بدلہ احسان ہے پھر بھی بدلے سے بے نیاز ہو کر کر۔ بے شک احسان اللہ کو پسند ہے اور اللہ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "مخلوق اللہ کا کنبہ ہے"

پھر فرمایا "تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو اللہ کے کنبے کے ساتھ احسان کرے"

مخلوق سے مراد ہر قسم کی مخلوق ہے۔ جن ہو یا انسان، درند ہوں یا خزند، چرند ہوں یا پرند، مومن ہو یا کافر، نیک ہو یا بد، مخلوق میں سے ہے۔

فلاح کا انحصار شاہی و گدائی پہ نہیں ،خالق کی عبادت اور مخلوق کی خدمت پہ موقوف۔

مخلوق اللہ کا کنبہ ہے

اللہ کے کنبے کی خدمت کر

احسان کر

اکرام کر

اور یہی بہترین شعار ہے۔

جب کوئی کسی کے کنبے کے ساتھ کسی بھی قسم کا کوئی احسان کرتا ہے، کنبے کا مالک اگر چہ کوئی ہو ضرور خوش ہوتا ہے۔ اپنے محسن کا شکریہ بھی ادا کرتا ہے۔ کیا اللہ اپنے کنبے کی بیمار و نادار مخلوق پہ احسان کرنے والوں پہ خوش نہ ہوگا؟ بے شک اللہ سب قدردانوں سے بڑھ کر قدردان ہے۔

اللہ اپنی ہر مخلوق کا پیدا کرنے والا اور پالنے والا ہے۔ جو بندہ اللہ کی مخلوق کی خدمت کرتا ہے اور محض اپنے رب کی مخلوق سمجھ کر خدمت کرتا ہے، کوئی اور غرض و غایت نہیں رکھتا، اللہ کو پسند ہوتا ہے۔

فقر کے تمام مراتب خدمت ہی کے معیار پہ مرتب ہوتے ہیں۔ ہر نیکی ایک عظمت ہے۔ خدمت کی عظمت سب سے بالاتر ہے۔ قرون اولیٰ کے صوفی کا سرکاری نام اھل خدمت ہوتا تھا اور خدمت ہی کی بدولت آج اس کا نام زندہ ہے۔ اس کے پاس کچھ بھی نہ ہوتا مگر خدمت۔ اور ہمارے پاس سب کچھ ہے لیکن خدمت نہیں۔ وہ مخلوق کا خادم تھا ہم مخدوم۔

بندہ جب اللہ کیلئے اللہ کی مخلوق کی خدمت میں مصروف ہوتا ہے اللہ خوش ہوتا ہے۔

نہ پڑھ کر خوش ہوا نہ لکھ کر۔ جب بھی خوش ہوا کسی کرنی ہی کی بدولت ہوا۔

بھوکے کو کھلا کر خوش ہوا اور ننگے کو پہنا کر۔

کسی مسکین کو دے کر خوش ہوا اور بیمار ولاچار و نادار کی خدمت کر کے۔

خلق کی حاجت براری خالق کو پسند ہے۔

دل کبھی خوش نہیں ہوتا اور اتنا اور ایسا تو کبھی بھی نہیں ہوتا جیسا کسی بھوکے کو کھانا کھلانے سے۔

☆ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ط (البقرہ ۲۵۴)

مسلمانو! جو (مال) ہم نے تم کو دیا اس میں سے اس سے پہلے خرچ کرو کہ وہ دن آ موجود ہو جس میں نہ بیع ہوگی اور نہ دوستی اور نہ شفاعت۔

☆ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ○

(المنافقون ۱۰)

اور جو ہم نے تم کو دیا اس میں سے اس سے پہلے خرچ کر لو کہ تم میں سے کسی کے پاس موت آ موجود ہو پھر وہ کہے کہ اے میرے پروردگار! مجھے اور تھوڑی مدت تک مہلت کیوں نہ دی کہ میں خیرات کرتا اور نیک بختوں میں ہوتا۔

☆ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ط قُلِ الْعَفْوَ ط (البقرہ ۲۱۹)

جو لوگ آپ سے دریافت کرتے ہیں کہ (خیرات میں) کتنا خرچ کریں، آپ فرما دیجئے کہ جتنا (ضرورت سے) زائد ہو۔

☆ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ط

(آل عمران ۹۲)

تم ہرگز نیکی کو نہیں پہنچو گے جب تک اس چیز سے خرچ نہ کرو جس سے محبت رکھتے ہو۔

☆ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ یُوَفَّ اِلَیْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ○ (انفال ۶۰)

اور جو شے تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے اس کا ثواب تمہیں پورا دیا جائے گا اور تم پہ ظلم نہیں کیا جائے گا۔

☆ اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا یُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ○ (البقرہ ۲۶۲)

جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنے مال خرچ کرتے ہیں پھر اس کے خرچ کرنے کے پیچھے نہ احسان جتاتے ہیں، اور نہ ایذا دیتے ہیں ان کے لئے ان کے پروردگار کے ہاں ان کا ثواب موجود ہے اور نہ ان پر خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہی ہوں گے۔

☆ اِنَّ الْمُصَّدِّقِیْنَ وَ الْمُصَّدِّقٰتِ وَ اَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا یُّضٰعَفُ لَهُمْ وَ لَهُمْ اَجْرٌ كَرِیْمٌ ○ (الحدید ۱۸)

بے شک صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں اور جنہوں نے اللہ کو قرض حسنہ دیا ان کو دوگنا دیا جائے گا اور ان کے لئے عزت کا اجر ہے۔

☆ اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا یُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَ یَغْفِرْ لَكُمْ ط (تغابن ۱۷)

اگر تم اللہ کو قرض حسنہ دو گے تو اس کو تمہارے لئے دوگنا کر دے گا اور تم کو بخش دے گا۔

o حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: افضل صدقہ یہ ہے کہ تو بھوکے آدمی کا پیٹ بھر دے۔ (بیہقی)

☆ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّ يَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا ○ (الدھر ۸)

اور وہ لوگ (محض) اللہ کی محبت میں غریب کو، یتیم کو اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں۔

رمضان المبارک کے بعد بھی قیدی بھائیوں کیلئے ماکولات ومشروبات کا سلسلہ بدستور جاری رہے گا ماشاءاللہ۔ میرے نزدیک اس سے بہتر اور کوئی دعوت نہیں۔ جی بھر کر کھلاؤ، پلاؤ اگرچہ سونے کے بھاؤ بکتا ہو۔

o حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بیوہ عورت اور مسکین کی خبر گیری کرنے والا اللہ کی راہ میں سعی کرنے والے کی مانند ہے (یعنی اس کا ثواب جہاد اور حج کے برابر ہے) راویؓ کا بیان ہے کہ میرا خیال ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ بیوہ اور مسکین کی خبر گیری کرنے والا اس شب بیدار شخص کی مانند ہے جو رات کو سستی نہیں کرتا اور اس روزہ رکھنے والے کی مانند ہے جو ہمیشہ روزے سے رہتا ہے (یعنی صائم الدہر شخص کی مانند)

(بخاریؒ، مسلمؒ، مشکوٰۃ شریف جلد ۲ صفحہ ۲۱۵ شمار ۴۷۰۷)

مخلوق اللہ کا کنبہ ہے اور کنبہ میں ہر مخلوق شامل ہے۔ مومن بھی کافر بھی، نیک بھی اور بد بھی۔ جو جدوجہد اللہ کی مخلوق کو نفع پہنچانے کی نیت سے کی جاتی ہے رنگ لاتی ہے۔ علم وحکمت کے خزانوں سے جسے بھی عطا ہوا مخلوق کی خدمت کے لئے اور خدمت ہی کی بدولت عنایت ہوا۔

حق بات یہ ہے کہ جب وہ رنگ و نسل اور مذہب وملت کے تمام امتیازات سے بالاتر ہو کر اللہ کی مخلوق کی بے لوث خدمت میں مصروف ہوئے اور ایک مدت تک مصروف رہے تب ان پر اللہ کی رحمت نازل ہوئی۔ تم مخلوق سے جتنے دور ہوتے گئے وہ قریب ہوتے گئے۔ بیمار مخلوق کی نجاست تیرے لئے کراہت بنی اور ان کے لئے راحت۔ اللہ نے ان پر حکمت کے باب کھول دیے اور انہیں علم طب کی پیشوائی عطا کی۔

اے میرے مسلمان! اے میری جان! یہ حکمت تجھے عطا ہونی تھی، تیری لاپروائی کی بدولت انہیں دی گئی۔ تم بیاض مسیحائی میں کھوئے رہے اور وہ اسرار مسیحائی کے جویا رہے۔ کاش تجھے اس کا احساس ہوتا!

اللہ کی بیمار مخلوق کی بے لوث خدمت کرتا کہ اللہ تجھے تیری کھوئی ہوئی میراث دوبارہ لوٹائے۔ آمین۔

اگر اپنی کوئی روایت یاد نہیں تو گورے کی یاد کر۔ ڈاکٹر باٹن نے شاہ جہاں کی شہزادی کا علاج کر کے اپنی قوم کو ہند کی حکومت دلوادی۔

کوئی ایک بات تو باقی رکھتا! ایک نہیں، ساری کی ساری گم کر دیں۔ اور یہ تیری بے بصری کی حد ہے۔

بے لوث خدمت کا جذبہ ہماری ملی میراث تھی۔ ہم نے ہی آدمیت کو یہ شعور بخشا اور ہم ہی سے دنیا نے نقل کی۔ ہم دیکھتے رہے، نقال بازی لے گیا۔

حکمت مومن کی میراث تھی، تیری میراث تھی، آج کیوں تیرے پاس نہیں؟ تو نے کیوں اسے اپنے ہاتھ سے جانے دیا؟ بتلا تو نے اپنی اس کھوئی میراث کو حاصل کرنے

کے لئے کیا جدو جہد کی؟ اگر نہیں تو کیوں؟ اگر تو اپنی جگہ قائم رہتا تیری جگہ کسی دوسرے کو کیسے دی جاتی؟ حکمت کا جو باب ان پہ کھلا، تجھ پر کھلتا۔

اے اوسونے والے! وہ عنایت ربانی کسی فرد کا نہیں، ذوق وشوق کا استقبال کرتی ہے۔ اور مخلوق کی خدمت کا شوق مسعود بھی ہے محمود بھی۔ مقبول بھی ہے محبوب بھی۔ احسن بھی ہے مستحسن بھی۔ اور اے جانِ من! انسانیت کو نفع پہنچانے والی جملہ ایجادات ومکشوفات عطائے الٰہی اور عنایت ربانی کی مرہون منت ہیں۔

جو کوئی جب کبھی اور جہاں کہیں افادۂ عام میں مصروف ہوا، معروف ہوا۔ کامیاب ہوا، کامران بھی، ماشاءاللہ۔ اگر چہ غیر مسلم ہو۔

بلا تخصیص خدمت پہ، بلا تخصیص عنایت ہوتی ہے۔

عنایت ربانی نافع الناس امور کی جدو جہد کو کامیاب فرمانے میں ایمان وکفر کی تمیز روا رکھتی تو معنوی اعتبار سے غلط ہو جاتی۔ اور اگر ایسے ہوتا تو کون ومکاں کے خالق و مالک رب العالمین کیسے کہلاتے۔ بعینہ اگر رزق کی تقسیم ذات وصفات پہ موقوف ہوتی تو بادشاہوں کے بادشاہ رب العالمین خیر الرازقین کیونکر کہلاتے؟

حکمت بہترین رزق ہے جو بندوں کو عنایت ہوتا ہے۔

انعام واکرام سے بے نیاز ہو کر کام میں محورہ۔ کام بذات خود ایک انعام ہے۔

کاریگر اپنے کام میں محو ہو کر کام کے سوا کسی اور فکر میں کبھی متفکر نہیں ہوتے۔

اہل فن کبھی متفکر نہیں ہوتے۔ کوئی حادثہ کسی اہل فن کو کبھی متفکر نہیں کر سکتا۔

فن کار کا استغراق ہر فکر پر حاوی ہوتا ہے۔

جب تک کوئی فنکار کلیتًا اپنے فن کی دھن میں ہمہ تن محو و مستغرق نہیں ہوتا، با مراد نہیں ہوتا۔

یہ تمام ایجادات، روحانی ہوں یا مادی، فکر ہی کی بدولت اور فکر ہی کا حاصل ہیں۔

امت کو فکر کا حکم دیا، بحث سے منع کیا۔

اگر یہ قوم فکر کرتی تو حکمت میں اقوام عالم کی سردار ہوتی۔

جس فکر کی اللہ نے اپنی کتاب قرآن کریم میں تاکید فرمائی ہے، مقبول۔ اور یہ فکر جس میں کہ تو مبتلا ہے فضول ہے۔ وہ فکر بلوغ المرام اور یہ فکر.....الامان الامان!

اللہ رب العالمین نے بندوں کو فکر کی تاکید کی۔ بار بار فرمایا ''تم فکر کیوں نہیں کرتے؟'' بے شک ہم فکر نہیں کرتے۔ ہماری تقلید کورانہ ہے۔ اگر اس میں فکر ہوتا، اس کی عظمت منکشف ہوتی۔ پھر اس میں ذوق ہوتا، شوق ہوتا، توفیق ہوتی اور استقامت ہوتی ماشاءاللہ۔

ایک ایجاد ایک پوری زندگی کی شاہکار ہوتی ہے۔ موجد اپنی ہر شے ایجاد پہ نچھاور کر دیتا ہے۔ موجد اپنی ایجاد میں اس قدر محو و منہمک ہوتا ہے کہ اسے اپنی ایجاد کے سوا دنیا و مافیہا کی کسی بھی چیز سے کوئی رغبت نہیں ہوتی۔ شب روز اپنی ہی دھن میں محو عمل رہتا ہے۔ کسی اور طرف اپنی توجہ کو مطلق بٹنے نہیں دیتا۔ ایک مدت کے بعد اللہ رب العالمین کی رحمت نازل ہوتی ہے۔ اور ایجاد درجہ قبولیت کا شرف حاصل کر لیتی ہے۔ اور نافع الخلوق ہو کر نگارخانہ دہر میں ہمیشہ قائم رہتی ہے۔

موجد اپنا دور ختم کر کے چلا جاتا ہے اور اپنی ایجاد چھوڑ جاتا ہے۔ اس سے بہتر انسانیت کی اور کیا خدمت ہو سکتی ہے؟

فرنگی کے فکر کا حاصل عجائب ایجادات اور تیری فکر کا حاصل بحث ،نفاق اور غم۔

فرنگی نے خیال سے حاصل کیا اور تجھے قرآن سے بھی حاصل نہ ہوا۔

فرنگی کے فکر کے فیض سے دنیا فیض یاب اور تیری فکر نے ملت کے شیرازے بکھیر دیئے۔

معاشرے کی اصلاح محض باتوں ہی سے نہیں، عملی نمونہ سے ہوا کرتی ہے۔ یہ دور گفتار کا نہیں، کردار کا ہے۔ کسی کردار کا نمونہ پیش کر۔

تاریخ کی تمام داستانیں کردار ہی کی داستانیں ہیں۔

گفتار کی کوئی داستان کسی تاریخ میں نہیں ملتی۔

تو صاحب کردار بن نہ کہ صاحب گفتار۔

کردار کے سامنے گفتار کوئی وقعت نہیں رکھتی۔

علم گفتار اور عمل کردار ہے۔

گفتار جب کردار کا زرہ بکتر پہن کر میدان میں آتی ہے، تلوار مات کر دیتی ہے۔

تکرار انکار پہ اور کردار گفتار پہ غالب ہے۔

عملی قوت تقریروں اور تحریروں کی مرہون منت نہیں ہوتی۔

علم پہ عمل کا اصطلاحی نام.....حال

حال کا کوئی منکر نہیں

علم قال ہے عمل حال

جہاں قال ہوتا ہے حال نہیں ہوتا اور

جہاں حال ہوتا ہے قال نہیں ہوتا

قال قال میں اور حال حال میں مصروف رہتا ہے

میرے بیٹے! قال کے ساتھ حال کا ہونا لازم ملزوم ہے۔

تو نے قال دیکھا ہے حال نہیں دیکھا۔

نمائندہ دیکھا ہے نمونہ نہیں دیکھا۔

جو قال حال کے تحت ہو، تیر کی طرح ہے۔ کبھی خالی نہیں لوٹتا۔

قال کا نہیں، حال کا نمونہ پیش کر

اپنے قول کا کر

عنایت.....قول کی منتظر

کسی کے کسی قول پہ مت اترا۔ تیرا اپنا قول ہی تیرے لئے نافع ہے۔

قول قال کی اور

عمل علم کی زینت ہوتے ہیں۔ جب تک قائم رہتے ہیں، جگمگاتے رہتے ہیں۔

اگر میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مطہرہ کے تابع ہوں، ملائکہ اور ارواح فضائے بسیط میں بکھیرتے رہتے ہیں۔ یہی قول وعمل کی زندگی ہوتی ہے۔

کر کے دیکھ، قول وعمل پہ استقامت دل میں دھوم مچا دیتی ہے۔

قول وعمل کے ہمراہ ملائکہ موجود رہتے ہیں، دعا کرتے ہیں: اللہ کرے اس بندے کا قول وعمل ہمیشہ قائم رہے کبھی باطل نہ ہو۔

قالی کا ہاتھ خالی۔

جس کام کے لئے اور جن کاموں کے لئے اللہ نے تجھے پیدا کیا ہے، کرتا نہیں۔

اللہ نے تجھے اپنے ذکر کے لئے اور ذکر کو بلند کرنے کے لئے پیدا کیا، پھر کرتے کیوں نہیں؟

یہ باتیں جو تم کہتے ہو اور کرتے ہو، بے شک اللہ کو ناپسند ہیں۔ مت کیا کرو، باز رہا کرو۔

اللہ کے پسندیدہ کام اللہ کے ہوتے ہیں، ضرور کیا کرو۔

ابتدائے آفرینش سے لے کر نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم تک چند باتوں سے منع کیا گیا۔ وہی چند باتیں ہر کوئی ہر روز کرتا ہے مثلاً جھوٹ.....غیبت.....چغلی اور حسد۔

کیا ابھی تک ان کے ختم کرنے کا وقت نہیں آیا؟

جو چیزیں قطعی حرام ہیں، دور حاضر کے حرم کا مقبول ترین مشغلہ اللہ اللہ!

ہم جھوٹ، غیبت، چغلی اور حسد ہی کے مارے ہوئے ہیں۔

اگر ان مذموم ترین افعال سے باز رہتے تو کیا خوب ہوتا۔ بے شمار علم و حکمت کے حامل ہوتے۔

جھوٹ، غیبت، چغلی، حسد

چاہیے تو یہ تھا کہ ایمان کی قوت کی برکت سے یہ چاروں وبائیں گھٹتے گھٹتے گھٹ جاتیں، مٹتے مٹتے مٹ جاتیں، نام و نشان تک باقی نہ رہتا مگر برعکس گھٹنا تو درکنار بڑھ رہی ہیں اور حیرت انگیز تیزی سے بڑھ رہی ہیں۔ یہاں تک کہ کوئی بھی مقام ان کی دسترس سے محفوظ نہیں۔

غائب کی غیبت اللہ کو ناپسند۔

غیبت تبلیغ کی ضد ہے، بند نہ کی گئی تو کیا کیا!

تیرادم ترقی پذیر نہ ہوا تو کیوں.....؟ باتیں اس کو کھا گئیں ۔ بند کیوں نہیں کرتے؟

اگر کوئی کلیتاً غیبت بند کردے تو جانوروں تک کی بولی سمجھنے لگے۔

منڈی سے جب ناقص مال دساور جانا شروع ہوجاتا ہے، ناکام ہوجاتی ہے، ورنہ جب تک مال کا معیار نہیں گرتا منڈی کا وقار کبھی نہیں گرتا۔

تو شکوہ کرتا ہے.....کوئی سودا لینے والا نہیں

ارے! سودا تو دیکھ، تیرا سودا خالص نہیں

اس میں غیبت، چغلی، جھوٹ، حسد اور کس کس شے کی ملاوٹ نہیں؟ سودا خالص ہو کیوں نہ بکے اور کیسے نہ بکے؟ گاہکوں کے ٹھٹ لگ جائیں۔

سودا ہے.....عمدہ نہیں.....معیاری نہیں

معیاری سودا.....اپنی تشہیر آپ ہوتا ہے، کسی تشہیر کا محتاج نہیں ہوتا۔ اور نہیں تو صرف اپنے سودے کو غیبت اور چغلی سے پاک رکھ۔ قرآن کریم نے فرما دیا۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتا دیا۔ بتا پھر کس حکم کا انتظار ہے۔ دیر مت کر، وعدہ کر اور ابھی کر کہ اب کبھی غیبت اور چغلی نہ کروں گا، اگر پھر بھی تیرا سودا نہ بکے جو چاہے کہنا اور یہ اس مضمون پہ ختم الکلام ہے۔

غیبت اور چغلی ذکر اور تبلیغ دونوں کو کھا جاتی ہے۔ نہ ذکر نافع نہ تبلیغ .....اور ہم سب کے سب غیبت بھی کرتے ہیں اور چغلی بھی۔ بتا! اس سے کیا حاصل مگر فتنہ ہی فتنہ۔ غیبت ختم کر، چغلی بھی، کامیاب ماشاءاللہ۔

اگر کوئی بالا بخت ہر قسم کی بزرگی و کرامات سے بالا ہو کر صرف اور صرف غیبت اور چغلی سے باز آجائے، تبلیغ کا مردہ جسم زندہ ہو کر حرکت میں آجائے۔

خصائل کی تبلیغ کرتے تھکتے نہیں، کسی خصلت کو اپنا کر تو دیکھ، خصائل کی بستی نہ بنادے تو کہنا۔ خصلت کبھی اکیلی نہیں رہتی، نہ ہی اکیلے رہنا اسے زیب دیتا ہے۔ شہر بنا کر بسا کرتی ہے۔

خصلت وہ ہے جس کی قرآن کریم اور سنت مطہرہ تصدیق کرے۔

تیرے پاس نہ دین نہ دنیا، کس بل بوتے پر اتراتے نہیں تھکتے ؟

خصلت نمونے کی طلبگار ہے، کسی خصلت کا نمونہ پیش کر!

استقامت نبوت کی سب سے بڑی خصلت ہے، ہر کسی کو کیسے دی جا سکتی ہے؟

استقامت کے ساتھ حال اور حال کے ساتھ مقام ہوتا ہے۔ جس میدان میں استقامت اتر آتی ہے فتح ہو جاتی ہے۔

اے جان من! اے اوسونے والے نوجوان مسلم!

تجھے کون بتائے اور کیا بتائے اور کیسے سمجھائے کہ

اللہ رب العالمین کا سب سے بڑا حکم،

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے بڑی سنت اور

نبوت و رسالت کی سب سے بڑی خصلت استقامت ہے اور

استقامت یہ ہے کہ زندگی کے میدان میں جو قدم جہاں پہ رکھ دیا پھر کسی بھی حال میں پیچھے نہ ہٹے اگرچہ ٹوٹے ٹوٹے ہو جائے۔

خرقہ و احرام ایک ہی سند کے دو نام ہیں۔ ایک بار پہن کر پھر نہیں اتارا جاتا۔ کبھی اتارا نہیں جاتا اگرچہ دوزخ میں ہو۔ زندگی کے میدان میں جدوجہد امکانی

اور ہار جیت غیر امکانی ہے یعنی ہار جیت انسانی بس میں نہیں اللہ کے بس میں ہے۔ مرد میدان میں ہار سکتے ہیں، میدان سے بھاگا نہیں کرتے۔ مردوں کا میدان میں کٹ جانا مردوں کی اصل جیت ہے۔ مرد جس علم کو ایک بار بلند کر دیتے ہیں پھر جب تک جان میں جان باقی رہتی ہے اسے کبھی گرنے نہیں دیتے۔

حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کی اولاد کی ساری داستان اس حقیقت کی شاہد ہے کہ ہر مرد نے ہر میدان میں اپنے خون سے استقامت کو سینچا۔

استقامت سلوک کی منزل کا حاصل

استقامت سلوک کی منزل کا عمود

استقامت فوق الکرامت

استقامت نفس کی مخالفت

استقامت روح کی موافقت

استقامت بازار دنیا کی نایاب جنس

استقامت عزم الامور کا مفہوم

استقامت رب العالمین کا فرمان

استقامت رحمتہ للعالمین ﷺ کا ارشاد

استقامت میدان کی پکار.....اور

استقامت ہی عمل کا واحد مطالبہ ہے۔ وما علینا الا البلاغ

وہ بھی کیا دن تھے میکدے میں چہل پہل تھی۔ رونق تھی اور بہار۔ مے کی مہک چاروں طرف زندگی کا پیغام بکھیرتی۔ رندوں کے ٹھٹھ کے ٹھٹھ لگ جاتے۔ تل دھرنے کی جگہ

نہ ملتی۔ جام پہ جام لنڈھائے جاتے۔ ساقی کی مستی اور رندوں کا رنگ قابل داد و دید ہوتا۔ ان کے مستانہ نعروں سے میکدے کے در و دیوار تو کجا فضائے عالم گونج اٹھتی۔

ان رندوں کی دنیا، کیا بتاؤں، اے جان من! کیسی تھی؟

اپنی دھن میں مست، اپنی لگن میں مگن، نشے میں مخمور۔ نہ کسی سے مرعوب نہ کسی کی طرف راغب۔ کسی کو کسی خاطر میں نہ لاتے۔ دنیا کی کوئی چیز ان کی نظروں میں کوئی وقعت نہ رکھتی۔ شجاعت کا مجسمہ، غیرت کے پیکر۔ ذرا سی بات پہ بگڑ جاتے، مرنے مارنے پر تل جاتے۔ جدھر جاتے ہل چل مچا دیتے۔ جہاں اڑ جاتے، اڑ جاتے۔ کٹ جاتے مگر ہٹنے کا نام نہ لیتے۔

جب کسی کام کا ارادہ کر لیتے، کر کے رہتے۔

جب کرنے پہ تل جاتے، بس کر ہی دیتے۔ کسی مخالفت کی پروا نہ کرتے۔ ایک اکیلا سینکڑوں پہ بھاری ہوتا۔ کوئی ان کی نگاہوں کے جلال کی تاب نہ لا سکتا۔

میدان کی پکار سنتے ہی میدان میں کود پڑتا۔ کوئی کام، کسی بھی قسم کا کوئی مسئلہ یا مصروفیت اسے کبھی روک نہ سکتی۔ کسی اسباب کا پابند نہ ہوتا۔ جس بھی حال میں ہوتا، حاضر ہو جاتا۔ کروبین مردانگی کے جوہر کی داد دیتے۔ عش عش کرتے۔ کسی کثرت کو کسی خاطر میں مطلق نہ لاتا۔ محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک کو سر کی ٹوپی کا حرز بنا کر چٹان سے ٹکرا جاتا۔ پاش پاش کر دیتا۔ اگر کسی مقام پر بے بس ہو کر نعرہ مارتا، خدا کی قسم، ساری خدائی کو میدان میں پاتا۔

جو بات ایک بار کر دیتا، اس پہ ثابت قدم رہتا۔ کبھی منحرف نہ ہوتا۔ اپنے قول کو ہمیشہ زندہ اور قائم رکھتا۔ اسی کو اصطلاح میں استقامت اور اسے ہی اے ہمنشیں! مردانگی کا جوہر کہتے ہیں۔

اگر تیری دنیا میں تیرے ان رندوں کے کردار کے عزم کا عَلَم بلند نہ ہوتا تو تیرے کسی بازار میں کوئی رونق نہ ہوتی۔ سنسان ہوتے، ویران ہوتے۔ نہ گل ہوتے نہ بلبل۔

میرے مولائے کریم رؤف الرحیم روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک ہی تو یہ تمنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے نوجوان کردار کی مستی میں مدہوش ہوں اور یہ مدہوشی عارضی نہ ہو سرمدی ہو اور یہی مدہوشی ملتِ مصطفویہ کی آبرو ہے۔

حیات کا ذوق اور موت کا خوف انسانی زندگی کے دو محور ہیں اور ہر کوئی انہی کے گرد گھوما کرتا ہے۔

ہستی جب کردار کی مستی سے مست ہوئی الست ہوئی اور ورلست ہوئی۔ حیات و ممات کے ذوق و خوف سے مستغنی و بے نیاز ہوئی اور یہ انسانی زندگی کا بلند ترین مقام ہے۔ ماشاء اللہ! اے ہم نشیں، اے میری جان! تجھے کون سمجھائے، کیا سمجھائے اور کیسے سمجھائے، تیرے کردار کی مستی ملت کی امتیازی شان اور یہی مستی ملت مصطفائی صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے۔

کردار کی مستی میں عزم بالجزم کا پہلا نمبر ہے۔ جس کردار میں عزم جلوہ گر نہیں ہوتا کسی منزل پہ نہیں پہنچتا، کوئی رنگ نہیں لاتا اور نہ ہی کوئی گل کھلاتا ہے۔

مرد جب کسی بھی کام کا عزم کر لیتے ہیں کمر کس لیتے ہیں اور جب تک وہ کام پورا نہ کر لیں کبھی کمر نہیں کھولتے۔ حضرت سیدنا آدم کی اولاد کی ساری داستان عزم بالجزم ہی کی داستان ہے۔

مردوں کے عزم اور اللہ کے کُنْ میں کوئی دوری نہیں، بالکل نہیں۔ عزم اور کُنْ

میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔عزم اور کُنْ دونوں میں اللہ کا امر جلوہ گر ہوتا ہے۔ازل تا ابد بندے کے عزم کا اللہ کے کُنْ نے استقبال کیا۔ہر عزم کا استقبال کیا۔گرم جوشی سے کیا۔ اور کسی بھی میدان میں عزم کے علم کو کبھی گرنے نہیں دیا۔عزم کی تحسین کی، داد دی اور پایۂ تکمیل کو پہنچایا۔

مومن کا عزم کن فیکون کے مقام پہ قائم ہوتا ہے۔

مومن کا عزم اگر کن فیکون کے مترادف نہیں، کامل نہیں۔

آبدار تو ہے تابدار نہیں۔دَم دار تو ہے خم دار نہیں۔

تیرے عزم کی لغت کسی بھی لغت سے کمتر نہ ہو۔

بہترین ہو، جامع ترین ہو، اعلیٰ ترین ہو۔

اعلیٰ سے اعلیٰ بھی اس کے پایہ کو نہ پہنچ سکے اور عزم کی دنیا میں ایک قابلِ رشک نمونہ ہو ماشاءاللہ۔

تیرا عزم نوک دار ہو اور خم دار۔

عزم کا تذکرہ اللہ کو بے حد پسند۔ہر تذکرہ سے فقید المثال۔تذکروں کی دنیا میں سرفہرست۔اور ہر تذکرے کو مات کر دیتا ہے۔

عزم جب حق و باطل کے میدان میں مظہر العجائب کا نمونہ بن کر اپنے کرتب کا مظاہرہ کرنے لگتا ہے، کائنات کو متحیر کر دیتا ہے۔مخالفین تک داد دینے لگتے ہیں اور کروبیاں انگشت بدنداں۔

عـــزم اللہ کا وہ امر ہے جو کبھی نہیں ٹلتا۔اللہ نے عزم کو کبھی ہرنے نہ دیا۔عزم کی زندگی فوق الوریٰ۔عزم قوی العزیز۔خصلت کے نمونے کا دلدادہ۔بندہ نہیں، اللہ عزم کی

تلاش میں رہتا ہے۔عزم کا کوئی نمونہ پیش کرنے سعادت حاصل کر۔ بندہ عزم کو اپنا کر ہی بندہ کہلایا۔

عزم کا تذکرہ اللہ کا تذکرہ ہے اور اللہ اسے کبھی معدوم ہونے نہیں دیتا۔ حیات جاوداں سے مشرف فرما کر زندوں کی طرح زندگی سے سرفراز فرمایا کرتا ہے۔ ہزارہا سال گزر چکے، گزریں، عزم کا تذکرہ من وعن جوں کا توں۔

عزم بالجزم اللہ کا وہ کلام ہوتا ہے جو کبھی نہیں مرتا، کبھی نہیں ٹلتا۔ازل تا ابد پوری آب وتاب سے زندہ رہتا ہے۔اور یہ ازل ہی کے فیصلے ہوتے ہیں جو کبھی نہیں بدلتے۔ داستان بن کر ہر آنے والی نسل کے لئے رہنمائی کے وارث بھی ہوتے ہیں اور رہنما بھی۔

مومن کا عزم کن فیکون

عزائم کی ضرب آلات حرب پہ حاوی

خصلت اخلاص کا جوہر

خصلت ہر کثرت پہ غالب اور

خصلت ہی کی بنا پہ انسان کو انسان پہ فوقیت ہوتی ہے۔

تاریخ آدم اور تاریخ اسلام کی تمام ناقابل فراموش داستانیں استقامت ہی کی داستانیں ہیں اور استقامت نبوت کی اعلیٰ ترین خصلت ہے۔جو داستان خصائل نبوت سے سیراب نہیں، وہ بھی کوئی داستان ہے!داستانوں کی دنیا میں کوئی مقام نہیں رکھتی۔دیو پری کی داستان سے زیادہ کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔لذت سے بھرپور مگر بے نور۔

استقامت چیست؟

کسی امر پہ چٹان کی طرح ڈٹ جانا

بادمخالف کے کسی جھونکے کو خاطر میں نہ لانا

کچھ بچے نہ بچے، کچھ رہے نہ رہے، ہر شے لٹ جائے

مگر قدم پیچھے نہ ہٹے۔ اور یہ عزم الامور میں سے ہے، بچوں کا کھیل نہیں۔

بڑے بڑے نامی گرامی شہ زور.....اس اکھاڑے میں اترے مگر عزم واستقامت کے معیار پہ پورے نہ اترے۔ اس راہ کی پر پیچ وادیوں میں گھبرا کر یوں بھاگ نکلے کہ آج تک نام ونشان نہ ملا۔

اے جان من! تو کیا جانے عزم کیا ہے۔

عزم مردانگی کا جوہر، میدان کی آبرو اور مردان حق کا غیر فانی نشان ہے۔

تاریخ شاہد ہے تقدیر نے عزم کی موافقت کی۔ ہر عزم کی موافقت کی۔

مومن نے قدر کی اور قدر نے عزم کی موافقت کی۔ عزم کا مقام نہ فہم وادراک میں آسکتا ہے نہ سما سکتا ہے۔ اور نہ ہی کوئی عزم کے اس مقام کو جھٹلا سکتا ہے۔ تقدیر نے جب دیکھا وہ ٹلنے کا نہیں، خود ہی بدل گئی۔

عزم اپنے مقام پہ ہمیشہ ڈٹا رہا۔ بال بھر جنبش نہ کھائی۔ یہاں تک کہ تقدیر نے عزم کے استقلال کو خراج تحسین پیش کیا۔ جب بھی دیکھا کہ وہ بدلنے کا نہیں اور کوئی بھی اسے بدل نہیں سکتا، عزم بالجزم کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مسکرائی اور خود بدل گئی۔

یہ تھی تیرے آبا کی داستان جس کی بدولت وہ دنیا میں مکرم اور قیامت تک کیلئے زندہ ہیں۔

عزم جب بھی نکلا

اللہ ہی کی حمایت میں نکلا

تن تنہا نکلا

بے سروسامان نکلا

حسبنا اللہ کومان کر نکلا

نعم الوکیل کوجان کر نکلا

اور اللہ نے بھی عزم کی حمایت کی، پوری حمایت کی، حمایت کی حد کردی، ماشاءاللہ!

خودی جب بے خود ہو کر ساحل سے بحر میں کودتی ہے تلاطم برپا کر دیتی ہے۔ پھر کسی بھی شے کو بچا کر نہیں رکھتی۔ اپنی جان کو بھی نہیں۔ زندگی کو داؤ پر لگا دیتی ہے۔

کشتی کی تدبیر ایک حیلہ ہے، عزم ہر شے کو بالائے طاق رکھ کر توکلت علی اللہ بیڑے ٹھیل دیتا ہے اور تقدیر نے کبھی اسے نہیں ڈبویا، ہر حال میں عزم کی لاج رکھی۔

عزم اللہ کی قوت ہے اللہ کی قوت کے سامنے ہر قوت ہیچ ہے۔

عزم اللہ کی عزت ہے اور اللہ اسے کسی بھی حال میں گرنے نہیں دیتا۔

عزم اللہ کی قدرت ہے تقدیر بن کر عازم پر چھا جاتا ہے۔

عزم

چودہ صدیاں گزریں۔ ایک نوجوان نے دریائے یرموک کے کنارے پیشانی پر تاریخ ساز شکن ڈالتے ہوئے قبضہ شمشیر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا کہ!

''سمندر میری تلوار کے آگے بے حقیقت حباب، پہاڑ بے کس تنکے کی مانند، دریا ایک کھائی کی طرح اور میری تلوار کے سامنے کوئی نہ ٹھہر سکے گا''

ہاتف غیبی نے تائید کی کہ ''تو نے سچ کہا''

عمل

اور پھر

یرموک کے اس پار

بہادر بادلوں کی طرح گرجے

تلواریں بجلی کی طرح چمکیں

تیر بارش کی طرح برسے

اور

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے قیصر روم کی قوت کو خاک میں ملا دیا۔ ماشاء اللہ!

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ

اے اللہ کی تلوار!

یرموک کے دریا کی لہریں تیری جرأت کو سلام کہتی ہیں، اللہ اللہ، ماشاء اللہ!

ایک دن میں نو تلواریں ٹوٹ کر کفر پہ گریں اور ہاتف نے کہا: مرحبا!

تو توحید کے نشے میں مدہوش تھا، کسی کثرت کو کبھی خاطر میں نہ لاتا۔ تن تنہا کفر پہ گرجتا اور کشتوں کے پشتے لگا دیتا۔ موئے مبارک ہی تیرا حرز جاں ہوتا۔ جب ہر منصب سے بے نیاز ہو کر میدان میں گرجتا، اللہ اللہ، میدان کانپ اٹھتا۔

ملت کی آبرو کی وفا تیرے عزم کو سلام کہتی ہے۔

یہ تھے داستانِ ملت کے زریں اوراق.....نہ کہ یہ

تاریخ عالم

سیف اللہ کا سا مجاہد، سپہ سالار اور مبلغ

پھر سے پیدا نہ کر سکی

ایک سو جنگیں لڑیں

کسی میں بھی شکست نہ کھائی

تلوار کے ایک ہزار زخم کھائے

موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مسکرائے

دنیا کے دو بڑے براعظموں میں اسلامی پرچم لہرائے۔ ماشاء اللہ

اسلامی نظم وضبط:

تیری رضا کے صدقے

تیری وفا کے قربان

خلیفہ وقت سے معزولی کا پروانہ ملتا ہے

دنیا کا عظیم ترین سپہ سالار

تسلیم ورضا کا پیکر بن کر

گردن جھکائے، ادب و نیاز سے ٹوپی اتار دیتا ہے اور معمولی سپاہی کی حیثیت سے دادِ شجاعت دیتا ہے۔ جاہ وحشمت اور منصب ومراتب کی مطلق پرواہ نہیں۔

میں تیری شجاعت بھری اداؤں کو نیاز مندانہ ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں۔

(ابوانیس محمد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ)

o

عزم واستقامت حیات الدنیا کے دو گوہر ہیں۔اللہ تبارک وتعالیٰ جب بھی کسی سے کوئی کام لینا چاہتے ہیں اسے عزم عطا فرما کر استقامت بخشتے ہیں۔ورنہ کوئی بندہ اپنے آپ نہ کسی عزم پہ قدرت رکھتا ہے نہ ہی استقامت پر۔

عزم و استقامت کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ جتنا بلند عزم اتنی ہی قوی استقامت۔

عزم کے ساتھ اگر استقامت نہ ہو تو کسی بھی میدان میں کبھی جیت نہیں سکتا۔

عزم قلبوت، استقامت روح رواں۔

نظام قدرت عزم واستقامت ہی سے رواں دواں۔یہی تاریخ اور یہی آدمیت و انسانیت و بشریت کی جدوجہد کی داستان ہے جو قیامت تک کے لئے زندۂ جاوید ہے، کسی بھی زمانے میں کبھی نہیں مٹتی! ماشاءاللہ!

عزم واستقامت کی بے مثل مثال جو کربلا کے میدان میں پیش ہوئی، دنیا کی کسی بھی تاریخ میں نہیں ملتی۔ماشاءاللہ!

دریائے فرات کے کنارے عزم کے دونوں بازو کٹ گئے، استقامت پانی کی مشک کو منہ میں پکڑے جا رہی ہے اللہ اللہ! ادھر تپتی ریت پہ عزم کا سر تن سے جدا ہے اور تن زخموں سے چُور زمین پہ تڑپ رہا ہے، سر نیزے کی انی پہ بلند ہے.....استقامت قرآن کریم کی تلاوت کر رہی ہے۔

یہ وہ حد ہے جسے کسی ماں کے لال نے کبھی مات نہ کیا اور نہ رہتی دنیا تک کبھی مات کر سکے گا۔

خصائل نبوت کی ہر خصلت جہاں کہیں بھی ہو، اللہ اللہ، ماشاء اللہ، دھوم مچا دیتی ہے۔

خصائل نبوت کے ظل میں کن کناں کا ظہور ہوتا ہے۔اور کن کناں کسے کہتے ہیں؟

کمالات نبوت.....گونا گوں

کمالات نبوت کے خصائل جب میدان میں آتے ہیں، بڑے جوبن سے اترا کرتے ہیں۔دنیا بھر کے جنات وشیاطین متحد ہو کر باطل کرنے کے لئے جری لشکر سمیت صف آرا ہوتے ہیں۔عزم بالجزم ان سب کو ہرا کر بازی لے جاتا ہے۔

کمالات نبوت کی کوئی بھی خصلت جب میدان میں آتی ہے، ھادی ومھدی ساتھ ہوتے ہیں اور استقبال ہوتا ہے۔

خصلت کے نزول پہ حمایت ومخالفت کے لئے ملائکہ وشیاطین حاضر وموجود رہتے ہیں۔یہی حق وباطل کی جنگ ہوتی ہے۔جب تک ایک دوسرے کو ہرا نہیں لیتے، جاری رہتی ہے۔ملائکہ حمایت کرتے ہیں، شیاطین مخالفت۔

دنیا میں دنیا میلہ دیکھنے جاتی ہے۔عزم واستقامت کا میدان آسمان والوں کے دیکھنے کا میلہ ہے، کروبین کے دیکھنے کا میلہ۔

آسمان والوں نے کیا کچھ نہیں دیکھا؟

خلیل اللہ علیہ السلام کو آتش نمرود میں پھینکتے دیکھا

ذبیح اللہ علیہ السلام کے حلقوم پہ باپ کو چھری چلاتے دیکھا

زکریا علیہ السلام کو آرے سے چرتے دیکھا

ایوب علیہ السلام کو آلام میں مبتلا دیکھا

یونس علیہ السلام کو شکم ماہی میں محبوس دیکھا

یوسف علیہ السلام کو بازار مصر میں نیلام ہوتے دیکھا۔

اور جو کچھ کربلا کے میدان میں دیکھا وہ کبھی کسی نے کسی میدان میں نہ دیکھا۔

شہزادہ کونین رضی اللہ عنہ کا سرِ اقدس بالائے سنان دیکھا۔ تاریخ مات کردی۔

اب بتلا کوئی کیا کچھ پیش کرتا جائے۔

شاہ شمسؒ کی کھال ادھیڑنا اور منصورؒ کو سولی پہ کھینچنا عزم واستقلال ہی کے مناظر کی داستانیں ہیں۔

عزم واستقامت کا تذکرہ بزم کونین کی تاریخ کا زریں باب ہے اور اسی سے بزمِ ہستی میں کیف ہے۔ کئی ایک باتوں کا ابھی کسی میدان میں مظاہرہ نہیں ہوا۔ اگر سب باتیں ہوچکی ہوتیں، دنیا کے قیام کا کیا جواز رہتا۔ دنیا قائم ہی اس لئے ہے کہ عزم و استقامت کی پیشانی ابھی کئی عنوانات کی محتاج ہے۔ بہت سی باتیں ابھی تک میدان عمل میں پیش نہیں ہوئیں۔ تاریخ ان کی مدت سے اور شدت سے منتظر ہے۔ جب تک یہ دنیا قائم ہے، کردار کی داستانوں کا مظاہرہ جاری رہے گا حتی کہ قیامت برپا ہو۔

عرش کریم کی نوری مخلوق کو خاکی مخلوق کے جوہر کی نمائش کے لئے جب کوئی اکھاڑا جمتا، اللہ اللہ، کروبین کو دنگ کردیتا۔ داد پر مجبور کردیتا۔ ماسوا سے بے نیاز ہوکر اللہ اکبر کا نعرہ لگا کر جب میدان میں اترتا رن کانپ اٹھتا۔ نامور جنگجو انگشت بدنداں رہ جاتے۔ میدان جب گرم ہوجاتا، تماشائیوں کے دل سینوں میں دہلنے لگتے۔ لرزہ طاری ہوجاتا۔ پسینہ پسینہ ہوجاتے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کو اپنے ساتھ پاکر ارض وسما کی کسی بھی طاقت کو کبھی خاطر میں نہ لاتا۔ بے بس و بے کس سمجھتا۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَعَزُّ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ کی حرز پہن کر پہاڑ سے ٹکرا جاتا، چٹان کو ہلا دیتا۔

اللہ اللہ، وہ تھے تیری زندگی کے دن جو آج تک اسی آب و تاب سے تذکرۂ یزداں کا درخشاں باب بنے ہوئے ہیں۔ کسی بھی قوم کو ابھی تک نہیں بھولے اور تو؟ آپس میں دست و گریباں۔

الف کہتا ہے میں بڑا ہوں ب کہتی ہے میں
ج کہتا ہے میرا کوئی ہمسر نہیں د کہتا ہے میرا

تیرے ان دعوؤں سے گیدڑ تو شرمائے، پر تو نے اپنا حال جوں کا توں ہی رکھا۔ کیا ابھی تک تیرے بدلنے کا وقت نہیں آیا؟

تیری زندگی اے او نوجوان مسلم! انمول گوہر تھی، گھٹے میں رول دی
لعل جیسی تھی، تماشہ بن گئی
نمونہ بن کر آئی تھی، تختہ مشق بنا دی

کیسے کیسے منکے اس لڑی میں پروئے گئے!

اوئے گھسیارے! تیرے پاس تیرے ابو کی کوئی بھی نشانی نہیں، سب کی سب گم کر دیں! تجھ سے بڑھ کر بھی کوئی خسارہ ہوگا؟ اور تیرا ابو جس بھی میدان میں اترا، جھنڈے گاڑ دیئے۔

تیرے وہ پُر اسرار بندے جو تیری دنیا میں مسافروں کی طرح رہتے، مردوں کی طرح جیتے اور مردوں کی طرح مرتے، جن کی نظروں میں تیری دنیا کی کوئی بھی شے اور کوئی بھی منصب مطلق نہ جچتا آج کہیں نظر نہیں آتے۔ نہ معلوم کدھر چھپ گئے۔ ان کے بغیر بزم کونین میں کوئی رونق نہیں۔

ان کا عزم بالجزم ہوتا۔ کبھی نہ بدلتا اگر چہ دنیا بدل جاتی۔ بے شک وہ تھے پورے کے پورے اسلام میں داخل۔ جس بھی میدان میں اترتے سکے جما دیتے۔ تیرے سوا تیری قسم! کوئی بھی شے نہ رکھتے اور تو اے کون و مکاں کے خالق و مالک، والی و وارث! ان کے لئے کافی ہوتا وافی ہوتا۔ تیری غیرت ان گرد و غبار میں لپٹے ہوؤں کے عزم کی داد دیتی اور گوارا نہ کرتی کہ ناکام پھریں۔ جس بھی میدان میں وہ تہی دست تیری رحمت کو پکارتے رحمت نازل ہوتی اور ضرور ہوتی۔ آج یہ فریادیں، یہ درد و کرب کی آہیں، یہ نالے یہ سسکیاں جو کبھی کن فیکون کے مقام کی امین ہوتیں، کیوں قبول نہیں ہوتیں؟

احرام تیری زینت تھی جو گم ہو گئی

طریقت کا جب احرام باندھ لیتے کون و مکاں کی ہر شے سے مستغنی و دست بردار ہو جاتے۔ جیتے.....مگر اللہ کے لئے.....اللہ اللہ!

پیشوائے طرقِ طریقت کے طریق کا سلوک معیار: اللہ اللہ ماشاء اللہ، اصحابِ صُفّہ کے ظل کا ایک ظل ہوتا ماشاءاللہ۔

جو پیراہن پہن کر وہ اس وادی میں داخل ہوتا آخر دم تک کبھی نہ بدلتا وہی گُلّی، وہی جُلّی، وہی گُلّی۔

تـــــرک ان کی ایک امتیازی شان ہوتا اور وہ کسی بھی قیمت پہ کبھی اس شان کو گرنے نہ دیتے۔

مبصّر نے اوصاف حمیدہ کی لغت کے ورق ورق پلٹے

اوڑک اس صفت پہ قلم رکا کہ کائنات کی جمیع صفات کی اُمّ ترک ہے۔

ہر صفت اسی کی مرہون منّت

ثابت قدم رہے تو یہی ہر صفت کا منبع اور

ترک کے ستّر ہزار ابواب ہیں

استقامت نے کہا مرحبا

حکمت نے اس کو مان لیا۔

آج کچھ نہیں تو کیا کبھی بھی کچھ نہ تھے؟ راج کمار کے قول اور راجے کے ترک کو ہم ہی نے مات کیا تھا۔

راجہ ہریش چندر کا ترک نامی گرامی تھا۔ فقر الی اللہ نے ہر دور میں اس کو مات کیا۔ ترک کے بلند ترین مقام کو کبھی گرنے نہیں دیا۔ ترک میں بادشاہ و فقیر کی تمیز نہیں ہوتی، ہر دو پہ یکساں ہوتا ہے۔

حضرت آدمؑ کی اولاد نے فقر الی اللہ کی تعظیم کو ہمیشہ قائم رکھا ماشاء اللہ۔ شیکسپیر نے بھی فقر کے ترک کے کئی ایک نمونے پیش کرنے کی جسارت کی لیکن ہریش چندر کو مات نہ کر سکا۔ تاریخ نے اس کو تسلیم کیا۔ ماشاءاللہ۔

بھنگی کا کیا کھانا ہوتا ہوگا؟ تین ہزار برس سے بھی پہلے کی بات ہے کہ راجہ ہریش چندر نے شب و روز کھایا، اف تک نہ کی۔

ایسے ہزاروں راجے بنے اور مٹے..... یہ تذکرہ کسی راجے کا نہیں، کسی خصلت کے کردار کے عملی نمونے کا تذکرہ ہے جو رہتی دنیا تک زندہ رہے گا ماشاءاللہ۔

کوئی کرتب دکھلا۔ کسی خصلت کا نمونہ پیش کر۔ خیال کی تائید صرف ہم خیال کرتے ہیں جب کہ کرتب و خصلت کی تائید ہر کوئی کرتا ہے اگرچہ دشمن ہو۔

تم میں ہر شے ہے عزم نہیں
اتحاد نہیں

ان کے بغیر ہر شے لاحاصل۔

جو خصلت اقوام عالم کے لئے نمونہ اور برتری کا موجب تھی، اب تم میں نہیں۔

اندر بیٹھے پانی کو رڑکے جا رہے ہو، اس سے کیا حاصل ہوگا؟ کچھ بھی نہیں مگر.....تھکن اور حزن!

اے میرے نوجوان! اب تیرے پاس باتوں کے سوا کچھ بھی نہیں۔ باتیں.....وہ بھی تیری اپنی نہیں، کسی کی نقول۔ تیری اپنی زندگی میں کوئی چاشنی نہیں۔ تیرے فکر میں کوئی روشنی نہیں

بحر ہے.....نہ روانی نہ طغیانی، نہ جوش باقی نہ خروش، خرد نہ ہوش،

تیری زندگی ساری خدائی کو زندگی کا پیغام اور مژدۂ جانفزا سنایا کرتی تھی، مرجھا گئی۔ تیری قندیل بجھ گئی۔ اور تجھے احساس تک نہیں!!

تیری منزل ایک دوسرے کو ایک دوسرے سے گرانا، دین کی آڑ میں دنیا کمانا، ملی اتحاد کو پارہ پارہ کرنا اور ایسی ایسی باتیں اور من گھڑت مسائل جو آج تک کسی کے فہم و گمان میں بھی نہ تھے، منصۂ شہود پر لانا اور گرمانا ہے، پھر کس بل بوتے پہ کسی کامیابی کی کیا امید؟

جن کی نقلیں کرتے ہو، ان کی ایک بھی بات تم میں نہیں۔

کان.....صوت سرمدی کے سرور سے مسرور

ناک.....دم کی زندگی کا پاسبان و ہوشیار

من کی محویت.....وریٰ الوریٰ اور

تن.....سر بسجدہ

یہ تھا ہماری زندگی کا منشور!

خطابات والقابات نے ہمارا خانہ طریقت برباد کر دیا! ہماری سج دھج پہ وہ تو شرمائے، ہمیں کبھی شرم نہ آئی۔

اے جان من! ہم راستباز نہیں، آخر یہ سب کیوں؟

اسے لئے کہ ہماری روزی طیب نہیں، مشکوک ہے۔

آج سب قوتِ حیدریؓ کی رٹ لگاتے پھرتے ہیں۔ قوت حیدریؓ کا دارومدار اکل حلال پہ موقوف ہے۔ جب تک کسی کا کھانا طیب نہیں ہوتا اور کمائی کر کے نہیں کھایا جاتا، کسی میں کوئی قوت کبھی پیدا نہیں ہو سکتی اور نہ ہی کوئی جدوجہد کسی بھی منزل پہ پہنچ سکتی ہے۔

روزی انسانیت کی عمارت کی بنیاد ہے اور عمارت بنیاد پہ ہی کھڑی ہوتی ہے۔

ایک آدمی اپنے بال بچوں کے لئے طیب روزی کی تلاش میں سات سمندر پار گیا۔ اس نے ناجائز طریقہ سے ایک پیسہ تک نہ لیا۔ کوئی مشکوک لقمہ کبھی نہ کھایا۔ برسوں اپنی بیوی سے دور رہا اور یہ اس کا بہترین اور مقبول الاسلام چلہ تھا۔ اللہ نے اسے اور اس کی اولاد کو ہدایت بخشی، حیا بخشی، کام بخشا اور استقلال بخشا۔

حلال روزی کھا کر پلے ہوئے بچے نہایت ذہین، تابعدار، راست باز اور راسخ الاعتقاد ہوتے ہیں۔ برائی و بے حیائی کا کوئی کام کبھی نہیں کرتے۔ آدمیت کے مقام پہ چٹان کی سی استقامت رکھتے ہیں، کبھی جنبش نہیں کرتے۔

ایک دوست نے کہا میرے باپ نے مجھ کو اپنے ہاتھوں کی کمائی سے روزی کھلائی ہے اور میں نے ساری عمر اپنے والدین کی موجودگی میں اپنی بیوی کی طرف نہیں دیکھا، کسی

بچے کو کبھی گود میں نہیں لیا، اپنی بیوی کے ہمراہ کبھی نہیں چلا اور یہ حیا پاک روزی ہی کی برکت سے تھی جو میرے باپ نے مجھے کھلائی۔

باز کی بلندی اور کوے کی پستی قد وقامت کی بدولت نہیں، رزق کی بدولت ہے۔ کوے اور باز کے قد وقامت میں کوئی خاص فرق نہیں ہوتا، کھانے کا ہوتا ہے۔ باز بھوکا مرجائے گا لیکن تازہ گوشت اور خون کے سوا کوئی اور شے کبھی نہ کھائے گا۔ باز کی پرواز وتجسس اس کھانے ہی کی قوت و برکت سے ہے۔ کوا کسی روزی کا پابند نہیں۔ گوشت بھی کھاتا ہے گندگی بھی۔ باز کی طرح ایک بار کھا کر سیر نہیں ہوتا۔ سارا دن ٹھونگیں مارتا رہتا ہے۔ کسی بھی شے کو نہیں چھوڑتا لیکن پھر بھی سیر نہیں ہوتا اور باز ایک بار کھا کر سارا دن مست رہتا ہے۔ جب تک دوبارہ بھوک نہیں لگتی، کسی سوکھے ہوئے درخت کی شاخ پہ بیٹھا اپنے خالق کی تسبیح وتحمید میں مصروف رہتا ہے۔ باز اہل جہاں کو زبانِ حال سے رزق کی برکات و رفعات کا درس دیا کرتا ہے۔

عزت نفس اور رفعتِ منزل۔

رفعت منزل رزق ہی کے معیار پہ موقوف ہوتی ہے۔

اللہ ہمیں طیب رزق عنایت فرمائے آمین۔

اللہ ہمیں طیب رزق نصیب کرے۔ یہ روزی طیب نہیں مشکوک ہے، اسے کھا کر قومی، ملی اور تعمیری کام نہیں ہوسکتے اور تمام فتنات وفسادات روزی ہی کی شامت ہوتے ہیں۔

عقاب وشاہین پاک روزی ہی کی قوت سے پہاڑوں کی چوٹیوں کو سر کیا کرتے ہیں۔

ہماری دینی درسگاہیں زکوۃ وخیرات وصدقات پہ چلتی ہیں ورنہ رومیؒ کے بعد رومیؒ اور جامیؒ کے بعد جامیؒ ضرور آتے۔

یہ روزی تیرے دسترخوان کے معیار کے مطابق نہیں، اسے مت کھا۔ یہ تیری بنیادیں ہلادے گی۔

بندے کے افعال واقوال کھانے ہی کی پیداوار ہوتے ہیں۔

جس معیار کا کھانا ہوگا، اسی معیار کا کردار۔

جب تک تین چیزیں حاصل نہیں ہوتیں، آدمیت وانسانیت وبشریت تشنۂ تکمیل رہتی ہے

☆ نفع دینے والا علم

☆ مقبول عمل

☆ طیب رزق

یہ نشان سامنے رکھ

۱۔ کیا یہ علم جو میں حاصل کر رہا ہوں، نافع ہے؟

۲۔ کیا یہ عمل جسے کہ میں شروع کر رہا ہوں، مقبولیت کے معیار کے مطابق ہے؟

۳۔ کیا یہ روزی جسے کہ میں کھا رہا ہوں، طیب ہے؟

روزی جب تک پاک رہی اقوال و افعال پاک رہے، خیالات پاک رہے برکت رہی، سطوت رہی، آدمیت کا احترام رہا، اکرام رہا۔ رزق جب مشکوک ہوا، جائز و ناجائز کی تمیز اٹھی، ہر شے رخصت ہوئی۔

تیری زندگی کی سب سے بڑی خواہش مال واقبال ہے۔ کسی نہ کسی روپ میں

ساری کی ساری دنیا مال واقبال ہی کی کثرت میں مبتلا ہے۔

آج تجھے یہ نہ بتائیں کہ تیرے دین کا سب سے بڑا فتنہ کیا ہے؟ مال کا ذخیرہ۔

انسان کثرت ہی کے جنون میں مبتلا ہے۔ ہائے کثرت، ہائے کثرت، ہائے کثرت، ہائے کثرت۔ ضرورت پہ اکتفا کر۔ کثرت کوئی چیز نہیں۔ کثرت کی بہتات، فتنہ ہے۔ کھانا پینا پہننا آج کے لئے ہے، کل کی روزی کل ملے گی۔

بڑے میاں! اللہ کے بندوں کے پاس ذخیرے نہیں ہوتے، فارغ البال ہوتے ہیں۔ ماشاءاللہ۔

اسلام نے ذخیرہ اندوزی کو کسی بھی دور میں کبھی پسند نہیں کیا۔ مال ہو یا منال ہمیشہ ضرورت ہی پہ اکتفا کیا۔ یہی اس کی ازلی تاریخ ہے اور ہر دور کے مورخ نے اس کی تصدیق وتائید کی۔

o حضرت کعب بن عیاض رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے ہر قوم اور ہر امت کے لئے ایک فتنہ ہے (یعنی ہر قوم اللہ کی طرف سے کسی چیز کے فتنہ میں ڈال کر آزمائی جاتی ہے) اور میری امت کا فتنہ (یعنی اللہ کی طرف سے آزمائش) مال ہے

(ترمذیؒ)

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے مال کو اپنی امت کا فتنہ قرار دیا ہے

آج اس میں

میں بھی مبتلا ہوں، تو بھی

یہ بھی اور وہ بھی

یہ امت جب تک اس فتنہ سے پاک رہی دین کا بول بالا رہا۔ بحر و بر پہ سیادت رہی، انس و جان پہ قیادت رہی، غیروں پہ ہیبت رہی، ملی وقار پہ تمکنت رہی۔ اور جب اس فتنہ میں مبتلا ہوئی، ہر شے رخصت ہوئی۔

سلف صالحین کی دعوت و تبلیغ: خلق کی فلاح، دین کا احیا، اللہ کی رضا

اور ہماری؟ حصول دنیا، انتشار و تفرقہ، کبر و ریاء

یا شیخ! تو ہی بتا ایسے میں ملی اصلاح و فلاح کیونکر ہو؟

دین کو کمزور اور برباد کرنے والی دو ہی چیزیں ہیں۔

پس پشت عیب جوئی اور مال

جو اِن سے پاک ہوا، بحال ہوا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ۝ الَّذِي جَمَعَ مَالًا وَعَدَّدَهُ ۝ يَحْسَبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ ۝ كَلَّا لَيُنۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝ نَارُ اللَّهِ الْمُوقَدَةُ ۝ الَّتِي تَطَّلِعُ عَلَى الْأَفْئِدَةِ ۝ إِنَّهَا عَلَيْهِم مُّؤْصَدَةٌ ۝ فِي عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝

(سورۃ الھمزۃ آیت ۱ تا ۹)

ترجمہ: بڑی خرابی ہے ہر ایسے شخص کے لئے جو پس پشت عیب نکالنے والا ہو اور رو در رو طعنہ دینے والا ہو۔ جو مال جمع کرتا ہو اور اسے بار بار گنتا ہو۔ وہ خیال کرتا ہے کہ اس کا مال ہمیشہ اس کے پاس رہے گا۔ ہرگز نہیں وہ شخص ایسی آگ میں ڈالا جائے گا جس میں جو کچھ پڑے گا وہ اسے توڑ پھوڑ کر رکھ دے گی۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کچھ معلوم ہے کہ توڑ پھوڑ

کرنے والی آگ کیسی ہے؟ وہ اللہ کی سلگائی ہوئی آگ ہے جو (بدن کو لگتے ہی) دلوں تک پہنچ جائے گی اور ان پر (اس طرح) بند کردی جائے گی (کہ وہ) آگ کے لمبے لمبے ستونوں میں (گھرے ہوں گے)

باتوں سے تو ہم مطمئن نہیں ہو سکتے، کوئی نمونہ دکھا جو پس پشت عیب نکالنے والا نہ ہو، اور رُو در رُو طعنہ دینے والا نہ ہو، اور مال جمع نہ کرتا ہو، اور اسے بار بار گنتا نہ ہو، اور یہ خیال نہ کرتا ہو کہ یہ مال سدا اس کے پاس رہے گا!

مال ہی دنیا کا اصل فتنہ ہے۔ مراتب ایثار پر موقوف ہوتے ہیں، نام ونمود پہ نہیں!

ایثار.....جمع کی ضد

ذخیرہ اندوزی فتنے کا موجب بنتی ہے۔ سیرت صحابہؓ ملاحظہ ہو۔ کل کے لئے ایک کھجور تک جمع نہ رکھتے۔

حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے کل کے لئے کھجوریں جمع کر کے رکھیں۔ میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تو اس سے نہیں ڈرتا کہ اس کا بخار بنے دوزخ کی آگ میں قیامت کے دن؟ بلال رضی اللہ عنہ! اس کو خرچ کردے اور عرشِ عظیم کے مالک سے افلاس وفقر کا خوف نہ کر.....اور ہم ہر شے کے ڈھیر مہینوں بلکہ سالوں کے لئے جمع رکھتے ہیں۔

لاکھوں کروڑوں کا مال چھوڑ گیا۔ مر گیا، وارثوں میں تقسیم پر فتنہ برپا ہوا۔ کیا خوب ہوتا اپنے ہاتھوں سے مستحق مخلوق میں تقسیم کرتا جو آخرت کے لئے زادراہ بنتا۔

ہماری طرح جانوروں کے پاس ذخیرے نہیں ہوتے۔ کوئی جانور کل کے لئے دانہ تک جمع کر کے نہیں رکھتا۔ جو یقین جانور کو اپنے رب کی ربوبیت پر ہے ہم میں سے کسی کو

بھی نہیں۔ اگر جانوروں کی طرح ہم بھی کسی چیز کا ذخیرہ نہ کرتے، ضرورت سے زائد چیز حاجت مندوں میں تقسیم کر دیتے۔ تو توکل کا یہ بلند مرتبہ ہمیں نصیب ہوتا۔ انسانیت کی ذلت ختم ہو جاتی محتاجی مٹ جاتی۔ آدمیت کا بول بالا ہو جاتا۔ امارت وغربت کسی حدود کسی ضابطے کی پابند ہو جاتیں۔ انسانیت زندگی کے کسی بھی موڑ پہ کبھی نہ سسکتی۔

سسکتی مگر ایسے نہ سسکتی۔

سو سالہ قریب المرگ۔ حرص جوں کی توں۔ اس نامراد کو رگڑ اور غبار بنا کر ہوا میں اڑا۔ اگر یہ نہیں کر سکتا تو جو چاہے کر۔ میدان سے بھاگ اور جہاں چاہے رو۔ پر بھول کر بھی کسی ایسے دنگل میں اترنے کا نام تک نہ لے۔

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بدگمانی سے اپنے آپ کو بچاؤ اس لئے کہ بدگمانی بدترین جھوٹی بات ہے اور کسی کا حال یا کوئی خبر معلوم کرنے کی کوشش مت کرو اور کسی کے سودے کو مت بگاڑو۔ آپس میں حسد نہ کرو، آپس میں بغض نہ رکھو، آپس میں غیبت نہ کرو اور اللہ کے سارے (مسلمان) بندے بھائی بن کر رہو۔ اور ایک روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ آپس میں حرص نہ کرو! (بخاریؒ ومسلمؒ)

حرص آدمیت وانسانیت وبشریت کے بلندترین مقام کو پامال کر دیتی ہے۔ آن کی آن میں پامال کر دیتی ہے۔ اس کی دسترس سے کوئی نہیں بچا۔ بچ سکتا ہی نہیں۔ الا باذن اللہ یا حی یا قیوم حق حق حق ھوھوھو

رزق مقسوم حرص مذموم۔

آدمی کو اللہ نے فطرت سعید پہ پیدا فرمایا ہے۔ بچے کو دیکھ! مرغوب سے مرغوب شے کو کھا کر جب سیر ہو جاتا ہے کھیل کود میں لگ جاتا ہے۔ اور اگر کسی اپنے ہم جولی کو دے

دیتا ہے، باغ باغ ہو جاتا ہے۔ گدھ مردار خور ہے وہ بھی سیر ہو کر درخت پہ جا بیٹھتی ہے۔

بڑے میاں! کائنات کی ہر شے قدرت کا بہترین عطیہ ہے۔ بے بدل عنایت۔ اس پہ جتنا بھی شکر کرو کم ہے۔ ہر نعمت کا تقاضا ہے کہ اس کا شکر ادا کیا جائے۔

قناعت میں سیری ہے طلب کثرت میں حرص!

حرص فطری نہیں غیر فطری بھوک ہے جو کبھی ختم نہیں ہوتی۔ کوے کو دیکھ، صبح تا شام پاک و ناپاک جگہ ٹھونگیں مارتا رہتا ہے، کبھی سیر نہیں ہوتا۔ ہر شے کی حد ہے، امارت حرص کی وہ حد ہے جس کی کوئی حد نہیں۔ انسانی امکان سے وریٰ الوریٰ۔ ایک خواہش کی تکمیل ہوئی دو اور جاگ اٹھیں..... دو سے چار..... چار سے آٹھ۔ حرص کا یہ سلسلہ لامتناہی ہے، کبھی ختم نہیں ہوتا۔ کاریں کوٹھیاں، بنگلے، بینک بیلنس، رنگا رنگ سامان تعیش، انواع و اقسام کے پُر تکلف کھانے، خوشنما لباس..... امارت اور امارت کی نمائش ہی کی صورتیں ہیں۔ حرص اندھی ہوتی ہے، امارت کے حصول میں پاک و ناپاک یا خوب و ناخوب کو نہیں دیکھتی۔

ترجمہ: اور جو شخص حرص نفس سے بچا لیا گیا تو ایسے ہی لوگ مراد پانے والے ہیں (الحشر:۹)

دنیائے حرص کے سامری طلسم کو اس نامراد کو میرے آقا و مولیٰ فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیضانِ فیض سے فقراء ہی نے توڑا۔

طریقت کے اس معرکہ کو سر کرنے کا اعزاز صرف اور صرف فقر ہی کو حاصل ہوا، کسی اور کو نہیں۔

فقر کے میدان میں کسی بھی شے کی کوئی حرص باقی نہیں رہتی۔ مطلق نہیں۔ اور نام

کو بھی نہیں مگر

☆ذکر الٰہی

☆تبلیغ الاسلام اور

☆مخلوق کی خدمت

میرے محترم! پہلے بھی کئی بار لکھا جا چکا ہے..... کہ محض باتوں سے کوئی بات نہیں بنتی۔ باتیں انسان کو کہیں نہیں پہنچا سکتیں۔

دین میں جہاں عالم کے فضائل بیان کیے گئے ہیں، وہاں اس سے مراد وہ عالم ہے جو اپنے علم پہ عمل کرتا ہے۔ اگر عمل نہیں تو کیا ہمارا علم اور کیا ہمارا عرفان!

جھوٹ، غیبت، چغلی، کینہ اور حسد..... یہ پانچ چیزیں قطعی حرام ہیں۔

ہے کوئی جو ان سے مبرا ہو

ہمارا باطن ظاہر کے برعکس ہے

ظاہر میں کوئی نقص نہیں، باطن میں کوئی خوبی نہیں

ظاہر آراستہ و پیراستہ، باطن پراگندہ۔

ہم اپنے علم پہ عمل نہیں کرتے، مطلق نہیں کرتے

جن باتوں سے علم منع کرتا ہے، مطلق باز نہیں رہتے

جیسے، جھوٹ، غیبت، چغلی، حسد، کینہ

ان رذائل و خبائث سے ایک دن، صرف ایک دن، اجتناب کر کے دیکھ..... اگر شام تک کایا نہ پلٹے جو چاہے کہہ!

عمل دل میں سوز

نگاہ میں عفت اور

کردار میں بے باکی پیدا کرتا ہے۔

عمل سے کردار، کردار سے رعب اور رعب سے جلال پیدا ہوتا ہے۔

رعب وجلال بنفسہٖ کوئی خصلت نہیں، عمل ہی کے کردار کا ایک حال ہوتا ہے۔

کثرت مت دیکھ، خصلت دیکھ

نہ معلوم کیوں تیری دنیا میں دین کی ترقی نہ ہوئی حالانکہ دنیا کے ہر شعبہ نے بے انداز ترقی کی۔ دنیا تیری نظروں میں مردود اور دین مطلوب ہے۔ محض لکھنا پڑھنا دین کی ترقی نہیں، دین داروں کے اخلاق و کردار کی بلندی کا نام ترقی ہے۔

عہد پہ ثابت قدم رہنا آدمیت وانسانیت و بشریت کی آبرو ہوتی ہے اور اصطلاح میں اسے کردار کہتے ہیں۔

کردار.....آدمیت وانسانیت و بشریت کے عروج کا ضامن، الٰہی عنایت کا ورود اور فوق الوراء

کردار.....نمونے کا محتاج

گزرا ہوا دم جیسے بھی گزرا، گزر چکا۔ اگلے دم کا گرم جوشی سے استقبال کر۔

اگر کسی نے کوئی عمدہ کردار پیش کرنے کی سعادت حاصل کی گویا اپنے ہی نفس کی عزت واحترام کا موجب ہوا ماشاءاللہ۔

اسے بار بار دیکھ اور خوب غور سے دیکھ، تیری دنیا دین ہی کے رنگ میں رنگی ہو اور ساری کی ساری رنگی ہو۔ یہ رہبانیت نہیں، عین اسلام ہے۔ روح بھی کہیں تو بے جا نہیں۔

دنیا، دین کی ضد ہے، یہ تو بتلا تو نے دین کی خاطر دنیا کی کس چیز کو چھوڑا؟

ادھمؒ نے چالیس شہزادوں کی حکومت چھوڑی۔

تیری کس کرنی پہ کیا رحمت برسے

کردار.....کرنی پہ ہوتا ہے قول پہ نہیں اور

فضل ورحمت وبرکت کردار پر نازل ہوتی ہے، گفتار پہ نہیں۔

اللہ کا فضل، رحمت اور برکت ہمیشہ کردار پہ اتری۔ بدر میں اتری، حنین میں اتری، خیبر میں اتری، خندق میں اتری، موتہ میں اتری، مکہ میں اتری، قادسیہ میں اتری، یرموک میں اتری، اندلس میں اتری، یروشلم میں اتری۔

کردار پیش کر، اب بھی اترے گی اور ضرور اترے گی۔ یہ ہوسکتا ہی نہیں کہ نہ اترے۔

کردار

☆ آقاؤں نے غلاموں کی سواریوں کی مہاریں پکڑیں

☆ عرب وعجم کے فرمانروا نے حدود اللہ کی پاسبانی کرتے ہوئے بیٹے پر کوڑے برسائے

☆ حاکم وقت قاضی کی کچہری میں ملزم بن کر کھڑا ہوا

☆ خلیفۂ وقت نے اکل حلال کے لئے باغوں میں گوڈی کی

☆ منگتوں کی جھولیاں جواہرات سے بھرنے والوں نے سوکھے ٹکڑے چبائے

☆ جو اور کھجور کھا کر قیصر وکسریٰ کا غرور خاک میں ملایا

☆ مسجد کے کچے فرش پر بیٹھ کر ایشیا اور افریقہ کی قسمتوں کے فیصلے کئے

☆ پھٹے پرانے کپڑوں اور پھٹے جوتوں میں توکل وتقویٰ اور فقر وغنا کو معنی بخشے

☆ روما اور فارس پہ قہر الٰہی بن کر جھپٹنے والا سپہ سالار معزولی کا حکم سن کر عام سپاہی کی حیثیت سے لڑا

تاریخ نے کردار کو من وعن زندہ رکھا، کبھی فراموش نہ کیا۔

کردار.....الٰہی صفات کا مظہر اور عنایت ربانی۔

کردار باقی، ہر شے فانی

کردار.....مردانگی کا جوہر

کردار کے ہمراہ ابطال لازم وملزوم

کردار ہی نے اَبطال کو جلایا۔

خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم میں سے کسی ایک کے کردار کا نمونہ تو کسی نے کیا پیش کرنا ہے، جھلک پیش کرو۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا رودبار نیل سے خطاب:

خلیفۃ المومنین رضی اللہ عنہ نے گورنر کے خط کا جواب گورنر کو نہیں دیا۔ نیل کا معاملہ تھا ،نیل ہی سے مخاطب ہوئے:

" اے نیل گر تو تابع رب ذوالجلال ہے

اوئے سن! پھر کیوں نہ تو بہے تیری کیا مجال ہے"؟

اس خط کے نیل میں گرنے کی دیر تھی کہ رودِ نیل میں سیلاب آ گیا۔ ٹھاٹھیں مار مار کر بہنے لگا.....پھر اس دن کے بعد نیل نے کبھی بہنا بند نہیں کیا۔ اسی طرح..... پھر کبھی

"یا ساریة الجبل" کے مثل کا کوئی واقعہ تاریخ نے پیش نہیں کیا.....حالانکہ وہی ہم اور وہی اسلام۔

ان کی سماعت اتنی تیز ہوتی کہ سینکڑوں میل کی مسافت کی دوری کے باوجود جب چاہتے ایک دوسرے سے ہمکلامی کرتے .....اور تم؟ دکھائی دینے والوں کو بھی سن نہیں سکتے۔

وہ تھے میکدہ توحید کے رند جنہوں نے رج رج پی اور جی بھر کر پی۔اور یہ تھی جذب ومستی کی حقیقت اور اللہ نے اسے نگارخانہ دہر میں قیامت تک آنے والوں کے لئے زبان زبان پہ زندہ اور قائم رکھا ہوا ہے۔

وہ بھی کیا دن تھے کہ دریا ہمارا کہا مانا کرتے تھے

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو مصر کے گورنر حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے اطلاع دی کہ نیل کا پانی بند ہوگیا ہے قبطی کہتے ہیں کہ جب تک کسی خوبصورت جوان لڑکی کو دلہن کی طرح سجا دھجا کر دریا کی بھینٹ نہ چڑھایا جائے دریا نہیں بہے گا اور یہ اس دریا کی قدیم عادت ہے۔میں نے انہیں ایسا کرنے سے روک دیا ہے اور ان پر واضح کردیا ہے کہ یہ باتیں اب نہیں ہوسکتیں اور نہ ہی ہم اپنے خلیفہ کے حکم کے بغیر کبھی ایسی بات کرنے دیں گے۔

امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو جب یہ خبر ملی تو جلال میں آگئے اسی وقت، ماشاءاللہ سبحان اللہ الحمدللہ، وہیں بیٹھے دریا سے مخاطب ہوئے

"اے نیل سن! مجھے پتہ چلا ہے کہ تو ایک دوشیزہ کی بھینٹ لے کر چڑھا کرتا ہے گویا تیرا بہنا تیری اپنی ہی مرضی پہ موقوف ہے۔اے نیل! سن، اگر تیرا بہنا اور نہ بہنا تیری

مرضی پر منحصر ہے تو ہمیں تیری کوئی ضرورت نہیں اور بالکل نہیں۔ ہمیں تو ایسے دریا کی ضرورت ہے جس کا بہنا اور بند ہونا اللہ ہی کی طرف سے اور اللہ ہی کے حکم سے ہو اور اگر تو میرے اللہ کے حکم سے بہتا ہے، میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا خلیفہ عمر تجھ کو حکم دیتا ہوں کہ ابھی بہہ۔ اور یہ تنبیہ بھی کرتا ہوں کہ تیری مجال ہی کیا کہ تو نہ بہے۔

یہ لکھ کہ مصر کے گورنر حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو بھیج دیا

اے نیل! اگر تو تابع رب ذوالجلال ہے

پھر کیوں نہ بہے، تو تیری کیا مجال ہے!

یہ کہنے کی دیر تھی اور اس خط کے دریا میں گرنے کی دیر تھی کہ دریائے نیل میں سیلاب امڈ آیا۔

سبحان اللہ! الحمدللہ! وہ بھی کیا دن تھے کہ شہر کے کتے بھی ہمارے حکم سے سرتابی نہ کر سکتے تھے۔ حضرت امیر المومنین عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو جب مدائن کی بدعنوانیوں کی خبر ملی آپؓ نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو مدائن کا گورنر مقرر فرمایا اور حکم دیا کہ فوراً جا کر مدائن کا نظم وضبط اپنے ہاتھ میں لیں۔ حکم ملتے ہی حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے اپنا بوریا بستر اٹھایا اور مدائن کو چل دیے۔ ادھر مدائن کے لوگوں کو یہ پتا چلا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک نیا گورنر مدائن کے لئے مقرر فرمایا ہے تو ان کے استقبال کے لئے شہر سے باہر آ گئے۔ جب انہوں نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو دیکھا تو سمجھے کوئی کسی منزل کا تھکا ماندہ راہی ہے، ہمارا گورنر فارسی رضی اللہ عنہ نہایت شان وشوکت سے کہیں پیچھے آتا ہوگا۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے آگے بڑھ کر انہیں جب اپنا تعارف کروایا کہ میں ہی وہ شخص ہوں جسے کہ امیر المومنین رضی اللہ عنہ نے آپ کی خدمت کے لئے مامور فرمایا ہے تو وہ حیران وششدر رہ

گئے۔ چہ میگوئیاں کرنے لگے کہ یہ گورنر؟ اور پھر مدائن کا؟ مدائن کے حالات بہت ابتر ہیں، یہ بیچارہ سیدھا سادا بھولا بھالا کسی خانقاہ کا ملنگ یا کسی مسجد کا ملا ہے، یہ تو کسی بھی طرح سے حالات پہ قابو نہیں پا سکتا۔

آپ کو سرکاری رہائش گاہ میں قیام کی دعوت دی گئی لیکن آپ نے مسترد کر دی اور فرمایا میری ضرورت کی ہر شے میرے پاس ہے اور میں اپنا قیام اس مسجد ہی میں کروں گا۔ اس پہ وہ اور خوش ہوئے کہ چلو یہ بھی اچھا ہوا، عشا سے فجر تک مراقبہ میں رہیں گے اور شہر اللہ کے حوالے۔

آپ یہ سب کچھ خاموشی سے سنتے رہے پھر دوسری رات شہر میں چوری کی بے شمار وارداتیں ہوئیں۔ آپ کو مطلع کیا گیا کہ شہر میں رات بھر لوٹ مچی رہی ہے اور لوگوں پر خوف و ہراس طاری ہو گیا ہے، اس کا مداوا فرمائیں۔

عصر کی نماز کے بعد آپ نے پہلا اعلان فرمایا کہ آج رات کسی صندوق اور دروازے کو کوئی تالا نہ لگے اور تمام گھروں کے دروازے کھلے رہیں۔ اس پہ انہوں خوب تالیاں بجائیں۔ نیز آپ نے فرمایا آدھی رات کے بعد کوئی آدمی اپنے گھر سے باہر قدم نہ رکھے کہ اگر وہ مارا گیا تو گورنر اس کا ذمہ دار نہ ہوگا۔ اس پہ وہ اور زیادہ ہنسے۔

مدائن کے تمام دانشور انگشت بدنداں اور متحیر تھے کہ نہ معلوم اس میں کیا حکمت ہے پھر وہ مسجد سے باہر تشریف لائے اور ایک کتے کو فرمایا ادھر آ اور میری بات سن! یہ سنتے ہی وہ کتا دوڑتا ہوا آیا اور آپ کے قدموں پہ سر رکھ دیا۔ آپ نے کتے کو فرمایا جا اور شہر کے تمام کتوں کو میرا یہ حکم سنا دے کہ رات بھر کسی بھی آدمی کو شہر میں آنے جانے نہیں دینا اور نہ ہی ادھر ادھر پھرنے دینا ہے۔ اگر کوئی ایسا کرے اسے صبح تک اپنی تحویل میں رکھو۔

یہ حکم سنتے ہی وہ کتا تمام شہر میں گھوم گیا اور ایک ایک کو اپنے آقا کا حکم پہنچا دیا سبحان اللہ! الحمد للہ! صبح آپ نے سارے شہر کا دورہ فرمایا اور دیکھا کہ جگہ جگہ شہر کے کتے چوروں کو قابو میں لئے بیٹھے تھے۔ جب تک آپ نے ان کو آزاد کرنے کا حکم نہیں فرمایا وہ اس طرح کتوں کی تحویل میں رہے۔

پھر آپ نے ایک خطبہ ارشاد فرمایا اور کہا کہ اے مدائن کے لوگو! جب میں تمہارے پاس پہنچا تو تم مجھ پر ہنستے تھے اور کہتے تھے کہ میں کسی بھی طرح تمہاری حفاظت کے فرض سے عہدہ برآ نہ ہوسکوں گا۔ تم نے دیکھ لیا جس کام کو تم میرے لئے مشکل سمجھتے تھے وہ اس شہر کے کتوں کی تحویل میں ہے۔ پھر اس کے بعد مدائن میں مکمل امن ہوگیا اور کبھی چوری کی واردات نہیں ہوئی۔

یہ سب کیا تھا اور کیوں تھا؟

اس لئے اور صرف اس لئے کہ ہماری اپنی کوئی زندگی نہ تھی اور نہ ہی کوئی مرضی ہوتی تھی۔ ہم جو کچھ بھی کرتے تھے اللہ ہی کے لئے اور مخلوق کی صلاح وفلاح کے لئے کرتے تھے، اجرت وعوضانہ کے لئے نہیں۔ اللہ کی اطاعت کا جلال شیاطین کو جلا دیتا ہے۔ ہماری مرضی جب اللہ کی مرضی میں مدغم ہوجاتی، اللہ کی ہوجاتی۔ اس حال میں ہم جو کچھ بھی کہتے اسی طرح ہوجاتا، ذرا بھی دیر نہ لگتی۔

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ سبحانہ فرماتا ہے جس نے میرے دوست سے عداوت کی تو میں اس کے ساتھ جنگ کا اعلان کروں گا۔ اور مجھے اپنے بندے کا مجھ سے قرب حاصل کرنا کسی اور ذریعہ سے اتنا محبوب نہیں جتنا اس سے جو میں نے اس پر فرض کیا ہے اور میرا بندہ ہمیشگی نوافل سے

میرے قریب ہوجاتا ہے یہاں تک کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں ۔اور جب میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں تو میں اس کا وہ کان ہوجاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اوراس کی وہ آنکھ جس سے وہ دیکھتا ہے اوراس کا وہ ہاتھ جس سے وہ پکڑتا ہے اوراس کا وہ پیر جس سے چلتا ہے۔اوراگر وہ مجھ سے (کسی چیز کا) سوال کرتا ہے تو میں اس کوضرور دیتا ہوں اوراگر (کسی چیز سے) پناہ مانگتا ہے تو میں اس کو پناہ دیتا ہوں اور مجھ کو کسی چیز سے جس کا میں کرنے والا ہوں اتنا تردد نہیں ہوتا جتنا کہ نفس مومن (کے معاملہ) میں ہوتا ہے کہ وہ موت کو برا سمجھتا ہے اور میں اس کی برائی کو برا سمجھتا ہوں۔

(بخاری شریف جلد سوم صفحہ ۲۵ شمار ۱۴۱۸)

o

حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسجد نبویؐ میں کھڑے خطبہ جمعہ دے رہے تھے کہ دفعتاً خاموش ہوگئے پھر یکا یک بلند آواز میں فرمایا: یا ساریة الجبل

چنانچہ اس آواز کو سنتے ہی لشکر اسلام نے اپنی پشتوں کو پہاڑ کی جانب سے بڑھنے والے خطرے سے محفوظ کرلیا۔

عمر رضی اللہ عنہ نے اللہ کی آنکھوں سے دیکھا اور ساریہ رضی اللہ عنہ نے اللہ کے کانوں سے سنا۔ان آنکھوں اور کانوں سے جن کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اوپر بیان فرمایا ہے۔

عمر رضی اللہ عنہ کی آواز اللہ کی آواز بن کر گونجی کہ سینکڑوں میل دور لڑنے والے سپاہیوں نے اسے سنا اور اس پر عمل کیا۔

اللہ کرے ہمیں بھی ایسی ہی آنکھیں اور ایسے ہی کان نصیب ہوں آمین،

ذکر وطاعت سے حال اور حال سے جلال پیدا ہوتا ہے۔

جلال جب جوبن پہ آتا ہے جمال بن جاتا ہے۔

ذکر و طاعت تیری منزل کے دو نشان ہیں، یہ نشان گرنے نہ پائیں۔

آپ کی آنکھیں، کان، زبان، ہاتھ اور پاؤں ہر وقت ہر حال میں اللہ اور اللہ کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تابع فرمان ہوں۔ نہ نافرمان ہوں نہ سرکش۔ پھر یہ آنکھیں، کان، ناک، زبان، ہاتھ اور پاؤں اللہ کے ہیں۔ اور اللہ کی بصارت وسماعت، گرفت واستقامت انسانی فہم وادراک سے کہیں بالاتر ہوتی ہے۔

امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے دربار میں ایک مرتبہ ایک وفد پیش ہوا انہوں نے کہا کہ جن صاحب کو آپ نے ہم پر گورنر مقرر کیا ہے ان کے خلاف اور تو کوئی شکایت نہیں البتہ یہ تین شکایتیں ہیں:

اولاً وہ رات کے وقت کسی سے نہیں ملتے!

ثانیاً صبح اپنے گھر سے دیر سے باہر نکلتے ہیں!

ثالثاً مہینے میں ایک دن تو بالکل نہیں نکلتے اور نہ ملتے!

آپ نے وفد کی شکایات سن کر انہیں دربار میں طلب فرمایا اور جو شکایتیں وفد نے کی تھیں انہیں بتائیں۔ انہوں نے جواب دیا:

میں سارا دن امور سلطنت میں مصروف ومنہمک رہتا ہوں، عبادت کے لئے مجھے کوئی وقت نہیں ملتا پس میں رات کو اپنے اللہ کی یاد میں محو ہو جاتا ہوں! نیز عرض کی میرے گھر میں کوئی نوکر یا خدمت گار نہیں۔ صبح میں اپنے گھریلو کام اپنے ہی ہاتھوں سے انجام دیتا ہوں اس لئے مجھے ذرا دیر ہو جاتی ہے۔ مہینے میں ایک دن اس لئے باہر نہیں جاتا کہ میرے پاس صرف ایک جوڑا کپڑے ہیں۔ میں ان کو اس دن دھوتا ہوں اور جب وہ سوکھ جاتے

ہیں پہن کر باہر نکلتا ہوں۔ میرے پاس کوئی دوسرا کپڑا ہی نہیں کہ جسے میں پہن کر باہر نکل سکوں۔

اس پر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بہت خوش ہوئے اور فرمانے لگے کہ میں نے ان کے انتخاب میں کوئی غلطی نہیں کی۔

سلف صالحین کے یہ تذکرے اللہ نے اپنے بندوں کی رہنمائی کے لئے اپنے بندوں کی زبانوں پہ زندہ رکھے ہوئے ہیں اور یہی باقیات الصالحات ہیں۔

اے ہم نشیں! اپنے اس کھوئے ہوئے مقام اور لٹی ہوئی عظمت کو پھر سے حاصل کرو ورنہ کیا کسی کا قال اور کیا کسی کا حال، کیا کسی کی منزل اور کیا کسی کا مقام!

پہن.....صرف تن ڈھانکنے کے لئے،

کھا.....صرف بقائے زیست کے لئے

سو.....تازہ دم ہونے کے لئے.....اور

جاگ.....صرف اللہ کے لئے! ماشاءاللہ

شام کو سوتے وقت ایک دمڑی بھی تیرے پاس باقی نہ ہو!

تیری جیب میں کوئی پیسہ نہ ہو، ایک دمڑی بھی نہ ہو، گھر میں بھی نہ ہو، بالکل نہ ہو، کسی بینک میں کوئی رقم جمع نہ ہو، کسی بھی قسم کی کوئی جائیداد نہ ہو، کسی سے بھی کہیں سے بھی آنے کی کوئی امید نہ ہو..... یہ تھا اللہ کے فقیروں کی خلافت کا خلافت نامہ ماشاءاللہ۔

ایک خلافت نامہ ایک پوری داستان کا ترجمان ہوتا۔ جب تک تو اس حال میں رہتا، ساری خدائی تیرے ساتھ ہوتی۔ تو ان کا ہو کر سب کا ہوتا۔

صفات الٰہیہ میں جذب ہو کر ذات ہی کا فرق باقی رہتا،

ملائکہ، جن وانس ہر شے حمایت وتائید کرتی اگر چہ وہ مستغنی عن الخطاب ہوتے۔
کسی کی بھی حمایت وتائید کو کسی خاطر میں نہ لاتے۔

زبان کو جھوٹ سے
نگاہ کو خیانت سے
عمل کو ریا سے اور
دل کو نفاق سے پاک رکھ
پھر یہ زبان اللہ کی تلوار
آنکھیں جمال وجلال کا مرکز
عمل کن فیکون اور
دل عرش رحمان ہے۔
پہن ستر ڈھانپنے کے لئے۔

ایک پہنا ہوا کپڑا سال ہا سال چل سکتا ہے۔ پیوند پہ پیوند لگا، جُلّی کی طرح بنا۔ یہی خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کا طریق تھا۔

سنا ہے جمعہ کی نماز میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ خطبہ دے رہے تھے اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ ان کے قریب بیٹھے تھے۔ انہوں نے ان کی قمیض کو ستر پیوند لگے دیکھے۔

تیرے کردار کی کوئی مثال، کوئی بھی مثال، تاریخ میں نہیں ملتی۔ ورق ورق الٹے، الٹ الٹ کر پلٹ پلٹ کر پلٹے، نشان تک نہ ملا۔

کردار ہی وہ نشہ تھا جسے پی کر
علما..... علم میں اور صلحا..... عمل میں مست رہتے۔ الست ہو جاتے۔ اور نت نئے

عنوانات منصۂ شہود پہ لاتے۔ اپنی ہی دھن میں محو ہو کر ماسوا سے بے خبر و بیگانہ ہوتے۔

جب بھر کر پی لیتے مدہوش ہو جاتے۔

جس سے بھی ٹکراتے پاش پاش کر دیتے

ایک ہوتا..... زمانے بھر کو مات کر دیتا۔

جب سے کردار رخصت ہوا کوئی بتائے کہ کیا ہوا؟

کردار ہی تو تیری متاع تھی جو گم کر دی!

ان مقالات میں ''مے'' عقل دشمن سیال کا نہیں .....خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے کردار کا استعارہ ہے اور اس میں ،اے جان من ،سب کچھ ہے..... مستی ،مدہوشی، بے نیازی، عزت و عظمت، غیرت، جذبہ، جلال، رعب اور تمکنت ماشاءاللہ۔

وہ تھے رند اور وہ تھا میکدہ۔ میں نے اور تئیں نے اس مے کو بدل دیا، بدل کر رکھ دیا۔ بدلتے بدلتے شربت بنا دیا بلکہ پتلی لسّی .....جس میں کوئی جوش نہیں، کوئی حدت نہیں ،کوئی نشہ نہیں اور کوئی کیف نہیں ۔مشروب ہے مگر زندگی سے خالی، جسم ہے مگر روح سے خالی۔

مقالات حکمت میں مستغنی و بے نیاز اور محو و منہمک کی صفات کو بار بار دہرایا گیا ہے۔

مستغنی وہ ہے جو ہر تحسین و تنقید سے بالاتر اور انعام و دشنام سے لاپروا۔

بے نیاز وہ ہے جو کسی کی نیاز مندی کی مستی میں ماسواء سے بیگانہ ہے۔

محو وہ ہے جو لگن کی مگن میں مستغرق ہو۔ پس و پیش سے بے خبر۔

منہمک وہ ہے جو اپنی منزل پہ پوری توجہ سے گامزن ہو۔ دم بھر کو بھی نہ رکے۔

یہ چاروں خصائل زندگی کی کامیابی کے ام الخصائل ہیں۔ زندگی جب تک ان خصائل سے بہرہ ور نہیں ہوتی، جدوجہد کے باوجود بے نیلِ مرام ہوتی ہے۔

کاروان ہستی جب مستی کا استقبال کرتا ہے تو وہ غنا، بے نیازی، محویت اور انہماک ان سب پہ چھا جاتا ہے۔ دنیائے ہست و بود میں ایک فقید المثال باب کی تمہید اور ایک عدیم النظیر داستان کا جلی عنوان بن جاتا ہے جس کی گہرائی و گیرائی نہ کم ہوتی ہے نہ ختم۔ رہتی دنیا تک اس کا تذکرہ دلوں میں باقی رہتا ہے اور زبانوں پہ جاری ماشاءاللہ۔

فقدان طریقت حاضرہ: ہم عہد کے پابند نہیں، قول کے پکے نہیں، بول کے پورے نہیں۔ قول سے پھر جانا ہمارے لئے کوئی بات ہی نہیں۔ حالانکہ ارض و سما کی طنابیں قول ہی کی برکت سے قائم ہیں۔

جہاں کھڑا کیا جاتا ہے قائم نہیں رہتے۔ جو حکم دیا جاتا ہے اس کی تعمیل نہیں کرتے۔ جو علم اللہ نے بخشا اس پر عمل نہیں کرتے، بالکل نہیں کرتے۔ کسی بھی امر پہ ثابت قدم نہیں۔

حضرت سلطان ابراہیم ادھم قدس سرہ العزیز نے بلخ کی حکومت کے بدلے فقر کو خریدا اور اکثر فرماتے

"مجھے یہ سودا بڑے ہی سستے داموں ملا"

ہمارا عزم ناقص، یقین متزلزل، نظر کوتاہ، قدم سست اور حوصلہ پست ہے۔ کسی بھی میدان میں نہیں ڈٹتے۔ ذرا سی بات پہ لڑکھڑا جاتے ہیں۔ ہماری تکبیر سے دل نہیں دہلتے۔ نعروں کی گونج سے رن نہیں کانپتا، غیرت کے جوش دلانے پہ بھی خون نہیں گرماتا،

چہرہ آتش بار نہیں ہوتا، نگاہیں آگ نہیں برساتیں، دل نہیں تڑپتا، جسم نہیں بپھرتا گویا جمود طاری ہے۔ موت کا جمود۔ اور یہ حال کسی بھی حال میں مستحسن نہیں، مذموم ہے۔

اگر بدلا نہ گیا اور ابھی بدلا نہ گیا تو کیوں نہ بدلا؟

عالمگیر صداقت کا نمونہ، تلبیس ابلیس کا شکار ہو گیا ہائے ہائے!

عنایاتِ الٰہیہ کا متحمل نہیں۔ رموز کائنات کی امانت کا امین نہیں۔ اپنی خلافت پہ یقین نہیں۔ صاحب لولاک صلی اللہ علیہ وسلم کا شاہین نہیں۔ ذرا سی عنایت پہ بھڑک اٹھتا ہے۔ بہک جاتا ہے۔ اپنے آپ میں نہیں رہتا۔ پینا پلانا تو دور کی بات ہے گویا دیو پری کی داستان ہے، میکدے کے باہر کی بو کی تاب نہیں لا سکتا، بے خود ہو جاتا ہے۔

ظاہر میں بال بھر کمی نہیں اور باطن میں کچھ بھی نہیں۔ گویا ظاہر پاک باطن خاک۔

قارئین حضرات! بندہ اِن مقالات حکمت میں اپنے ہی نفس سے مخاطب ہے۔ کسی دوسرے پہ مطلق تنقید نہیں۔ ہم نے جب بھی تنقید کی، اپنے ہی نفس پہ کی، کسی اور پہ نہیں واللہ باللہ تاللہ! ماشاءاللہ۔

ہم نے اپنی نسبت کی ناموس اور منصب کے اکرام کی دھجیاں اڑا دیں۔

نانے کے دادے کی کرنی تجھے کیا نفع دے گی؟ تیری اپنی کرنی ہی تیرے لئے نافع ہے۔

تیری روئیداد..... ماضی کا طواف

حال سے انحراف

سراسر کورانہ تقلید

بے جا بحث و تنقید

بے جان و پژمردہ

بے کیف و افسردہ

پیغام کا نام تک نہیں

تیرا حال

قدسی.....انگشت بدنداں

خضر راہ.....تیری تلاش میں سرگرداں

مبصر عالم.....محو حیرت

چشم فلک.....منتظر

یہ دور کورانہ تقلید کا نہیں، بالکل نہیں۔

تیری فراست امید افزا تو ہو سکتی ہے، اطمینان بخش نہیں۔

مسلمان سے خطاب

گلستان دہر میں

ہزاروں گل کھلے، مرجھا گئے

غنچے مسکرائے، کمھلا گئے

بحر حیات میں

ہزاروں سفینے رواں ہوئے، ڈوب گئے

موجیں ابھریں، دب گئیں

افق عالم پہ
ہزاروں نقش ابھرے، مٹ گئے
چراغ بھڑ کے ، بجھ گئے
تاریخ عالم میں
ہزاروں باب کھلے، بند ہو گئے
عنوان ابھرے، محو ہو گئے
عالم آب و گِل میں
ہزاروں گروہ نمودار ہوئے، گم ہو گئے
نگر بسے ، اجڑ گئے

مگر

ایک پھول کی نکہت سدا برقرار رہی
ایک چراغ کی لو کبھی ختم نہ ہوئی
ایک عنوان کی اہمیت کبھی کم نہ ہوئی

اور

ایک گوہر کی تاب کبھی معدوم نہ ہوئی
بوستان دہر کا وہ گلِ سرسبد
افقِ عالم کا وہ تابندہ ستارا
تاریخِ عالم کا وہ روشن عنوان

اور

بحرِ حیات کا وہ انمول گوہر

ملتِ اسلامیہ ہے جسے قرآن کریم نے خیـــــر امة کے شرف سے مشرف فرمایااورانتم الاعلون کامژدۂ جانفزاسنایا۔

اے میری جان: تواس ملت کا فرزند ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری پیغام کا امین ٹھہرایااور جسے اقوام عالم کی امامت کا تاج پہنایا۔

جب تک تو نے اپنے منصب کا اکرام کیا اور اپنی نسبت کی ناموس کا احترام کیا،اللہ نے تجھے بڑے بڑوں پہ غلبہ عطا کیا۔تجھے اپنی نصرت وتائید سے ہمکنار کیا۔

جب تک تو اللہ کا رہا،اللہ کے لئے جیا،اللہ کے لئے مرا،تیرا ہر کہیں احترام رہا،اکرام رہا۔

جب سے تو جہان کا بنا تیرا کوئی نہ بنااور کچھ بھی نہ بنا۔

تاریخ عالم کی وہ داستان جس کا عنوان ''مسلمان'' ہے حیرت انگیز بھی ہے عبرت خیز بھی۔کبھی وہ عالم کہ اس کا نام سنتے ہی بحروبرلرزتے اور کبھی ایسی بے بسی کہ الامان الامان۔

تیرے جوش کا یوں سرد پڑ جانا
تیری بلندی کا پستی میں بدل جانا
تیری قوت کا ضعف میں ڈھل جانا
تیرے کمال کا روبہ زوال ہوجانا

کوئی معمولی حادثہ نہیں،تاریخ عالم کا بہت بڑا انقلاب ہے۔تیرا یہ زوال انفرادی سطح پہ بھی ہواقومی سطح پہ بھی۔علم میں بھی ہوا،عمل میں بھی۔وہ بھی کیادن تھے کہ تو لعلوں سے مہنگا بکتا۔جب کبھی نعرہ زن ہوتا،بحروبر کانپ اٹھتے۔فلک تیور بدلتا،

کرّ و بیاں انگشت بدنداں۔ اگر کوئی تیری غیرت کو للکارتا، دم بھر کی مہلت نہ دیتا۔ کسی قوت کو خاطر میں نہ لاتا، نہ ہی کسی امداد کی مطلق پروا کرتا۔ پہاڑوں سے ٹکرا جاتا، چٹانوں کو ہلا دیتا، کسی کثرت سے خوف نہ کھاتا۔ کسی میدان میں اڑ جاتا، بازی لے جاتا۔ تیرے تیوروں کی تاب لانا کسی کے لئے بھی ممکن نہ تھا۔ تیری سطوت و ہیبت سے بحر و بر لرزتے۔ تیری گونج سے شیروں کے پتّے پانی ہو جاتے۔

اگر کسی میدان میں موت سے سامنا ہو جاتا، آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مسکراتا۔ تیری جبین کی سلوٹ کسی نئے انقلاب کا عنوان بن جاتی۔ جس جاہ و حشمت کی خاطر دنیا مارے مارے پھرتی ہے، تیری لونڈی بن کر تیرے حضور دست بستہ باریابی کی منتظر رہتی۔ تیرے نام کی گونج سے دنیا کا کونہ کونہ گونجا۔ پہاڑ گونجے، صحرا گونجے۔ مست گونجے، رند گونجے۔ مدہوش گونجے، بے ہوش گونجے، ہر کوئی گونجا مگر آج یہ گونج قصۂ پارینہ بننے لگی۔ تیری تاریخ کے تابناک قصے افسانے بننے لگے۔ تیری سطوت و ہیبت کی داستان قصۂ ماضی بننے لگی۔ وقت کی گردش نے تیرے کردار کو دھندلا دیا۔

آج تیرے کسی میدان میں کوئی علم نہیں لہرا رہا۔ نہ دین کے میدان میں، نہ دنیا کے۔ نہ علم کے نہ عمل کے۔ نہ عبادات کے، نہ معاملات کے۔

اگر تیرے یہ مشاغل اور محافل جن میں گم ہو کر تو اپنی آب کھو بیٹھا ہے، تجھے کچھ فرصت دیں تو اپنا محاسبہ کر۔ زندگی تیز رفتاری سے گزر رہی ہے۔ دیارِ ہستی کی شام ہونے کو ہے۔ سانس کا رشتہ ٹوٹنے کو ہے۔ شیرازہ بکھرنے کو ہے۔ دیا بجھنے کو ہے۔ وقت کی قدر کر۔ مہلت کو غنیمت جان۔ زندگی یوں گزار کہ تجھے یہاں سے جانے کا افسوس نہ ہو۔ اے ملت کے پاسبان! گزرے ہوئے دور کی داستانوں سے دل نہ بہلا۔ ملت کی داستان کا آغاز کر

جو کسی گزری ہوئی داستان سے کم نہ ہو۔ ہر داستان کی ابتدا جدوجہد سے ہوتی ہے۔ جدوجہد جب جوبن پر آتی ہے، داستان بن جاتی ہے۔ جدوجہد کے میدان میں اتر، تاریخ عالم تیری داستان سننے کی منتظر ہے۔ وقت تیری ضرورت کو پھر تسلیم کر رہا ہے۔ اگر تو نے تاریخ عالم کے صفحات پہ نئے عنوان تحریر کرنے ہیں تو وقت کی آواز سن۔ اتحاد و اخوت کا علمبردار بن۔ جو دھونی بجھ گئی ہے، اسے پھر سے رما۔ جو آگ سرد پڑ چکی ہے، اسے پھر سے دہکا۔ جو شعلہ بجھ چکا ہے، اسے پھر سے بھڑکا۔ شبستان عشرت سے باہر آ۔ یہ دور بات کا نہیں، صفات کا منتظر ہے۔ زندگی کے کارزار میں کوئی عملی نمونہ پیش کر۔ تیرے پاس نمونوں کے انبار لگے پڑے ہیں۔

صدیق رضی اللہ عنہ کی صداقت

عمر رضی اللہ عنہ کی عدالت

عثمان رضی اللہ عنہ کی سخاوت

علی رضی اللہ عنہ کی شجاعت

حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت

اویس رضی اللہ عنہ کی خاموش محبت

جنید رحمۃ اللہ علیہ کا مراقبہ توحید افعالی

بوعلی قلندر رحمۃ اللہ علیہ کا جذب اور

مخدوم صابر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا جلال

تیرا قابلِ فخر سرمایہ ہے۔ روشنی کے ان میناروں سے اپنی راہ منور کر۔ یہ نشان منزل بھی ہے، جادہ بھی۔ اپنے اسلاف کے نام کی لاج رکھ۔ تیرا چلنا پھرنا

عام انسانوں کا سا ہو لیکن سوچ.....نافع الخلائق۔ ملت کی اقبال مندی کے لئے متحد ہو، ذات کو ملت پر قربان کر۔ زندگی جہاد ہے۔ جہاد میں لڑنا مجاہد کا کام، فتح و نصرت اللہ کے ہاتھ۔ اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ اللہ موجود ہے، رحمت بھی موجود ہے۔

دنیا بھر کی باطل قوتیں مل کر بھی حق کو مٹا نہیں سکتیں۔

اس چراغ کو بجھا نہیں سکتیں۔

اس سفینے کو ڈبو نہیں سکتیں۔

یہ ہچکولے تیری بیداری کے لئے ہیں۔

اے مسلمان! اے ملت کے پاسبان!

ملت تیری صداقت و عدالت و شجاعت و شرافت و سخاوت کے جوہر دیکھنے کی طلبگار ہے۔ تو نیکی کے میدان میں آ اور زندگی کا کوئی نمونہ پیش کر۔ اللہ کا ''کن'' تیرے ارادے کی تکمیل کے لئے بے قرار ہے۔

دین زندگی کا مقصد متعین کرتا ہے۔ مقصد زندگی کا محور ہے۔ ہر شے اپنے محور کے گرد گھوما کرتی ہے اور محور کے گرد گھومنا زندگی کی منزل ہے۔ جو قوم یا فرد اپنے مقصد کو بھول جاتا ہے، سست ہو جاتا ہے اور پست ہو جاتا ہے۔ جو قوم یا فرد اپنی منزل پہ گامزن نہیں، مقصود تک کیسے پہنچ سکتا ہے؟ قوم اپنی منزل پہ گامزن ہو کر ہی اقوام عالم کی پیشوائی کا دم بھر سکتی ہے، سو کر نہیں اور کھو کر نہیں۔

ملی تمکنت کا انحصار تیر و تفنگ پہ نہیں، صداقت و عدالت و شرافت و شجاعت پہ موقوف ہے۔ جب بھی کوئی قوم ان چار معروف ملی ہتھیاروں سے لیس ہو کر زندگی کے میدان میں عملی نمونہ پیش کیا کرتی ہے، اقوام عالم کی پیشوائی کا مقام حاصل کر پاتی ہے،

کسی اور طرح نہیں اور مطلق نہیں، وما علینا الالبلاغ۔

اتحاد دین کی بنیاد

حیا دین کی جان

عزم دین کی روح اور

استقامت دین کی پرواز ہے

o

مومن کی فراست اللہ کا نور

عزیمت جبل طور

استقامت غیر محصور

مومن کو کبھی کوئی دھوکا نہیں دے سکتا۔ کبھی بھی نہیں۔

اس کے عزم کی راہیں اللہ کی تجلی سے منور.....

اور اس کی استقامت پہاڑ کی طرح غیر متزلزل ہے۔

وقتی طوفان پہاڑ کی سطح کو گرد آلود تو کر سکتے ہیں، جھکا نہیں سکتے۔ اللہ کی رحمت کی بارش اس گرد کو دھو ڈالتی ہے تو پہاڑ کے حسن میں اور نکھار آجاتا ہے۔

مومن کی ہمت آخری دم تک نہیں ٹوٹتی اور اللہ نے یہ ورثہ مومن ہی کو بخشا ہے۔

اور یہ شان بھی اللہ نے مومن ہی کو بخشی کہ زندگی کے کسی میدان میں کبھی ناامید نہیں ہوتا حتی کہ موت سے ہم کنار ہو۔

مومن کی شان

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ کی طرف دیکھا تو فرمایا:

''بلاشبہ تمہیں اللہ تعالیٰ نے شرف بخشا اور تجھے تکریم اور تعظیم بخشی ہے مگر مومن کی حرمت تم سے زیادہ ہے'' (مجمع الزوائد، جلد اول، صفحہ ۸۱)

o

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

''مومن حرمت کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک کعبہ سے بڑھ کر ہے''

(نوادر الاصول صفحہ ۱۶ فی مرتبہ روح المومن مرتبہ مدینہ منورہ)

o

o حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک مومن سے بڑھ کر اور کوئی شے مکرم نہیں!

(طبرانی / مجمع الزوائد جلد ا صفحہ ۸۱)

o

o حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ فتح کیا تو اس کی طرف چہرہ انور کر کے فرمایا کہ (اے مکہ!) تو محترم ہے اور تیری حرمت کس قدر بلند ہے اور تیری خوشبو کس قدر پاکیزہ ہے، مگر اللہ تعالیٰ کے ہاں تجھ سے زیادہ محترم مومن ہے۔

(طبرانی، مجمع الزوائد جلد ا صفحہ ۸۱)

o

o حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فرشتوں نے اللہ تعالیٰ کے حضور عرض کی کہ اے اللہ! تو نے اولاد آدم کو دنیا بخشی ہے وہ اس میں کھاتے پیتے ہیں اور لباس پہنتے ہیں اور ہم تیری تسبیح بیان کرتے ہیں نہ ہم کھاتے ہیں اور نہ ہم دنیا میں اس طرح کھیلتے ہیں جس طرح وہ کھیلتے ہیں۔ لہٰذا آپ آخرت کو ہمارے لئے مختص فرما دیجئے، تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں نے جسے اپنے ہاتھ سے بنایا ہے ان کے صالحین کو ان کی طرح نہیں کروں گا جنہیں میں نے کہا (کن) تم ہو جاؤ تو وہ ہو گئے (یعنی فرشتے)

(طبرانی، مجمع الزوائد جلد ا صفحہ ۸۱)

o

o عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے نزدیک قیامت کے دن بنی آدم سے بڑھ کر کوئی مکرم نہیں ہوگا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ملائکہ بھی نہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ملائکہ بھی نہیں، ملائکہ تو شمس و قمر کی طرح مجبور ہیں۔

(طبرانی، مجمع الزوائد جلد ا صفحہ ۸۲)

o

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا میرا بندہ مومن میرے نزدیک بعض فرشتوں سے بھی محبوب ہے

(طبرانی، مجمع الزوائد جلد ا صفحہ ۸۲)

اور یہ روایت ابن ماجہ میں بھی ہے جس کے الفاظ ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن اللہ تعالیٰ کے نزدیک بعض فرشتوں سے بھی زیادہ مکرم ومحترم ہے۔

o

o حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ اپنے مومن بندے کی موت پر زیادہ بخیل ہیں تم میں سے کسی ایک کے اپنے پسندیدہ مال کی نسبت حتی کہ اس کی روح اس کے بستر پر قبض کرتے ہیں۔

(بزار، مجمع الزوائد جلد ا صفحہ ۸۲)

o

o حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن کی ہوا سے بہتر کوئی ہوا نہیں۔ اس کی ہوا آفاق میں پائی جاتی ہے اور اس کی ہوا اس کا عمل ہے۔

(کنز العمال جلد ا صفحہ ۱۶۵)

o

o حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی فراست سے بچو، کیوں کہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔

(ترمذی، مقاصد الحسنہ صفحہ ۱۹)

o

o حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اے کعبہ! تیری خوشبو کس قدر پاکیزہ ہے اور اے حجر اسود! تیرا کس قدر عظیم حق

ہے۔اللہ کی قسم: ایک مسلمان کا حق تم دونوں سے زیادہ ہے۔

(کنز العمال جلد ا صفحہ ۱۶۴)

o

مومن کے ایمان کا خلاصہ

وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ (الحدید:۴)

''اور وہ تمہارے ساتھ ہے (خواہ) تم کہیں بھی ہو''

تقویت

قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِیْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰی (طٰہٰ:۴۶)

''فرمایا ڈرو نہیں میں تمہارے ساتھ ہوں، سنتا اور دیکھتا ہوں''

استقامت

اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ (الاحقاف:۱۳)

''جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے اور پھر اس پر ثابت قدم رہے، پس نہ ان کے لئے خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے''

یہی ایک اثاثہ ہے جسے پا کر وہ پھولے نہیں سماتا۔ ماسوا کو کسی خاطر میں مطلق نہیں لاتا، کسی مقام پہ کبھی نہیں گھبراتا اور ہر خوف سے بے خوف ہو کر اپنی منزل پہ گامزن رہتا ہے، ماشاء اللہ!

مومن کو اللہ ہی پہ بھروسہ رکھنا چاہیے۔

حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے جمیع علائق سے منقطع ہو کر اپنے اللہ کو حاضر و ناظر کافی ووافی پا کر حسبنا اللہ و نعم الوکیل کہا اور میلوں بھر بھڑکتی ہوئی آگ میں کود پڑے، آگ گلزار بن گئی اور حضرت خلیل اللہ کے ایمان کا یہ نمونہ قیامت تک مومنین کے لئے مشعل راہ بنا۔ جب تک ہم اپنے رب کی قدرت وعظمت پہ ایسا ایمان نہیں لاتے کس وکالت وکفالت کے دعویدار ہو سکتے ہیں؟

ستر بار تو بتا چکے حال ماضی کا شاہد ہے۔ جو چیز ماضی میں تھی حال میں بھی ہے۔ اگر حال میں نہیں تو ماضی میں بھی نہ تھی۔ ماضی کو دیکھنا ہو تو حال کو دیکھو۔ اور حال کو ماضی پہ فوقیت حاصل ہے ماشاء اللہ۔

روحانیت کے کمال اور اللہ پہ بھروسہ کی ایک نادر مثال

تیسری صدی ہجری میں مصر میں ایک زاہد ابوالحسن نبانؒ رہتے تھے۔ طولونی حکومت کے پہلے فرماں روا احمد بن طولون نے کسی بات پر ناراض ہو کر انہیں شیر کے آگے ڈالنے کا حکم دیا۔

عربی ادیب مصطفیٰ صادق الرافعی (متوفی ۱۹۳۷ء) ''الاسد'' کے عنوان سے یہ واقعہ تحریر کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ احمد بن طولون ایک لونڈی کے بطن سے تھا۔ اس کا باپ طولون غلام تھا۔ احمد کے مزاج میں ایک طرف عاجزی تھی تو دوسری طرف باغیانہ خیالات۔ وہ ایک بلند ہمت شخص تھا۔ اس نے شروع سے ہی تہیہ کر لیا تھا کہ وہ ذلت وغلامی

کی زندگی کو عزت کی زندگی میں بدلے گا۔اس نے لگا تار محنت کی، علم حاصل کیا اور کچھ عرصہ صوفیہ کی خدمت میں بھی حاضری دی۔رفتہ رفتہ وہ ممتاز ہو گیا یہاں تک کہ مسند شاہی تک جا پہنچا۔اس کے مزاج کی دورخی اس کے اعمال میں بھی نظر آتی تھی۔کبھی نہایت نرم ورحمدل کبھی شیطانی حرکات کا منبع۔اس نے زر کثیر صرف کر کے نامور طبیبوں کی نگرانی میں ایک شفاخانہ قائم کیا جہاں مریضوں کو لباس، ادویات، خوراک اور رہائش سرکاری خرچ سے فراہم کی جاتی تھی۔احمد ہفتہ میں تین ہزار درہم غربا و مساکین میں خیرات کرتا، رنگا رنگ کھانے پکوا کر غربا کو محل میں مدعو کرتا اور انہیں پیٹ بھر کر کھلانے سے اسے دلی مسرت ہوتی۔قرآن کریم کی تلاوت اس کا معمول تھا۔ذاکرین کا ایک بڑا گروہ اس کے محل کے اندر ایک خاص حجرے میں ذکر الٰہی میں محو رہتا تھا۔ان تمام خوبیوں کے باوجود معمولی باتوں پر لوگوں کو قتل کروا دینے میں بڑا غیر محتاط تھا۔ایسے افراد جنہیں اس نے قتل کرا دیا یا قید میں اذیت ناک زندگی گزارنے پر مجبور کیا، اٹھارہ ہزار کے لگ بھگ تھے۔

وہ ایک دن کسی بات پہ حضرت نبان رحمۃ اللہ علیہ سے ناراض ہو گیا اور انہیں شیر کے آگے ڈالنے کا حکم دیا۔

شیر بے حد قوی اور خوفناک تھا۔اس کا منہ ایسا وسیع تھا گویا کسی قبر کا دہانہ ہو اور پیٹ ایک گہری قبر۔شیخ کو چار دیواری میں بٹھا دیا گیا اور شیر کے پنجرے کا دروازہ اس چار دیواری میں کھول دیا گیا۔شیر دھاڑتا ہوا پنجرے سے نکلا۔اس کی گرجدار آواز اور ہیبت ناک آواز سے دل دہلے جاتے تھے۔شیر نے پنجرے سے نکل کر اپنے بدن کو سمیٹا۔غیظ وغضب کے عالم میں اس کے بدن کے تمام بال کھڑے ہو گئے۔وہ پوری طاقت کے ساتھ شیخ نبان رحمۃ اللہ علیہ کی طرف یوں لپکا جیسے ابھی ان کے پرخچے اڑا دے گا۔ادھر شیخ نبانؒ

گردن نیچی کئے نہایت اطمینان سے بیٹھے ہوئے تھے۔انہوں نے شیر کی طرف نگاہ اٹھا کر بھی نہیں دیکھا۔لوگ ایک وحشت ناک منظر کے منتظر تھے لیکن یہ دیکھ کر ان کی آنکھیں حیرت سے کھلی کی کھلی رہ گئیں کہ شیر حضرت شیخ نبانؒ کے قریب پہنچتے ہی اپنی ساری وحشت اور خون خواری بھول کر ان کے سامنے زمین پر ہاتھ پھیلا کر لیٹ گیا۔دوبارہ اٹھا مگر اب وہ شیر معلوم نہیں ہوتا تھا۔آہستہ آہستہ قدم اٹھاتے ہوئے وہ شیخ کی طرف چلا اور ان کے پاس پہنچ کر ان کے جسم کے ساتھ اپنا جسم رگڑنے لگا اور انہیں سونگھنے لگا جیسے ایک کتا اپنے مالک سے پیار کرتا ہے۔اس وقت شیخ یہ دیکھ رہے تھے کہ وہ ایک ایسی ہستی کے روبرو ہیں جس کے سامنے ہر بڑی سے بڑی قوت ہیچ ہے اور شیر نے اپنے سامنے ایک ایسے شخص کو دیکھا جو خوف الٰہی کے سوا کسی اور خوف سے آشنا ہی نہیں تھا۔

جس طرح شیخ میں کوئی خوف ،فکر، پریشانی اور ذاتی خواہش باقی نہ رہی تھی اسی طرح اس وقت شیر بھی اپنی خونخواری، ہلاکت خیزی اور وحشت وغضب بھول چکا تھا۔

احمد بن طولون اور دیگر خواص وعوام جو شیخ کا عبرت ناک انجام دیکھنے کے لئے وہاں موجود تھے،اس انوکھی صورتحال پہ حیرت زدہ ہو گئے۔

واقعی جو شخص اپنی گردن اللہ کے سامنے جھکا دیتا ہے،اللہ کی ساری مخلوق اس کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دیتی ہے۔ماشاءاللہ

نمونہ جب بھی کسی نے دیا اور جس چیز کا بھی دیا جان پر کھیل کر دیا، پھر وہ رہتی دنیا تک زندہ وقائم رہا۔

کرنی کا کردار ابدالآباد زندۂ جاوید

قیامت تک زندہ اور قائم رہنے والا تذکرہ ہر اعتبار سے ایک نادر نمونہ ہوتا ہے۔

قرآن کریم کا مایۂ ناز باب

مومن کا کارساز اللہ ہے اور مومن اللہ کی قدرت کا نمونہ۔

یہ سن کر ڈنکے کی چوٹ پہ سارا جنگل رقص کرنے لگا۔ ایک دھوم مچ گئی۔

ایمان جب اپنے لئے رب کو کافی ووافی اور وکیل وکفیل تسلیم کر لیتا،

ماسوا سے مستغنی و بے نیاز ہو جاتا، ماشاءاللہ!

نفیل ایک معمولی ساحق پرست تھا۔ جب اس نے ابرہہ کے ہاتھی کو کان سے پکڑ کر کہا: تو اللہ کے مقدس شہر کی حدود میں داخل ہے یہیں بیٹھ جا۔ خبردار! آگے مت چلنا..... وہیں گھٹنے ٹیک دیئے۔ فیل بانوں نے ہاتھی کو نیزے مارے، برچھے مارے، آنکس مارا لیکن ہاتھی اپنی جگہ سے بالکل نہ اٹھا۔

سمع

بصر

نطق

جب تینوں حق کے تابع ہوئے حضرت سلیمان علیہ السلام کے فرمان کو سن کر چیونٹیوں کی سردار نے چیونٹیوں سے مخاطب ہو کر کہا ''اپنے اپنے بلوں میں گھس جاؤ کہیں سلیمان علیہ السلام کا لشکر تمہیں بے خبری میں نہ روند ڈالے''

چیونٹی ناقص الخلائق نے تو تین میل کے فاصلے سے حضرت سلیمانؑ کی آمد کی آواز سنی اور میں اشرف الخلائق ہوتے ہوئے بھی پس دیوار نہیں سن سکتا۔ گراوٹ کی حد نہیں تو کیا ہے۔

انسان نے کثافت وغلاظت ورذالت کے باعث سمع، بصر اور نطق کی قوتوں کو مفلوج کیا ہوا ہے۔

مومن کبھی جھوٹ نہیں بولتا

کبھی غیبت نہیں کرتا

اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کبھی نہیں کھاتا۔

اور مومن بننا بڑا ہی مشکل کام ہے۔

وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ

''اور وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں کہیں تم ہو''

طریقت الاسلام کی ''پی ایچ ڈی'' ہے

اس مقام پہ کھڑنا تیرے میرے بس کی بات نہیں، عنایت الٰہی پہ موقوف ہے۔

یہ مقام کسبی نہیں، وہبی ہے۔ اسے اصطلاح میں مراقبہ معیت کہتے ہیں۔

غور فرمائیں کہ بدی سے بچنے کے لئے کیا یہ کافی نہیں کہ: اللہ تجھ کو دیکھتا ہے۔

کراماً کاتبین جو تیرے پاس ہیں وہ تو تجھے نظر نہیں آتے یہ درخت، یہ پتھر، یہ مٹی کے ڈھیلے..... غرضیکہ موجودات کی ہر شے تیری آواز کو سنتی اور تیرے حال پہ روتی ہے۔

اے جان من! تو جلوت میں ہے کبھی خلوت میں نہیں۔

ملائک جہادِ زندگانی کے معتبر مبصر ہیں

سوچ کر بول

سنبھل کر چل

تیری کوئی بھی شے کسی سے پوشیدہ نہیں۔

بادشاہوں کے بادشاہ رب العالمین فرماتے ہیں

قَالَ لَا تَخَافَا اِنَّنِیْ مَعَکُمَا اَسْمَعُ وَاَرٰی (طٰہٰ)

"کسی سے (بھی کبھی) مت ڈرو، میں (کل کائنات کا خالق و مالک و والی وارث) تمہارے ساتھ ہوں (جو کچھ بھی تمہارے ساتھ ہو رہا ہے) سنتا اور دیکھتا ہوں"۔

اگر جھنڈو کہہ دے فکر نہ کر، میں تیرے ساتھ ہوں تو بے فکر ہو جاتے ہیں۔ ایک بندے کی حمایت کے وعدے پہ کلیتاً مطمئن..... لیکن اللہ رب العالمین کا وعدہ جیسے کسی دیو پری کی داستان! اعتبار ہی نہیں آتا!

اے ہم نشیں! تو ہی بتلا یہ کفر نہیں تو اور کیا ہے؟ اور اسی کی بدولت ہم در در کے گدا..... ورنہ ہماری عظمت اے جانِ من! کسی بھی طرح کعبہ سے کم نہ تھی۔

اللہ فرماتا ہے..... تو جہاں بھی ہے میں تیرے ساتھ ہوں۔ مت ڈر، میں تیرے ساتھ ہوں۔ سنتا ہوں، دیکھتا ہوں۔ میں تیرے قریب تر ہوں..... شہ رگ سے بھی قریب۔ کیا تیرے لئے اللہ کا یہ فرمان کافی نہیں؟ یقیناً اللہ کبھی وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

☆ وَاِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ (البقرہ:۱۸۶)

اور (اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم!) جب میرے بندے آپ سے میری بابت پوچھیں تو (فرما دیجئے کہ اللہ کہتا ہے کہ) میں قریب ہوں۔

☆ اِنَّ رَبِّیْ قَرِیْبٌ مُّجِیْبٌ (ہود:۶۱)

بے شک میرا رب قریب ہے دعا سننے والا۔

☆ اِنَّہٗ سَمِیْعٌ قَرِیْبٌ (سبا:۵۰)

بے شک وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) سننے والا ہے قریب ہے۔

☆ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ (ق:۱۶)

اور ہم (انسان کی) شاہ رگ سے بھی اس کے نزدیک ہیں۔

o حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! کیا تو نزدیک ہے کہ میں تیرے ساتھ سرگوشی کروں یا تو دور ہے کہ میں تجھ کو پکاروں؟ میں تیری آواز کی آہٹ محسوس کرتا ہوں اور میں تجھے دیکھ نہیں رہا کہ تو کہاں ہے!

تو اللہ نے فرمایا:

میں تیرے پیچھے ہوں، میں تیرے آگے ہوں اور میں تیرے دائیں ہوں اور بائیں ہوں،

اے موسیٰ!

میں اپنے بندے کے ساتھ اس وقت ہم مجلس ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے اور میں اس کے پاس ہوتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے۔

(منتخب کنز العمال ہامش مسند امام احمد بن حنبل جلد ا صفحہ ۳۳۱)

جب تک تو خود میدان میں نہیں اترتا کوئی دوسرا کیوں کر اتر سکتا ہے؟ بندہ کسی خصلت کا نمونہ پا کر ہی اس خصلت کی پیشوائی کر سکتا ہے، مطالعہ سے نہیں۔

جب تک کسی خصلت کی تمام ضروریات ولوازمات تام نہیں ہوتیں، ناتمام رہتی ہے اور خصلت ہی کی بدولت آدمیت کو ہر مخلوق پہ شرف حاصل ہے۔

ایمان کی تائید اور اللہ جل جلالہ کے توکل پر جو بھی مجاہد کسی میدان میں اترا، اللہ نے اس کی حمایت کی۔ پوری حمایت کی۔ حمایت کی حد کر دی۔ دیکھا نہیں کہ بدر کے میدان میں جبرائیل علیہ السلام اپنے گھوڑے سمیت کفار سے لڑے۔

ایمان بھی بھلا کبھی کسی کثرت کو خاطر میں لاتا ہے۔ ''مت ڈر! میں تیرے ساتھ ہوں، سنتا ہوں اور دیکھتا ہوں'' ایمان کی تقویت کے لئے کافی ووافی ہے۔

جب وہ کچھ کرنے کے لئے میدان میں اترے، دیکھا کہ وہ ٹلنے کے نہیں، کسی بھی طرح مڑ نہیں سکتے، قدرت کے قدرتی ہاتھوں نے تھام کر کچھ بھی کرنے نہ دیا۔ جو کرنا چاہتے تھے ''کن'' کہہ کر دیا۔

شہسوارانِ طریقت عملی نمونہ دے کر یہ درس دے گئے کہ جب بھی کسی میدان میں اڑ جاؤ، اسی طرح کرو۔

وہ اللہ کا بندہ جب متوکل علی اللہ کی زرہ پہن کر میدان میں اترتا تجھے کیا بتاؤں کہ کیا ہوتا..... موت وحیات سے بے خطر اور باطل کے لئے موت کا پروانہ ہوتا۔ کسی کی بھی امداد کو کسی خاطر میں کبھی نہ لاتا۔ **اللہ معی** کا یقین ہر کسی کی امداد سے بے نیاز کر دیتا۔

جس بھی میدان میں اڑ جاتا، اکھاڑے جما دیتا۔ مدمقابل کی دھجیاں اڑا دیتا۔ بے سروسامانی کی کوئی پروانہ کرتا۔ اللہ کے سوا کسی سے بھی کوئی خوف نہ کھاتا اور نہ ہی کسی سے کوئی امید رکھتا۔ کسی امدادی بیڑے کی تو کیا، جبرائیلؑ کی فرمائش کو بھی قبول نہ کرتا..... یہ کہتا کہ میرے لئے میرا اللہ کافی ہے! اللہ کی قسم! اللہ اس کے لئے کافی ہوتا۔

جب بھی کوئی ان کی خدمت میں حاضر ہو کر کہتا کہ وہ ان کی خدمت میں اپنی خدمات پیش کرنے حاضر ہوا ہے، موقع دیجئے، کہتے: آپ کی پیش کش کا شکریہ! ہمارے لئے ہمارا اللہ کافی ہے۔ کسی اور کی ہمیں کوئی ضرورت نہیں..... جب وہ یہ کہتے اللہ کی قسم! اللہ کی رحمت جوش میں آجاتی اور اللہ کی ساری خدائی اپنی خدمات پیش کر دیتی اگرچہ وہ ان سب سے بے نیاز ہوتے!

کاش تیرے آباء کی یہ خصلت تجھ میں ہوتی اور تو ان کی تقلید کرتا۔ تیری نظریں اغیار کے امدادی بیڑوں پہ؟ افسوس!

صدقِ دل سے یہ تسلیم کر کہ اللہ رب العالمین کے سوا کسی کو بھی اور کسی بھی امر پہ کوئی قدرت حاصل نہیں۔ دنیا میں جو کچھ بھی ہوا، ہوتا ہے اور ہوگا، اللہ ہی کے امر وارادہ کے تحت ہوگا۔ یہ مومن کے ایمان کا بلند ترین مقام ہے۔ واقعات عالم اسی ایمان کی تصدیق میں رونما ہوا کرتے ہیں۔

تیرا ایمان ناقص ہے۔ حضرت ابراہیم خلیل اللہ کا سا ایمان پیدا کر..... آگ گلزار بن جائے۔ جب تک تو ایسا ایمان پیش نہیں کرتا تیری کوئی بھی جدوجہد کیا رنگ لا سکتی ہے؟ رحمت و برکات کا نزول تیرے ایمان ہی پہ منحصر ہے۔

جب تمام علائق سے کلیتاً دستبردار ہو کر اور تمام تدابیر کو بالائے طاق رکھ کر صرف ایک بار حسبنا اللہ و نعم الوکیل کہا احدیت وصمدیت ومجدیت واحسنیت کو پکارا..... آنکھ تک جھپکنے کا موقع نہ دیا۔ آن کی آن میں دہکتے ہوئے انگارے گلزار بن گئے۔

کیا تیرے ایمان کو تقویت پہنچانے کے لئے یہ کافی نہیں کہ ابرہہ کے جری لشکر کو ابابیلوں نے اور نمرود کے لشکر کو مچھروں نے مارا؟

ایمان وکفر کی چپقلش ازل سے جاری ہے ابد تک جاری رہے گی

ایمان .....غالب کفر.....مغلوب

ایمان کی قوت

نمرود کے مقابل.....مچھر

ابرہہ کے.....ابابیل

ابابیلوں سے ہاتھیوں کو مروانا تیری وہ معجزانہ قدرت تھی جو ہر تاریخ کو مات کر گئی!

اللہ نے جب بھی اپنی عظمت وعزت وحکومت وقدرت کا مظاہرہ کیا، عقل کو دنگ کر کے کیا۔ ہاتھی کے مقابل چڑیا اور جابر کے مقابل مچھر میدان میں آیا اور اس طرح ثابت فرمادیا کہ میری عظمت کے سامنے ہر چیز عاجز، میری عزت کے سامنے ہر شے ذلیل، اور میری حکومت کے سامنے ہر شے جھکی ہوئی ہے اور میں نے ہر شے کو اپنی قدرت کے مطیع کیا ہوا ہے اور کوئی بھی مخلوق اس کی نابر و منکر نہیں۔

وہ جب کسی بات پہ اڑ جاتے کبھی نہ ٹلتے۔ جیسے چاہتے اللہ کر دیتا۔

اللہ نے اپنے کسی بندے کی کسی میدان میں کنڈ لگنے نہیں دی۔ بندے کی غیرت کو اللہ نے اپنی غیرت سمجھا اور اس مضمون پہ یہ ختم الکلام ہے۔

نہ تو مالک کا ہے نہ مختار کا، اغیار کا ہے

رذیل مت بن، ذلیل مت بن۔ مالک کا بن اور مختار کا۔

وفا مالک کی عزت اور مختار کی آبرو ہوتی ہے

اغیار سے شناسائی مالک ومختار سے بے وفائی نہیں تو کیا ہے؟

اغیار یار نہیں ہوتا.....اغیار کو یار مت بنا

ہر کسی کا یار مت بن.....ایک کا بن

o

قال اللہ تعالیٰ عزوجل یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ (آل عمران ۱۰۲)

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرا کرو جیسا کہ ڈرنے کا حق ہے۔

اللہ سے کون ایسے ڈرتا ہے جیسے کہ ڈرنے کا حق ہے؟ کوئی بھی نہیں! اتنا بھی نہیں جتنا زید سے بکر۔

اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام رب السموات و الارض و رب العرش العظیم ہر جا ہر وقت ہر کسی کے پاس وساتھ ہیں لیکن کوئی بھی اسے نہ حاضر مانتا ہے نہ ناظر۔ ہم صرف جانتے ہیں اللہ حاضر وناظر ہے، مانتے مطلق نہیں۔ اگر مانتے ہوتے کسی بھی قسم کی کوئی برائی کبھی نہ کرتے۔ خرافات وواہیات سے اجتناب کرتے۔ بت کی مانند دست بستہ حکم کے منتظر رہتے۔ کسی بھی حال میں کبھی بے تکلف نہ ہوتے۔ من مانی ایک بھی نہ کرتے۔ خدائی حکم کے پابند ہوتے۔

اور اگر ایسے ہوتے اللہ اکرم الاکرمین بھی تجھ پہ اپنے فیض کے دروازے کھول دیتے، تیری قدر کرتے، تجھ سے ہم کلام ہوتے، تیری حمایت کرتے اور اے جان من! تو کیا جانے کہ اللہ کی حمایت کا کیا مقام ہے۔ تیرے اللہ بادشاہوں کے بادشاہ، تجھے ماسوا سے بے نیاز فرمادیتے۔ یہاں تک کہ..... علم وحکمت کے چشمے تیرے سینے سے جاری کرتے۔

تیرا در اکرم الاکرمین کا در

تیرا داتا بادشاہوں کا بادشاہ اور

تو منگتوں کا منگتا؟ ڈوب مرنے کا مقام ہے

اپنی حاجت، ہر حاجت، اپنے قاضی الحاجات سے مانگ..... دیا جائے گا۔ کبھی خالی نہ لوٹے گا۔

اللہ رب العالمین بادشاہوں کے بادشاہ خود فرماتے ہیں: مجھ سے مانگ، میں دوں گا..... یقیناً اللہ کبھی وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

قدرت.....امر کن فیکون

کسی ساز وسامان کی پابند نہیں۔ جو چاہتی ہے، کرنے پر آتی ہے، دم بھر میں کرتی ہے۔

دل سے مان! اللہ بادشاہوں کے بادشاہ، رب ذوالجلال والاکرام کے ملک میں کسی بھی غیر کو کسی بھی امر پہ کوئی قدرت حاصل نہیں۔ مطلق نہیں۔ جو ہوتا ہے جیسے ہوتا ہے ارادتِ ازلی ہی کے ماتحت ہوتا ہے۔

بے دل مت ہو، اللہ حاضر و ناظر ہے، دیکھتا ہے، سنتا ہے، جانتا ہے پھر یہ خوف کیسا اور گھبراہٹ کیسی؟ جو قدرت و عظمت اس دن تھی آج بھی ہے اور کل بھی ہوگی۔

وہ بھی کیا دن تھے کہ تیری نظروں میں تیرے اللہ کے سوا کسی کی بھی شان مطلق نہ جچتی۔ کوئی اہمیت نہ رکھتی۔ اور جس جاہ و حشمت کے پیچھے تو مارے مارے پھرتا ہے، تیری لونڈی بن کر تیرے حضور میں، اے اوسونے والے نوجوان! دست بستہ باریابی کے لئے منتظر رہتی اور آج تو اپنے غلاموں کے غلاموں کا غلام بنا ہوا ہے اور یہ مرجانے کا مقام ہے۔ تیری غیرت کیوں جوش میں نہیں آتی اور اس کمی کا تجھے کیوں احساس نہیں ہوتا؟ اگر تو نے اب بھی اپنی حالت نہ بدلی تو کب بدلو گے؟

نہ تدبیر پہ تکیہ رکھتے نہ تقدیر پہ۔ جس کام کا عزم کر لیتے کر کے رہتے۔ کبھی باز نہ آتے۔ اپنے عزم سے بال بھر پیچھے نہ ہٹتے حتی کہ جیسے وہ چاہتے اللہ کر دیتا۔ اگر کسی حکمت کی بنا پر تکمیل پہ گزر نہ رکھتے، جاتے وقت یہ امید لے کر جاتے کہ وہ کام ضرور ہو کر رہے گا اگرچہ کسی سے ہو۔

''کن'' ان کے عزم کا استقبال کرتی اور ضرور کرتی۔

اگر کسی میدان میں ہار بھی جاتے تو بے دل نہ ہوتے۔اس ہار کو تازیانہ عبرت سمجھ کر اپنی ہر کمی کو دور کرنے کی پوری کوشش کرتے۔ ہار کو فتح کا مژدۂ جانفزا تصور کرتے۔نصرت کیلئے اپنے ناصر کی طرف رجوع کرتے ،ناصر نصرت و فتح سے ہمکنار فرمادیتا۔

ہار کو اپنی طرف اور فتح کو فضل کی طرف منسوب کرتے۔

ہجرت کے بعد نصرت اور شکست کے بعد فتح مومن کے ایمان کا وہ ضروری جز ہے جسے کوئی جھٹلا نہیں سکتا۔

اے میرے نوجوان! اپنے آباء کی خصلت پیدا کر۔تیرے سفینے کو کوئی موج کیسے ڈبو سکتی ہے؟

یہ ہچکولے تیری بیداری ہی کے لئے ہیں۔

اے میرے مولائے کریم رؤف الرحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیاری امت کے نوجوان! تجھے اپنی کسی بھی ذمہ داری کا کوئی احساس نہیں اور تیرے آبا اپنی ذمہ داری پہ کٹ مرتے۔جب تک جان میں جان رہتی ،کبھی پیچھے نہ ہٹتے۔کاش ان کی یہ خصلت تجھ میں ہوتی!

تیری کسی بھی چیز میں کوئی کمی نہ آئی۔تیری ہمت جوں کی توں ،قوت قائم ،عزم جوان ، ولولہ تازہ اور ذوق وشوق اسی طرح انگڑائیاں لے رہا ہے۔تیری ہر صلاحیت برقرار ہے۔

اے میری جان! تو صرف سویا ہوا ہے اور یہی دانائے راز مبصرین کا متفقہ فیصلہ ہے۔

یہ سمجھ میں نہیں آتا کیسے جاگو گے اور کون جگائے گا۔ ہم صرف اتنا جانتے ہیں کہ اللہ جگائے گا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام جب کسی قوم پہ اپنا کرم فرماتے ہیں تو اس قوم کے نوجوانوں کے دلوں میں احساس بیداری پیدا کر دیتے ہیں۔

یااللہ! ہمارا یہ معاملہ تیری ''کن'' کا محتاج ہے۔

یہ احساس پیدا کر

احساس زیاں اور

احساس ذمہ داری

یہی دونوں خصلتیں قومی تعمیر وترقی کے بنیادی اور ناگزیر اصول ہیں۔ جس بھی قوم نے دنیا میں ترقی کی انہی کو اپنا کر کی۔

احساس زیاں، احساس ذمہ داری کی اساس اور محفوظ مستقبل کا ضامن ہے۔ جب قوم کو اس حقیقت کا شعور حاصل ہو جاتا ہے اس کا مستقل کامیابیوں سے ہم کنار ہو جاتا ہے اور یہ ایک بہت بڑی نعمت ہے۔

فرض شناس، ذمہ دار اور دیانتدار، رات کو کھانا کھا کر نہیں بلکہ دن بھر کا کام ختم کر چکنے کے بعد سویا کرتے ہیں۔ جب تک دن کا کام پوری طرح ختم نہیں کر لیتے کبھی نہیں سوتے اگرچہ صبح طلوع ہو جائے۔

جس قوم کے عوام میں ذمہ داری کا شعور پیدا ہو جاتا ہے، ترقی کی منزلیں اس کے قدم چومتی ہیں اور کوئی رکاوٹ اس کی راہِ عمل میں حائل ہونے کی جرأت نہیں کر سکتی۔

فرض شناس بن، یہی تقلید ہے۔

جس طرح ہر انسان اپنے رہنے کے لئے گھر، کھانے کے لئے خوراک اور پہننے کے لئے لباس کا آپ ذمہ دار ہے، اسی طرح ہر انسان اور ہر قوم اپنی اصلاح کی بھی آپ ہی ذمہ دار ہے۔

جب کوئی آدمی یا قوم اپنی اصلاح کا تہیہ کر لیتی ہے، اللہ اسے اسی وقت ضروری اسباب عنایت فرما دیتے ہیں۔

جب تک کوئی آدمی یا قوم اپنی اصلاح کا عزم بالجزم نہیں کرتی، کوئی دوسرا بھی کچھ نہیں کر سکتا۔

جس آدمی یا قوم نے دنیا میں ترقی کی، اسی اصول کے ماتحت کی۔ کسی دوسرے کو کسی کے لئے کوئی عمارت بنانے کی کیا ضرورت؟

انسانیت کی تعمیر کے معمار کا درجہ، انسانیت کی تعمیر پہ موقوف ہوتا ہے اور انسانیت کی تعمیر انسانیت پہ سب سے بڑا احسان ہے۔

مادیات کی حیرت انگیز ایجادات شب و روز کی محنت ہی کا ثمر ہیں۔ اتنی ہی محنت اگر انسانی کردار کی تعمیر و تشکیل کے لئے کی جاتی، انسانیت کا بول بالا ہو جاتا، مادیات بھی اپنے مقام پہ برقرار رہتی۔

عقل نے نافع الخلق ایجادات کیں اور تو مقامات کی الجھن میں الجھ گیا۔ ایسا الجھا کہ سلجھنے کی امید تک باقی نہیں۔

اگر کما حقہ، اوامر و نواہی پہ کاربند ہوتا، دین بھی فیض کے دریا بہا دیتا۔

جب کوئی قوم کسی اخلاق کو اپنا لیتی ہے اللہ اسے دانائی (حکمت) بخش دیتا ہے۔

پھر اسے ترقی کرنے کے لئے سرمائے کی ضرورت ہوتی ہے، پہلے ہی روز نہیں۔ اور جو سرمایہ

جس قوم کے لئے ضروری ہوتا ہے، اللہ اسے دیتا ہے۔ اللہ کے لطف و کرم سے ہمارے کہسار اپنی اپنی وادیوں میں موتیوں کے ڈھیر لئے بیٹھے ہیں اور کسی بھی چیز کی کوئی کمی نہیں۔ ہر شے کے خزانے بھرے پڑے ہیں ماشاءاللہ۔

دانائی.....نبوت کا بہترین جزو

دانائی بزرگی کا اہم ترین جزو ہے

ہر دانا بزرگ نہیں ہوتا مگر ہر بزرگ دانا ہوتا ہے

یہ دونوں صفات (دانائی و بزرگی) لازم و ملزوم ہیں۔ ہر قوم کی صلاح و فلاح انہی دو صفات پہ مبنی ہے۔

اگر ان دو میں سے کوئی ایک صفت، دانائی ہو یا بزرگی، علیحدہ ہو جائے تو وہ قوم اپنی بلندی سے گر جاتی ہے۔

ہم سے بہتر دانائی کس کو عنایت ہوئی؟ کسی کو بھی نہیں۔ علم و حکمت اور عشق و رقت کا جو باب ہم پہ کھلا، وہ ہم سے پہلے کسی پہ بھی کبھی نہیں کھلا۔ ارسطو اگر اس دور میں ہوتا، گھٹنے ٹیک دیتا۔

ف: ہم سے مراد ''میں'' نہیں، اسلام ہے۔

اے قوم! تجھے کائنات کی تربیت کا معلم بنا کر بھیجا گیا ہے۔

تو کائنات کا معلم ہے، نہ کہ کائنات تیری۔

ہماری تہذیب، ہمارا تمدن، ہمارا اخلاق اور ہماری ہر شے ہر اعتبار سے اور ہر لحاظ سے ساری دنیا سے بہتر اور اعلیٰ ہے۔ ہم علم (و حکمت) کے کسی بھی معاملہ میں کسی غیر کی طرف کبھی متوجہ نہیں ہوتے۔ ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے اور بتائے ہوئے

علم وحکمت کے سوا ہماری دنیا میں کسی کی بھی بات کی کوئی قدر و قیمت نہیں۔ اگر کسی نے کوئی علم وحکمت کی بات کہی ہمارے پاس اس سے کہیں بہتر بات موجود ہے۔ ہم سے پہلے جس کسی نے بھی علم وحکمت کا پرچار کیا ہمارے علم وحکمت نے ان سب کو مات کر دیا۔ ہمارے علم وحکمت کی موجودگی میں کسی کا کوئی علم وحکمت کوئی معنی نہیں رکھتا۔

تعصب شیطان کا ایک بڑا ستون ہے جس کو اس نے کبھی گرنے نہیں دیا۔ شیطان کیسے کیسے بندوں کو بہکاتا، دلفریب باتوں میں پھنسا کر راہ سے دور لے جاتا ہے۔ ارسطو اپنے زمانے کا مانا ہوا حکیم تھا لیکن اس کی حکمت ہماری کسی حکمت کے مقابلے میں کوئی درجہ نہیں رکھتی۔ مغربی غیر مسلم مفکروں نے ہماری حکمت سے اخذ کر کے وہ باتیں ارسطو سے منسوب کر دیں پھر اس بے چارے کو دنیا کی اسٹیج پہ دوبارہ لا کھڑا کر دیا ورنہ علم وحکمت کا جو سرچشمہ اسلام نے جاری کیا، کہیں بھی کسی نے نہیں کیا۔

اے ہمنشیں! افسوس! تیرے مولا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''میں علم کا شہر ہوں اور علی کرم اللہ وجہہ اس کا دروازہ ہے'' تو نے علی کرم اللہ وجہہ کی کبھی کوئی بات نہیں سنی اور تو نے اپنے مولا صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی بات کبھی نہیں سنی اور تو نے اپنے مولا صلی اللہ علیہ وسلم کی کبھی کوئی بات نہیں مانی۔ اس حال میں تجھ پہ افسوس نہ ہو تو کیا ہو اور وہ علم وحکمت جو تیری میراث ہے کیوں کر تجھے ملے؟

کیا کسی نے کبھی اس عظیم نکتہ پہ غور بھی فرمایا کہ اللہ رب العالمین نے سب سے پہلی وحی کا پہلا لفظ جو حضرت جبرائیلؑ کو دے کر اپنے حبیب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں غار حرا میں بھیجا..... اقرا ہے..... یعنی ''پڑھ''۔

معلوم ہوا تمام تعلیمات کے حصول کا واحد انحصار پڑھنے پہ ہی موقوف ہے۔

جس نے بھی جو حاصل کیا، پڑھ کر ہی کیا۔

علم وحکمت اور عشق ورقت کے چشمے تعلیم ہی کے منبع سے پھوٹا کرتے ہیں۔

پڑھ کر ہی قطب بنا اور پڑھ کر ہی قلندر۔ پڑھ کر ہی جج بنا اور پڑھ کر ہی جرنیل!

بندے کو بندے پہ پڑھنے ہی کی بدولت شرف حاصل ہے۔

o حضرت ابو امامہ باھلی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس واکمل، اکرم واجمل، اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں دو شخصوں کا ذکر ہوا۔ ایک عابد تھا ایک عالم، جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عابد پر عالم کو ایسی ہی فضیلت حاصل ہے جیسی میری فضیلت تم میں سے سب سے معمولی آدمی پر۔ پھر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ سبحانہ، اس کے فرشتے، آسمانوں والے اور زمین والے یہاں تک کہ چیونٹیاں اپنے بلوں میں اور مچھلیاں (پانی میں) اس شخص پر درود بھیجتی ہیں جو لوگوں کو بھلائی کی تعلیم دیتا ہے۔

o میں نے حضرت ابو عمار رضی اللہ عنہ کی زبانی حضرت فضیل بن عیاض رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے سنا کہ عالم باعمل کو، جو لوگوں کو تعلیم دیتا ہے، آسمان کی ملکوت میں کبیر (یعنی بڑا) کہہ کر پکارا جاتا ہے۔

(ابو امامہ باہلیؓ، ترمذی شریف جلد دوم)

o حضرت قیس بن کثیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مدینہ سے ایک شخص ابو درداء رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، آپ اس وقت دمشق میں تھے۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ بھائی! تم یہاں کیسے آئے؟ (یعنی کس غرض کے لئے آئے) اس نے کہا ایک حدیث (سننے) کے لئے جس کے بارے میں مجھے پتہ چلا ہے کہ آپ اسے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان

کرتے ہیں۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم کسی اور ضرورت سے تو نہیں آئے؟ اس نے عرض کیا جی نہیں۔ آپ نے پوچھا تجارت کی غرض سے نہیں آئے؟ اس نے کہا جی نہیں۔ آپ نے فرمایا تو کیا تم صرف اس حدیث کی طلب میں آئے ہو؟ (اس نے کہا ہاں آپ نے فرمایا تو لو سنو!)

میں نے حضور اقدس و اکمل، اکرم و اجمل، اطیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو شخص علم کی تلاش میں کوئی راستہ طے کرے گا، اللہ تعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام اسے ایسے راستے پر لے چلے گا جو بہشت کو جاتا ہے اور فرشتے علم طلب کرنے والے کے لئے اپنے پر بچھاتے ہیں اور عالم کی ہستی ایسی ہستی ہے کہ آسمان اور زمین میں جتنے جاندار ہیں سبھی اس کی بخشش کی دعا کرتے ہیں یہاں تک کہ پانی کی مچھلیاں بھی۔ اور عالم کی فضیلت عابد پر ایسی ہے جیسے چاند کی باقی ستاروں پر۔

علماء پیغمبروں کے وارث ہیں اور پیغمبروں نے ترکہ میں نہ دینار چھوڑا نہ درہم۔ انہوں نے تو اپنے ترکہ میں صرف علم چھوڑا سو جس نے یہ لیا اس نے بڑا حصہ پایا۔

(قیس بن کثیرؒ، ترمذی شریف جلد دوم)

انسانیت کی برتری علم ہی کی بدولت ہے۔ انسان اور جانور میں علم ہی کا فرق ہوتا ہے۔ علم و حکمت اور عشق و رقت کے چشمے علم ہی کی بدولت پھوٹے۔ جہاں علم جلوہ افروز نہیں ہوتا، روٹی پانی کے سوا کسی کے پاس کچھ بھی نہیں ہوتا۔

ملکی، قومی اور مذہبی ترقی کا انحصار تعلیم پہ اور تعلیم کا نصاب اور نصاب کا شخصیت پہ موقوف ہوتا ہے۔ گویا تعلیم کے لئے نصاب اور نصاب کے لئے شخصیت کا ہونا لازم و ملزوم ہے۔ قومی کامیابی کے لئے عوام کا تعاون ضروری ہے ورنہ کوئی ملک اور کوئی قوم کبھی ترقی

نہیں کرسکتی۔

کسی بھی ادارے کو چلانے کے لئے روپوؤں کی نہیں، شخصیت کی ضرورت ہوتی ہے اور شخصیت جذبے کے تحت محوِعمل ہوتی ہے۔ جب تک جذبہ قائم رہتا ہے، ادارہ قائم رہتا ہے۔ اللہ کرے تعمیری اداروں کے معماروں کے جذبات کبھی کم نہ ہوں اور کبھی خم نہ ہوں ماشاءاللہ!

کائنات کی تعمیر میں جذبہ کا پہلا نمبر ہے۔ جس بھی تعمیر میں جذبہ رونق افروز نہیں ہوتا، کامیاب نہیں ہوتی۔ جذبہ انعام واکرام سے مستغنی و بے نیاز ہوتا ہے۔ اپنے کام کی تکمیل کے سوا کسی اور طرف کبھی متوجہ نہیں ہوتا۔ جذبہ معمار پہ سوار ہوتا ہے جب تک اپنا کام ختم نہ کرلے، آرام نہیں کرنے دیتا۔

جذبہ ایک وہبی خصلت ہے۔ خالق کی عنایت سے مخلوق کو ودیعت ہوتا ہے اور .....ذوق وشوق جذبہ ہی کے مختلف مدارج ہیں۔ جذبہ جب جنون کے مقام پہ پہنچتا ہے، عشق بن جاتا ہے اور عشق ہر منزل کا میرِ کارواں ہے۔

جذبہ وجنون مکتبۂ عشق کے متعلم اور زندگی کے گوہر ہیں۔

جذبہ اللہ کی وہ قوت ہے جسے کوئی پھاند نہیں سکتا۔

جذبہ فرد وملت کی زندگی کی روح رواں ہے۔ جس میدان میں بھی جذبہ بیدار ہوا فتح و نصرت کے جھنڈے لہرانے لگے، پہاڑ تھرتھرانے لگے، ہوائیں موافق چلنے لگیں، حالات نے پلٹا کھایا۔

یہ زندگی وفا کا میدان ہے۔ وفا کے میدان میں وفادار بن اور وفا کے علَم کو بلند کر۔ انتہائی بلند۔ اور یہ علم جیتے جی کبھی گرنے نہ پائے حتی کہ توریزہ ریزہ ہوجائے۔

تیرا جوش رندانہ سرد ہو گیا اور تجھے اس کمی کا احساس تک نہیں۔ آج کسی بازار میں تیری کوئی قدر و قیمت نہیں۔

وہ بھی کیا دن تھے کہ تو لعلوں سے مہنگا بکتا تھا۔ جب کبھی تو نعرہ زن ہوتا، بحر و بر کانپ اٹھتے۔ فلک تیور بدلتا اور کروبیاں انگشت بدنداں ہوتے۔

آج تجھے کیا ہو گیا، تیرا جذبہ کہاں کھو گیا؟ اگر کوئی تیری غیرت کو للکارتا تو دم بھر کی بھی مہلت نہ دیتا۔ کسی بھی قوت کو کبھی خاطر میں نہ لاتا۔ نہ ہی کسی امداد کی مطلق پروا کرتا۔ بلا سوچے سمجھے پہاڑوں سے ٹکرا جاتا۔ چٹانوں کو ہلا دیتا۔ کسی کثرت سے خوف نہ کھاتا۔ اگر کسی میدان میں اڑ جاتا، اللہ اللہ، کشتوں کے پشتے لگا دیتا۔ آج تیری غیرت کی کوئی داستان کسی بازار میں نہیں ملتی، تیری غیرت کو کیا ہو گیا؟

غیرت جب قوت کے مدمقابل کمر بستہ ہوئی، تاریخ کو مات کر گئی۔

ایک کیمپ میں دو ڈوگروں نے ایک بوڑھے مہاجر کی لڑکی کو ابھی بازو سے پکڑا ہی تھا کہ پولیس کے ایک نوجوان نے جو پاس ہی چولھے پہ بیٹھا اپنے بچوں کے لئے روٹی پکا رہا تھا، جلتی ہوئی ایک کھلپاڑ کو اس زور سے اس کے سر پہ مارا کہ ایک ہی وار سے وہ جہنم جا پہنچا۔ اسکے ساتھی نے جو دیکھا تو فوراً اس سپاہی کو گولی ماردی اور وہ اسی مقام پہ، جہاں غیرت نے قوت کو پچھاڑا تھا، جامِ شہادت نوش کر گیا۔ اس واقعہ کے بعد پھر کسی کو کیمپ کے اندر داخل ہونے کی جرأت نہ ہوئی۔ غیرت کا یہ ایک واقعہ سارے کیمپ کی آبرو کا امین بن گیا!

غیور کو ہی غیرت ہوتی ہے کہ اس کی

بہن

بیوی

بیٹی

کو اس کے سوا کوئی نہ دیکھے۔

خیانت بدترین خصلت ہے اور اللہ اسے خوب جانتا ہے جو خیانت کرتا ہے۔ کوئی بھی شے اللہ سے پوشیدہ نہیں۔ نامحرم کو دیکھنا عین خیانت۔

خیانت کے باعث عبادت کی لذت سے محروم۔

دنیا میں گنتی کے چند آدمی ہوتے ہوں گے جو آنکھوں کی خیانت سے پاک ہوتے ہیں۔

آنکھیں جب پاک ہو جاتی ہیں، شمشیرِ برہنہ بن جاتی ہیں۔ نورِ مبین کا پرتو!

اسلام کی سب سے بڑی صفت حیا ہے۔ جس آنکھ میں حیا ہے اللہ کی آنکھ ہے۔ ہر آنکھ سے نرالی، شوخ و بے باک۔ وہی آنکھ نور کے جمال کی مستی میں مدہوش ہے۔ جس طرف اٹھ جاتی ہے دم میں دم آجاتا ہے۔ ہر دل کو موہ لیتی ہے۔ یہی آنکھ مومن کی تلوار ہے، اس کا وار کبھی خالی نہیں جاتا۔ یہ آنکھ برق ہے دلوں کا قرار چھین لیتی ہے۔ مہرِ جمال بھی ہے اور قہرِ جلال بھی۔

جینے والے! کسی ایسی خصلت کا مظاہرہ کر جو کبھی باطل نہ ہو، آخر تک زندہ و قائم رہے۔

خصلت کی تبلیغ نہیں ہوتی، خصلت بذات خود ہی تبلیغ ہوتی ہے۔

اگر کوئی کسی کی ایک بات کو، صرف ایک بات کو، کما حقہ مان لے، مظہر العجائب کا نمونہ بن کر اوج ثریا پہ چمکے۔

نمونہ تلقین کا محتاج نہیں ہوتا

نمونہ کسی کا بھی ہو کبھی رد نہیں ہوتا۔ معیار کے مطابق زندہ رہتا ہے۔

وفا اور عطا کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ جہاں وفا ہے وہاں عطا ہے۔

تیری کس وفا پہ کوئی کیا عطا کرے؟ اہل وفا عطا سے بے نیاز ہوتے ہیں۔ وفا بذات خود ایک عطا ہے۔

وفا پہ عطا ہے

قول سے پھر جانا بندے کی سب سے بڑی کمزوری ہے

قول و قرار ہی کی برکت و عظمت سے ارض و سما قائم ہیں۔

قول پہ استقامت نزول برکات کا انسب معمول ماشاء اللہ!

''آپ کا غلام'' کہنے اور لکھنے کو ہم نے ایک شیوہ بنایا ہوا ہے ہر کوئی ہر کسی کو اپنے تئیں غلام قرار دے کر مطمئن ہو جاتا ہے حالانکہ کہیں کبھی کوئی کسی کا غلام ہوتا ہے؟ البتہ ہر کوئی اپنے نفس کا ضرور غلام ہوتا ہے۔

غلام وہی ہوتے ہیں جو ابدی ہوتے ہیں کبھی ناکام نہیں رہتے۔

ابدی غلام، فائز المرام۔

شاہی تمکنت کے جمال کے امین ہوتے ہیں، اہل وفا ہوتے ہیں اور پرلے درجے کے غیور ماشاء اللہ۔ سچ پوچھو تو بے حد غیور، انتہائی لاپروا۔ کسی کی کوئی پیش کش، بڑی سے بڑی پیش کش، ان کی نظر میں بالکل نہیں جچتی، کوئی وقعت نہیں رکھتی..... ٹھکرا دیتے ہیں۔

خاکروبی کے اعزاز میں مگن ہو کر کسی کو خاطر میں نہیں لاتے۔

خاکروبی تیری نظروں میں کوئی وقعت نہیں رکھتی لیکن بادشاہ کے حضور میں جو قرب خاکروب کو حاصل ہوتا ہے کسی بڑے سے بڑے اہلکار کو بھی نہیں ہوتا۔ خاکروب کی رسائی حرم سرا تک ہوتی ہے۔

دربار میں جو مرتبہ بھنگی کو حاصل ہے، کسی بھی اہلکار کو نہیں۔

شاہی آداب کا کون متحمل ہوسکتا ہے؟ شاہی آداب کی پابندی آزادی کا خاتمہ ہے۔

اعتماد.....غلام کی صفات کا سردار ہے۔

بڑے میاں! جس عنایت کی جستجو میں بڑے بڑوں کی عمریں گزریں، شاہی دسترخوان کے خدام کے لئے یہ عنایت ایک عام چیز ہوتی ہے۔

شاہی دسترخوان کا پس خوردہ غلام ہی کی ملک و میراث ہوتا ہے اللہ اللہ! ماشاءاللہ!

اور یہ عنایت روز ہوتی ہے۔

شمسؒ نے رومیؒ کو پس خوردہ ہی سے نوازا۔ سرخ شراب کی ایک بچی ہوئی گھونٹ سے..... جسے رند تلچھٹ کہتے ہیں۔ اگر دودھ کی آمیزش نہ ہوتی کپڑے پھاڑ کر جنگل کو نکل جاتا۔

قبیلہ مضر کا ایک گمنام بدو فیروز مولائے علی کرم اللہ وجہہ کی غلامی سے مشرف ہوا۔ وفا کی ادائیں مولا کو بھا گئیں حتی کہ کربل کے میدان میں شہزادہ کونین رضی اللہ عنہ کی معیت میں شہید ہو کر اہل بیت میں شمار ہوا۔

اللہ اللہ یہ کیا تھا؟ وفا کا ایک اعجاز!

مقامِ عظمت حدِ وفا کا اعزاز، ماشاءاللہ!

جفا اہلِ وفا کی ضد ہے اور وفا اہلِ وفا کی آن!

اہلِ وفا جان دے دیتے ہیں، سرِ بازار لُٹ جاتے ہیں لیکن کبھی بے وفائی نہیں کرتے۔

وفا کے میدان میں ثابت قدم رہنا ہر کس و ناکس کا کام نہیں۔

سبحان اللہ ماشاءاللہ! اہلِ وفا آن بان سے اس میدان میں اترے اور بازی لے گئے۔ ان کے کارنامے تاریخ میں آبِ زر سے لکھے جانے کے قابل ہیں اگرچہ وہ ان سے بے نیاز ہیں۔ ان کی وفاؤں کی زندہ اور تابندہ مثالیں اقوامِ عالم کے لئے رشد و ہدایت کا موجب اور باعثِ افتخار ہیں۔ کس کس کے اور کون کون سے کارناموں کا ذکر کیا جائے؟ ہر کارنامہ ایک سے ایک بڑھ کر انوکھا اور نرالا ہے۔

اہلِ وفا تحسین و تنقیص، شہرت و مذمت، وہب و سلب اور قبض و بسط غرض کسی بھی شے کی مطلق پروا نہیں کرتے۔ دل شکنی ہو یا دلنوازی، ہر دو سے بے نیاز ہوتے ہیں۔ ان کی اپنی کوئی مرضی نہیں ہوتی۔ اُن کی مرضی ہی اِن کی مرضی اور اُن ہی کی رضا اِن کی ادا ہوتی ہے۔

وفا شعاری ان کا مسلک اور وفا کیشی ان کا مذہب ہوتا ہے۔

ارباب وفا کا شیوہ، شکوہ نہیں، تسلیم ہے

تنقید نہیں، تعظیم ہے

تحقیر نہیں، تکریم ہے

وفا سے بہتر کوئی طاعت نہیں

وفا سے برتر کوئی نعمت نہیں

وفا سے فزوں تر کوئی سعادت نہیں اور

وفا سے بڑھ کر اور کوئی خصلت نہیں۔

انسانیت کی تکمیل کا دارومدار اور عزوشرف کا انحصار وفا ہی پر موقوف ہے۔ان کے بغیر فرد ہو یا قوم، کبھی تکمیل کے مدارج طے نہیں کرسکتی۔اس کے بغیر حیات بے کیف اور موت صدحیف ہے۔اللہ تبارک وتعالیٰ قومی ملی وفا کی نعمت عنایت فرمائے! آمین

حاضرین میں سے ایک نے پوچھا کہ وفا کسے کہتے ہیں؟ کہا ایفائے عہد وفا کی جڑ ہے۔اپنے قول کو پورا کرنا اور کسی بھی حال میں اپنے قول سے کبھی نہ پھرنا وفا ہے۔کسی ایک در پہ بیٹھ کر پھر جیتے جی کبھی نہ اٹھنا۔کسی سے کوئی تعلق ایک بار جوڑ کر پھر کبھی نہ توڑنا۔کسی کا بن کر پھر ہمیشہ اسی کا رہنا۔کسی ایک کا ہو جانا اور پھر ہمیشہ اسی کا بنے رہنا۔جس در پہ ایک بار دھونی رما دینا پھر ہمیشہ رمائے رکھنا۔کوئی لالچ کوئی تحریص، کوئی دباؤ، کوئی دھمکی یا انعام اس کی توجہ کو کسی اور طرف کبھی مبذول نہ کرسکے اور نہ ہی جذب کو متزلزل اور کشش کو زائل کرسکے اگرچہ زمین وآسمان کی طنابیں ٹوٹنے لگیں۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام کا یہ قول کہ.....اے میرے باپ جس طرح بھی آپ کو اللہ رب العالمین کی طرف سے کرنے کا حکم ملا ہے کر ڈالیے انشاءاللہ مجھ کو صبر کرنے والوں میں سے پاؤ گے.....اللہ تبارک وتعالیٰ کو کون ومکان کی مخلوق کے اعمال سے مقبول ومحبوب ہے۔حضرت اسماعیل علیہ السلام نے جو بھی کہا دل سے کہا، سچ کہا اور اس پہ ثابت قدم رہے ذرا بھی نہ ڈگمگائے۔اللہ العلی العظیم نے ان کے اس قول کو اپنی کتاب قرآن عظیم میں

قیامت تک پیدا ہونے والے جن وانس کی رہنمائی کے لئے ثبت فرمایا۔

نگار خانۂ دہر میں کرنی کے سوا کوئی اور تذکرہ باقی نہیں رہتا۔ بندے آتے رہتے ہیں اور جاتے رہتے ہیں کسی کی کوئی یاد باقی نہیں رہتی۔ جس بندے کا کوئی عمل اللہ کے ہاں مقبول ہو جاتا ہے اللہ اسے بندوں کی زبانوں پہ زندہ رکھتے ہیں۔ بندہ مٹ جاتا ہے، کرنی (کارہائے نمایاں) کبھی نہیں مٹتی۔

کامیاب ہونے والوں کی راہ پر چل کر ہی بندہ کامیاب ہوسکتا ہے
کامیابی کا راز..... کامیاب ہونے والوں کی راہ اپنانے میں ہے
یہی راہیں..... کامیابی کی راہیں۔

☆ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا: اور عہد کو پورا کرو۔ بے شک عہد کے بارے میں (قیامت کو) باز پرس ہوگی۔ (بنی اسرائیل: ۳۴)

o حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

قیامت کے روز ہر عہد شکنی کرنے والے کے لئے ایک جھنڈا ہوگا، کہا جائے گا کہ یہ فلاں شخص کی عہد شکنی کی علامت ہے۔ (دارمیؒ)

عہد کا پابند ہو..... کامیاب انشاءاللہ

ایک عہد ایک جھنڈا ہے، جب تک عہد قائم رہتا ہے، جھنڈا جھولتا رہتا ہے۔
بندہ جب عہد سے پھر جاتا ہے، جھنڈا گر جاتا ہے۔ گویا عہد جھنڈا اور ایفاً ستون ہے۔

جھنڈا ستون پہ جھولتا ہے۔ جب ستون ہی نہیں، جھنڈا کیسا؟

عہدِ الست کا امین بن!

اسی ذوق وشوق اور جذب ومستی کے عالم میں سرشار ہو کر نگار خانۂ دہر میں ''قالوا بلی'' کے اقرار کا عملی نمونہ پیش کر.....کامران ماشاءاللہ!

زبان سے اقرار تو ہو چکا، دل سے تصدیق کر:

اللہ اللہ ربی لا اشرک بہ شیئاً

عام زندگی عام ہوتی ہے۔زندگی جب عہد و پیمان کی پابند ہو جاتی ہے، خاص ہو جاتی ہے، خاص الخاص ماشاءاللہ۔

عہد جب زندگی پہ چھا جاتا ہے، دم بھر کے لئے بھی سر کھجلانے کی فرصت رہنے نہیں دیتا۔محو و منہمک فرما کر جس بھی خصلت کی تشریح چاہتا ہے ''التام'' کی جملہ لغات کا امین بن کر منصۂ شہود پہ جلوہ نمائی کرنے لگتا ہے۔

یَا تَامُّ

اللہ کے سوا کوئی تام نہیں کہلا سکتا

اللہ جب کسی خصلت کا اتمام فرماتے ہیں، تام سے مشرف فرما کر تام فرما دیتے ہیں۔تام وہ ہے جو کبھی ناتمام نہ ہو، لغت کے اعتبار سے زندہ اور قائم رہے۔

کسی خصلت کا نمونہ فوق الوریٰ ہوتا ہے۔ہر نمونے کو مات کر دیتا ہے۔

جس نے بھی کسی خصلت کو اپنایا، دنیا بھر میں مہک اٹھی۔

کسی بھی خصلت کا باب کبھی محو نہیں ہوتا، کہکشاں کی طرح جگمگا تا رہتا ہے۔

عہد آدمیت وانسانیت وبشریت کی جان۔اور ذکر عہد ہی کی بدولت زندہ وقائم۔

جو زندگی کسی عہد کی پابند نہیں، کوئی زندگی نہیں آوارہ ہے
زندگی عہد سے بہرہ ور ہو کر زندگی کہلائی۔

عہد اپنے وعدہ کا مطالبہ کرتا رہتا ہے۔ جب تک اس پہ پورا نہیں اترتا، کبھی آرام سے سونے نہیں دیتا۔ بے چین رکھتا ہے اور بے قرار۔

عہد اپنے وعدہ سے جنگ کرتا رہتا ہے۔ جب تک اسے ہرا نہیں دیتا، جنگ جاری رہتی ہے۔

عہد ایک وجود ہے.....قوی العمل وجود
جب پوری طرح چھا جاتا ہے، ہر عہد کا کفیل بن جاتا ہے
عہد جب اپنے عہد پر پہرہ دار کی طرح ڈٹ جاتا ہے، ہر عہد کا محافظ ہو جاتا ہے۔

عہد اپنے وعدہ کی وفائی کا امین ہوتا ہے اور جب تک عہد اپنے وعدہ پہ پورا نہیں اترتا، کوئی تحریر و تقریر اسے مطمئن نہیں کر سکتی۔

ایک عہد کی پابندی ایک ولایت ہے۔
ایمان ایک ولایت ہے۔ عام مسلمان کو ادنیٰ درجہ کی ولایت حاصل ہے
اعلیٰ درجہ کی ولایت عہد کی پابندی کی تکمیل کا اعزاز ہے۔
عہد آدمیت و انسانیت و بشریت کی آبرو کا امین اور امتیازی نشان ہے۔
عہد ایک وجود ہے۔ قوی الجسم وجود۔ جب تک قائم رہتا ہے، ہر شے قائم رہتی ہے، کبھی نہیں گرتی۔

عہد اطمینان.....عہد ایک چٹان، جسے کوئی طوفان کبھی نہیں گرا نہیں سکتا، نہ ہی اپنے مقام سے ہلا سکتا ہے۔

عہد پہ استقامت.....علم وحکمت اور عشق ورقت کا سرچشمہ

باقیات الصالحات کا منبع

اللہ کو پسند

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند

مخلوقِ عام کو پسند

فطرت کو پسند

کوئی بھی اس کا منکر نہیں

باب نرالا

عنوان انوکھا

ادا دل پسند

عجائب کا مخزن

غرائب کا معدن

شیخیت کا عمامہ ودستار

اور زندگی کا ابر گوہر بار ہے۔

وما علینا الا البلاغ

جس نے بھی پایا

عہد ہی پہ استقامت کی بدولت پایا

عہد ..... استقامت کا اور

استقامت عہد کی ضامن ہوتی ہے۔

یہ ضمانت مقبولِ الٰہی ہو کر

فضل عظیم کی تفسیر بن جاتی ہے۔

کرامت مت دیکھ،

عہد پہ استقامت دیکھ۔

عہد پہ استقامت فوق الکرامت۔

عہد سے پھرنا..... الامان الامان الامان

علم نے عہد کی فضیلت کا انکشاف کیا

لیکن عمل اس پہ کاربند نہ ہوا۔

کر لیتا تو کسی بھی طرح

قرونِ اولیٰ کے کسی فیض سے محروم نہ رہتا۔

علم نے تفاسیر و خطبات کی حد کر دی،

عمل نے ایک نہ مانی

اگر مان لیتا، علم کا مقصد حل ہو جاتا۔

علم میں کوئی کمی نہیں ..... وریٰ الوریٰ

عمل ..... ناقص

اور نقص مستحسن نہیں ہوتا۔

اللہ ہمیں علم پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

بدعہد..... بے وفا

بدعہدی اور بے وفائی سے بدتر اور کوئی بدی نہیں

عہد کا پابند..... باوفا

عہد کی وفا میں عظمت کا ظہور

یہ کیا عہد و پیمان ہیں؟ بنی آدم کی تاریخ میں چند قول زندہ ہیں..... جو زندہ نہ رہے وہ کیا تھے؟

میرے اللہ نے فرمایا: اے بنی آدم! عہد و پیمان پہ ثابت قدم رہ!

یہ اتنے قوی ہیں اور کڑے کہ دم مارنے کی گنجائش نہیں،

یہ شاہ مہرہ ہے، اسے اپنا!

بندے کا قول و قرار پہ ثابت قدم رہنا اللہ ہی کی عنایت ہوتا ہے وما توفیقی الا باللہ لاقوۃ الا باللہ۔

قول و قرار دنوں تک محدود نہیں ہوتے، قیامت تک قائم و دائم رہتے ہیں، کسی نہ کسی خصلت کا عنوان ہوتے ہیں اور انہی کی بدولت سرفراز۔

خصلت کی تمکنت کبھی ماند نہیں پڑتی، چاند کی چکور بن کر فضا میں پرواز کیا کرتی ہے، کبھی بلبل بن کر ارم کی سیر۔

تیرے وہ پُر اسرار بندے آج تیری دنیا میں کہاں چھپ گئے، کسی میدان میں کہیں نظر نہیں آتے؟ دنیا پھر جاتی پر اپنے قول سے کبھی نہ پھرتے، حتی کہ اللہ کی رضا راضی ہو کر فتح و نصرت کے دروازے کھول دیتی۔

تیرے رندانہ انداز کے شیدائی و تماشائی آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر تیری راہ تک رہے ہیں۔ آ بھی جا! اسب شدت سے اور مدت سے بے تاب و منتظر ہیں۔

قول کا پابند ہو.....کامیاب ماشاءاللہ

قول پہ ڈٹ.....کامران ماشاءاللہ

ورنہ تیری یہ زندگی کسی بھی بازار میں کسی قیمت کی نہیں وما علینا البلاغ۔

اور

یہ باتیں بھی بڑے ہی کام کی باتیں ہیں

گھٹے میں مت رول۔

لکھنے والے نے تو ہر بات لکھ دی.....تعمیل بھی تو کر!

زندگی ایک میلہ ہے۔ میلے میں ہر کوئی ہوتا ہے ہر شے ہوتی ہے۔ نیک بھی ہوتے ہیں نیکی سے بیزار بھی۔ نیکی کوئی نئی بات نہیں۔ پیغام سنائے جا، جو سوتے ہیں انہیں جگائے جا اور زندگی کے منشور کو گرمائے جا۔

ملت کے نونہالو! ایک ہو جاؤ اور نیک ہو جاؤ۔ معمولی معمولی اختلافی باتوں کو ہوا دے کر سادہ لوح بندوں کے دلوں میں ایک دوسرے کے خلاف نفرت مت پھیلاؤ۔

دین کا علم حاصل کیجئے۔ اپنے علم پہ عمل کیجئے۔ نماز دین کا ستون ہے نماز قائم کیجئے۔ آپ اپنے معاشرے کی اصلاح کے ضامن و ذمہ دار ہیں، اپنی ذمہ داری پوری کیجئے۔

ملت اسلامیہ کے مابین اخوت، اتحاد و محبت کو فروغ دیجئے۔ دین کی کسی درس گاہ کے خلاف اہانت آمیز کلمات نہ کہیے۔ دین کے فضائل و مسائل بیان کیجئے۔ اختلافی مسائل میں مباحثہ نہ کیجئے۔

نجات و قرب و ولایت کا واحد ذریعہ اتباع سنت پہ مبنی و موقوف ہے۔

سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کیجئے۔

قرآن وسنت کی روشنی سے اپنی راہ روشن کر۔اور قرآن وسنت میں کسی بھی برائی کا نام تک نہیں۔

جو راستہ اس راستے کی تائید نہیں کرتا اور جس راستے کی یہ راستہ تصدیق نہیں کرتا ہمارے نزدیک کوئی راستہ نہیں واللہ باللہ تاللہ!

محبت کے بغیر اتباع ناممکن اور اتباع کے بغیر محبت ایک غیر معتبر دعویٰ ہے۔

محبوب کے ارشاد کی تعمیل محبت کا ایک ناگزیر مقام ہے۔

ایک آدمی کسی کی محبت کا دعویدار ہے۔وہ اسے حکم دیتا ہے،فلاں کام کرو، وہ نہیں کرتا۔پھر کہتا ہے فلاں کام مت کرو، وہ اسے کرتا ہے۔گویا جس کام کے کرنے کا وہ حکم دیتا ہے نہیں کرتا لیکن جس کام سے روکتا ہے کرتا ہے..... یہ محبت نہیں زبانی جمع خرچ ہے۔

حرف حرف پڑھ۔لکھو کھ ہا صفحات کی گردانی کر۔جس نے بھی کسی منزل کو طے کیا، ھادی ہی کی محبت سے طے کیا.....اور ہر تذکرہ مھدی ہی کی محبت کا تذکرہ ہے۔

اللہ ہادی ہے اور مہدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔اور مہدی ہی نے دنیا کو بتایا کہ اللہ ہادی ہے اور قرآن کریم کتاب الھدیٰ۔

مہدی کی اقتدا ہادی ہی کی اقتدا ہے۔

ہادی کی ہدایات ہی پہ کاربند رہنا، کسی بھی قسم کا انحراف نہ کرنا، کامیابی کی اصل ہے۔

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چار باتوں کو ماننا ایمان کی تکمیل کا امید افزا مقام ہے:

ترکِ کذب

ترکِ غیبت

ترکِ نمیمت اور

ترکِ حسد۔

اے ہم نشیں! اچھی طرح ذہن نشین کر: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت ایمان کی اصل ہے۔

جب تک تو میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت نہیں کرتا، اللہ کو کبھی نہیں پاسکتا۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی سَچی، سُچی اور اُچّی محبت کی تپش سے مردہ دل زندہ ہوجاتا ہے، کسی اور عمل سے نہیں.....اور دل کی دنیا کا یہ ازلی وابدی دستور ہے ماشاءاللہ۔

یہ کہہ.....حضور اقدس واکمل واجمل واطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق میرا مذہب، محبت میری ملت اور اتباع میری منزل ہے۔

زندگی امر ونہی پر مشتمل ہے

ایک امر ہے، ایک نہی

ہر امر میں نہی اور ہر نہی میں امر ہے

یا دامر ہے.....غفلت نہی

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کے خیال میں محو رہنا امر اور ماسوا میں مشغولیت نہی۔

جو مصروفیت تجھ کو تیرے اللہ سے دور کرے مذموم ہے، ترک کر۔

تیرا قول اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ اور اقرار قَالُوْا بَلٰی

اپنے قول و اقرار کو مان۔ سچے دل سے تسلیم کر۔ ہر وقت پیش نظر رکھ، کبھی او جھل مت ہونے دے۔ ربوبیت کا انکار مت کر، کسی بھی انداز میں مت کر۔ ربوبیت کا انکار کفر نہیں تو کیا ہے؟ قالوا بلی کی یہ آواز تیرے قول و قرار کی امین ہو۔ تیرے کانوں کو یہ آواز کیوں سنائی نہیں دیتی؟ کہیں..... بہرے تو نہیں؟ سننے والو یہی تو ایک آواز تھی۔ جو یہی نہ سنی پھر کیا سنا؟ تیرے کانوں تک پہنچنے والی پہلی آواز قالوا بلی سنتے ہی روح نے لبیک کہا اور آج تک اسی آواز کے ذوق میں مست ہے اگرچہ تم اس سے بے خبر ہو۔

اے او انمول ہیرے! اقرار تیری زندگی کی بندگی تھی جو بھول گیا۔ ایسا بھولا کہ بھول ہی گیا۔

ہر مخلوق کو شاہد بنا کر قالوا بلی کا اقرار کیا۔ یاد نہیں تو یاد کر۔

جب تک اسے تسلیم نہیں کر لیتا اگرچہ روز روز اور ہر روز سو بار بھی کہا جائے کم ہے۔

قالوا بلی کے اقرار کو مان

اور

حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت پہ دنیائے دوں کی ہر محبت قربان کر۔ اور ہر سبیل اس ہی سے بلوغ المرام ہے۔

تو اپنے دل کی دنیا کے دفتر میں صرف دو ہی حرف لکھ:

اللہ کو سجدہ اور

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام..... تا دوامِ قیام

جس تن میں اور من میں میرے رب کا ڈیرا اور اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کا بسیرا نہیں، ڈنگروں کا باڑا ہے۔

امت کی محبت اور خیر خواہی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس سے محبت کا اولین ادب ہے اور محبت میں ایسی باتوں کا جیسی کہ ہم ایک دوسرے سے کرتے ہیں، نام تک نہیں۔

دین اسلام میں فتوحات واصلاحات واشاعت

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی محبت کی بدولت ہوئیں، ہو رہی ہیں اور ہوتی رہیں گی۔ بحث جب بھی کہیں داخل ہوئی رحمت رخصت ہوئی۔

محبت دلکش الفاظ، خوش نما تراکیب اور حسنِ بیان کی محتاج نہیں، جذبے کی طلب گار ہے۔ جذبہ صادق ہو تو کلام کی سادگی یا ادبی فروگذاشتیں بھی ایک حسن بن جاتی ہیں!

محبت فطرت ہے جو طرز ادا اور حسن زبان و بیان کی محتاج نہیں۔ محبت قلب و نظر کے پیغامات کی امین اور قلبی واردات کی ترجمان ہوتی ہے۔ اس کا اظہار جس بھی انداز سے ہو، لائق التفات ہوتا ہے۔ کسی جانور سے پیار کریں وہ مانوس ہو جاتا ہے۔ حالانکہ وہ اظہارِ بیان سے محروم اور اسے سمجھنے سے بھی معذور ہے۔ اس سے بھی لطیف تر پہلو یہ ہے کہ آپ اس بے زبان جانور کے بچے سے پیار کر کے یا اسے آزار دے کر دیکھیں۔ وہ پیار کے بدلے پیار اور آزار کے بدلے حتی الوسع آپ کو آزار پہنچانے کی کوشش کرے گا حالانکہ آپ کے اس عمل سے براہ راست اس کی ذات متاثر نہیں ہوئی مگر اولاد کی محبت نے اس میں آپ

کے لئے محبت یا نفرت کی چنگاریاں بھر دی ہیں۔

انسان اشرف المخلوقات ہے، اس کے ہر جذبہ اور ہر عمل کو شرف و مجد کا حامل ہونا چاہیے۔ اس کی محبت و نفرت یا تقلید و تنقید میں کوئی واضح تعمیری مقصد کارفرما ہونا چاہیے۔ مدارج کی بلندی مقاصد کی رفعت اور جذبے کے خلوص پر منحصر ہے۔ تنقید برائے تنقید امت میں فساد اور ملت میں افتراق کا باعث تو بن سکتی ہے، اتحاد و اتفاق کا نہیں!

خدام و متوسلین سے پیار آقا کے جذبہ محبت کو بیدار کرنے کا بہترین وسیلہ ہے اولاد سے پیار والدین کی محبت کے حصول کا عمدہ اور موثر ترین ذریعہ ہے۔ بعینہٖ اگر چاہتے ہو کہ اللہ رب العالمین کی رحمت جوش میں آئے تو اس کی مخلوق سے محبت کرو، مخلوق اللہ کا کنبہ ہے اور اللہ اپنی مخلوق پہ ماں سے بھی سو گنا زیادہ مہربان ہے۔ اور اگر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کے طلب گار ہو تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبوب چیز کو محبوب رکھو اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبوب ترین چیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہے۔ یہ اندازہ لگانا ذرا بھی مشکل نہیں کہ وہ امت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کس قدر محبوب ہو گی جس کی خاطر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اٹھتے، بیٹھتے، چلتے پھرتے، سوتے جاگتے غرض ہر لحہ متفکر اور ہر لحظہ بے چین رہتے۔ جس کے لئے راتوں کے طویل قیام اور سجود میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اشک بہتے رہتے۔ غار حرا کا ہر مقدس پتھر، ریگستان عرب کا ہر ذرہ اور معراج کی نورانی شب کا ہر لحہ امت سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت و الفت کا گواہ ہے۔ اور پھر وصال مبارک کے وقت حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ تک امت کی مغفرت کیلئے دعا کی وصیت اور قیامت کو یَارَبِّ هَبْ لِیْ اُمَّتِیْ کی دعا امت سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور شفقت و رحمت کی غماز ہے۔

اس امت کی خیر خواہی، ہمدردی اور اس سے محبت و الفت و شفقت و رحمت کا

سلوک یقیناً حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نگاہِ التفات کے حصول کا مؤثر ترین ذریعہ ہے۔اوراس سے زیادہ ناگوار اورناپسندیدہ عمل اورکوئی نہیں ہوسکتا کہ اتحاد و اتفاق کی بجائے امت کوانتشاروافتراق میں مبتلا کردیا جائے۔ ہرصاحبِ عقل اورذی شعورفرد یہ سمجھ سکتا ہے کہ ہماراوہ قول وفعل جس سے امت میں اختلاف کوہوا ملے، باہمی ہمدردی ختم ہوتی نظرآئے، الفت کے رشتے کمزور پڑ جائیں، فتنہ پھیلے، فرقہ وارانہ کشیدگی بڑھے اوراتحاد بین المسلمین کے مضبوط قلعے میں رخنے پڑ جائیں .....حضوراقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی نگاہ کرم سے اترتو سکتا ہے، اس میں آنہیں سکتا۔حضورصلی اللہ علیہ وسلم کے دل سے دورتو ہوسکتا ہے اس میں سمانہیں سکتا۔ حضورصلی اللہ علیہ وسلم کی امت کا دوست ہی حضورصلی اللہ علیہ وسلم کا دوست ہے ماشاءاللہ۔

اپنے مولائے کریم روف ورحیم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی خیر مانگ۔اللہ میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کا کردار بلند کرے۔بلندتر۔آمین!

دین کا پیغام ایک دوسرے سے محبت اورخیرخواہی ہے۔

اتحاد میں محبت اوراتحاد میں ہی خیرخواہی ہے۔

محبت کر، خیرخواہ بن اوردنیا پہ چھا، ماشاءاللہ!

دل رنجور ہیں، ایک دوسرے سے دور ہیں، متنفر ہیں، بیزار ہیں .....کوئی مژدۂ جانفزا سنا۔کوئی محبت کا جام لا جودلوں کی دوری دور کرے۔مخمورومسرور کرے۔کائنات کی تخلیق کا باعث محبت ہی تو ہے، طیب ومبارک محبت۔یہ جام بھی کوئی جام ہے؟

دل توڑنا بازیچۂ اطفال اورجوڑنا عزم الامور ہے۔

محبت کے نغمے سنا تا چلا چل

جوروٹھے ہوئے ہیں منا تا چلا چل

دلوں کو بسا تا لبھا تا چلا چل

چلا چل مسافر چلا چل چلا چل

اتحاد بین المسلمین اسلام کی اور

نفاق شیطان کی منزل ہے۔

نفاق ملت کی ضد اور

ملت نفاق پہ نالاں ہے۔

نفاق ختم کر، جس طرح بھی ہو ضرور کر۔

اتحاد ملت کی جان ہے۔ دل جب اتحاد کے معنی سمجھ کر اس کی اہمیت وضرورت کو محسوس کر لیتا ہے تو وہ ذاتیات کی دیواریں منہدم کر کے ایک مرکز پہ متحد ہونے کے لئے بے قرار ہو جاتا ہے۔

ایک مرکز پہ متحد ہو۔ اجتماعی جدو جہد میں مصروف ہو۔ اسلام میں تفرقہ بازی کا کوئی جواز نہیں۔ ایک فرقہ پہ متحد ہو اور وہ فرقہ اللہ کا فرقہ ہے۔ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا

مزید تشریح کی ضرورت نہیں۔

حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی سلطنت تقریباً بیس لاکھ مربع میل رقبہ میں پھیلی ہوئی تھی اور یہی اس وقت کی کل دنیائے اسلام تھی۔ مسلمانوں کے اتحاد کی برکت سے تمام روئے زمین کے فرمانروا اُن کے باجگزار تھے..... مگر آج!

تقریباً چالیس اسلامی سلطنتوں کے زیر اقتدار ممالک کا مجموعی رقبہ قریباً ایک کروڑ مربع میل سے متجاوز ہے اور نفاق کی بدولت ہم مشرق وسطیٰ کے سب سے چھوٹے ملک

اسرائیل سے خائف ہیں۔

اتحاد.....موجب برکات

اتحاد.....ملی سرمایۂ حیات

اتحاد.....حل المشکلات

اتحاد کر

اتحاد کا پرچار کر

اکابرین ملت شیدائے ملت ہوتے ہیں۔

ان کی سوچ کا مدار قرآن عظیم، فکر کا محور فرقان حمید اور

ذکر کی تیغ رحمان ہوا کرتی ہے۔

یا شیخ! پھر کیوں اتحاد نہیں کرتے، وماعلینا الالبلاغ

یہ خصلت پیدا کر! ایک جان بن کر ایک کنبے کی طرح متحد ہو۔ اگر چہ ایک ہو۔

ایک گھر کی طرح ایک گھر کا ایک امیر ہو! کامیاب! ماشاءاللہ!

خصلت آدم کی عظمت کا راز

رُوئے آدمیت کا غازہ

صدفِ نوعِ انسانی کا دُرِّ شہسوار

ہر زندگی کی معراج کا زینہ اور

ہر قوم کی کامیابی کی ضامن ہوتی ہے۔

جب بھی کوئی قوم اپنی تعمیر کے لئے ایک مرکز پہ متحد ہو کر اپنے سوئے ہوئے نصیب کو جگانے کے لئے کمر بستہ ہوئی، اسی وقت اس پہ نصرتِ الٰہی نازل ہوئی۔

نصرت الٰہی صورت پہ نہیں سیرت پہ نازل ہوا کرتی ہے اور سیرت خصلت ہی کا دوسرا نام ہے۔

حضرت آدم کی اولاد کی پوری داستان کا مطالعہ کیجئے۔ جب بھی اللہ نے کسی قوم پہ اپنی نصرت نازل فرمائی سیرت ہی پہ فرمائی۔ اور سیرت کے سامنے صورت کوئی معنی نہیں رکھتی۔ ہر کوئی ہر روز ہر قسم کی صورت اختیار کر سکتا ہے اور صورت تبدیل کرنا کوئی مشکل کام نہیں البتہ کسی کا سیرت کو بدل کر بلند کرنا عزم الامور میں سے ہے۔ جب کسی قوم کی کوئی خصلت اللہ کے ہاں مقبول ہو جاتی ہے، اللہ اسے اپنی دنیا میں بلند فرما دیتے ہیں۔ پھر اس قوم کی راہ میں کوئی رکاوٹ کبھی حائل نہیں ہو سکتی۔ نہ سمندر ان کی راہ روک سکتا ہے نہ پہاڑ، جب تک کوئی قوم اپنے ملی معاملات و مطالبات کو ذاتی معاملات و مطالبات پہ ترجیح نہیں دیتی، ملی ترقی نہیں کر سکتی۔

ذات سے قوم اور قوم سے ملت ہے۔ ملت کی بلندی کا احساس پیدا کر

ذات ایک قطرہ اور ملت سمندر ہے۔ قطرہ جب بھی سمندر سے جدا ہوا، بے تاب ہوا، حوادث کا شکار ہوا۔

ملی مفاد پہ ذاتی مفاد کی قربانی ملی مفاد کی روح رواں ہے۔

ذات جب ملت پہ اپنے ارمان قربان کر دیتی ہے، ملت سرجیت ہو جاتی ہے گویا ذات کی قربانی ہی ملت کی زندگی ہے۔

ہر سیرت بلا صورت مقبول اور

ہر صورت بلا سیرت نامقبول ہے۔ تو سیرت پہ مر نہ کہ صورت پہ۔

میرے مولائے کریم روف الرحیم کی امت کے نونہالو!

کیا تم میں کوئی ایسا بھی ماں کا لال ہے جو ملت مصطفویہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تر و تازگی پہنچانے کے لئے یعنی دنیا کو امن و سلامتی کا پیغام سنانے کے لئے اپنا وقت پیش کرے۔ جس کی اللہ کے سوائی کوئی اور غرض و غایت نہ ہو۔ جو اللہ پہ شکوہ نہ کرے۔ جس بھی حال میں اللہ اسے رکھے، راضی رہے۔

نوجوانو! ملت کی پکار کو سنو۔ ملت تمہیں پکار رہی ہے .....میری جڑیں خشک ہو چلیں، میرے برگ و بار کمہلا چلے، کوئی مجھے سینچے!

کیا تم میں کوئی ایسا نہیں جو ملت کو زندہ و قائم رکھنے کے لئے اپنی زندگی پیش کرے؟ اگر نہیں تو یہ زندگی کوڑی بھر قیمت کی نہیں۔

ملت امن و سلامتی کا اصطلاحی نام ہے اور امن و سلامتی کو قائم رکھنے کے لئے ہی اللہ نے بندے کو دنیا میں بھیجا ورنہ بندگی کے لئے چپے چپے پہ فرشتے موجود ہیں۔

ملت کو جب بھی کسی نے للکارا، ملت نے نوجوانوں کو پکارا اور وہ تیر و تفنگ سے نہیں، امن و سلامتی کے چار معروف ہتھیاروں سے آراستہ ہو کر میدانِ عمل میں نکلے اور بازی لے گئے، کسی بھی میدان میں کبھی نہ ہرے۔

وہ چار ہتھیار یہ ہیں: صداقت

عدالت

امانت اور

شجاعت

اے میرے نوجوان! ان ہتھیاروں سے آراستہ ہو کر تو جس بھی میدان میں نکلے گا جیتے گا۔ کوئی طاغوتی طاقت ان میں سے کسی بھی خصلت پہ کبھی غالب نہیں آسکتی۔ یہ خصائل

قوموں کی زندگی اور اقبال وعروج کے ضامن ہیں۔انسانیت جب ان خصائل کو اپناتی ہے، اسی وقت اللہ کی رحمت برسنے لگتی ہے۔جب بھی کسی قوم نے دنیا میں ترقی کی، ان خصائل ہی کی بدولت کی اور

یہ خصائل تیری میراث تھے، تو نے ہی دنیا کو ان کا درس دیا

دنیا جاگ اٹھی تو سو گیا ایسی نیند سویا کہ کسی بھی آواز پہ نہیں چونکتا۔اے اوسونے والے نوجوان مسلم! تیرے کردار کی داستانیں جنہیں تو بھول بیٹھا ہے، اب تک قوموں کو یاد ہیں۔تیری جرأت و بیباکی کی کوئی مثال کسی اور تاریخ میں نہیں ملتی۔بیدار ہو، سامنے آ، میدان عمل میں اترا، ملت کو تمہاری ضرورت ہے۔

اے مسلمان! تیری تاریخ کا رنگ اترے جا رہا ہے۔تیرا خون سرد ہو چکا ہے۔نہ معلوم کیوں نہیں گرماتا۔گویا سویا ہوا ہے۔ایسی گہری نیند کہ کسی بھی آواز پر نہیں چونکتا۔ایک دن تھا کہ تیری آواز قبروں میں مردوں کو جلایا کرتی تھی۔تیری تاریخ کہنہ ہو چکی۔اب اس میں وہ کیف باقی نہیں۔تو اپنی تاریخ کو پھر سے دہرا۔یہی تیری شان ہے اور یہی وقت کی پکار۔

مطالبات ذاتی اور اتحاد وتعاون قومی ضرورت ہے۔ذات پہ قوم کو ترجیح دے۔

اپنے ملک وملت کے اقبال وکردار کو بلند کرنے کے لئے ذاتی مفاد قربان کر۔

قوم ذات کا مجموعہ ہے۔قومی مفاد کے آگے ذاتی مفاد کوئی معنی نہیں رکھتا۔

قومی ترقی کا احساس پیدا کر۔اپنی ذات کو قوم سے الگ مت جان۔تیری قوم ہی تیری ذات ہے۔

ذات کوئی چیز نہیں، ذات کی حیات ملت سے ہے۔اور ملت اتحاد بین المسلمین کا

اصطلاحی نام ہے۔ متحد ہو، اتحاد ملت کی روحِ رواں ہے۔

اتحاد دانش کا نچوڑ ہے

دنیا بھر کے دانشور اتحاد کے حامی اور انتشار کے مخالف ہیں

دنیا کا کوئی دانشور اتحاد کی مخالفت کبھی نہیں کرتا

دنیا کا کوئی دانشور انتشار کی تائید نہیں کرتا

دانش کا حاصل تو ہے ہی اتحاد، جہل بھی انتشار کی تائید نہیں کرتا

سلوک کا مفہوم اتحاد ہے۔ اتحاد سلوک کا مفہوم اور دانش کا نچوڑ ہے

اتحاد عملاً اسلام، اسلام اصولاً اتحاد

ف: اتحاد ہی میں ایک دوسرے سے محبت اور خیر خواہی ہے

نئی پود کے اذہان مختل ہوئے جا رہے ہیں..... کیا کریں؟ کدھر جائیں؟

منافرت و مناقشت میں اب کونسی کسر باقی ہے؟ ہو سکے تو یہ الاؤ محبت کے پانی سے بجھاؤ۔ ہمارا یہ حال کسی بھی طرح مستحسن نہیں۔ تبدیل نہ ہوا تو مستقبل کا مورخ ہماری یہ غلطی کبھی معاف نہیں کرے گا۔ اس کمی کو کبھی نظر انداز نہیں کرے گا بلکہ تاریخ میں ہمارے اس حال پہ کڑی نکتہ چینی کے باب کا اضافہ کرے گا۔

سنو وقت پکار پکار کے کہہ رہا ہے کہ.....

اے ملت کے بہی خواہو! حرکت میں آؤ۔ اللہ کا برکت والا نام لے کر اٹھو اور نفرتوں کی یہ دیواریں گرانے کی تدبیر کرو۔ بچھڑے ہوؤں کو ملانے کی کوشش کرو۔ گرے ہوؤں کو اٹھنے کی سعی کرو۔ ملت کی بگڑی بنانے کا جتن کرو۔ کوشش تو کرو، کوشش تمہارے ذمے ہے انجام اللہ کے سپرد۔ تمہاری محنت رائیگاں نہیں جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ العزیز۔

غلبہ ایمان کی میراث ہے۔ایمان کی غیرت کو جوش دلانے کے لئے دورِ حاضر کا ابتلا کافی ہے

اللہ کرے ایمان کی غیرت جوش میں آئے اور باہمی اختلافات کا خاتمہ کردے آمین! دنیائے اسلام کے تمام مسلمان ایک مرکز پر متحد ہوں، متحد ہو کر غالب ہوں۔

تمکنت ملی وقار اور تمکنت ہی ملی شعار ہے۔

اللہ کی رحمت جب بھی نازل ہوئی اور جہاں بھی ہوئی، خصلت پہ ہوئی اور حضرت آدم کی ساری اولاد کے سارے تذکرے خصلت ہی کے تذکرے ہیں اور سب سے بہتر خصلت ملی اتحاد ہے۔ جب بھی کوئی قوم ایک مرکز پہ متحد ہو کر ملی تعمیری کاموں میں محو عمل ہوئی، اسی وقت اس پہ رحمت نازل ہوئی اگرچہ وہ ڈڈو، کچھوا کھانے والے لگڑے ہی کیوں نہ ہوں۔

غیر مسلم اداروں سے اتحاد کا درس سیکھ

کس اخلاص سے آپس میں متحد ہیں

اتحاد اسلام کا عمود ہے

اتحاد دین کی بنیاد ہے

اتحاد ہماری سب سے بڑی ضرورت ہے

اتحاد اسلام کی جان ہے! متحد ہو۔

انتشار مت پھیلا۔

ملت کے نونہالو! اللہ کے لئے اختلافی باتوں کے پیچھے مت پڑو۔ کوئی کردار پیش کرو۔ مسائل نہیں خصائل پیش کرو۔ خصائل کے بغیر مسائل کوئی وقعت نہیں رکھتے، کسی کام

نہیں آتے اور کوئی گل نہیں کھلاتے۔ ملک وملت کی ترقی اتحاد پہ موقوف ہے۔ جب بھی کوئی قوم ایک مرکز پہ متحد ہوئی کامیاب ہوئی اور انتشار الاماں، الاماں، الاماں، قوموں کی تباہی کا موجب ہے۔

ملت کے فروغ واستحکام کے لئے اتحاد ومحبت سے مل کر چلو۔ اتحاد ومحبت سے مل کر چلنے والے کبھی ناکام نہیں ہوتے۔

حضرات! دین اسلام کی دعوت ایک اہم فریضہ ہے، ایک مرکز پہ متحد ہو کر ایک بن کر کرو پھر کیونکر کوئی اسے قبول نہ کرے؟

اتحاد کے ساتھ نصرت اور نصرت کے ساتھ فتح نازل ہوا کرتی ہے۔ جس میدان میں بھی کوئی قوم کسی کام کے لئے متحد ہو جاتی ہے نصرت عنایت کر دی جاتی ہے۔

اتحاد ونصرت کا ایک دوسرے سے چولی دامن کا ساتھ ہے۔ اتحاد ایک نعمت اور نصرت رحمت ہے۔ نعمت پہ رحمت کا برسنا قدرت کا ازلی دستور ہے۔ جو قوم اپنی تعمیر کے لئے ایک مرکز پہ متحد ہو جاتی ہے، نصرت اس کے ساتھ ہوتی ہے۔ جو قوم اپنے سوئے نصیب کو جگانے کے لئے اٹھ کھڑی ہوتی ہے، فتح اس کا استقبال کرتی ہے اور وہ کبھی شکست نہیں کھاتی۔

اپنے حال پہ رحم کھاؤ اور متحد ہو۔ اتحاد وقت کی اہم پکار ہے۔

اتحاد ایک وجود ہے۔ جس بھی اکھاڑے میں اترا جیت گیا۔ کسی میدان میں کبھی ہار نہ کھائی، مار نہ کھائی۔ جو بھی قوم ایک مرکز پہ متحد ہو جاتی ہے، غالب ہو جاتی ہے۔ غلبہ اتحاد کے تابع ہوتا ہے۔ اتحاد نصرت اور نصرت فتح ہے۔ اتحاد کثرت کو کسی خاطر میں نہیں لاتا نہ ہی کسی سے خوف کھاتا ہے۔

متحد ہو اور اتحاد کی برکات دیکھ۔

جس گھر میں اتحاد ہوتا ہے گاؤں بھر میں اس کا دبدبہ ہوتا ہے

روئی کے ریشوں کے اتحاد سے کھیس بنتا ہے

دنیا بھر کے ملبوسات روئی و پشم کے ریشوں کے اتحاد ہی سے بنے۔

اتحاد بین المسلمین ملت کی حیات اور کفر کی موت ہے۔

نہ مانو تو کر کے دیکھو

متحد ہو اور اتحاد کی قوت و برکات کا ظہور دیکھ!

کفر مسلمان کے مقامات والقابات سے نہیں، اتحاد سے لرزتا ہے،

اتحاد کفر کیلئے موت کا پیغام ہے۔

اتحاد ملت کا عمود ہے۔ اسے مضبوطی سے تھام!

متحد ہو..... بے شک اتحاد ملت کی جان ہے

اتحاد کی مخالفت..... اسلام کی مخالفت ہے!

اتحاد وقت کی اہم پکار ہے۔ اگر آخری بھی کہیں تو بے جا نہیں۔

اگر ہم نے اس پکار کو نہ سنا.....

اتحاد قوت ہے، ہر قوت پہ غالب قوت ماشاء اللہ

اللہ ایک

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک

قرآن کریم ایک

دین ایک

قبلہ ایک

نفع ایک

نقصان ایک

پھر ہم کیوں ایک نہیں؟

o حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان مسلمان کے لئے مانند مکان کے ہے یعنی سارے مسلمان ایک مکان کی مانند ہیں کہ مکان کا ایک حصہ دوسرے حصے کو مضبوط رکھتا ہے۔ یہ کہہ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں داخل کر کے بتایا کہ سارے مسلمان اس طرح ملے اور جکڑے ہوئے ہیں۔

(بخاریؒ، ومسلمؒ)

o حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سارے مومن ایک فرد واحد کی مانند ہیں (یعنی ایک شخص کے جسم کے اعضاء کی مانند) جب اس کی آنکھ دکھتی ہے تو سارا جسم دکھتا ہے اور سر میں درد ہوتا ہے تو سارا بدن اس کی تکلیف محسوس کرتا ہے۔

(مسلمؒ)

اتحاد اللہ کا فرمان

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد

ملت کی پکار.....اور

وقت کی للکار ہے!

متحد ہو.....

ذات کو ملت پر قربان کر

ذات ملت کا جزو ہے.....ورنہ کوئی چیز نہیں

اے میری جان! تو زمین پہ اللہ کا خلیفہ اور اقوام عالم کی رہنمائی کے لئے بھیجا گیا ہے تیری اس فرقہ وارانہ کشیدگی نے ملت کے شیرازے بکھیر دیئے، ٹکڑے ٹکڑے کر دیے ورنہ جب تک تو متحد تھا غالب تھا اور ہر کسی پہ غالب تھا۔

تیرے اتحاد کی تاریخ کے قصے اب تک دنیا کو نہیں بھولے اس کشیدگی نے تیری قوت اور تیری عظمت کو بڑی ٹھیس پہنچائی۔ ہر کسی کو جوڈر ہے تیرے اتحاد کا ہے اور تجھے کوئی متحد دیکھنا پسند نہیں کرتا۔

اغیار کو اسلام کی عبادات و مقامات سے کوئی خوف نہیں، اسلام کے اتحاد کا خوف ہے۔ اللہ کرے مسلمان پھر سے متحد ہوں اور عالمگیر اسلامی اتحاد ہو۔

متحد ہو اور ہر قیمت پر ہو

کیا تم نہیں دیکھتے کہ بارش کے معمولی سے قطرے جب متحد ہو کر اترتے ہیں ہر شے کو خس و خاشاک کی طرح بہا کر لے جاتے ہیں۔

اتحاد کا سبق کسی شہد کی مکھی سے سیکھ

ملکہ ان کی جب اڑی، سب اڑ گئیں

اتحاد ملت کی پکار ہے۔ ذات کو ملت پہ قربان کر۔ انتشار اپنی آغوش میں مایوسی کے سوا کوئی شے نہیں رکھتا اور اتحاد عالمگیر اقبال کا امین ہے۔

ایک مرکز پہ متحد ہو اور دنیا پہ چھا۔

دشمن تیرے انتشار سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ چوہے بلوں سے نکل کر بلّوں کو گھور رہے ہیں۔ تیرے اتحاد کی قوت کی کون تاب لاسکتا ہے؟ نام ونمود ختم کر۔ ملت پہ متحد ہو بے شک ملت تیری آبرو اور تو اس کا پاسبان ہے۔

اپنے لئے نہ سہی اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل کے لئے متحد ہو جا

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی دائم وقائم نبوت ورسالت کے لئے متحد ہو جا

جور وستم کو مٹانے کیلئے متحد ہو جا

مظلوم کی حمایت کے لئے متحد ہو جا

اپنی کھوئی ہوئی عظمت کو دوبارہ حاصل کرنے کیلئے متحد ہو جا

دنیا کے کونے کونے میں اسلام کا پیغام سنانے کیلئے متحد ہو جا

ملت کی بقا کے لئے متحد ہو جا اور ضرور ہو جا

بے شک اتحاد وقت کی اہم پکار ہے

حضور اقدس واکمل واجمل واطیب واطہر، طٰہٰ، یٰسٓ، مزمل، مدثر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ساری امت متحد ہو، متحد ہو کر ساری دنیا پہ غالب ہو یا حی یا قیوم۔ امین امین امین۔

ہمارے اعمال تو جیسے بھی ہیں..... ہیں ہی، اپنے حبیب اقدس واکمل واکرم واجمل واطیب واطہر روحی فداہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت ورسالت کی ناموس کا اکرام فرما، ہم سے درگزر فرما، اور ہمیں ہمارا کھویا ہوا مقام بخش۔

وہ گزرا ہوا دور..... وہ چھنی ہوئی عظمتیں..... وہ کھوئی ہوئی رفعتیں، وہ لٹی ہوئی

سطوتیں پھر سے لا۔

یا حی یا قیوم لا الہ الا انت یا ارحم الراحمین امین امین امین

یا حی یا قیوم یا ذاالفضل العظیم واللہ ذوالفضل العظیم و اٰخر دعوانا ان الحمدللہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی رسولہ الکریم

یا حی یا قیوم امین امین امین

اتحاد بین المسلمین کا یہ نعرہ پورے جوش وخروش سے گونجتا رہے گا۔ کبھی دب نہیں سکتا، کبھی مٹ نہیں سکتا، اور نہ ہی کبھی اپنا رخ بدل سکتا ہے..... حتی کہ قیامت برپا ہو۔

یہ نعرہ ایک عالمگیر حقیقت ہے۔ ہر دور کا ہر دانشور عربی ہو یا عجمی، اس کی تائید کرے گا ماشاء اللہ، یہاں تک کہ اسلام کا دشمن بھی اس نعرے کو اللہ کی آواز گردانے گا ماشاءاللہ۔ یہ نعرہ قبروں میں مردوں کو جلا دے گا، ماشاءاللہ۔

بندے آتے رہیں گے جاتے رہیں گے۔ ادلتے رہیں گے بدلتے رہیں گے۔ اتحاد بین المسلمین کا نعرہ کبھی نہیں بدلے گا، بلند سے بلند تر ہوتا رہے گا۔ بے شک یہ نعرہ اسلام کی جان اور ملت کی آبرو ہے۔

ملی پیغام کو فنا نہیں ہوتی، زندہ اور قائم رہتا ہے۔

اتحاد بین المسلمین ملی پیغام ہے، ہو کر رہے گا انشاءاللہ۔

جب تک کوئی قوم، کوئی بھی قوم، متحد نہیں ہوتی، ایک مرکز پہ متحد ہو کر ملی تعمیر میں محو منہمک نہیں ہوتی، کما حقہ، کامیاب نہیں ہوتی۔

ملی پیغام ملت کی جان ہوتا ہے اور جان ہی سے زندگی زندہ۔

ملی پیغام کسی کا بھی ہو، زندہ رہتا ہے

اللہ تبارک وتعالیٰ، رب العالمین، رب السموات والارض، رب العرش العظیم فرماتے ہیں:

۱۔ اُدْخُلُوْا فِی السِّلْمِ کَآفَّةً (البقرہ:۲۰۸)

''اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ''

۲۔ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا (آل عمران:۱۰۳)

''اور اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑو اور فرقوں میں مت بٹو''

۳۔ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ (آل عمران:۱۳۹)

''اور تم ہی غالب رہو گے اگر تم سچے مومن ہو''

اپنا جائزہ آپ لیں

کیا ہم پورے کے پورے اسلام میں داخل ہیں؟

کیا ہم نے اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑا ہوا ہے؟

کیا ہم فرقوں میں بٹے ہوئے نہیں؟

مسلمانان عالم! قرآن کریم اور سنتِ مطہرہ پہ متحد ہو، دنیا کی سب طاقتیں مل کر بھی تمہارے سامنے کوئی طاقت نہیں، مطلق نہیں۔

قرآن کریم اور سنت مطہرہ پہ متحد ہو

بعض باتیں فتویٰ میں جائز اور تقویٰ میں منع ہوتی ہیں۔ کسی پہ ''حکم'' غالب ہوتا ہے اور کسی پہ ''محبت''

محبوب کے ارشاد کی تعمیل محبت کا ادب ہے

محبوب نے محبت سے کہا'' یہ کام مجھ کو پسند ہیں کیا کر''

ان کاموں کے نزدیک تک نہ پھٹکا

جن کاموں کے متعلق تنبیہ کی "مت کر، میں ان سے بیزار ہوں"

ایک بھی نہیں چھوڑا۔ تیری محبت کے کیا کہنے! افسوس کا مقام نہیں تو کیا ہے؟

یہ سب کام جن میں تو مشغول ہے..... فانی

ذکر الٰہی..... باقی

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خبردار دنیا ملعون ہے اور جو چیز دنیا کے اندر ہے وہ بھی ملعون ہے مگر ذکر الٰہی اور وہ چیز جسے اللہ پسند کرتا ہے اور عالم اور علم حاصل کرنے والا (یعنی یہ اس زمرے میں شامل نہیں)

(ترمذیؒ، ابن ماجہؒ)

ایک ایک بات کو سن! ایک ایک چیز کو دیکھ!

خود ہی بتا یہ ملعون نہیں تو کیا ہے؟ مردار نہیں تو کیا ہے؟

ان سے دور رہنا اور باز رہنا ہی عین اسلام ہے

کون کہتا ہے یہ رہبانیت ہے؟ اسلام کی روح کو گرمانے کی دھونی ہے، یہی تپش زندگی کی حرکت اور اسی میں عین برکت۔

تیرے لیل و نہار تیرا مال و اسباب جن پر تو پھولے نہیں سماتا، شیطان و خناس ہی کے مشورے کے تحت نقل و حرکت پہ گامزن ہیں اور ملعون و مردار ہی کے لئے تقویت بخش۔

ترقی ہے یا زوال؟ اس ترقی میں اللہ کے ذکر کا نام تک نہیں۔

یہ مقالات حکمت اگر روز بھی لکھیں کوئی مضائقہ نہیں، اوڑک وارد ہو کر ہی رہتے ہیں۔

جو بھی شے اللہ اور اللہ کے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک ملعون ہے اور مردود ہے اس سے باز رہنا ہی دین کی اصل اور محبت کی اتباع ہے۔

جب تک کوئی ملعون و مردار سے پاک نہیں ہوتا، ناپاک ہی رہتا ہے۔ ناپاکی میں طہارت نہیں اور طہارت کے بغیر نماز نہیں۔ یہی طریقت کی حقیقت ہے۔

باتوں سے کبھی کوئی بات نہیں بنی
جب بھی بنی کسی کرنی ہی کے کرنے پہ بنی
کرنی اور کردار کسی کا بھی ہو
کبھی نہیں مرتا، زندہ رہتا ہے۔ احیاء العلوم کے مصداق۔
سارا دن چکنی چپڑی باتیں سن سن کر مست ہو رہے ہو
دین کی اصل، دین کی روح..... ملعون و مردار سے اجتناب۔
ہم میں سے کوئی بھی اس سے پرہیز نہیں کرتا اور باز رہنا پسند نہیں کرتا۔
ملعون و مردار سے کبھی کوئی دور نہیں ہوا
جوں ہی دور ہوا، قرونِ اُولیٰ کا حال وارد ہوا
نہ مانو تو کر کے دیکھو۔
میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسے ملعون فرمایا
تو نے اس کا استقبال کیا،
جی بھر کر کیا
اس کی راہ میں آنکھیں تک بچھا دیں
اس کے حصول کے لئے کسی بھی حربے سے کبھی باز نہ آیا

اس کی طلب میں ایڑی چوٹی کا زور لگایا

ہر داؤ آزمایا

کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا

جو ہو سکا، کیا جیسے ہو سکا، کیا۔

جس مردار کو

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

چھونے تک سے منع فرمایا قریب تک جانے کو ناپسند فرمایا

تو نے اسے سینے سے لگایا

رج رج کر کھایا

ذرا سی بھی کراہت نہ کی

نہ ہی اس مردار کو مردار سمجھ کر کبھی باز آیا

عجب یہ کہ اس کے باوجود تو

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کے دعوے کرتا ذرا نہ شرمایا

یہ محبت کیسی اور دعویٰ کیسا؟ وما علینا الا البلاغ

اللہ کے دین کا کوئی امر اور اللہ کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی سنت

قابل اعتراض نہیں، تیرا کوئی کام قابل اعتراض نہ ہو۔

تیرا ہر قول و فعل سنت کی اتباع میں ہو

ان سے بہتر بات اور کس کی ہو سکتی ہے؟

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی کی بنیادی ضروریات

اور فضولیات کے درمیان ایک لطیف خط امتیاز کھینچ دیا ہے کہ زندگی قائم رکھنے کے لئے خوراک، ستر ڈھانپنے کے لئے لباس اور رہنے کے لئے مکان ابن آدم کا حق ہے باقی سب فضولیات۔

یہی وہ خطِ مستقیم ہے جس پہ چل کر پتھر ہیرا بنے
اسی ایک سمت نے باقی سب رستے معدوم کر دیئے

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم معلم انسانیت

انسان کو مہد سے لے کر لحد تک جن مراحل و معاملات سے واسطہ پڑتا ہے، سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سب کے لئے نہ صرف صحیح، واضح اور مکمل تعلیم فرمائی بلکہ عملی نمونہ پیش کر کے خُلقِ عظیم کی مثال بھی قائم کر دی اور خالقِ کائنات نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول و فعل کو اسوہ حسنہ کی سند عطا کی۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے زیادہ زور حصول علم پر دیا۔ علم حاصل کرنا ہر مومن مرد اور مومن عورت کے لئے لازمی قرار دیا اور تاکید فرمائی کہ حصول علم کے لئے چاہے چین جیسے دور افتادہ ملک تک جانا پڑے تو بھی گریز نہ کرو کیونکہ اہل علم کو دوسروں پر اتنا شرف ہے جتنا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک معمولی انس پر۔ اور انسانوں میں بہترین انسان وہ ہیں جو علم حاصل کرتے ہیں یا علم سکھاتے ہیں۔ علم ہی شرف انسانیت کا باعث ہے اور آج کی تمام ترقی اور روشنی علم ہی کی مرہون منت ہے۔ حصول علم کی تاکید کے بعد

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے علم پر عمل کرنے کی تاکید فرمائی۔ عالم باعمل کو عابد پر فوقیت دی اور بے عمل کو "ہاویہ" کی وعید فرمائی کیونکہ علم کو عمل میں لا کر ہی انسان انسان بن سکتا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے والدین سے سلوک، ہمسایوں سے تعلقات اور دوسروں سے میل جول کے طریقے سکھا کر مثالی معاشرہ قائم کرنے کا راستہ دکھایا۔ اسی طرح مظلوم ترین طبقہ عورت کو اس کا صحیح مقام دلایا۔

جھوٹ، غیبت، بخل، حسد، چوری، ڈاکہ، زنا، شراب، جواء، سود اور قتل کی ممانعت فرما کر معاشرتی برائیوں کی بیخ کنی کر دی۔ سچ، خلوص، اخوت اور حسن سلوک کا سبق دے کر بہترین معاشرہ کی داغ بیل ڈال دی۔

ظاہر کی صفائی کے لئے مسواک، کپڑوں کی پاکیزگی، طہارت، وضو اور غسل کے طریقے سکھائے۔ صحت مند جسم کے لئے ان پر عمل کرنا ہی کافی ہے۔

غربا، مساکین، یتامیٰ اور بے سہارا بیوگان کے گزراوقات کے لئے اغنیاء پر زکوۃ فرض کر دی۔

خیرات وصدقات پر زور دیا، فطرانہ اور قربانی بھی اسی مقصد کے لئے سکھلائیں۔

سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات مکمل ضابطہ حیات ہیں، مگر ہم اپنے محسنِ اعظم معلمِ اعظم کی تعلیمات پر عمل پیرا نہیں ہیں۔ یہی ہماری بے وقعتی کا سبب اور بے سروسامانی کا باعث ہے۔ کیا ہماری بیداری کا وقت ابھی نہیں آیا؟

دردر کی ٹھوکروں سے بچنے اور ذلت ورسوائی کے گرداب سے باہر نکلنے کا ایک ہی راستہ ہے اور وہ یہ ہے کہ ہم اپنے آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کو اپنائیں

اور کسی حال میں بھی ان سے روگردانی نہ کریں۔

تو نے اپنی صورت پہ بنا کر اکرام کی حد کر دی۔ سیرت اُن کی ہے، اس کو اپنا!

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آدم زاد کو ہزار ہا برس گزرنے کے بعد سیرت کا ایک نمونہ پیش کیا جو ہر نمونے کو مات کر گیا۔

اپنانا ہی ہے تو اس نمونے کو اپنا اور اس نمونے میں اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا کے سوا کچھ بھی نہیں ہوتا۔

حدیث ارشاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور

سنت کردارِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کردار جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے عین مطابق تھا۔

o حضرت مُستَورِد بن شداد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے: اللہ کی قسم! آخرت کے مقابلہ میں دنیا کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص دریا میں انگلی ڈالے اور پھر دیکھے کہ انگلی کیا چیز لے کر واپس آئی ہے (یعنی پانی کا کتنا حصہ انگلی کے ساتھ آیا ہے)

(مسلمؒ)

o حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم بکری کے ایک مردہ بچے کے قریب سے گزرے جس کے کان چھوٹے اور کٹے ہوئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اسے دیکھ کر صحابہؓ سے) فرمایا کہ تم میں سے کون اس بچہ کو ایک درہم میں لینا پسند کرتا ہے؟ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا: ہم اسے کسی چیز کے بدلہ میں بھی لینا نہیں چاہتے،

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم ہے اللہ کی! یہ دنیا اللہ کے نزدیک اس سے بھی زیادہ ذلیل ہے جتنا کہ تمہاری نظر میں یہ (مردہ) بچہ ذلیل وحقیر ہے۔

(مسلمؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں، فرمایا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے: دنیا مومن کا قید خانہ ہے اور کافر کی جنت۔

(مسلمؒ)

o حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اس شخص نے فلاح حاصل کر لی جس نے اسلام قبول کر لیا اور اسے بقدر ضرورت وکفالت رزق دیا گیا اور اللہ نے اس کو اس چیز پر جو اس کو دی گئی ہے قناعت بخشی۔

(مسلمؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہلاک ہو اور ہم و دینار اور فرغل کا بندہ۔ اس کو یہ چیزیں دی جائیں تو وہ خوش اور راضی رہے اور نہ دی جائیں تو ناخوش ہو۔ ہلاک ہو یہ بندہ اور سرنگوں وذلیل ہو اور جب اس کے پاؤں میں کانٹا لگ جائے تو کوئی اس کو نہ نکالے۔ اور خوشخبری ہے اس بندہ کو جو اللہ کی راہ میں لڑنے کے لئے اپنے گھوڑے کی باگ پکڑے کھڑا ہے۔ اس کے سر کے بال پریشان ہیں اور قدم گرد آلود ہیں۔ اگر اس کو لشکر کی نگہبانی پر مقرر کیا جاتا ہے، پوری نگہبانی کرتا ہے اور لشکر کے پیچھے رکھا جاتا ہے تو پوری اطاعت سے لشکر کے پیچھے رہتا ہے۔ وہ اگر لوگوں کی محفلوں میں شرکت کی اجازت چاہتا ہے تو اس کو اجازت نہیں دی جاتی اور (اگر) کسی کی سفارش کرتا ہے تو اس کی سفارش قبول نہیں کی جاتی۔ (بخاریؒ)

o حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میت کے ساتھ تین چیزیں جاتی ہیں اور دو واپس چلی آتی ہیں اور ایک اس کے پاس رہ جاتی ہے گھر کے لوگ اور مال اس کے ساتھ جاتے اور اس کو تنہا چھوڑ کر واپس آ جاتے ہیں اور اس کا عمل اس کے ساتھ جاتا اور اس کے ساتھ رہتا ہے۔

(بخاریؒ و مسلمؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غنا (دولت مندی) اسباب و سامان کی کثرت پر نہیں بلکہ (حقیقی) غنا دل کی دولت مندی (سے) ہے۔

(بخاریؒ و مسلمؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کون ہے جو مجھ سے یہ احکام لے جائے اور ان پر عمل کرے یا اس شخص کو سکھائے جو اس پر عمل کرے؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑا اور پانچ باتیں گنوائیں یعنی فرمایا:

(۱) ان چیزوں سے اپنے آپ کو بچا جن کو اللہ نے حرام قرار دیا ہے۔ اگر تو ان سے بچے گا تو تیرا شمار بہترین عبادت گزار لوگوں میں ہوگا۔

(۲) جو چیز اللہ نے تیری قسمت میں لکھ دی ہے اس پر راضی اور شاکر رہ۔ اگر تو ایسا کرے گا تو دنیا کے غنی ترین لوگوں میں تیرا شمار ہوگا۔

(۳) اپنے ہمسایہ کے ساتھ اچھا سلوک کر۔ اگر تو ایسا کرے گا تو مومن کامل ہوگا۔

(۴) جو چیز تو اپنے لئے پسند کرتا ہے، دوسروں کے لئے بھی پسند کر۔ اگر ایسا ہوگا تو تو

کامل مسلمان ہوگا۔

(۵) اورزیادہ نہ ہنس اس لئے کہ زیادہ ہنسنا دل کو مردہ بنادیتا ہے۔

(احمدؒ، ترمذیؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: آدم کے بیٹے! تو میری عبادت کے لئے اپنے دل کو اچھی طرح مطمئن اور فارغ کرلے، میں تیرے دل میں غنا (بے پروائی) بھردوں گا اور فقر واحتیاج کے سوراخوں کو بند کردوں گا۔ اگر تو ایسا نہ کرے گا تو میں تیرے ہاتھوں کو (دنیا کے) مشاغل سے بھردوں گا اور تیرے فقر وافلاس کے سوراخوں کو بھی بند نہ کروں گا۔

(ابن ماجہؒ، احمدؒ)

o حضرت عمرو بن میمون اَودی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا: پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت شمار کرو۔

۱۔ بڑھاپے سے پہلے جوانی کو

۲۔ بیماری سے پہلے صحت کو

۳۔ تنگ دستی سے پہلے خوشحالی کو

۴۔ مشاغل سے پہلے مصروفیت کو

۵۔ موت سے پہلے زندگی کو

(ترمذیؒ)

o حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اگر دنیا اللہ کی نظر میں مچھر کے پر کے برابر بھی وقعت نہیں رکھتی تو وہ اس میں سے

کافر کو گھونٹ بھی نہ پلاتا۔

(احمدؒ، ترمذیؒ، ابن ماجہؒ)

○ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ضَیعَت (جاگیر، دنیاوی سامان یعنی صنعت وتجارت باغ زراعت وغیرہ) کو اپنے لئے (ایسا) ضروری ولازم نہ جانو کہ وہ دنیا کی طرف رغبت کا سبب بن جائے۔

(ترمذیؒ، بیہقیؒ)

○ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنی دنیا کو عزیز ومحبوب رکھتا ہے وہ اپنی آخرت کو ضرر پہنچاتا ہے اور جو شخص اپنی آخرت کو عزیز رکھتا ہے وہ اپنی دنیا کو ضرر پہنچاتا ہے پس تم اس چیز کو اختیار کرلو جو باقی رہنے والی ہے اور فنا ہونے والی چیز کو چھوڑ دو۔

(احمدؒ، بیہقیؒ)

○ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لعنت کی گئی ہے درہم ودینار کے بندہ پر۔ ترمذیؒ)

○ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو بھوکے بھیڑیے جن کو بکریوں میں چھوڑ دیا جائے اتنا نقصان نہیں پہنچاتے جتنا کہ انسان کی حرصِ جاہ ودولت دین کو نقصان پہنچاتی ہے۔

(ترمذیؒ، دارمیؒ)

○ حضرت ابی ہاشم بن عتبہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مجھے وصیت کرتے ہوئے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمام اموالِ دنیا میں سے تیرے لئے ایک خادم اور

اللہ کی راہ میں سوار ہونے کے لئے ایک سواری کافی ہے۔

(احمدؒ، ترمذیؒ، نسائیؒ، ابن ماجہؒ)

o حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان چیزوں کے سوا آدم کے بیٹے کا کسی چیز پر کوئی حق نہیں ہے۔(۱) رہنے کے لئے گھر (۲) تن ڈھانپنے کے لئے کپڑا (۳) خشک روٹی (۴) اور پانی۔

(ترمذیؒ)

o حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم بوریے پر سوئے۔ سو کر اٹھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک پر بوریے کے نشان تھے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر آپ ہمیں حکم دیتے تو ہم آپ کیلئے فرش بچھا دیتے اور کپڑے بنا دیتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ کو دنیا سے کیا مطلب؟ میری اور دنیا کی مثال ایسی ہے جیسا کہ کوئی سوار کسی درخت کے نیچے کھڑا ہو کر سایہ سے فائدہ اٹھالے اور پھر چل دے اور درخت کو اپنی جگہ چھوڑ دے۔

(احمدؒ، ترمذیؒ، ابن ماجہؒ)

o حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے نزدیک میرے دوستوں میں قابلِ رشک وہ مومن ہے جو نہایت سبک ہو دنیا کے مال اور خیال سے اور خوش نصیب ہو نماز کے اعتبار سے یعنی اپنے پروردگار کی عبادت خوبی کے ساتھ کرتا ہوا اور مخفی طریقہ پر اطاعت الٰہی میں مشغول ہو، لوگوں میں گمنام ہو، اس کی طرف انگلیوں سے اشارہ نہ کیا جائے، اس کی روزی صرف کفایت کے درجہ کی ہو، اسی پر وہ صابر اور قانع ہو۔

یہ کہہ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک چٹکی بجائی اور پھر فرمایا جلدی کی گئی اس کی موت میں، کم ہیں اس کی رونے والی عورتیں اور حقیر ہے میراث اس کی۔

(احمدؒ، ترمذیؒ، ابن ماجہؒ)

o حضرت عبید اللہ بن محصن رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اس حال میں صبح کرے کہ اپنی جان کی طرف سے بے خوف ہو، بدن تندرست ہو، ایک دن کے کھانے کا سامان اس کے پاس ہو تو گویا اس کے لئے دنیا کی نعمتیں جمع کر دی گئی ہیں اور ساری دنیا اس کو دے دی گئی ہے۔

(ترمذیؒ)

o حضرت مقدام بن معدِ یکرِب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ آدمی نے کوئی برتن پیٹ سے بدتر نہیں بھرا (جب کہ پیٹ کو خوب بھرا جائے اور اس سے دینی و دنیاوی خرابیاں پیدا ہوں) آدمی کے لئے چند لقمے کافی ہیں جو اس کی کمر کو سیدھا رکھیں اور اگر پیٹ ہی بھرنا ضروری ہو تو چاہیے کہ پیٹ کے تین حصے کرے، ایک حصہ میں کھانا دوسرے حصہ میں پانی اور تیسرا حصہ سانس (کی آمد و رفت) کے لئے۔

(ترمذیؒ، ابن ماجہؒ)

o حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو ڈکار لیتے سنا تو فرمایا اپنی ڈکار کو کوتاہ کر اور مختصر کر اس لئے کہ قیامت کے دن بڑی بھوک رکھنے والا وہ شخص ہوگا جو دنیا میں خوب پیٹ بھر کر کھاتا ہے۔

(شرح السنہؒ، ابن ماجہؒ)

o حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آدم کا بیٹا قیامت کے دن (اس طرح) لایا جائے گا گویا کہ وہ بکری کا بچہ ہے پھر اس کو اللہ کے روبرو کھڑا کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا میں نے تجھ کو زندگی عطا کی تھی، میں نے تجھ کو لونڈی غلام اور مال و دولت دیا تھا اور میں نے تجھ پر انعام کیا تھا (یعنی کتاب اور اپنے رسول تیری ہدایت کے لئے بھیجے تھے) تو نے کیا کام کیا؟ آدمی کہے گا اے پروردگار! میں نے مال کو جمع کیا اس کو تجارت وغیرہ سے بڑھایا اور اس سے زیادہ دنیا میں چھوڑ آیا جتنا کہ وہ پہلے تھا۔ مجھ کو دنیا میں پھر بھیج دے کہ میں اپنے سارے مال کو تیرے پاس لے آؤں (یعنی دنیا میں جا کر اسے خیرات کر دوں) پھر اللہ تعالیٰ پوچھے گا کہ جو مال کہ تو نے آگے بھیجا (یعنی آخرت کیلئے) اس کو دکھلا، وہ جواب میں کہے گا، اے پروردگار! میں نے مال جمع کیا، بڑھایا اور اس سے زیادہ تعداد میں دنیا میں چھوڑ آیا تھا جتنا کہ وہ تھا تو مجھ کو دنیا میں بھیج دے کہ میں اپنے سارے مال کو تیرے پاس لے آؤں، آخر وہ ایک ایسا بندہ ثابت ہوگا جس نے آخرت میں کچھ ذخیرہ نہ کیا ہوگا اور اس کو دوزخ کی طرف لے جایا جائے گا۔

(ترمذیؒ)

o حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن آدمی کے پاؤں جنبش میں نہ آئیں گے جب تک اس سے پانچ باتیں دریافت نہ کر لی جائیں گی۔ اس سے پوچھا جائے گا کہ اپنی عمر کو اس نے کس کام میں صرف کیا، اپنی جوانی کس کام میں ختم کی، مال کیونکر کمایا اور کیونکر خرچ کیا اور جو علم حاصل کیا تھا، اس کے موافق کیا عمل کیا۔

(ترمذیؒ)

o حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جس شخص کے دل کو اللہ تعالیٰ نے ایمان کے لئے خاص ومخصوص کرلیا وہ فلاح پا گیا، اللہ نے اس کے دل کو (حسد ونفاق کی آمیزش سے) سالم رکھا، اس کی زبان کو سچا بنایا اور نفس کو مطمئن، اس کی خِلقت اور طبیعت کو مستقیم اور سیدھا رکھا، اس کے کانوں کو (سچی باتوں کا) سننے والا بنایا، اس کی آنکھوں کو دیکھنے والا کیا، بس کان تو قیف ہیں (کہ ان کے ذریعہ حق بات دل تک پہنچتی ہے) اور آنکھ اس چیز کو قائم رکھنے والی ہے جس کو دل محفوظ رکھتا ہے۔ البتہ اس شخص نے فلاح پائی جس کے دل کو حق بات کا محافظ بنایا گیا۔

(احمدؒ)

o حضرت ام درداءؓ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میں نے حضرت ابودرداءؓ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ تم کو کیا ہوا کہ تم مال ومنصب کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے طلب نہیں کرتے جیسا کہ مانگتا ہے فلاں اور فلاں؟ حضرت ابودرداءؓ رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ تمہارے سامنے ایک دشوار گزار گھاٹی ہے اس سے وہ لوگ نہیں گزر سکتے جو گراں بار ہیں، اس لئے میں یہ پسند کرتا ہوں کہ اس گھاٹی پر چڑھنے کے لئے ہلکا رہوں (اور دولت و منصب حاصل کر کے گراں بار نہ بنوں)۔

(بیہقیؒ)

o حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا کوئی شخص پانی پر اس طرح چل سکتا ہے کہ اس کے پاؤں تر نہ ہوں؟ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم نے عرض کیا نہیں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہی حال دنیادار کا ہے کہ گناہوں سے محفوظ نہیں رہتا۔ (بیہقیؒ)

o حضرت جُبیر بن نُفیر رضی اللہ عنہ مرسلاً روایت کرتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ کو وحی کے ذریعہ حکم نہیں دیا گیا کہ میں مال کو جمع کروں یا تجارت کروں بلکہ یہ وحی کی گئی ہے کہ ''تو اپنے پروردگار کی حمد و تسبیح کر، سجدہ کرنے والوں میں ہو اور اپنے پروردگار کی عبادت یہاں تک کر کہ تو موت سے ہمکنار ہو جائے''۔

(شرح السنہ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سوال کی ذلت سے بچنے، اہل و عیال پر خرچ کرنے اور ہمسایہ کے ساتھ احسان کرنے کی نیت سے جائز طریقے پر (مال و دولت) حاصل کرے، قیامت کے دن وہ اللہ سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ اس کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی مانند چمکتا ہوگا اور جو شخص مال جمع کرنے، اظہار فخر و ریا کرنے کی نیت سے (خواہ) جائز طریقہ سے (ہی) دنیا کو حاصل کرلے تو وہ اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملاقی ہوگا کہ اللہ اس پر غضبناک ہوگا (کیونکہ اس کی نیت درست نہ تھی)۔ (بیہقیؒ)

o حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ خیر یعنی مال کثیر (گویا) خزانے ہیں اور ان خزانوں کی کنجیاں ہیں، پس اس شخص کو خوشخبری ہو جس کو اللہ تعالیٰ نے خیر کو کھولنے اور شر کو بند کرنے کی کنجی بنایا ہے اور اس بندہ کو ہلاکت ہو جس کو اللہ نے شر کو کھولنے اور خیر کو بند کرنے کی کنجی بنایا ہے۔

(ابن ماجہؒ)

o حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے (خطبہ میں) سنا ہے کہ شراب پینا گناہوں کا مجموعہ ہے اور عورتیں شیطان کا جال

ہیں اور دنیا کی محبت ہر گناہ کا سر ہے (یعنی سرچشمہ) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہٗ کا بیان ہے کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے پیچھے ڈالو عورتوں کو جیسا کہ اللہ نے ان کو پیچھے ڈالا ہے (یعنی قرآن کریم میں ان کا ذکر مردوں کے بعد آتا ہے)۔

(رزین)

o حضرت جابر رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، دو چیزیں ایسی ہیں جن سے مجھ کو اپنی امت پر بڑا خوف ہے ایک تو خواہش نفس، دوسرے درازیٔ عمر کی آرزو۔ نفس کی خواہش حق بات کرنے سے روکتی ہے اور درازی عمر کی آرزو آخرت کو بھلا دیتی ہے۔ اور یہ دنیا کوچ کرنے والی، جانے والی ہے۔ اور آخرت آگے بڑھنے والی اور آنے والی ہے۔ اور ان میں سے (یعنی دنیا و آخرت میں سے) ہر ایک کے بیٹے ہیں، اگر تم سے یہ ہو سکے کہ تم دنیا کے بیٹے نہ بنو تو ایسا کرو۔ آج تم دار العمل (عمل کے گھر) میں ہو اور دنیا میں عمل کا حساب نہیں (لیا جاتا) لیکن کل تم آخرت کے گھر میں ہو گے جہاں عمل نہیں ہے۔

(بیہقیؒ)

o حضرت علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہٗ کہتے ہیں کہ دنیا کوچ کرتے ہوئے پشت اُدھر کئے ہوئے چلی جا رہی ہے اور آخرت منہ اِدھر کئے ہوئے چلی آ رہی ہے اور ان میں سے ہر ایک کے بیٹے ہیں۔ تم آخرت کے بیٹے بنو اور دنیا کے بیٹوں میں سے نہ ہو۔ آج عمل کا دن ہے اور کوئی حساب نہیں اور کل حساب کا دن ہے، عمل کا نہیں۔

(بخاریؒ)

o حضرت شداد رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ

فرماتے سنا ہے لوگو دنیا ایک غیر قائم متاع ہے جس میں سے نیک اور بد دونوں کھاتے ہیں اور آخرت ایک سچا وعدہ ہے جس میں عادل اور قادر بادشاہ حکم و فیصلہ کرے گا (وہ اپنے حکم اور فیصلہ میں) حق کو ثابت رکھے گا اور باطل کو مٹادے گا۔ تم آخرت کے بیٹے بنو اور دنیا کے بیٹے نہ بنو اس لئے کہ ہر ماں کا بیٹا اس کا تابع ہوتا ہے۔

(ابو نعیمؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں اور اس حدیث کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچاتے ہیں کہ جب آدمی مرتا ہے تو فرشتے پوچھتے ہیں (اس نے) آخرت کے لئے کیا بھیجا اور آدمی کہتے ہیں کہ (اس نے) کیا چھوڑا۔

(بیہقیؒ)

o حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کون شخص بہتر ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر معصوم دل کا اور سچا زبان کا، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم نے عرض کیا۔ زبان کے سچے کو تو ہم جانتے ہیں، معصوم دل سے کیا مراد ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، معصوم دل وہ ہے جو پاک ہو، پرہیز گار ہو، کوئی گناہ اس میں نہ ہو، نہ ظلم کیا ہو، نہ حد سے گزرا ہو اور اس میں حسد نہ ہو۔

(ابن ماجہؒ، بیہقیؒ)

o حضرت مالک رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں کہ مجھ کو معلوم ہوا ہے کہ حضرت لقمان حکیم رضی اللہ عنہٗ سے یہ پوچھا گیا کہ جس مرتبہ پر ہم تم کو دیکھ رہے ہیں کس چیز نے تم کو اس پر پہنچایا؟ حضرت لقمان رضی اللہ عنہ نے کہا زبان کی سچائی اور امانت نے اور فضول و بے فائدہ چیزوں کے ترک کر دینے نے۔ (موطاؒ)

o حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں ایک شخص نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ مجھ کو نصیحت فرمایئے اور مختصر فرمایئے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تو نماز پڑھے تو اس کی سی نماز پڑھ جو اللہ کے سوا سب کو چھوڑ دینے والا ہے، کوئی ایسی بات زبان سے نہ نکال جس پر کل کو (قیامت میں) تجھے عذر خواہی کرنی پڑے اور جو چیز لوگوں کے ہاتھوں میں ہے، اس سے ناامید ہو جانے کا پختہ ارادہ کر لے۔

(احمدؒ)

o حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی: فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ج (الانعام: ۱۲۵)

(یعنی اللہ تعالیٰ جس شخص کی ہدایت کا ارادہ کرتا ہے اس کا سینہ اسلام کے لئے کشادہ کر دیتا ہے) پھر فرمایا جب نور سینہ کے اندر داخل ہوتا ہے تو سینہ فراخ اور کشادہ ہو جاتا ہے۔ پوچھا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا اس حالت کی کوئی علامت ہے جس سے اس کی شناخت کی جا سکے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں اور وہ ہے، غرور کے گھر (یعنی دنیا) سے دور ہونا، آخرت کی طرف رجوع کرنا اور مرنے سے پہلے مرنے کے لئے تیار ہو جانا۔

(بیہقیؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہت سے لوگ (ایسے) ہیں جو بے حد پریشان، غبار آلود ہیں اور جن کو دروازے سے دھکے

دے کر نکالا جاتا ہے، اگر وہ اللہ کی قسم کھائیں تو اللہ ان کی قسم کو سچا اور پورا کر دے۔

(مسلمؒ)

o حضرت مُصعب بن سعد رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہٗ نے اپنی نسبت یہ گمان کیا کہ ان کو اپنے سے کمتر پر فضیلت حاصل ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے گمان کو توڑنے کے لئے فرمایا تم کو (دشمنانِ اسلام کے مقابلہ میں) مدد نہیں دی جاتی اور تم کو رزق نہیں دیا جاتا مگر تمہارے انہی کمزوروں اور فقیروں کی دعا کی برکت سے۔

(بخاریؒ)

o حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا (یعنی شبِ معراج میں یا خواب میں) جو لوگ جنت میں داخل ہوئے میں نے ان میں زیادہ تعداد غریبوں کی دیکھی اور دولت مندوں کو دیکھا کہ ان کو میدانِ قیامت میں روک لیا گیا ہے لیکن دوزخیوں (یعنی کافروں) کو دوزخ کی طرف لے جانے کا حکم دے دیا گیا ہے۔ پھر میں دوزخ کے دروازے پر کھڑا ہوا اور دیکھا تو دوزخ میں جانے والوں کی زیادہ تعداد عورتوں کی تھی۔

(بخاریؒ، مسلمؒ)

o حضرت سعید مقبری رضی اللہ عنہ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہٗ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہٗ ایک جماعت کے قریب سے گزرے جس کے سامنے بھنی ہوئی بکری رکھی تھی۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہٗ کو لوگوں نے بلایا۔ انہوں نے کھانے سے انکار کر دیا اور کہا

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے تشریف لے گئے اور کبھی جو کی روٹی سے پیٹ نہ بھرا۔
(بخاریؒ)

o حضرت انس رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں کہ وہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جَو کی روٹی اور بدبودار چربی (جو بہت دنوں سے رکھی تھی) لے گئے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ایک زرہ مدینہ کے ایک یہودی کے پاس رہن رکھی تھی اور اس سے اہل بیت کے لئے جَو لیے تھے۔

راویؒ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہٗ کو یہ کہتے سنا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت شام کو نہ تو ایک صاع گیہوں رکھتے تھے اور نہ اور کوئی غلہ۔ (یعنی صبح کے لئے کسی قسم کا سامان نہ رکھتے تھے) حالانکہ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نو ازواج مطہرات تھیں۔

(بخاریؒ)

o حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں کہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت کھجور کے پٹھوں کی چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے اور چٹائی کے اوپر فرش نہ تھا۔ بوریے نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو پر نشان ڈال دیے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سرہانے چمڑے کا تکیہ تھا جس میں کھجور کا پوست بھرا ہوا تھا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ سے دعا فرمایئے کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو فراخی (خوشحالی) عطا فرمائے، فارس اور روم کے لوگ خوشحال بنائے گئے ہیں حالانکہ وہ عبادت نہیں کرتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خطاب کے بیٹے! کیا تو ابھی اسی خیال میں ہے؟ یہ وہ لوگ ہیں جن کو دنیا کی زندگی ہی

میں خوبیاں (لذتیں) دے دی گئی ہیں۔

ایک اور روایت میں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہٗ کے جواب میں یہ الفاظ فرمائے کیا تو اس پر راضی نہیں کہ ان کو دنیا ملے اور ہم کو آخرت۔

(بخاریؒ، مسلمؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں کہ میں نے اصحابِ صفہؓ میں سے ستر آدمیوں کو دیکھا، ان میں سے کسی ایک شخص کے پاس بھی چادر نہ تھی صرف ایک تہہ بند تھا یا ایک کملی جس کو انہوں نے اپنی گردنوں میں باندھ رکھا تھا۔ ان میں سے بعض تہہ بند آدھی پنڈلیوں تک تھے اور بعض ٹخنوں تک (جس کا تہہ بند اونچا ہوتا وہ) اپنے تہہ بند کو (نماز میں) ہاتھ سے پکڑ لیتا تا کہ اس کا ستر نہ کھل جائے۔

(بخاریؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کسی ایسے آدمی کو دیکھے جو اس سے زیادہ مال دار اور شکیل ہو تو اسے چاہیے کہ اس شخص پر بھی نظر ڈالے جو اس سے کمتر درجہ کا ہے۔

(بخاریؒ و مسلمؒ)

o اور مسلمؒ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ اس شخص کو دیکھو جو کم تر درجہ کا ہے اور اس شخص کی طرف نہ دیکھو جو مرتبہ میں تم سے زیادہ ہے اور ایسا کرنا تمہارے لئے ضروری ہے تا کہ تم اس نعمت کو جو اللہ نے تمہیں دی ہے، حقیر نہ جانو۔

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: فقرا جنت میں دولتمندوں سے پانچ سو برس پہلے داخل ہوں گے جو قیامت کا

آدھا دن ہے۔

(ترمذیؒ)

o حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا (دعا کی) اے اللہ مجھ کو مسکین بنا کر رکھ، مسکین مار اور مجھے مسکینوں کے زمرہ میں اٹھانا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کیوں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس لئے کہ مسکین جنت میں دولتمندوں سے چالیس برس پہلے داخل ہوں گے۔ عائشہؓ! کسی مسکین کو اپنے دروازہ سے خالی ہاتھ نہ جانے دو اگرچہ کھجور کا ایک ٹکرا (ہی) ہو۔ عائشہؓ! مسکینوں سے محبت کر اور ان کو اپنے سے قریب رکھ، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تجھ کو اپنے قریب رکھے گا۔

(ترمذیؒ، بیہقیؒ)

o حضرت ابودرداؓ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میری رضامندی کو اپنے ضعیفوں (فقیروں) میں تلاش کرو اس لئے کہ تمہیں انہی ضعیفوں (فقیروں) ہی کی بدولت رزق دیا جاتا ہے اور دشمنوں کے مقابلہ میں تمہاری مدد کی جاتی ہے۔

(ابوداؤدؒ)

o حضرت امیہ بن خالد بن عبداللہ اسید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم فقراء اور مہاجرین کے ذریعہ اللہ سے (کفار پر) فتح حاصل ہونے کی دعا فرمایا کرتے تھے۔

(شرح السنہ)

o حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

کسی فاسق و فاجر کی نعمت و دولت پر رشک نہ کر اس لئے کہ تو نہیں جانتا مرنے کے بعد اس سے کیا سلوک ہونے والا ہے۔ فاجر کیلئے اللہ کے ہاں ایک ایسا قاتل ہے جو اسے مرنے نہیں دیتا یعنی دوزخ کی آگ۔

(شرح السنہ)

o حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا مومن کا قید خانہ اور قحط ہے۔ جب وہ دنیا سے جدا ہوتا ہے تو قید خانہ اور قحط سے نجات پاتا ہے۔ (شرح السنہ)

o حضرت محمود بن لبید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو چیزیں ہیں جن کو آدم کا بیٹا برا سمجھتا ہے ایک تو موت کو حالانکہ موت مومن کے لئے فتنہ سے بہتر ہے دوسرے مال کی کمی کو حالانکہ مال کی کمی حساب میں کمی کی موجب ہے۔

(احمدؒ)

o حضرت عبداللہ بن مُغَفَّل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت رکھتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سوچ لو کیا کہہ رہے ہو!

اس نے عرض کیا: اللہ کی قسم! میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت رکھتا ہوں۔ اس نے تین بار اسی طرح کہا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم سچے ہو تو فقر کے لئے تیار ہو جاؤ اس لئے کہ جو شخص مجھ سے محبت رکھتا ہے اس کو فقر و افلاس بہت جلد پہنچتا ہے، اس سیلاب سے بھی جلد جو اپنے منتہا کی طرف جاتا ہے۔

(ترمذیؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ فقراء صحابہ رضی اللہ عنہم کو جب بھوک نے ستایا تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو ایک ایک کھجور عطا فرمائی۔

(ترمذیؒ)

o حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم مسجد (نبوی) میں بیٹھے ہوئے تھے اور فقراء مہاجرین کا حلقہ جما ہوا تھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے اور فقراء مہاجرین کی طرف منہ کر کے بیٹھ گئے۔ میں اٹھا اور فقراء مہاجرین کی طرف متوجہ ہو گیا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فقراء مہاجرین کو وہ بشارت پہنچا دینی چاہیے جو ان کے چہروں کو شگفتہ کر دے (یعنی وہ خوش ہو جائیں اور بشارت یہ ہے کہ) وہ جنت میں دولتمندوں سے چالیس برس پہلے داخل ہوں گے۔ راویؒ کا بیان ہے کہ میں نے دیکھا (یہ سن کر) فقراء مہاجرین کے چہروں کا رنگ روشن ہو گیا۔ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ فقراء مہاجرین کو خوش پا کر میں نے یہ آرزو کی کہ میں بھی ان کے ساتھ ہوتا یا ان میں سے ہوتا۔

(دارمیؒ)

o حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میرے خلیل (جانی دوست) نے مجھ کو سات باتوں کا حکم دیا ہے کہ میں مساکین سے محبت کروں اور ان سے قریب رہوں اور یہ کہ میں اپنے سے کم درجہ لوگوں کو دیکھوں اور بالاتر لوگوں کو نہ دیکھوں اور یہ حکم دیا کہ میں قرابت داروں کی ناتے بندی کو قائم رکھوں اگرچہ خود رشتہ دار ہی قرابت داری کو منقطع کر دیں اور یہ حکم دیا کہ میں کسی سے کوئی چیز نہ مانگوں اور یہ کہ میں سچی بات کہوں اگرچہ وہ تلخ ہو اور یہ کہ میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں کسی کی ملامت سے نہ ڈروں اور یہ حکم دیا کہ میں اکثر

لاحول ولا قوۃ الا باللہ کہتا رہوں یہ تمام عادتیں اور باتیں اس خزانہ میں سے ہیں جو عرش الٰہی کے نیچے ہے۔

(احمدؒ)

o حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یمن روانہ فرمایا تو نصیحت فرمائی اپنے آپ کو آرائش و استراحت سے بچا اس لئے کہ اللہ کے بندے آرام و آسائش حاصل نہیں کرتے۔

(احمدؒ)

o حضرت علی کرم اللہ وجہہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کے دیے تھوڑے رزق پر راضی ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس سے تھوڑے سے عمل پر راضی ہو جاتا ہے۔

(بیہقیؒ)

o حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بھوکا ہو یا محتاج اور لوگوں سے اپنی حالت چھپائے تو اللہ تعالیٰ پر اس کا یہ حق ثابت ہو جاتا ہے کہ وہ اس کیلئے حلال طریقہ پر ایک سال کی روزی کا انتظام کر دے۔

(بیہقیؒ)

o حضرت عمران بن حُصَین رضی اللہ عنہٗ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس بندہ (مومن) کو دوست رکھتا ہے جو فقیر، پارسا اور عیالدار ہو۔

(ابن ماجہؒ)

o حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے

ایک روز پانی مانگا آپ کے پاس پانی لایا گیا جس میں شہد ملا ہوا تھا۔انہوں نے کہا یہ پاک ہے (اور لذیذ وخوشگوار) لیکن میں اللہ تعالیٰ سے یہ سنتا ہوں کہ اس نے ایک قوم پر عیب لگایا تھا خواہشات نفس کے اتباع کا اور فرمایا تم نے اپنی لذتوں اور نعمتوں کا پورا پورا فائدہ اپنی دنیاوی زندگی میں پالیا۔ میں ڈرتا ہوں کہ کہیں ہماری نیکیاں بھی ایسی نہ ہوں جن کا ثواب جلد دیا گیا (دنیا ہی میں) (پس) انہوں نے اس پانی کو نہیں پیا۔

(رزین)

o حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم نے کبھی کھجوروں سے پیٹ نہیں بھرا یہاں تک کہ ہم نے خیبر کو فتح کرلیا۔

(بخاریؒ)

o حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر کبھی جَو کی روٹیاں بھی فاضل نہ بچتی تھیں۔

(ترمذیؒ)

o حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل کئی راتیں سخت بھوک کی حالت میں گزار دیتے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں کو شام کا کھانا بھی نہیں ملتا تھا اور عموماً آپ کے گھر جَو کی روٹیاں ہی ہوتی تھیں۔

(ترمذیؒ)

o حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کل کے لئے کوئی چیز جمع نہ کرتے تھے۔

(ترمذیؒ)

o حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی دسترخوان پر کھانا نہیں کھایا اور نہ ہی کبھی پتلی روٹی یعنی چپاتی کھائی ہے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم وفات پا گئے۔

(ترمذیؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بوڑھے کا دل ہمیشہ دو باتوں میں جوان رہتا ہے یعنی دنیا کی محبت میں اور آرزو کی درازی میں۔

(بخاریؒ و مسلمؒ)

o حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابن آدم بوڑھا ہوتا ہے لیکن اس کی دو چیزیں جوان ہوتی ہیں ایک تو عمر کی حرص اور دوسرے مال کا لالچ۔

(ترمذیؒ)

o حضرت مُطَرِّف رضی اللہ عنہ کے والد سے روایت ہے کہ وہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت یہ پڑھ رہے تھے۔ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ.....

(دولتمندی اور جاہ پسندی نے تم کو اللہ سے غافل و بے پروا بنا دیا) آدم کا بیٹا کہتا ہے "میرا مال میرا مال" مگر تم نے جو صدقہ دے کر جاری رکھایا کھا کر فنا کر دیا یا پہن کر پرانا کر دیا اس کے علاوہ بھی تمہارا کوئی مال ہے؟

(ترمذیؒ)

o حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے

فرمایا اگر آدمی کے پاس مال سے بھرے ہوئے دو جنگل ہوں تب بھی وہ تیسرے جنگل کو تلاش کرے گا اور آدمی کے پیٹ کو کوئی چیز نہیں بھرتی مگر (قبر کی) مٹی اور اللہ تعالیٰ (حرصِ مذموم سے) جس بندہ کی توبہ کو چاہے قبول کر لیتا ہے۔

(بخاریؒ، ومسلمؒ)

o حضرت عبداللہ بن عَمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک روز حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس اس حال میں آئے کہ میں اور میری ماں مٹی سے کچھ مرمت یا درستی کر رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا عبداللہ یہ کیا ہے؟ (یعنی یہ کیا کر رہے ہو) میں نے عرض کیا میں اس چیز کو درست کر رہا ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موت اس سے بھی جلد آنے والی ہے (یعنی اس گھر کے گر پڑنے سے جلد آنے والی ہے)

(ترمذیؒ)

o حضرت سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ متقی، غنی اور گوشہ نشین بندہ کو پسند فرماتا ہے۔

(مسلمؒ)

o حضرت ابی بکرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کون سا آدمی بہتر ہے؟ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا وہ شخص جس کی عمر زیادہ ہو اور عمل اچھے ہوں۔ پھر پوچھا اور کون سا آدمی برا ہے؟ فرمایا جس کی عمر زیادہ اور عمل برے ہوں۔

(احمدؒ، ترمذیؒ، دارمیؒ)

o حضرت ابو کبشہ انماری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ انہوں نے حضور اقدس صلی اللہ

علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے تین باتیں ہیں جن پر میں قسم کھاتا ہوں کہ وہ حق ہیں اور تم سے میں ایک بات بیان کرتا ہوں تم اس کو محفوظ رکھو وہ تین باتیں جن پر میں قسم کھاتا ہوں یہ ہیں کہ بندہ کا مال صدقہ اور خیرات کرنے سے کم نہیں ہوتا اور جس بندہ پر ظلم وزیادتی کی جائے اور وہ اس پر صبر کرے اللہ تعالیٰ اس کی عزت کو بڑھاتا ہے اور جس بندہ نے سوال کا دروازہ کھولا اللہ تعالیٰ اس کے لئے فقر وافلاس کا دروازہ کھول دیتا ہے۔

اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس بات کا میں نے ذکر کیا تھا اب میں اس کو بیان کرتا ہوں اس کو یاد رکھو۔ دنیا چار آدمیوں کے لئے ہے ایک تو اس بندہ کے لئے جس کو اللہ نے مال وعلم عطا فرمایا پس وہ مال خرچ کرنے میں اللہ سے ڈرتا ہے (اور حرام کاموں میں خرچ نہیں کرتا) رشتہ داروں سے (اچھا) سلوک کرتا ہے اور اس مال میں سے مال کے حق کے موافق اللہ تعالیٰ کے لئے خرچ کرتا ہے اس شخص کا بڑا درجہ ہے۔ دوسرے اس بندہ کے لئے جس کو اللہ تعالیٰ نے علم عطا فرمایا اور مال عطا نہیں فرمایا یہ بندہ (علم کے سبب) سچی نعمت رکھتا ہے اور یہ آرزو کرتا ہے کہ اگر میرے پاس مال ہوتا تو میں فلاں شخص کی طرح اس کو نیک کاموں میں خرچ کرتا۔ اس کو بھی پہلے بندہ کی مانند اجر ملے گا اور ثواب میں دونوں برابر ہوں گے اور تیسرا بندہ وہ ہے جس کو اللہ نے مال دیا ہے اور علم نہیں دیا وہ بندہ اپنے مال کو علم نہ ہونے کی وجہ سے بری طرح خرچ کرتا ہے۔ نہ تو خرچ کرنے میں اللہ سے ڈرتا ہے نہ رشتہ داروں سے سلوک کرتا ہے اور نہ اللہ کا حق اپنے مال سے نکالتا ہے اور نہ بندوں کا حق ادا کرتا ہے۔ یہ بندہ بدترین مرتبہ کا ہے اور چوتھا بندہ وہ ہے جس کو اللہ نے مال بھی نہیں دیا اور علم بھی نہیں دیا وہ کہتا ہے کہ اگر میرے پاس مال ہوتا تو میں فلاں شخص کی طرح کرتا (یعنی) برے کاموں میں۔ یہ بندہ اپنی نیت کے سبب مغلوب ہے اور اس کا گناہ

تیسرے شخص کے گناہ کی مانند ہے۔

(ترمذیؒ)

o حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ جب کسی بندہ کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس سے بھلائی کے کام کراتا ہے۔ پوچھا گیا اللہ بھلائی کے کام کیونکر کراتا ہے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم؟ فرمایا موت سے پہلے اس کو اعمال نیک کی توفیق مرحمت فرماتا ہے۔

(ترمذیؒ)

o حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عاقل اور محتاط شخص وہ ہے جو اپنے نفس کو ذلیل اور اپنے قابو میں رکھے اور عمل کرے مابعد موت کے لئے اور عاجز و درماندہ وہ شخص ہے جو اپنے نفس کی خواہشات کا غلام ہو اور (پھر) اللہ سے بخشش کا آرزومند ہو۔

(ترمذیؒ، ابن ماجہؒ)

o حضرت محمد بن ابو عمیرہ رضی اللہ عنہ (جو صحابی ہیں) کہتے ہیں کہ اگر کوئی بندہ پیدائش کے دن سے بوڑھا ہو کر مرنے تک اللہ کی اطاعت و عبادت میں سرنگوں رہے تو البتہ اپنی اس عبادت و طاعت کو قیامت کے دن حقیر خیال کرے گا اور یہ آرزو کرے گا کہ اس کو پھر دنیا میں واپس کر دیا جائے تا کہ اس کا اجر و ثواب زیادہ ہو جائے۔

(احمدؒ)

o حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت میں ستر ہزار بے حساب جنت میں داخل ہوں گے اور یہ وہ لوگ ہوں گے

جو نہ منتر کرتے ہوں گے اور نہ شگونِ بد لیتے ہوں گے اور صرف اپنے پروردگار پر توکل کرتے ہوں گے۔

(بخاریؒ و مسلمؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن قوی (یعنی ایمان واعتقاد میں مضبوط) بہتر اور اللہ کے نزدیک محبوب ہے مومن ضعیف سے اور ہر مومن میں (قوی ہو یا ضعیف) نیکی ہے۔ جو چیز تجھ کو نفع پہنچائے اس پر حرص اور اللہ کی مدد و توفیق طلب کر اور طلب استعانت سے عاجز نہ ہو اور جب تجھ کو کوئی (مصیبت) پہنچے تو یوں نہ کہہ کہ اگر میں اس طرح کرتا تو ایسا ہوتا بلکہ اس طرح کہہ کہ اللہ نے یہی مقدر کیا تھا اور اللہ جو کچھ چاہتا ہے کرتا ہے اس لئے کہ اگر کا لفظ شیطان کے دخل کا در کھولتا ہے اور دل میں وسوسہ پیدا کرتا ہے۔

(مسلمؒ)

o حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! اگر تم لوگ اللہ پر توکل کرلو، ایسا توکل، جیسا کہ توکل کا حق ہے، تو وہ تم کو اس طرح رزق دے گا جس طرح پرندوں کو رزق دیتا ہے۔ وہ صبح کو بھوکے نکلتے ہیں اور شام کو پیٹ بھرے (اپنے گھونسلوں میں) جاتے ہیں۔ (ترمذیؒ، ابن ماجہؒ)

o حضرت زید بن حسین رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ امام مالک رحمتہ اللہ علیہ سے پوچھا گیا کہ دنیا میں زہد کس چیز کا نام ہے؟ جواب میں امام مالک رحمتہ اللہ علیہ نے کہا:

''حلال پیشہ اختیار کرنا اور امیدوں میں کمی''

(بیہقیؒ)

o حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زُہد (ترک دنیا) حلال کو حرام بنانے اور مال کو ضائع کرنے کا نام نہیں ہے بلکہ زُہد یہ ہے کہ جو کچھ تیرے ہاتھوں میں ہے (یعنی مال و دولت) اس پر بھروسہ نہ کر بلکہ اس پر بھروسہ کر جو اللہ کے ہاتھوں میں ہے اور ترکِ دنیا یہ ہے کہ جب تجھ پر کوئی مصیبت پڑے تو تُو اس مصیبت میں ثواب کا طالب ہو اور یہ خواہش رکھ کہ یہ مصیبت باقی رہے اور ختم نہ ہو۔ (تا کہ اس کا ثواب حاصل ہو)

(ترمذیؒ، ابن ماجہؒ)

o حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ میں ایک روز حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے سوار تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لڑکے! اللہ کے احکام امر و نہی کو محفوظ رکھ، اللہ تعالیٰ تجھ کو اپنی حفاظت میں رکھے گا اور تو اللہ کے حق کو محفوظ رکھ تو اللہ کو اپنے سامنے پائے گا۔ جب تو سوال کا ارادہ کرے تو اللہ سے سوال کر اور جب تو مدد چاہے تو اللہ سے مدد چاہ اور یہ بات یاد رکھ کہ ساری مخلوق اگر جمع ہو کر تجھ کو کچھ نفع پہنچانا چاہے تو ہرگز تجھ کو نفع نہ پہنچا سکے گی مگر صرف اتنا جتنا کہ اللہ نے تیرے مقدر میں لکھ دیا ہے، قلم اٹھا کر رکھ دیئے گئے ہیں اور صحیفے خشک ہو گئے۔ (احمدؒ، ترمذیؒ)

o حضرت سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انسان کی نیک بختی یہ ہے کہ جو کچھ اللہ نے اس کے لئے مقدر کر دیا ہے وہ اس پر راضی رہے اور آدمی کی بدبختی یہ ہے کہ وہ اللہ سے خیر اور بھلائی مانگنا چھوڑ دے اور انسان کی بدبختی یہ ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے جو کچھ اس کے مقدر میں لکھا ہے وہ اس سے ناراض اور ناخوش ہو۔

(احمدؒ، ترمذیؒ)

o حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ کو ایک ایسی آیت معلوم ہے کہ اگر اس پر لوگ عمل کریں تو وہی ان کو کافی ہے (اور وہ آیت یہ ہے) وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ط یعنی جو شخص اللہ سے ڈرے، اللہ تعالیٰ اس کے لئے نجات کا راستہ پیدا کر دیتا ہے اور اس کو ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے جہاں سے اسے خیال وگمان بھی نہیں ہوتا۔

(احمدؒ، ابن ماجہؒ، دارمیؒ)

o حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انسان کے دل کے لئے ہر جنگل کی ایک شاخ ہے (یعنی اس کو ہر طرح کی فکریں ہیں) پھر جس شخص نے اپنے دل کو ساری شاخوں کی طرف متوجہ رکھا (یعنی ہر قسم کی فکروں میں مشغول ومنہمک رہا) اللہ تعالیٰ اس کی پروا نہیں کرتا خواہ وہ کسی جنگل میں اس کو ہلاک کر دے اور جس نے اللہ پر توکل کیا اور اپنے کاموں کو اللہ کے سپرد کر دیا، اللہ تعالیٰ اس کے تمام کاموں کو درست کر دیتا ہے۔

(ابن ماجہؒ)

o حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رزق بندہ کو اسی طرح ڈھونڈتا ہے جس طرح موت انسان کو ڈھونڈتی ہے۔

(ابونعیمؒ)

o حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دو بھائی تھے ایک ان میں سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا کرتا تھا اور دوسرا کچھ کام کرتا تھا۔ کمانے والے بھائی نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے

اپنے بھائی کی شکایت کی (یعنی یہ کہا کہ وہ کام کاج نہیں کرتا)۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شاید تجھ کو اسی کی برکت سے رزق دیا جاتا ہو۔

(ترمذیؒ)

o حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم فاضل (ضرورت سے زیادہ بچی ہوئی) چیز دوسروں کو دے دیا کرو تو یہ تمہارے لئے اچھا ہے اور اگر اس کو روک رکھو تو تمہارے لئے برا ہے اور جتنی روزی تمہارے لئے ضروری ہو، اتنے پر تم کو برا نہیں کہا جاتا اور (صدقہ وخیرات) دینا پہلے اہل وعیال سے شروع کرو اور اوپر کا ہاتھ نچلے ہاتھ سے اچھا ہوتا ہے (یعنی دینے والا ہاتھ مانگنے والے اور لینے والے سے اچھا ہوتا ہے)

(ترمذیؒ)

o حضرت عبید اللہ بن مِحصَن (صحابی) رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے صبح یوں کی کہ دل بے خوف ہے تن تندرست ہے اور اس کے پاس دن بھر کا کھانا ہے تو گویا اس کے لئے دنیا جمع کر دی گئی۔

(ترمذیؒ)

o حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آخری زمانہ میں کچھ لوگ ایسے پیدا ہوں گے جو دین کے ذریعے دنیا داروں کو دھوکہ دیں گے (یعنی اللہ کی رضا مندی حاصل کرنے کے لئے نہیں بلکہ) لوگوں کو دکھانے کے لئے دنبوں کے چمڑے کے کپڑے پہنیں گے یعنی ان کے کپڑے موٹے ہوں گے جیسے کمبل

وغیرہ، ان کی زبانیں شکر سے زیادہ شیریں اور نرم ہوں گی (یعنی ان کی باتیں خوشگوار لذیذ اور نرم ہوں گی) لیکن ان کے دل بھیڑیوں کے سے ہوں گے۔ (یعنی سخت اور بے رحم)

اللہ تعالیٰ ان کی نسبت فرماتا ہے کیا یہ لوگ مجھ کو دھوکا دیتے ہیں یا میرے ڈھیل دینے کے سبب سے مغرور ہو گئے ہیں۔ میں اپنی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ ان پر انہی میں سے بلا و فتنہ مسلط کروں گا (یعنی ان پر ایسے امرأ و حکام یا اشخاص کو مقرر کروں گا جو ان کو مصائب و آفات میں مبتلا کر دیں گے) ایسی بلا و فتنہ کہ عقلمند و دانا اشخاص بھی اس (کے رفع کرنے) سے عاجز و حیران رہیں گے۔ (ترمذیؒ)

o حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ میں نے ایک ایسی مخلوق پیدا کی ہے جس کی زبانیں شکر سے زیادہ شیریں ہیں اور جس کے دل ایلوے (یعنی کالا مصبر) سے زیادہ تلخ ہیں میں اپنی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں ان پر فتنہ (و مصیبت و بلا) نازل کروں گا ایسا فتنہ کہ عقل مند و دانا شخص اس پر حیران ہوگا۔

کیا یہ لوگ مجھ کو دھوکا دیتے ہیں یا مجھ پر جرأت و دلیری کرتے ہیں؟

(ترمذیؒ)

o حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آخری زمانہ میں چند قومیں ایسی ہوں گی جو ظاہر میں دوست ہوں گی لیکن باطن میں دشمن، پوچھا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ کیونکر ہوگا؟ فرمایا یہ اس طرح ہوگا کہ ان میں سے بعض بعض سے غرض و لالچ رکھیں گے اور بعض بعض سے خوفزدہ ہوں گے۔

(احمدؒ)

o حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اس امت پر (یعنی اپنی امت پر) ہر منافق کے شر سے ڈرتا ہوں جو علم و حکمت کی تو باتیں کرتا ہے اور ظلم کے کام کرتا ہے۔

(بیہقیؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور ابو القاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، اگر تم اس چیز کو معلوم کر لو جس کو میں جانتا ہوں تو تم زیادہ روؤ اور بہت کم ہنسو۔

(بخاریؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! میرے پروردگار نے مجھ کو نو باتوں کا حکم دیا ہے۔

(۱) ظاہر و باطن میں اللہ سے ڈرنا۔

(۲) سچی بات کہنا غصہ اور رضامندی کی حالت میں۔

(۳) فقر اور غنا میں میانہ روی (یعنی تنگی و فراخی ہر حالت میں اعتدال سے کام لینا)۔

(۴) میں اس سے قرابت داری کو قائم و برقرار رکھوں جو مجھ سے قطع تعلق کرے۔

(۵) میں اس شخص کو دوں جو مجھ کو محروم رکھے۔

(۶) جو شخص مجھ پر ظلم کرے، میں (باوجود قدرتِ انتقام) اس کو معاف کر دوں۔

(۷) میری خاموشی غور و فکر ہو۔

(۸) میری گویائی ذکر الٰہی ہو۔

(۹) میری نظر عبرت حاصل کرنے کے لئے ہو اور میرے پروردگار نے یہ حکم دیا ہے کہ میں

امر بالمعروف کروں۔

(رزین)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص لوگوں سے اس لئے سوال کرے کہ ان سے مال لے کر اپنا مال بڑھائے وہ گویا آگ کا انگارا مانگتا ہے اب اس کو اختیار ہے کہ وہ زیادہ مانگے یا کم۔

(مسلمؒ)

o حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی ہمیشہ لوگوں سے سوال کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ قیامت کے دن وہ (اس حال میں) آئے گا کہ اس کے منہ پر گوشت کی ایک بوٹی نہ ہوگی۔

(بخاریؒ، مسلمؒ)

o حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص ایک رسی لے کر (جنگل سے) لکڑیوں کا گٹھا اپنی پشت پر اٹھا کر لائے اور اسے فروخت کرے تا کہ اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری فرمادے، یہ اس کے حق میں بہت بہتر ہے بہ نسبت اس کے کہ وہ لوگوں سے سوال کرے (بھیک مانگے) پھر وہ چاہیں تو اسے کچھ دیں ورنہ دھتکار دیں۔

(بخاریؒ)

o حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے کہا اے لوگو! جان لو کہ لالچ محتاجی ہے اور لوگوں سے بے پروائی غنا ہے اور انسان جب کسی چیز سے مایوس ہو جاتا ہے تو اس سے بے پروا ہو جاتا ہے۔ (رزین)

o حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص میرے ساتھ اس امر کا عہد کرے کہ وہ لوگوں سے سوال نہ کرے گا تو میں اس کے لئے جنت کا ضامن ہوں گا۔ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ میں اس کا عہد کرتا ہوں۔ اس کے بعد حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کسی سے سوال نہ کرتے تھے۔

(ابوداؤدؒ، نسائیؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میرے پاس اُحد پہاڑ کے برابر سونا ہو تو مجھ کو یہ امر پسند نہیں کہ اس پر تین دن گزریں اور اس کے بعد اس میں سے کچھ میرے پاس باقی رہے مگر صرف اتنا کہ میں اس سے قرض ادا کرسکوں۔ (بخاریؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں ہے کوئی ایسا دن کہ جس میں صبح کے وقت دو فرشتے نہ اترتے ہوں جن میں سے ایک تو یہ کہتا رہتا ہے کہ اے اللہ! خرچ کرنے والوں کو اس کا بدل دے (یعنی جو مصرف خیر میں یا مناسب موقع پر خرچ کرتا ہے اس کو اس سے زیادہ دے) اور دوسرا یہ کہتا رہتا ہے کہ اے اللہ! بخیل کے مال کو تلف کردے۔

(بخاریؒ، مسلمؒ)

o حضرت اسماء رضی اللہ عنہ کہتی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خرچ کر اور شمار نہ کر (اس لئے کہ اگر تو شمار کر کے دے گا تو اللہ تبارک وتعالیٰ بھی تیرے لئے شمار کرے گا) اور نہ روک تو (فقیر سے) مال کو (جو تیری حاجت سے زیادہ ہو) ورنہ اللہ بھی

تجھ سے مال کو روکے گا اور دے جتنا تجھ سے دیا جا سکے۔ (بخاریؒ، مسلمؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے آدم کے بیٹے! تو خرچ کر، میں تجھ پر خرچ کروں گا۔ یعنی تجھ کو دوں گا۔

(بخاریؒ، مسلمؒ)

o حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابن آدم! اپنی حاجت سے زیادہ مال کو خرچ کرنا تیرے لئے بہتر ہے اور مال کو روکنا تیرے لئے برا ہے اور نہیں ملامت کیا جائے گا تو بقدر ضرورت مال اپنے قبضہ میں رکھنے پر اور تو سب سے پہلے اپنے عیال پر خرچ کرنے کے ساتھ شروع کر۔

(مسلمؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بخیل اور خیرات کرنے والے کا حال ان دو شخصوں کی مانند ہے جن پر لوہے کی دو زرہیں ہوں اور ان زرہوں کی تنگی کے سبب ان کے دونوں ہاتھ سینہ اور گردن میں چمٹا دیئے گئے ہوں پس جب صدقہ دینے والا صدقہ دینے کا ارادہ کرتا ہے تو اس کی زرہ کھل جاتی ہے اور جب بخیل صدقہ دینے کا ارادہ کرتا ہے تو زرہ کے حلقے اور تنگ ہو جاتے ہیں مطلب یہ ہے کہ سخی جب خیرات کرتا ہے تو اس کا سینہ کشادہ ہو جاتا ہے اور وہ خوب دیتا ہے اور جب بخیل کسی کو کچھ دینے کا ارادہ کرتا ہے تو زرہ کے حلقے اور تنگ ہو جاتے ہیں یعنی اس کا سینہ اور تنگ ہو جاتا ہے۔

(بخاریؒ، مسلمؒ)

o حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ظلم سے بچو اس لئے کہ ظلم قیامت کے دن تاریکی ہوگی اور بخل (کنجوسی) سے بچو اس لئے کہ بخل نے ان لوگوں کو ہلاک کر دیا جو تم سے پہلے تھے۔ بخل نے ان کو اس پر آمادہ کر دیا تھا کہ وہ خون ریزی کریں اور حرام کو حلال جانیں۔

(مسلمؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کون سے صدقہ کا زیادہ ثواب ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خیرات کرنا تیرا اس حال میں کہ تو تندرست ہو، مال جمع کرنے کی خواہش و حرص رکھتا ہو، افلاس سے ڈرتا ہو اور دولت کی امید رکھتا ہو۔ اور تو صدقہ دینے اور خیرات کرنے میں سستی و غفلت نہ کر یہاں تک کہ جب تیری جان حلق میں پہنچ جائے یعنی دَم نکلنے کے قریب ہو تب تو یہ کہے کہ اتنا مال فلاں شخص کے لئے اور اتنا مال فلاں کے لئے حالانکہ تو جانتا ہو کہ مال فلاں ہی کو ملے گا۔

(بخاریؒ، مسلمؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سخی قریب ہے اللہ کی رحمت سے، قریب ہے جنت سے اور قریب ہے لوگوں سے (یعنی اس کو سب پسند کرتے ہیں) اور دور ہے دوزخ سے۔ اور بخیل دور ہے اللہ کی رحمت سے، دور ہے جنت سے، دور ہے لوگوں سے اور قریب ہے آگ سے۔ اور جاہل سخی اللہ کے نزدیک بہتر ہے بخیل عابد سے۔

(ترمذیؒ)

o حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انسان کا اپنی تندرستی کے ایام میں ایک درہم خرچ (خیرات) کرنا مرنے کے وقت سو درہم خرچ کرنے سے بہتر ہے۔

(ابوداؤد)

o حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن میں دو باتیں جمع نہیں ہوتیں، بخل اور بدخُلقی۔

(ترمذیؒ)

o حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں مکار اور بخیل داخل نہ ہوگا اور نہ وہ شخص جو خیرات دے کر احسان جتائے۔

(ترمذیؒ)

o حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انسان کی عادتوں میں سے دو بہت بری عادتیں ہیں ایک تو انتہا درجہ کا بخل اور ایک انتہائی بزدلی۔

(ابوداؤد)

o حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سخاوت ایک درخت ہے جنت میں پس جو شخص سخی ہوگا، وہ اس درخت کی ٹہنی پکڑے گا اور وہ ٹہنی اس کو اس وقت تک نہ چھوڑے گی جب تک اس کو جنت میں داخل نہ کرلے گی اور بخل ایک درخت ہے دوزخ میں پس جو شخص بخیل ہوگا وہ اس درخت کی ایک ٹہنی پکڑ لے گا اور وہ ٹہنی اس کو اس وقت تک نہ چھوڑے گی جب تک اس کو دوزخ میں داخل نہ کرلے گی۔

(بیہقیؒ فی شعب الایمان)

o حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جلدی کرو صدقات وخیرات دینے میں (یعنی مرنے سے پہلے پہلے) اس لئے کہ صدقہ سے بلا نہیں بڑھتی (یعنی صدقہ بلا کو روکتا ہے)

(رزین)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ مال کو کم نہیں کرتا (بلکہ اس میں برکت ہوتی ہے) اور قدرت انتقام کے باوجود کسی کا قصور معاف کر دینے سے اللہ تعالیٰ اس بندے کی (جس نے دوسرے کو معاف کیا) عزت بڑھاتا ہے اور کوئی شخص ایسا نہیں جو اللہ کی رضا مندی کے لئے تواضع اختیار کرے مگر یہ کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اس کا مرتبہ بلند کر دیتا ہے۔ (مسلمؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مسلمان عورتوں کو مخاطب کر کے) فرمایا: اے مسلمان عورتو! کوئی ہمسایہ اپنے ہمسائے کو ہدیہ یا صدقہ بھیجنے میں حقیر نہ سمجھے اگرچہ وہ بکری کی کھری ہی کیوں نہ ہو۔

(بخاریؒ، مسلمؒ)

o حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو کسی نیکی کو حقیر نہ جان اگرچہ (وہ نیکی یہی ہو کہ) تو اپنے بھائی سے خندہ پیشانی سے پیش آئے۔

(مسلمؒ)

o حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر مسلمان پر صدقہ کرنا لازم ہے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا اگر اس کے

پاس صدقہ دینے کے لئے کچھ نہ ہو تو؟

فرمایا: اپنے دونوں ہاتھوں سے کام لے (محنت و مشقت سے کمائے) اپنے آپ کو بھی فائدہ پہنچائے اور صدقہ بھی کرے۔ صحابہؓ نے عرض کیا اگر اس کی بھی طاقت نہ رکھے یا ایسا نہ کر سکے (تو کیا کرے؟)

فرمایا: کسی حاجت مند غمگین شخص کی مدد کرے۔ صحابہؓ نے عرض کیا اگر وہ یہ بھی نہ کر سکے تو؟

فرمایا: نیکی کی تلقین کرے۔ عرض کیا اگر وہ ایسا بھی نہ کرے تو؟ فرمایا: خود برائی سے باز رہے پس یہ بھی اس کے لئے صدقہ ہے۔

(بخاریؒ و مسلمؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی کے ہر جوڑ پر، ہر دن، جس میں سورج طلوع ہوتا ہے، صدقہ لازم ہوتا ہے۔ اگر وہ دو آدمیوں کے درمیان عدل کرے یہ اس کے لئے صدقہ ہے۔ کسی آدمی کے سوار ہونے یا اس کا سامان بار کرنے میں مدد دینا اس کا صدقہ ہے۔ اچھی بات کہنا صدقہ ہے۔ ہر قدم جو وہ نماز کے لئے اٹھاتا ہے، صدقہ ہے۔ اگر وہ راستے سے ایذا دینے والی چیز کو دور کرتا ہے تو یہ بھی اس کا صدقہ ہے۔

(بخاریؒ، مسلمؒ)

o ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ہر انسان کو تین سو ساٹھ جوڑوں پر پیدا کیا گیا ہے (یعنی ہر انسان کے جسم میں

تین سو ساٹھ جوڑ ہوتے ہیں) پس جو شخص اللہ اکبر کہے، اللہ کی حمد کرے، لا الہ الا اللہ کہے، سبحان اللہ کہے اور اللہ سے استغفار کرے اور لوگوں کے راستے سے پتھر یا ہڈی اور کانٹے (یعنی ایذا رساں چیزیں) ہٹائے یا کسی کو نیک بات بتائے اور بری بات سے روکے اور یہ سب باتیں تین سو ساٹھ تک ہو جائیں تو وہ شخص اس روز اس طرح چلتا ہے گویا اس نے اپنے آپ کو آگ سے دور رکھا ہے۔

(مسلمؒ)

o حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان کوئی درخت لگائے یا کھیتی بوئے، اس سے کوئی انسان یا پرندہ یا کوئی مویشی کھا لیتا ہے وہ اس کے لئے صدقہ بن جاتا ہے اور مسلمؒ کی ایک روایت میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو اس میں سے چرا لیا جاتا ہے وہ بھی اس کے لئے صدقہ ہے۔

(بخاریؒ، مسلمؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! ایک بدکار عورت کو بخش دیا گیا (اس بنا پر کہ) وہ ایک کتے کے پاس سے گذری جو کنوئیں کے قریب کھڑا پیاس کی وجہ سے زبان باہر نکالے ہانپ رہا تھا۔ قریب تھا کہ وہ پیاس کی شدت سے مر جائے، اس عورت نے اپنا موزہ اتارا، اپنی اوڑھنی کے ساتھ اسے باندھا اور پھر اس (کتے) کے لئے پانی نکالا سو اس وجہ سے اس (بدکار عورت) کو بخش دیا گیا، عرض کیا گیا: کیا ہمیں چوپایوں (اور مویشیوں پر احسان کرنے) میں بھی ثواب ملتا ہے؟ فرمایا ہر تر جگر کے ساتھ نیک سلوک کرنے میں اجر ہے۔

(بخاریؒ، مسلمؒ)

o حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ اللہ تعالیٰ کے غضب کو ٹھنڈا کرتا ہے اور بُری موت کو دور کرتا ہے۔

(ترمذیؒ)

o حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان کسی ننگے مسلمان کو کپڑا پہناتا ہے اللہ تعالیٰ اسے جنت میں سبز لباس پہنائے گا۔ جو مسلمان کسی بھوکے مسلمان کو کھانا کھلاتا ہے اللہ تعالیٰ اسے جنت کے پھلوں سے کھلائے گا اور جو مسلمان کسی پیاسے شخص کو پانی پلاتا ہے، اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) اسے مہر لگی ہوئی شراب (یعنی شراب طہور) میں سے پلائے گا۔

(ابوداؤدؒ، ترمذیؒ)

o ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ صحابہ کرامؓ نے ایک بکری ذبح کی (اور اللہ کی راہ میں تقسیم شروع کی، کچھ دیر کے بعد) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (گھر تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم) نے پوچھا اس میں کس قدر باقی ہے؟ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے کہا اس کا صرف ایک شانہ باقی رہ گیا ہے فرمایا (نہیں بلکہ) کندھے کے سوا باقی سب بچ گئی ہے (یعنی ثواب کے لحاظ سے)

(ترمذیؒ)

o حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ جو مسلمان کسی مسلمان کو پہننے کے لئے کپڑا دیتا ہے تو جب تک اس کا ایک ٹکڑا بھی اس پر رہتا ہے وہ شخص (پہنانے والا) اللہ کی حفاظت میں رہتا ہے۔

(احمدؒ، ترمذیؒ)

o مَرثد بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ اس نے آپ کو یہ فرماتے سنا قیامت کے دن مومن کا سایہ اس کا صدقہ ہوگا۔

(احمدؒ)

o حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے زمین کو پیدا کیا تو وہ ہلنے لگی۔ اللہ تعالیٰ نے پہاڑ پیدا کیے انہیں زمین پر رکھا تو وہ ٹھہر گئی۔ فرشتوں نے پہاڑوں کی سختی سے تعجب کیا اور کہا:

اے ہمارے رب! تیری مخلوق میں پہاڑوں سے بھی کوئی سخت چیز ہے؟ فرمایا: ہاں لوہا۔ انہوں نے کہا: اے ہمارے رب! تیری مخلوق میں کوئی چیز لوہے سے بھی سخت ہے؟ فرمایا: ہاں، آگ۔ انہوں نے عرض کیا: اے ہمارے پروردگار! آگ سے بھی کوئی سخت چیز تیری مخلوق میں ہے؟ فرمایا ہاں: پانی۔ انہوں نے کہا کہ اے ہمارے پروردگار! پانی سے بھی کوئی سخت چیز تیری مخلوق میں ہے؟ فرمایا ہاں، ہوا۔ فرشتوں نے کہا: اے ہمارے پروردگار! تیری مخلوق میں سے ہوا سے بھی کوئی سخت چیز ہے؟ فرمایا! ہاں ابن آدم جبکہ وہ صدقہ کرتا ہے اپنے دائیں ہاتھ سے اس طرح کہ وہ اپنے بائیں ہاتھ سے بھی چھپاتا ہے۔

(ترمذیؒ)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ (دونوں) سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! بہترین صدقہ وہ ہے جو بے پروائی سے دیا جائے۔ اور ان لوگوں سے صدقہ دینا شروع کر جن کا نان نفقہ تیرے ذمے ہے۔

(بخاریؒ، مسلمؒ، عن حکیم بن حزام)

ناصحا اوئے ناصحا!

یہ تھی اور ہے میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طریقت.....

طریقت الاسلام

طریقت الاناب

طریقت الانام

ہر مذہب کے لئے نافذ العمل

کوئی بھی اس کا منکر نہیں۔

طریقت اسے اپنا کر

اس پہ کاربند ہو کر

پابند ہو کر

اور رحمت بن کر

کل کائنات پہ چھائی۔

زندگی زندگی کا نمونہ پا کر مطمئن ہوئی

پامال تھی، سرفراز ہوئی۔ مردہ تھی، زندہ ہوئی

افسردہ تھی، مسرور ہوئی۔ آوارہ تھی، گامزن ہوئی

سو بہ سو تھی، یکسو ہوئی۔ ڈانواں ڈول تھی، استوار ہوئی

بے کیف تھی، پُر کیف ہوئی۔ ناتواں تھی، قوی ہوئی

کھسیانہ تھی، معزز ہوئی، رو رہی تھی، نمونہ پا کر

رقص کرنے لگی، ساز بجانے لگی، راگ گانے لگی۔

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ معتبر، مستند، فلاح دارین کا امین!

یہ نمونہ ہر وقت تیرے پیش نظر رہے۔ سلک مروارید کا یہ ہار تیرے گلے میں ہمیشہ لٹکتا رہے، چمکتا رہے، دمکتا رہے۔ کبھی گرد آلود نہ ہو، کبھی ماند نہ پڑے۔

اسم اعظم کا نقش بھی کہیں تو بے جا نہیں۔

اس نقش کو حرز جاں بنا، بے شک یہ تیری جان کا شاہ مہرہ ہے۔

شکر عبدیت کی بندگی اور معبودیت کا دل پسند اخلاق۔

شکر نعمت

حسن عبادت

راست بازی

قلب سلیم اور

خُلق مستقیم سے انسانیت کا مقام بلند ہوتا ہے محض عبادات کی بدولت نہیں۔ اور یہی اسباق سلف صالحین کی درسگاہوں کا بین الاقوامی، جامع اور مستند نصاب ہوا کرتا تھا۔ جب تک کوئی فاضل مذکورہ اسباق سے فیض یاب ہو کر فارغ التحصیل نہیں ہوتا، مقبول الاسلام دین دار نہیں ہوتا اور نہ ہی دین کو اس سے مطلوبہ تقویت پہنچ سکتی ہے۔ گزرے ہوئے دور کا صوفی بے شک ان اسباق سے آراستہ و پیراستہ ہو کر دین کے میدان میں قدم رکھا کرتا تھا۔ جو دین کے اکھاڑے میں اترتا، یہی خصلتیں اس کا زاد راہ ہوتیں۔ **وما علینا الا البلاغ۔**

انسانیت کے جن بلند ترین خصائل کا تذکرہ کیا جا رہا ہے اگر انہیں اپنایا جائے تو قرونِ اولیٰ کا ہر منظر ظہور میں آئے اور کوئی بھی منظر کسی بھی منظر سے کسی بھی طرح پیچھے نہ رہے۔

ڈھول والا.....ڈھول بجائے

طبلے والا.....طبلہ

الغوزے والا.....الغوزہ بجائے

چمٹے والا.....چمٹا

باجے والا.....باجہ بجائے

چھینیاں والا..... چھینے

بین والا.....بین بجائے

طوطی والا.....طوطی

مرلی والا.....مرلی

سارنگی والا.....سارنگی

اور جو کچھ نہیں جانتا، دھمال پائے۔ پھر دیکھ تیری محفل کا کیف۔ ہر کوئی کسی نہ کسی دھن میں مصروف۔

اگر ان صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودات وارشادات پہ کمر بستہ ہوتے، روایات کہنہ عود کر آتیں، حال کا ورود وارد ہو کر رہتا۔

تیری ہر بات ناقص اور قابلِ اعتراض ہے۔ اگر تو کچھ بھی نہ کہتا، جو کچھ کہا گیا ہے اس پہ چلتا تو آج یہ حال نہ ہوتا۔

جب سے تو نے اپنی طرف سے رائے دینا شروع کی ہے، اختلافات شروع ہوئے ورنہ اسلام ایک تھا، ایک ہی رہتا، کبھی فرقوں میں نہ بٹتا۔

کیا تیرے لئے تیرے نبی اکرم واجمل صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان کافی نہیں؟

تو نے اتحاد کی بنیادیں ہلا دیں۔ معمولی باتوں کے اختلاف نے ملت کا شیرازہ بکھیر دیا اور مستحکم دین کی بنیادیں ہل گئیں۔

تو حضور اقدس واکرم واجمل، اطیب واطہر صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس ومتبرک کامل واکمل فرمان ہی پہ اکتفا کر اور اس بات کو دل سے مان کہ تیری بھلائی تیری کامیابی اور تیری نجات بس آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے فرمان کی اتباع میں ہے۔ اپنی طرف سے کچھ مت کہہ۔ جو کچھ کہہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کی تائید میں کہہ۔ جو انہوں نے فرمایا وہی کہہ وہی شاہراہ اور وہی صراط مستقیم ہے۔

اختلاف عموماً ذات سے ہوتا ہے، بات سے نہیں۔ اگر باتوں ہی کا اختلاف ہوتا تو آج ضرور ختم ہو جاتا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے بہتر بات اور کس کی ہو سکتی ہے؟ معلوم ہوا ہمارے اختلافات باتوں کے نہیں، ذاتوں کے ہیں اور یہ کبھی ختم نہیں ہو سکتے جب تک ہم خود انہیں ختم نہیں کرتے۔ ہر ذات اپنی برتری برقرار رکھنا چاہتی ہے۔ جس کے لئے وہ دین کی ہر بات کا مطلب اپنی ذاتی پسند کے مطابق ڈھال لیتی ہے۔ جب تک کہ اپنی ذاتیات کو دین کے تابع نہیں کرتے، اختلافات کی یہ کشمکش کبھی ختم نہیں ہو سکتی۔ ہم نے دین کو شخصیت میں مدغم کر دیا۔ چاہیے یوں تھا کہ اپنی شخصیت کو دین میں مدغم کرتے۔ پھر کسی کو بھی اور کسی بھی بات میں کوئی اختلاف نہ رہتا۔

جب بھی کوئی مفکر کسی بھی مسئلہ پہ سوچتا ہے۔ اس میں ذاتی پسند کو ضرور جگہ دیتا ہے جس کی وجہ سے اس مسئلہ کا حل انصاف کے تقاضے پورے نہیں کرتا۔ ہمارے اکابر ذاتیات سے پاک ومبرا تھے انہوں نے ذاتیات کو دین ہی کے تابع کیا ہوا تھا۔ یہی وجہ ہے

کہ ان کی ذات قیامت تک آنے والی نسلوں کے لئے حجت بنی ہوئی ہے۔

اگر علماء متحد ہو کر تعمیری جدو جہد کرتے اور ایک دوسرے سے پُر خلوص تعاون کرتے تو آج نہ دین کی یہ حالت ہوتی نہ دین داروں کی۔ ادعیان باطلہ کو دین حقہ کے سامنے کسی بھی حرکت کی کبھی جرأت نہ ہوتی!

ہم مسلمان تو ہیں

ہم میں مسلمانی نہیں

گفتار کا قاری.....عمل سے عاری

اے ہم نشیں! ہم اپنی اس ناداری پہ جتنا بھی روئیں کم ہے۔ تو ہی بتلا ہم میں مسلمانی کا کون سا انداز پایا جاتا ہے؟

مسلمان اللہ کے سوا کسی سے بھی کوئی خوف نہ کھاتا نہ ہی کسی سے کوئی امید رکھتا۔ اللہ کو اپنے پاس حاضر و ناظر جان کر ہر خوف سے بے خوف ہو کر اپنی منزل پہ گامزن رہتا۔ اللہ معی (اللہ میرے ساتھ ہے) کے نشے میں مخمور ہو کر کون و مکاں کی ہر شے سے مستغنی و بے نیاز ہوتا۔

جس کام کے کرنے کا ارادہ کر لیتا، کر کے رہتا۔ کسی کے بھی روکے کبھی نہ رکتا۔ برائی و بے حیائی کے قریب تک نہ پھٹکتا۔ جس کام کو سرِ بازار کرنے کی جرأت نہ رکھتا، خلوت میں بھی نہ کرتا۔ کبھی جھوٹ نہ بولتا، غیبت نہ کرتا، چغلی نہ کھاتا، حسد نہ کرتا۔ کسی کو بھی کبھی عار نہ دلاتا، نہ ہی کبھی طعنہ دیتا۔

غرضیکہ اپنے سینے کو کینے سے ہمیشہ پاک رکھتا۔ کسی کمال کا دعویٰ نہ کرتا۔ ہر کمال کو اللہ ہی کی عنایت سمجھ کر سجدہ شکر کرتا، کبھی اپنی طرف منسوب نہ کرتا۔

اگر کسی ابتلا میں مبتلا ہوتا، اسے اپنے گناہوں کی شامت سمجھ کر توبہ کرتا۔ وہ تسلیم و رضا کا پیکر ہر گناہ کا اعتراف کرتا۔ کسی دوسرے کو ملامت نہ کرتا۔ توبہ کرتا۔ اگر توبہ سے پھر جاتا، پھر کرتا۔ پھر پھر جاتا پھر کرتا۔ حتی کہ ربوبیت کی رحمت اپنی آغوش میں لے کر بخش دیتی اور پھر کبھی نہ پھرتا۔

ملت کی آبرو پہ اپنی آبرو لٹا دیتا۔ خود مٹ جاتا لیکن ملت کی ناموس پہ حرف نہ آنے دیتا۔ اور ہم نے اے ہم نشیں! ملت کے شیرازے بکھیر دیئے، بھرے میلے بچھاڑ دیئے۔

وہاں کیوں گئے؟ نام کی خاطر

یہ کیوں ہوا؟ نام کی خاطر

یوں کیوں کیا؟ نام کی خاطر

اگر ملت کے لئے ہوتا، بلائیں لے لیتی۔

تیرا کوئی خیال، تیرا کوئی قدم، تیرا کوئی فعل، تیرا کوئی قول، تیری کوئی حرکت ملی اتحاد کے خلاف نہ ہو، کسی بھی انداز میں اور کبھی نہ ہو،

اتحاد ملت کی آبرو، اتحاد ملت کی عزت، اتحاد ملت کا اقبال، اتحاد ملت کا وقار اور اتحاد ہی ملت کی پکار ہے۔ ملت کی اقبال مندی کے لئے متحد ہو، آمین آمین آمین۔

اے دنیائے دوں کے مایہ ناز سپوت! آج تیری تاریخ کے تابناک قصے افسانے بننے لگے۔ کیوں؟ آخر کیوں؟

اے میرے نوجوان! تو دبنے کے لئے نہیں چھانے کے لئے ہے

ہرنے کے لئے نہیں، ہرانے کے لئے ہے

بھاگنے کے لئے نہیں، بھگانے کے لئے ہے

مٹنے کے لئے نہیں، مٹانے کے لئے ہے

تجھے کوئی مٹا سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔

اے اقوام عالم کی داستان کے بطل عظیم! آج تیرے کسی میدان میں کوئی علَم نہیں لہرا رہا..... نہ دین کے میدان میں نہ دنیا کے۔

وہ بھی کیا دن تھے کہ تیرے تیوروں کی تاب لانا کسی کے لئے بھی ممکن نہ تھا۔ تو اور کفار سے مرعوب؟ اللہ اللہ توبہ توبہ! عقلِ سلیم تسلیم نہیں کرتی۔ تیری سطوت و ہیبت سے بحر و بر لرزتے اور تیرے دبدبے کے سامنے ہر دبدبہ ہیچ ہوتا۔

بڑے بڑوں کی عظمت تیری عظمت کے سامنے سرنگوں ہوتی۔ تیرا نام سن کر شیروں کے دل دہل جاتے۔ پتے پانی ہو جاتے۔ اگر کسی میدان میں موت سے واسطہ ہوتا، موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مسکراتا۔ کوئی خوف کبھی نہ کھاتا اور کسی بھی ماں کے لال کو تیرے مقابلے کی جرأت نہ ہوتی۔

قدرتِ الٰہی کا یہ ازلی دستور کسی بھی زمانے میں کبھی نہیں بدلا۔ جب بھی کفر نے ایمان کو للکارا، ایمان دندناتا ہوا میدان میں نکلا اور تن تنہا نکلا۔ کسی بھی کثرت سے مطلق نہ لرزا۔ ہر خوف و خطر سے بے خوف ہو کر مسکراتا ہوا گنگناتا ہوا رزمگاہ میں بپھرا۔ ایک رب کے سوا کوئی سبب نہ رکھتا۔ کرب و بلا کی شدت میں ثابت قدم رہتا، کبھی نہ ڈگمگاتا۔ جب کہیں سے بھی کوئی امید باقی نہ رہتی

اِنْقَطَعَ الرَّجَا اِلَّا مِنْکَ

''تیرے سوا اب کسی سے بھی کوئی امید باقی نہیں''

کہہ کر غیرت الٰہی کو جوش دلاتا..... شیر کی طرح گرجتا..... بجلی کی طرح کڑکتا.....

عرش پہ سناٹا چھا جاتا.....آسمان پہ تیاری کا بگل بج جاتا.....ملائکہ حکم کے انتظار میں سٹینڈ ٹو (صف آرا) ہو جاتے نہ معلوم کیا حکم ملنے والا ہے۔اللہ اکبر کے نعروں سے رن کانپ اٹھتا اللہ اکبر اللہ اکبر۔

میری جان! اے میرے نوجوان! آج تیرے میدان میں یہ نعرے کیوں نہیں گونجتے؟

ماسوا سے بے خوف رہنا اور کسی بھی طاقت کو کسی بھی خاطر میں نہ لانا ایمان کی وہ صفت ہے جو کسی بھی میدان میں کبھی نہیں ہرتی۔

تیرے آبا، اے میرے نوجوان! کسی بھی کثرت و طاقت کو کبھی خاطر میں نہ لاتے۔جب کسی میدان میں اڑ جاتے، بس اڑ جاتے۔جہاں جو قدم رکھ دیتے، بس رکھ دیتے۔پرزے پرزے ہو جاتے اپنے قدم کبھی پیچھے نہ ہٹاتے۔قدرت اپنے شاہکاروں کا نظارہ کرتی۔جب دیکھتی کہ اب یہ کسی بھی حال میں ہارنے یا ہٹنے کا نہیں، آسمانوں پہ خطرہ کی گھنٹی بجا دیتی۔ہر کوئی چوکس ہو جاتا نہ معلوم کسے کہاں جانے کے لئے حکم ہونے والا ہے۔

اور اے میرے نوجوان! وہ تھے تیری مایہ ناز زندگی کے برکت بھرے دن، جس کی تمکنت کی اقوام عالم کی کسی تاریخ میں کوئی مثال نہیں .....اپنے ماضی پر پڑے ہوئے گرد آلود پردوں کو جھاڑ کے دیکھ.....تو جن کا وارث کہلاتا ہے ان کی کوئی بھی خو و بو تجھ میں ہے؟.....اگر نہیں تو کیوں؟.....ان کی نگاہوں سے نظام عالم زیروزبر ہو جاتا۔

کاش! تو اپنے اسلاف کا صحیح خلف بنتا۔

اگر کسی میدان میں اربعہ عناصر کی تمام قوتیں اس کے خلاف برسر پیکار ہوتیں تو وہ اکیلا ان سب سے ٹکرا جاتا اور کسی قوت کو کسی خاطر میں نہ لاتا۔

اگر کسی میدان میں.....میدان اڑ جاتا، کامیابی کی کوئی صورت نظر نہ آتی تو قول کی پاسبانی کی قوت کی حمایت میدان میں اترتی اور جنگ کا پانسہ پلٹ جاتا۔

تیری بے باکی کی کوئی مثال اے او نوجوان مسلم! کسی اور تاریخ میں نہیں ملتی۔ جب کرنے پہ آتا کسی کثرت کو خاطر میں نہ لاتا۔ کبھی خوف نہ کھاتا کر کے ہی دم لیتا۔ جب تو ماسوا سے کلیتًا بے نیاز ہو کر توکلت علی اللہ نعرہ زن ہوتا، رن کانپ اٹھتا۔ پہاڑ تک لرزتے۔ کائنات دم بخود رہ جاتی۔ ملائکہ تو متحیر ہوتے ہی، شیاطین تک کانپنے لگتے۔ کوئی تاب لانے کی جرأت نہ رکھتا۔ تو اپنے سر پہ شہادت کی ٹوپی سجائے رکھتا۔ یہی تیری حرز جاں ہوتی۔ کبھی نہ اتارتا تو ہر مقام پہ موت کا استقبال کرتا۔ موت تیرے پیچھے پیچھے پھرتی.....اور اب تو صرف ایک نام کا کھلونا ہے۔

استراحت نے تمکنت کو مفلوج کر دیا ورنہ جب تک تیری دنیا مسافرانہ تھی، تیری نظر دلوں کے قرار چھین لیتی۔ اگر کلر پہ بھی پڑ جاتی گلزار بنا دیتی۔ تیری آواز اللہ کی آواز ہوتی۔

تیری عظمت کعبہ سے بڑھ کر اور ہیبت وریٰ الوریٰ۔ تیری قبا زری زربفت نہیں لاتخف تھی جسے تو نے تار تار کر دیا اور اس کا تجھے احساس تک نہیں۔ یہ قبا جو تو نے پہنی ہوئی ہے، بالکل نہیں سجتی۔

آج سے پچاس سال پہلے کا نوجوان کبھی ایسا رنگین لباس نہ پہنتا۔ بلا تمیز اعلیٰ وادنیٰ سفید جامہ پہنتا۔

میرے بیٹے! تیری یہ لٹ پٹ چال، کسریا جامہ، تجھے لاج آئے نہ آئے، میں ڈوب ڈوب جاتا ہوں۔

رنگین کپڑے عورتوں کے لئے ہوتے ہیں مردوں کو زیب نہیں دیتے۔ ہسٹری آف سیولائزیشن کے کسی بھی دور میں مردوں نے رنگین کپڑے نہیں پہنے۔ ایسے باریک تو کبھی نہیں پہنے، مت پہن۔

اسی طرح اے میرے نوجوان! تیری چال بھی مردانہ نہیں۔ ہائے ہائے!

یہ انداز مردانہ نہیں۔ رندانہ ہیں نہ خسروانہ۔ گویا تیرے آبا کی ایک بھی ادا تجھ میں باقی نہیں، سب کی سب لٹ گئیں۔

اے میرے نوجوان! تیرے گرز تھامنے والے ہاتھوں کی انگلیوں پہ یہ زنانہ سرخ پالش، مردانگی کی گراوٹ کی انتہائی حد ہے۔ بتا اس سے آگے اور کیا مقام ہوگا؟ تیری ماں تجھ پہ روئے، باز آ!

تیرے بولے ہوئے بول..... تیری کی ہوئی سرگوشیاں

سامعین انگشت بدنداں ملائکہ متحیر

باز آ.....ابھی باز آ

یہ بھی وقت کی ایک اہم پکار ہے۔

یہ ماسی پھوپھی کا مقام نہیں مردوں کا اکھاڑا ہے

سوچ کر بول

سوچ کر چل اور

سوچ کر لکھ

بالآخر اپنی نسبت کی ناموس کا اکرام کر.....اور اپنے منصب کا احترام!

کامیاب! ماشاءاللہ

دو حرفی بات تھی اور چلنے والے کے لئے یہ منزل دو قدم تھی، سال ہا سال گزار دیئے۔

اس دنیا میں مجھے ابھی تک کوئی بھی ایسا جوان نہیں ملا جو کسی ایک بھی کردار کا پابند ہو۔

تیری ہر کلام اور ہر کام میں جھوٹ، غیبت، چغلی اور حسد کسی نہ کسی انداز میں کارفرما رہتا ہے اور زندگی اس سے بیزار۔ ان چار چیزوں سے باز رہ، زندگی تیرا استقبال کرے گی۔

دین کا مبلغ خود باز نہیں رہتا، کسی اور کو کیا تلقین کر سکتا ہے؟

جس نے زندگی کو زندگی کا پیغام سنانا تھا، درجات و مقامات میں الجھ گیا۔ ہر قندیل کو روشن کرنے والے کی اپنی قندیل بجھ گئی **یا حی یا قیوم برحمتک استغیث**

اللہ نے تجھے زندگی کی آسائش و راحت کا ہر سامان فراہم کیا، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا امتی بنایا اور تو جہاد اکبر کا مجاہد بن کر میدان میں آیا۔

تجھے **لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْن** کا مژدۂ جانفزا سنایا۔

دُنیا کی ہر شے تیرے لیے پیدا کی اور

تُجھے ..... اپنے لیے

تُو پریشان رہتا ہے

یاس و حُزن کا شکار رہتا ہے

آخر کیوں.....؟

اس لیے کہ

۱۔ تو جھوٹ بولتا ہے، جھوٹ کی بُو سے فرشتہ میل دُور چلا جاتا ہے اور صِدق کی برکات اڑ جاتی ہیں

۲۔ غیبت کرتا ہے گویا مردار کھاتا ہے۔ مُردار تیری خوراک بنا ہوا ہے اسی لیے تجھے غِلاظت و کراہت محسوس نہیں ہوتی

۳۔ چُغلی کھاتا ہے ہر وقت کھاتا ہے۔

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چغل خور جنت میں نہ جائے گا۔

۴۔ حسد کرتا ہے

اور حسد نیکیوں کو ایسے کھا جاتا ہے جیسے آگ سُوکھی لکڑی کو

یہ ہے تیری زندگی..... جھوٹ، چُغلی، غیبت اور حسد کا مرقع۔

نہ تو نے چھوڑا نہ باز آیا

اگرچہ سو سال رہا انہی کے گرد گھوما۔

کوئی اور وجہ نہیں تو اپنے ہی جھوٹ، چُغلی، غیبت اور حَسد کا مارا ہوا ہے۔ اگر تُو ان چاروں سے نجات پالے تیری مٹی پاک ہو جائے۔ جس کام کیلئے اللہ نے تجھے پیدا کیا، پُورا ہو جائے۔ ان چاروں سے اِجتناب، اِنفرادی ہو یا اجتماعی، مِلّی تمکنت کی جان و ایمان۔ ان سے نجات پا اور ضرور پا۔

تیرا جسم الوجود جب

جھوٹ

غیبت

چُغلی

اور

حسد سے پاک ہوا شفایاب ہوا اور فیض یاب ہوا ماشاء اللہ لاقوۃ

الاباللہ

کفارا نہی پہ کاربند ہوا

شہابِ ثاقب بنا!

جھوٹ

غیبت

چُغلی

اور

حسد

تیرے جسم الوجود میں خون کی طرح رواں دواں ہیں اور تو انہی کے تحت راہ حیات پہ گامزن۔ یہ تیری نماز، قرآن کریم کی تلاوت، روزہ، حج، زکوٰۃ سب کو باطل کر دیتے ہیں، صرف کلمہ باقی رہ جاتا ہے۔

''میں انہی چار بلاؤں میں مبتلا ہوں یہی میری کم نصیبی، یہی بدنصیبی''

''چاروں چیزیں چھوڑ دے، اگر گھٹائیں باندھ کر ابر رحمت نہ برسا پھر جو چاہے کہنا''

یہی کرہ ارض پہ بسنے والی انسانیت کی صحیح تشخیص ہے

تیری گراوٹ کی تشخیص، ان ہی چار باتوں پر منحصر قرار پائی.....اور تاریخ نے اس کو مان لیا۔

خوب جائزہ لو ہم انہی باتوں کے مارے ہوئے ہیں ورنہ کوئی تو سرخرو ہوتا۔

دیکھنے والی چیز تو خصلت ہوتی ہے اور خصلت کا کوئی منکر نہیں۔

خصلت کے نمونے کا کوئی منکر نہیں ہوتا

جب تک کسی خصلت کا نمونہ پایہ تکمیل تک نہیں پہنچتا، جدوجہد جاری رہتی ہے۔

جس قسم کا نمونہ ہوتا ہے اسی قسم کے مبصر۔ اور مبصرین کسی کی بھی رعایت نہیں کیا کرتے۔ کانے کو کانا اور اندھے کو اندھا کہا کرتے ہیں۔

کسی بین الاقوامی خلق کا نمونہ..... جس کا کوئی منکر نہ ہو..... کردار ہے۔

کردار تحسین وتنقید اور مزید تشریح سے مبرا۔

کردار حال میں رہتا ہے ہر حال میں زندہ اور قائم۔

کردار کی مستی..... کائنات کی ہستی

کردار اگتے ہی آن کی آن میں پروان چڑھتا ہے، دم بھر کے لئے بھی دیر نہیں لگتی۔

کردار قید کا پابند نہیں ہوتا، آزاد پرواز میں اڑا کرتا ہے۔

تیرے کردار کی مستی کی ہستی جب میدان میں آتی، دنیا بھر کو دنگ کر دیتی۔

جب وہ اللہ کے پُراسرار بندے ہر شے اور ہر شے سے جوان کی منزل کی محویت میں مخل ہوتی..... حرام قرار دے کر دست بردار ہو جاتے..... یہی عاشقان باصفا اور کشتگانِ باوفا کا دستور ہوتا۔

اللہ کا نام لے کر جس بھی بحر میں کود پڑتے، کسی ناخدا کو کسی خاطر میں نہ لاتے۔

جہاں جانے کا عزم کرتے، پار ہو جاتے۔

توکلت علی اللہ بیڑے ٹھیل دیتے اور صحیح وسلامت ساحل سے ہمکنار ہو جاتے۔

دین نمونے کا محتاج ہے، تیرے پاس ایک بھی نمونہ نہیں۔

مدت گزری تیرا خون کبھی نہیں گرمایا۔ جوش رندانہ سرد پڑ گیا۔ جذب قلندرانہ منتشر ہوا۔ ماضی کا کوئی بھی حال تم میں نہیں۔ تیرا خون میری توحید کا ترجمان تھا، بے قدری کا شکار ہو گیا۔ دنیا کے کسی بازار میں کوئی قیمت نہ رہی۔

ہر بات لکھ چکے

کہہ چکے

سنا چکے

ٹس سے مس نہیں ہوتا

ہوش میں آ، اپنی سوئی ہوئی قسمت جگا۔ یہی وقت کی پکار ہے۔

ہر شے کو سرِ بازار پھینک..... دست بردار ہو۔ یہ طریقت کی عزت بھی ہے اور اہم پکار۔

مدت ہوئی اس گلستان کے کسی پودے کو کوئی پھل نہیں لگا۔ اگر کہیں کسی بوٹے کو لگا بھی تو کھٹا، نہ کھانے کے قابل نہ منڈی میں لے جانے کے۔ اور تیرے بوستان کا یہ حال تیری رحمت کا امیدوار ہے۔

جس دنیا کے حصول کی خاطر تو مارا مارا پھرتا ہے، اس دنیا کو تو دین نے ملعون ومردار قرار دیا ہوا ہے۔

ملعون ومردار سے اجتناب تیری منزل تھی، اب تو ان دونوں کا شائق ومشتاق۔

تیری یہ دنیا ملعون نہیں تو کیا ہے اور تیرا یہ دین دنیا نہیں تو کیا ہے؟

یہ زندگی جس پہ تو پھولے نہیں سماتا، سراب وفریب ہے! دانش کے بازار میں کسی بھی قیمت کی نہیں۔

ناصحا او ناصحا! جن چیزوں پہ تو پھولے نہیں سماتا..... مر مر جاتا ہے..... میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ملعون و مردار قرار دیا ہوا ہے۔ ایک بھی نہیں جو رکھنے کے قابل ہو۔

حضرات! ہماری اور تمہاری ساری تگ ودو ملعون اور مردار ہی کی تگ ودو ہے، یہ دنیا نہیں تو کیا ہے؟

اللہ رب العالمین اور میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم ملعون و مردار سے بیزار ہیں اور میں؟ ملعون و مردار پہ فریفتہ۔ ''تو ہی بتا تیرے دین کو کیا کہیے''؟

اصول تیری زندگی کی متاع تھی جو چھن گئی۔ ایک اصول ایک ولایت ہوتی ہے۔

خرافات ہماری منزل ہے چپ رہنا ان کی۔ بات بات پہ پھر جانا ہماری منزل ہے، کسی ایک بات پہ ڈٹ جانا ان کی۔ یہی ہماری پستی..... اور یہی ان کی ہستی کی مستی ماشاءاللہ۔

حال کی مستی زندگی کی اصل ہستی ہے

ہستی جب مستی سے بہرہ ور ہو جاتی ہے اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَاَنَا سِرُّہٗ کے راز کا راز منکشف ہونے لگتا ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ فرماتا ہے:

اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَاَنَا سِرُّہٗ

''انسان میرا بھید ہے اور میں اس کا بھید ہوں''

بے شک وہ بندے پُراسرار ہوتے اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَاَنَا سِرُّہٗ کے رازداں بن کر نام ونمود اور ہست وبود کی بستی کو الٹا کر اور ہستی کو مٹا کر.....صدق دل سے.....دنیا کو ہیچ وبیکار سمجھ کر الست کے نشے میں مست ہو کر جب عاشقان طریقت کی منزل پہ گامزن ہوتے، ایک اکھاڑا جم جاتا۔

جب کرنے پہ آتے، کسی کے بھی فن سپاہ گری کو کسی خاطر میں نہ لاتے، تن تنہا میدان جیت جاتے۔

اے خوابیدہ مسلمان! نہ تیری آن رہی نہ شان، گیدڑوں کی آہ وبکا جاری ہے۔

دین اسلام کی دعوت وتبلیغ کی باتیں اللہ کو بے حد پسند ہیں لیکن اگر ان پہ خود عمل نہ کیا جائے تو یہی ناپسند۔

جس بات میں جان نہیں ہوتی، مردہ ہے اور ان میں سے کسی میں بھی جان نہیں۔

تو قوم کا رہنما تھا۔ اگر جیسے تو کہتا ہے کرتا.....قوم تیرے قدم چومتی۔ قوم اب بھی تیری قدر دان ہے۔ تو جو کہتا ہے حق ہے لیکن جو کہتا ہے کرتا نہیں۔ تیرا فعل تیرے قول کے خلاف ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تیری خطابت دین کے شیرازے بکھیرے جا رہی ہے۔ کاش تو چپ ہوتا۔ ملت پرور ہوتا نہ کہ ملت شکن۔

مباحثہ ومناظرہ وتنقید تیرے دنیا بھر پہ چھائے ہوئے وقار اور مانی ہوئی عظمت کو لے دیا گیا۔ وہ پہلی سی ہیبت جاتی رہی گویا کبھی تھی ہی نہیں۔

چھوٹی چھوٹی اور غیر ضروری باتوں پہ اتنی اتنی بحث، اتنی کڑی نکتہ چینی اور اتنی تحقیق کہ بات کا بتنگڑ اور رائی کا پہاڑ بنا دیا اور اتحاد جو اسلام کی روح ہے، کے پرخچے اڑا دیئے۔

اہل علم وحکمت کسی بھی بات پہ کبھی بحث نہیں کرتے۔ ہر بات کو حکمتِ الٰہی پہ مبنی سمجھ کر خاموش رہتے ہیں اور خاموشی بحث کا واحد اور منہ توڑ جواب ہے۔

اے جان من! اپنے گریبان میں جھانک کر دیکھ! نہ تیری نگاہ پاک ہے نہ میری! نہ تیرا دل صاف ہے نہ میرا، نہ تو ''وہ'' نہ میں! اس بحث نے دین کی بھری محافل بچھاڑ دیں! گویا بوستان ارم کی پتی پتی کر دی۔ اگر اب بھی نہ سمجھے تو پھر کب سمجھو گے! گزرا وقت کبھی کسی کے ہاتھ نہ آیا اور یہ وقت کی آخری پکار ہے!

دلربائے من! قربانت شوم! بحث ہمیشہ ناقص چیز میں کی جاتی ہے اور نقص دور کرنے کیلئے کی جاتی ہے۔ ہمارا دین اسلام ہر لحاظ سے کلیتاً کامل و اکمل ہے اور اکمل میں کسی بھی بحث کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی۔ ہو ہی نہیں سکتی۔ دین کا دارومدار محبت و خیر خواہی پہ موقوف ہوتا ہے اور بحث نفاق کی جڑ ہے۔ کر کے دیکھ لو، بحث سے نفاق کے سوا کوئی اور شے کبھی حاصل نہیں ہوتی۔

ہم مذہب کے لئے جھگڑتے ہیں، مذہب کے مطابق عمل نہیں کرتے۔ اگر عمل کرتے، کسی بھی قسم کی کوئی بے لذتی کبھی پیدا نہ ہوتی۔ محبت کا دور دورہ ہوتا۔

نصاریٰ نے بین الاقوامی تبلیغ کی

حضرت عیسیٰ کو اللہ کا بیٹا کہا اور مان لیا

ہندو نے تبلیغ کے مراکز کھولے اور رام رام جپنے لگا

ہم بین الاقوامی تبلیغ کے امین ہیں، تفرقات کا شکار ہو کر کہیں سے کہیں جا پہنچے

جو رب کو رب نہیں مانتا، کسی بھی دین کا پابند نہیں، من مانی کرتا ہے..... چھا رہا ہے

قرآن کریم اور سنت مطہرہ پہ متحد ہو۔

اللہ کے بندو! اللہ سے ڈرو اور اللہ کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کی طرف رجوع کرو کہ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔ مسلمان کو کافر مت کہو۔

سوچ کر بولا کرو۔ اگر مخاطب اس کا مستحق نہ ہو تو کلمہ کہنے والے پہ لوٹ آتا ہے۔
کسی کے کہنے سے کوئی کافر نہیں ہوتا۔ جب تک کوئی کلمہ طیبہ کا منکر نہیں ہوتا، کافر نہیں ہوتا۔ اکابرین ملت کا ازلی شیوہ اتحاد و محبت ہے۔

مسلمان کی تمام خصلتیں چھن چکیں، ایک نام باقی ہے اسے مت چھین۔

اپنے مسلمان بھائی کو برا مت کہہ، برا مت جان، دل مت دکھا، دل مت ستا، عیب نہ ٹٹول، پردے نہ کھول، عار مت دلا، حقیر مت جان، ذلیل مت کر، ظلم مت کر، لعن مت کر، طعن مت کر، اللہ سے ڈر اور کسی حد سے تجاوز کبھی مت کر، اپنے کسی مسلمان بھائی کو کافر مت کہہ، کبھی مت کہہ۔ ہم گنہگار ہیں کافر نہیں۔

اللہ سے بہتر اور کس کی بات ہو سکتی ہے؟ اللہ کے حکم کے سامنے کسی کی بھی اور کوئی دلیل کیا معنی رکھتی ہے؟ مطلق نہیں۔

اللہ رب العالمین نے فرمایا

''اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑو''

کیا ہم نے اس رسی کو مضبوطی سے پکڑا ہوا ہے؟

''اور فرقوں میں مت بٹو''

کیا ہم فرقوں میں بٹے ہوئے نہیں؟

''پورے کے پورے اسلام میں داخل ہو''

کیا ہم پورے کے پورے اسلام میں داخل ہیں؟

اللہ تبارک وتعالیٰ کے نزدیک سب سے ناپسندیدہ چیز فساد ہے خود ہی فیصلہ کریں، فساد کسے کہتے ہیں اور کون پھیلاتا ہے؟

توبہ توبہ ہماری کسی بات پہ کوئی کیا یقین کرے؟ ہم جب باتیں کرنے لگتے ہیں پل باندھ دیتے ہیں۔قوموں کی حالتیں باتوں اور کراماتوں سے نہیں، کسی کردار کے عملی نمونے کی بدولت بدلا کرتی ہیں وما علینا الالبلاغ۔

ہر موضوع پر، ہر وقت، ہر جگہ لچھے دار اور گچھے دار تقریریں سامعین کو گرماتی رہتی ہیں مگر کوئی بھی اس پر کبھی عمل نہیں کرتا۔کبھی نہیں گرماتا جیسے سنا ہی نہیں۔

جو کرتے نہیں مت کہا کرو۔

کوئی کہتا ہے میرا تیری دنیا میں جینا تیرے لئے ہے

کوئی کہتا ہے تیرے دین کے لئے ہے

نہ کسی کا جینا اللہ کے لئے، نہ دین کے لئے، میری جان! اگر اللہ کے لئے یا اللہ کے دین کے لئے ہوتا ایک نمونہ ہوتا.....قابل رشک ماشاءاللہ

کوئی ترک کا لبادہ اوڑھ کر دلکش نغمے گاتا اور دلوں کو لبھاتا پھرتا ہے۔تیری دنیا کی کوئی بھی چیز اور کوئی بھی منصب تیرے اس بندے کی نظروں میں کوئی وقعت نہیں رکھتا تیرے سوا، تیری قسم، ہر شے فانی ناپائیدار اور ہیچ و بیکار ہے۔

اگر یہ سچ ہوتا تُو خدا کا ہوتا اور خدائی تیری۔

جب کوئی کہتا ہے ''کہ وہ کون و مکاں کی ہر شے سے مستغنی و بے نیاز ہو کر تیری طرف آیا ہے''..... سننے والے ہنستے ہیں! ہر شے سے دست بردار ہونے والوں میں سے تو تم ہو ہی نہیں۔ایک سوئی تک سے بھی دست بردار نہیں۔

اے میرے دوست! اللہ کے طالب اللہ کے سوا کسی بھی شے کے مطلق طالب نہیں ہوتے اور نہ ہی کسی سے کسی بھی قسم کا کوئی واسطہ رکھا کرتے ہیں۔

کوئی کہتا.....میرا مطلوب ومقصود تو ہے،صرف تو!

اگر یہ سچ ہوتا بھلا اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے طالب کو خالی پھیر دیتے ؟ ہرگز نہیں۔معلوم ہوا یہ باتیں سنی سنائی دہرائی جا رہی ہیں دل سے کوئی تعلق نہیں رکھتیں۔ اللہ رب العالمین خود فرماتے ہیں جو میری طرف چل کر آتا ہے میں اس کی طرف دوڑ کر آتا ہوں.....جو بالشت بھر آتا ہے میں گز بھر آتا ہوں۔

جسے راضی کرنا تھا اسے تو کیا نہیں، ماسوا کو کیا تو کیا کیا؟ ان دعووں سے تو کوئی بھی کبھی راضی نہیں ہوسکتا البتہ اس دعوے میں رضا کی امید ہے.....یہ کہہ: اَنَا عَبْدٌ مُذْنِبٌ ذَلِیْلٌ وَّ اَنْتَ رَبِّیْ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ فَاعْفُ عَنِّیْ فَاِنَّکَ عَفُوٌّ کَرِیْمٌ یَا عَظِیْمَ الْعَفْوِ یَا نِعْمَ النَّصِیْر۔آمین آمین۔

خاک کو خاک پہ خوبی سے شرف ہے
خسرو خوباں سے خوبی طلب کر

خاک کا یہ پتلا خوبی سے ہی خوب ہے!

اتنے بڑے شہر میں کسی بھی خوبی کی کوئی دکان نہیں!

اے ہم نشیں! کیا تیرا شہر، کیا اس کے بازار! کیا تیری دانش گاہ اور کیا اس کی سیاحت۔

چار مطلق حرام چیزوں سے باز رہنے کی تبلیغ وتلقین سالہا سال سے جاری ہے، کسی نے ایک بھی نہیں مانی۔تسلیم کرتے ہو کہ کبھی نہیں کرنی، اسی مجلس میں کرنے لگ جاتے ہو۔ ہم جانتے ہیں، مانتے نہیں۔اگر مانتے ہوتے تو ہمارا یہ حال کبھی نہ ہوتا۔اللہ کی غیرت جوش میں آتی اور ضرور آتی۔

بتلا تیری جدو جہد نے کون پیدا کیا؟ کس کردار کو زندہ کیا اور کس خصلت کا مظاہرہ کیا؟ اگر نہیں تو کیوں؟ محض باتوں سے کوئی بھی بات کبھی نہیں بنتی!

دعا کر اللہ تجھے علم پہ عمل کی توفیق بخشے آمین!

وہی سیاح ایک دن پھر ملا۔ جب اس سے پوچھا کہ آج کل کہاں رہتے ہو؟ کہنے لگا کہ کیا بتاؤں میری جستجو مجھے کہاں کہاں لئے پھرتی ہے؟ میں ہر جگہ گیا اور ایک ہی دھن میں گیا کہ کہیں سے خصائل نبوت کی کوئی خصلت دستیاب ہو۔ درس گاہ میں بھی گیا، خانقاہ میں بھی گیا، وہاں بھی گیا اور وہاں بھی گیا۔

غرض جہاں میں جا سکتا تھا گیا لیکن کہیں سے بھی مطلوبہ خصلت نظر نہیں آئی۔

پھر وہ ہم سے مشورے کا طالب ہوا

ہم سب نے یک زبان ہو کر اس اللہ کے بندے کو ایک ہی مشورہ دیا کہ اب کہیں مت جا اور بالکل نہ جا۔ جس خصلت کا تو طلب گار ہے، اپنے اندر پیدا کر یعنی جو کردار تو دیکھنا چاہتا ہے اور نہیں دیکھ پاتا اس کردار کو اپنا۔ صحرا نوردی ختم کر۔ اپنی مطلوبہ خصلت کو اپنے اندر پیدا کر۔

نہ لکھ..... نہ کہہ..... کر کے دکھلا..... یہی وقت کی پکار ہے۔

یہ کہہ..... میرے مولا! میں تیرا وہ طالب ہوں جس کی کوئی طلب نہیں۔ مطلق نہیں۔ نہ ہی کوئی جستجو و تمنا ہے۔ میرا تیرے خیال میں محو و منہمک رہنا ہی میرے لئے کافی و وافی ہے!

آتے ہوئے تو روتا تھا لوگ ہنستے تھے

جاتے ہوئے لوگ روتے ہوں، تو ہنستا ہو

آنے پر لوگوں نے تیری ماں کو مبارک دی

جانے پر فرشتے تیرے شیخ کو دیں

کس دھوم سے آیا اور کس شان سے رخصت ہوا

مبارکاً مکرماً مشرفاً

اے ابن آدم! یہ ہے تیری منزل.....اس منزل کو حاصل کر۔

مسلمین و مومنین و مخلصین و صالحین کے شیخ کا کردار ایسا نہیں، نبیوں جیسا ہو ورنہ

ایں شیخیت چیست و کجا می رساند؟

اَلشَّیْخُ فِیْ قَوْمِہٖ کَالنَّبِیُّ فِیْ اُمَّتِہٖ

''شیخ اپنی قوم میں ایسے ہی ہوتا ہے جیسے کہ نبی اپنی امت میں''

شیخیت جو قرآن کی تفسیر نہیں تو کیا ہے؟

شیخیت کا عہد و پیمان.....**فَاسْتَقِمْ کَمَا اُمِرْتَ** (ہود ۱۱۲)

(پس جس طرح سے آپ کو حکم ہوا ہے مستقیم رہیے)

یہ نہیں تو کچھ نہیں، دنیا ہی کا کھلونا ہے۔ یہ خصلت نبوت کی سرِ فہرست خصلت ہے۔

شیخ کہلاتے ہو، شیخیت کا ادب نہیں کرتے۔ نافرمانی کرتے ہو۔

نافرمانی شیخیت کو زیب نہیں دیتی۔

شیخ وہ ہے جو نافرمانی کے پاس تک نہ پھٹکے

شیخیت.....من و عن تسلیم

صالحیت شخصیت کی بنیاد ہے اور شیخیت کی عمارت صالحیت ہی کی بنیادوں پہ استوار ہوا کرتی ہے محض علمیت پہ نہیں۔

صالحیت ختم ہر شے ختم۔

صالحیت کی سند کا حصول کیمیا و سیمیا و ریمیا و لیمیا و ہیمیا کی اسناد کے حصول سے کہیں زیادہ مشکل ہے۔ اگر ستر گنا بھی مشکل کہیں تو مبالغہ نہیں۔

صالحیت یہ ہے کہ بائیں جانب والے فرشتے کو کبھی لکھنے کا موقع نہ دیا جائے۔

بڑے میاں برا نہ منانا ہماری شیخیت مجمع الکبائر۔

ایک بھی نہیں جو پاک ہو۔ رحمت کی امید کے منتظر۔

قطبیت کی پروامت کر

قطبیت کا کردار پیدا کر

سارا قرآن عظیم

ساری سنت مطہرہ

نمونہ کی طلبگار ہے۔ قصوں کے انبار لگے پڑے ہیں، ایک سے ایک بڑھ کر۔ کوئی نمونہ پیش کر۔ کائنات باتوں کی نہیں، نمونہ کی طلب گار ہے۔ نمونہ نہیں..... گویا کچھ بھی نہیں۔ میدان میں اتر، کسی نمونے کا مظاہرہ کر۔ نمونے ہی نے تماش بینوں کو مطمئن کیا۔ محض باتوں کی آغوش میں کچھ بھی نہیں ہوتا۔ برائی کے نمونے سے دنیا بھرپور، کسی نیکی کا نمونہ پیش کر۔ اگر تو کوئی بھی نمونہ پیش کرنے کا متحمل نہیں تو میدان سے باہر نکل اور جو چاہے کر۔

قرآن عظیم اور سنت مطہرہ کا حاصل:

ملعون و مردار سے اجتناب۔

یہ نہیں تو کچھ بھی نہیں۔

محدث حدیث کا عامل ہوتا ہے، ملعون و مردار سے اجتناب اس کی منزل۔

دین کی ہر بات کو دنیا کی ہر بات پہ ترجیح دو اور دین کے مقابلے میں دنیا کی کسی بھی بات کو وقعت مت دو، گویا تو نے دین کو بلند کیا۔ محض باتوں سے کبھی کچھ نہیں ہوا اور کبھی کچھ نہ ہوگا۔ زندگی کے میدان میں کردار پیش کر اور یہ ختم الکلام ہے۔

ہر طریقت کا مدعا و مفہوم دنیا سے بے رغبت ہو کر دین کو بلند کرنا اور دل کو روشن کرنا ہوتا ہے۔ اگر یہ نہیں گویا کچھ بھی نہیں۔ جس کسی نے بھی اس کو مانا، طریقت اس کو مان گئی، کسی اور طرح کبھی نہیں مان سکتی۔

دل معصیت سے مکدر اور ذکر و طاعت سے منور ہوتا ہے۔

دل جب مکدر ہوا، یاس و حزن کا شکار ہوا

جب منور ہوا..... خزینہ اسرار ہوا۔

جو دنیا آخرت (کے لئے زادِ راہ) کا موجب نہیں، فضول ہے۔

دور حاضر کے واقعات میری اور تیری عبرت و اصلاح کے لئے ہیں۔ اگر ہم نے اب بھی عبرت نہ پکڑی پھر کب پکڑیں گے؟ اور یہی کتاب مبین کی تشریح ہے واللہ اعلم بالصواب۔

نہ بہرام رہا نہ رستم، نہ دارا نہ سکندر۔ یہ زندگی پرلے درجے کی ناپائیدار، کلیتاً بے اعتبار ہے، پھر کس ناز پہ تم اتراتے نہیں تھکتے؟ کیا عبرت کے لئے یہ کافی نہیں؟

تجھ سے بڑھ کر ناقص، ناپائیدار اور فانی کوئی چیز نہیں۔ یہاں تک کہ یہ مٹی کا کچا گھڑا بھی نہیں۔ تیری کوئی بنیاد نہیں اور کوئی معیاد نہیں۔ اگر تجھ پہ تیری اس بے ثباتی کا راز منکشف ہو تو تو کبھی اس کھیل میں مشغول نہ ہو..... کوئی ایسا کام کر جو تیرے کام آئے۔

یہ کام کیا کام ہیں؟ یہ بھی کوئی کام ہیں؟ اپنا پیٹ تو کتا بھی پالتا ہے..... تیرا دنیا میں جینا اے اوجینے والے! تیرے ملک وملت کی سربلندی کے لئے ہو۔

تیرے رنگ مک نہیں گئے۔ موجود ہیں لیکن تو کسی بھی میدان میں اترا نہیں۔ مدت گزری تکتے تکتے یہ دن آئے۔ آ بھی جاؤ..... پھر کب آؤ گے؟

کھلاڑی جب میدان میں اترتے، دھوم مچ جاتی۔ فلاں اترا، فلاں اترا، فلاں۔ بڑی ہی اہم بازی ہوتی۔ ایک دوسرے سے بازی لے جاتا۔ ایک ایک صدی میں کئی کئی اکھاڑے لگتے، اب کوئی اکھاڑا جمتے نہیں دیکھا!

جوبن ہے ..... بل نہیں

تصور ہے..... تصویر نہیں

میرے دشت شوق کے انتظار کی ناقہ! جلد آ

بچہ بچہ تیری آمد کا منتظر ہے، اللہ اللہ! تیری راہ تکتے تکتے آنکھیں آ گئیں۔

تیرے باپ دادا کی ایک بھی خصلت تجھ میں نہیں۔ مٹتے مٹتے مٹ گئیں۔ اغیار نے اپنالیں، اخیار نے بھلادیں۔

جس نے بھی کسی اسلامی خصلت کی نقل اتاری، کامیاب ہو کر تصدیق کی..... ہر اسلامی خصلت قابل داد و تقلید۔ نہیں مانا تو میں نے نہیں۔

تیرے ایمان پہ ہندو رام رام جپنے لگا

کاشی مہنت جی بھر کر ہنسا

یہود و نصاریٰ نے قہقہے لگائے

مگر تو جوں کا توں۔ نہ کبھی شرمسار ہوا نہ پشیمان۔

تیرے ایمان کی غیرت کو بارہا للکارا گیا تو ٹس سے مس نہ ہوا، "پدرم سلطان بود" ہی کے نعروں پہ لٹو ہوتا رہا۔ دادے کے نانے کے دادے کی کرنی ہی پہ اکتفا کیا۔ ان کی کوئی بات، کوئی بھی بات، تجھ میں نہ آئی۔

البتہ جب بھی تو ناچا، ملعون و مردار ہی کو پا کر ناچا۔ اور اسے فضلِ ربی گردان کر خوشی کے طبلے بجائے۔ غیرت عنقا ہوئی۔

نہ معلوم یہ باتیں تیرے دل میں کیوں نہیں اترتیں حالانکہ دل سے نکلی ہوئی بات دل ہی میں اترا کرتی ہے، کہیں اور نہیں۔

اے میری جان! تو ایسے کیوں نہیں جیتا جیسے کہ جینے کی مُردوں کو حسرت ہے۔ اور ایسے جینا، اے او جینے والے! رہبانیت نہیں، تیرے اللہ کے دین اسلام کی روح ہے۔ اور جب تک تو ایسے نہیں جیتا، تیری کوئی بھی جدوجہد کیا رنگ لا سکتی ہے؟ اور کیا گل کھلا سکتی ہے؟

اے او جینے والے! طارقؒ کی طرح جی، خالدؓ کی طرح جی، جامیؒ کی طرح جی اور رومیؒ کی طرح جی، ہرگز ایسے مت جی اور کبھی ایسے مت جی جیسے کہ جیتا ہے۔

جینے والو! مرنے والوں سے عبرت حاصل کرو۔ ان کی صرف ایک ہی تمنا ہے کاش وہ دنیا میں وہ کام کرتے جو ان کے کام آتے اور کیا ہی خوش نصیب ہوتے جو اللہ کے لئے جیتے اور اللہ کے لئے مرتے۔

جو جان اللہ کے لئے اللہ کی راہ میں اللہ کے کاموں میں اللہ ہی کی محبت میں قربان کردی جاتی ہے، اللہ اللہ! اللہ کے ہاں بڑی قیمت پاتی ہے۔ اللہ اپنی راہ میں قربان ہونے والوں کو حیات جاوداں بخش دیتا ہے۔ ایک نے کہا کہ وہ امر ہو جاتے ہیں اور جہاں چاہتے ہیں جاتے ہیں۔

کیا تجھے جگانے و سمجھانے کے لئے تیرے پنڈ کا قبرستان کافی نہیں؟ جا کر دیکھ ان جیسے بے کس اور بے بس دنیا میں کوئی نہیں۔ صرف ایک ہی حسرت لئے پڑے ہیں کہ ایک بار پھر دنیا میں جانے کا موقع ملے، ہفت اقلیم کی شاہی دمڑی کے بدلے بھی قبول نہ کریں، ذکر کی قطاریں باندھ دیں۔

اے میرے نوجوان! زندگی ایک بازی ہے۔ دنیا اس بازی کو جیتے جا رہی ہے تم ہارے جا رہے ہو اور تمہیں اس ہار کا احساس تک نہیں۔ دنیا تیرے لئے ہے تو دنیا کے لئے نہیں۔ آج تو اپنی لونڈی کا غلام بنا ہوا ہے۔ نہ معلوم کب اٹھے گا اور کیسے اٹھے گا؟ چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بات پیش کردی۔

دیکھ نہ کوئی رستم رہا نہ بہرام، نہ بادشاہ نہ غلام، یہاں کوئی کچھ بھی نہیں بس مجبور و رنجور و مہجور ہیں، کیا تمہیں وہاں جانا یاد نہیں؟ اگر نہیں تو کیوں؟

تیری زندگی فانی، زندگی کی ہر شے فانی۔ تیری زندگی کی ہر شے فنا کی زد میں۔ گویا تیری زندگی کوئی زندگی نہیں۔ تیرا مال فانی، اسباب فانی۔ تیرے یار فانی، اغیار فانی۔ تیرے کام فانی، اشغال فانی۔ تیری خوشی فانی، غمی فانی۔ تیرا فکر فانی، خیال فانی۔ تیرا یہ ذکر جو تیری روح سے بے خبر ہے وہ بھی فانی۔

تیری زندگی کی جو بھی شے فانی ہے، فنا کر اور پروامت کر۔

اگر تیری کوئی بھی چیز تیری ہے، تو وہ ذکر ہے.....لسانی، قلبی، روحی اور سری، ماشاءاللہ لذت وراحت وزینت وشہرت نفس کی مرغوب ترین غذائیں ہیں۔ جب ذکر الٰہی کے نصاب میں منتقل ہو جاتی ہیں، خصلت بدل جاتی ہے۔

فنا تھی، بقا بن گئی، معیوب تھی، احسن بن گئی۔

فنا کو بقاء اور بقا کو فنا نہیں۔ فنا کے بعد بقا لازم وملزوم۔

روحانی لذت وراحت وزینت وشہرت.....ذکر الٰہی

اسے کبھی فنا نہیں ہمیشہ زندہ اور قائم رہتی ہے۔

فنا بقا کی ضد ہے۔ جب تک کوئی چیز فنا نہیں ہوتی، بقا نہیں پاتی۔ کسی بھی ہستی کی فنا میں کسی بقا کا ظہور ہوتا ہے **واللہ باللہ تاللہ ماشاء اللہ یا حی یا قیوم**

کسی بھی مرنے والی چیز کی پروا مت کر۔ ہر چیز مرنے والی ہے، آج مری یا کل۔ زندہ چیز کی تلاش کر۔

تن کی ہر شے مٹی

ذکر مٹی اور فکر مٹی

خیال مٹی اور گمان مٹی

مال مٹی اور اسباب مٹی

رنگ مٹی اور روپ مٹی

انگ مٹی اور سنگ مٹی

یار مٹی اور اغیار مٹی

مٹی سے بنا تھا، مٹی کا بن گیا۔ نشان تک باقی نہ رہا۔ اور تن اپنے اس افسوسناک

حال پہ جی بھر کے رویا۔

روح امر ربی۔اللہ کا ذاتی نور۔باقی۔

ذکر باقی اور فکر باقی.....خیال باقی اور گمان باقی

ہر شے باقی اور باقیات الصالحات۔

زندگی کی فنا کا عارف دنیا سے بیزار ہو کر ہی موتوا قبل ان تموتوا کے مقام پر فائز ہو سکتا ہے کسی اور طرح نہیں۔اور اس مقام پہ ذکر کے سوا کوئی اور مقام قائم نہیں رہتا۔

موت.....کمالات کی موت،الاّ مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا

کمالات.....وریٰ الوریٰ

موتوا قبل ان تموتوا.....بے مثل

ہماری طریقت چند اسباق پہ مشتمل ماشاء اللہ

قدم قدم پہ توبتہ والاستغفار

الصمت التام

وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ

ذکر دوام

ترک دوام

موتوا قبل ان تموتوا

توبہ طریقت کی اولین منزل ہے۔دین،دنیا اور آخرت کے تمام درجات توبہ ہی پہ موقوف ہیں۔توبہ دل سے کی جاتی ہے،ہر دل پہ ظاہر ہو جاتی ہے۔

توبہ کا تذکرہ نگار خانۂ دہر میں رہتی دنیا تک زندہ اور قائم رہتا ہے۔

ہر اس قول و فعل سے جو اللہ کو ناپسند ہو، باز رہنے کا نام توبہ ہے۔

ہر نبی اللہ کو ناپسند ہے باز رہ۔

تائب جب توبہ کرنے پہ آیا

ایک ٹیلے کو کہا اپنی جگہ سے اٹھ جا، اٹھ گیا

ایک مٹی کی بوری کو کہا سونا بن جا، بن گئی

اہل توبہ اسے توبہ کہتے ہیں۔

جس کو بھی ملا توبہ ہی کی بدولت ملا اور توبہ ہی نے تائب کو زندگی بخشی، توبہ کا تذکرہ ہمیشہ زندہ رہتا ہے۔ ایک تذکرہ صدہا صفحات پہ مشتمل۔

یہی تذکرہ ہے جو بندوں کو توبہ پہ راغب کرتا اور آمادہ کرتا رہتا ہے۔ اوڑک توبہ کی فہرست میں ایک زریں باب کے اضافے کا موجب بن جاتا ہے۔

زندگی معروف ہو سکتی ہی نہیں، امین کہلا سکتی بھی نہیں جب تک اس میں توبہ کا ایک باب نمایاں نہ ہو۔

جانتے ہو توبۃ النصوح کسے کہتے ہیں

ایک بار جس گناہ سے توبہ کر لے پھر جیتے جی اس کے پاس تک نہ پھٹکے۔

پکی اور سچی توبہ توبۃ النصوح کہلاتی ہے۔

توبۃ النصوح کا حال حضرت فضیل بن عیاض رضی اللہ عنہ سے پوچھ

مٹی کی بوری سونا بن گئی

ایک ٹیلہ ریت کا اڑا دیا

اسے دیکھ کر یہودی ایمان لایا

اگر کوئی بھی ایسی توبہ کرے، ایسا ہی حال ہو۔

طریقت کا ہر تذکرہ توبہ ہی کا تذکرہ ہے۔

توبہ کے بعد محبت اور محبت کی آغوش میں موتوا قبل ان تموتوا جمالی پردوں میں مستور ہوتا ہے جنہیں کوئی چاک نہیں کرسکتا اور نہ ہی یہ کسی کے فہم وادراک میں آسکتا ہے۔اس پردہ کی ابتدا.....الصمت اورانتہا.....الصمت التام ہے اور یہ بھی اس مضمون پہ ختم الکلام ہے۔

دیکھ، سن، کچھ مت کہہ

نہ دیکھ، نہ سن، نہ کہہ

یہ ایک ہی خصلت کے مختلف مقامات ہیں

باتوں میں آفت، خاموشی میں نجات۔

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

- جو خاموش رہا، نجات پا گیا۔
- طویل خاموشی اور خوش خُلقی، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، ان دو خصلتوں سے بہتر مخلوق کے لیے کوئی کام نہیں ہے۔
- مرد کا خاموش رہنا (اور خاموشی پہ ثابت قدم رہنا) ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے۔
- خاموشی سب سے اونچی عبادت ہے۔
- عبادت میں سب سے پہلی چیز خاموشی اختیار کرنا ہے۔
- روایت ہے بنی اسرائیل میں سے ایک عالم وفات پا گیا، جب اسے چارپائی پہ رکھا گیا، لوگوں نے دیکھا کہ اس کے گلے میں سونے کی تختی ہے جس پہ تین

سطریں (لکھی ہوئی) ہیں کہ .....

خاموشی

تمام اخلاق کی

سردار ہے۔

- خاموشی اختیار کرنا، اخلاق کی سردار خصلت ہے۔ اور جو شخص مذاق کرتا ہے، وہ لوگوں میں ہلکا ہو جاتا ہے۔
- عافیت کے دس حصے ہیں، نو حصے تو صرف خاموشی میں ہیں اور دسواں حصہ تنہائی میں ہے۔
- عبادت دس حصوں میں تقسیم ہے، (جس میں سے) نو حصے تو صرف خاموشی ہی میں ہیں اور دسواں حصہ ہاتھ سے حلال کی روزی کمانا ہے۔
- حضرت عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ سے حضرت لقمان علیہ السلام کی اپنے بیٹے کو نصیحت..... ''کہ اے بیٹا! اگر بات کرنا چاندی ہے تو چپ رہنا سونا ہے۔'' کے بارے میں پوچھا گیا۔ انہوں نے فرمایا اس کا معنی یہ ہے کہ اگر اللہ کی اطاعت میں کلام کرنا چاندی ہو تو اس کی نافرمانی میں خاموش رہنا (یعنی اگر نافرمانی کا خدشہ ہو تو گفتگو سے رک جانا) سونا ہے۔
- حضرت وہیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا۔ خاموشی سب سے پہلی عبادت ہے۔
- وہب بن ورد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ دانائی کے دس حصے ہیں، نو تو صرف خاموشی میں ہیں اور دسواں لوگوں سے یکسو ہو جانا ہے۔

o جب حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ سے باہر آئے تو انہوں نے طویل خاموشی اختیار کی۔ کسی نے ان سے کہا کہ آپ بولتے کیوں نہیں؟ انہوں نے فرمایا بولنے ہی نے تو مجھے مچھلی کے پیٹ میں ڈالا تھا۔

o حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مرد کا خاموش رہنا (اور خاموشی پہ ثابت قدم رہنا) ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

(رواہ البیہقی۔ مشکوٰۃ المصابیح صفحہ ۴۱۴)

o حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ خاموشی میں کئی حکمتیں ہیں لیکن خاموشی اختیار کرنے والے بہت تھوڑے ہیں۔

(الفردوس، منتخب کنز العمال جلد اول صفحہ ۲۲۹)

o حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خاموشی سب سے اونچی عبادت ہے۔

(منتخب کنز العمال جلد اول صفحہ ۲۲۹)

o حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ سے مرسلاً روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عبادت میں سب سے پہلی چیز خاموشی اختیار کرنا ہے۔

(منتخب کنز العمال جلد اول صفحہ ۲۲۹)

o حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خاموشی اختیار کرنا اخلاق کی سردار خصلت ہے اور جو شخص مذاق کرتا ہے، وہ لوگوں میں ہلکا ہو جاتا ہے۔

(منتخب کنز العمال جلد اول صفحہ ۲۲۹)

o حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عافیت کے دس حصے ہیں۔ نو حصے تو صرف خاموشی میں ہیں اور دسواں حصہ تنہائی میں ہے۔

(منتخب کنز العمال جلد اول صفحہ ۲۲۹)

o حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عبادت دس حصوں میں تقسیم ہے (جس میں سے) نو حصے تو صرف خاموشی میں ہیں اور دسواں حصہ ہاتھ سے حلال روزی کمانا ہے۔ (منتخب کنز العمال جلد اول صفحہ ۲۳۰)

o حضرت ابو جُحَیْفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے (صحابہؓ سے مخاطب ہو کر) فرمایا: اعمال میں سے کون سا عمل اللہ تعالیٰ کے ہاں زیادہ محبوب ہے؟ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین خاموش ہو گئے، کسی نے جواب نہ دیا (تو) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود ہی فرمایا:

"وہ ہے زبان کی حفاظت"

(الترغیب والترہیب جلد دوم صفحہ ۵۲۵)

☆

خاموشی اونچے درجہ کی اہم ترین سنت ہے۔ اسے اپنانا..... مشکل ترین۔

اور مشکل ترین منزل بہترین ہوتی ہے۔

زبان جب خاموش ہو جاتی ہے، دیگر اعضا محو کار ہو کر زبان کی کمی کو پورا کر دیتے ہیں۔

☆

o حضرت اسلم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور اس وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنی زبان کو انگلیوں سے پکڑ کر کھینچ رہے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا ٹھہرو اللہ تمہاری مغفرت کرے (یعنی ایسا نہ کرو) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا اس زبان نے مجھ کو ہلاکت کے مقامات میں ڈالا ہے۔

(موطا امام مالک صفحہ ۳۸۷)

o حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اپنے منہ میں سنگریزہ رکھ لیا کرتے تھے تاکہ اس کے ذریعہ سے اپنے نفس کو کلام سے روکیں۔

(ازالۃ الخفا جلد سوم صفحہ ۸۲)

☆

الصمت .....مجمع الصفات

الصمت .....منبع البرکات

الصمت .....کثیر الحسنات

التوبۃ والاستغفار کی برکت سے الصمت التام

اور الصمت التام کے نور سے ذکر دوام اور

ذکر دوام.....موتوا قبل ان تموتوا کا اولین مقام۔

موت کے بعد موت کا تذکرہ بھول جاتا ہے اور بھلا دیا جاتا ہے، موتوا قبل ان تموتوا کا تذکرہ ابدالآباد زندہ اور قائم رہتا ہے۔

بڑے بڑے دانشور اس عمل کی تاب نہ لاتے ہوئے گھٹنے ٹیک گئے لیکن ہار کر بھی نہ ہارے۔

مر کر بھی ان کے عزم جوں کے توں جاری رہے کوئی فنا انہیں فنا نہ کر سکی۔

اور ان ہی کے دم سے عاشقان طریقت کی قبور زندۂ جاوید اور اس دنیائے دوں میں حرکت و برکت ہے۔

اے میرے نوجوان! ذکر کی قطاریں باندھ دو جو فرش تا عرش مستقیم واستوار ہوں۔ بال بھر خلا باقی نہ رہے۔ جو کبھی ٹوٹ نہ سکیں۔ جنہیں کوئی توڑ نہ سکے۔ تیرا ذکر دوام غفلت کے پردوں کو چاک کر دے۔ حجابات کو اٹھنے پہ مجبور کر دے۔ کسل کو جلا دے۔ قلب کو جلا دے اپنی جلالت کی تپش سے کثافت کو بھسم کر کے راکھ بنا دے اور محجوب لطافت کو چمکا دے ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ۔

ثواب و عذاب سے ذہن کلیتًا فارغ کر۔ بالکل فارغ۔ خلوت ہو یا جلوت۔ اپنے معبود و مطلوب و مقصود کو روبرو، حاضر و ناظر جان کر ذکر میں مشغول ہو، پھر مصروف ہو، پھر محو ہو بالآخر منہمک۔

سانس تن کی

ذکر من کی زندگی ہے

جس طرح سانس کے بغیر تن زندہ نہیں رہ سکتا اسی طرح ذکر کے بغیر من زندہ نہیں ہو سکتا اور کبھی نہیں ہو سکتا۔

اگر اس تن میں تیرا من زندہ نہیں تو یہ زندگی، زندگی کے بازار میں کوئی زندگی نہیں اور اس مضمون پہ یہ ختم الکلام ہے، ماشاء اللہ۔

جس تن میں دھن ہوتا ہے، من نہیں ہوتا

دھن.....فانپذیر اور

من.....آدمیت وانسانیت وبشریت کی عظمت کا راز ماشاء اللہ

فنا پذیر کی تدبیر.....فنا پذیر

زندگی کسی فنا کو کسی خاطر میں کبھی نہیں لاتی۔ جو بھی کچھ کرنے پہ آئے، لا دھڑک کر ڈالتی ہے۔

کسی نے کسی کو کیا پیغام دینا ہے؟ زندگی ہی زندگی کا پیغام سنایا کرتی ہے۔ سنایا ہی نہیں سکھایا کرتی ہے۔ بے ڈھنگ کو ڈھنگ سکھایا کرتی ہے اور دلجوئی کے انداز بتایا کرتی ہے۔ جہانبانی کے اسرار بتایا کرتی ہے اور جہاں پہ چھا جایا کرتی ہے۔

ہم زندگی کی قدر نہیں کرتے۔ بالکل نہیں کرتے۔ اسی کے باعث یہ جمود طاری ہے۔ اگر کرتے، زندگی اپنا منشور منصۂ شہود پہ لا کر استقبال کرتی۔

بہترین خصلت بہترین استقلال اور

خصلت کا استقبال بہترین استقبال ہے

اعلیٰ درجہ کی خصلت میں اعلیٰ درجہ کا کمال ہوتا ہے۔

کل اعمال میں سے چنے ہوئے عمل

کل خصائل میں سے چنی ہوئی خصلت اور

کل کائنات میں سے چنے ہوئے ماحول کا استقبال کر

چنے ہوئے ماحول کا استقبال حال کا استقبال ہے۔

اگر کوئی اللہ کے پسندیدہ حال کا استقبال کرے جملہ برکات کا نزول ہو،

جس نے بھی کیا، افضل و کمال ہے

اس حال میں جینا.....افضل

اور مرنا.....عین شہادت۔

فکر کی زمین میں

ذکر کے بیج سے

کردار کا پودا اگتا ہے

مفکر تعصب سے پاک ہوتا ہے۔

متعصب کو فکر عنایت نہیں ہوتا اور کبھی نہیں ہوتا۔

فکر حقیقت کا رازداں ہے

فکر کے سوا کوئی اور شے حقیقت کے کسی بھید کو نہیں پا سکتی۔

مفکر کا دل ہر فکر سے آزاد ہوتا ہے۔

فکر منزل کا راہنما ہے۔ صاحب منزل کو مقام مقصود تک پہنچنے تک پوری رہنمائی کرتا ہے۔ کسی بھی منزل میں کوئی معمہ ایسا نہیں جسے فکر حل نہ کر سکے۔ مادیت و روحانیت کی منازل کے تمام مدارج فکر ہی کے مرہون منت ہیں۔

منزل کا عروج فکر کی بلندی پہ موقوف ہے۔

فکر کی جمعیت کو کوئی واقعہ منتشر نہیں کر سکتا۔

اللہ ہمیں فکر عنایت فرمائے آمین۔

مطالعہ کتب فضائل و مسائل تک اور فکر حقیقت تک پہنچاتا ہے۔

تیرے فکر کے انداز ایسے مخلص اور دلکش ہوتے تھے کہ کافر ایمان لانے پہ مجبور ہو جاتا۔ آج اے سونے والے نوجوان! تیرے پاس کچھ بھی نہیں .....نہ ساز ہے نہ انداز اور نہ ہی اس ناداری کا احساس۔ وما علینا الا البلاغ

عشق ورقت اور جذب و مستی..... یہ دو ہی تو تیرے مکتبہ و میکدہ کے فیض تھے اور یہی تیرے امتیازی نشان! اس کھوئی ہوئی میراث کو پھر سے حاصل کر اور یہ وقت کی دوسری پکار ہے۔

تیرا مکتبہ اور بے نور؟

میکدہ اور بے سرور؟

افسوس کا مقام نہیں تو کیا ہے؟

علم پہ عمل کر

عمل کو باطل مت کر

جو کہتا ہے، کر۔

کسی ایک بات پہ کاربند ہو۔ باتیں اگرچہ کتنی حکمت آمیز ہوں کم کیا کر۔ ذکر کیا کر۔ کثرت سے کیا کر اور اس مضمون پہ یہ ختم الکلام ہے۔

کسی ایک بات پہ کاربند ہونا ایسے ہے جیسے ابر نیساں کا قطرہ جب تک صدف میں نہیں گرتا، صدف منہ کھولے سمندر کی سطح پہ ڈبکیاں لیتا رہتا ہے۔ جب گر جاتا ہے صدف اپنا منہ بند کر لیتا ہے۔ خاموش سمندر کی تہہ میں ڈوب جاتا ہے۔ ایک مدت اسی حال میں رہتا ہے۔ پھر صدف کا منہ کھلتا ہے تو پانی کا قطرہ نہیں..... موتی باہر آتا ہے..... آب دار اور تابدار ماشاءاللہ۔

کسی خصلت کو اپنا، فصاحت کوئی چیز نہیں، کوئی رنگ نہیں چڑھاتی، کوئی گل نہیں کھلاتی اور نہ ہی کوئی پھل لاتی ہے۔

ذکرِ دوام سیستانِ من کا "رستم" ہے، کسی مدمقابل کو اندر آنے نہیں دیتا۔ دھکیل کر

باہر نکال دیتا ہے۔اڑنے والے کو پچھاڑ کر لتاڑ دیتا ہے۔بالآخر جب شیطان لعین کو خبر ملتی ہے کہ اس کے لشکر میں سے کوئی بھی کامیاب نہیں ہو رہا، مار پہ مار کھا رہا ہے، تو بذات خود میدان میں اتر آتا ہے اور یہی اے جان من وہ جہاد اکبر ہے جس کی بابت حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ بدر سے واپسی پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ ہم جہاد اصغر سے اب جہاد اکبر کی طرف لوٹ رہے ہیں۔

اصل مردانیت شیطان کو ہرانا ہے اور شیطان معلم الملائک رہ چکا ہے، تیرے میرے فضائل و مسائل سے بالکل نہیں گھبراتا، کسی بھی خاطر میں نہیں لاتا۔شیطان کی عیاری و مکاری تیرے اور میرے تخیل سے بالاتر ہے۔کسی کی کوئی دلیل اسے قائل نہیں کر سکتی اور نہ ہی کوئی ضرب اس کا سر پھوڑ سکتی ہے مگر ذکر اور صرف ذکر۔

بنے کنجر سے شیطان نے کیا لینا ہے؟ شیطان تیری گھات میں ہے۔اے میرے ہم نشیں! اگر تو نے اسے پٹھیاں کر کے منہ کے بل نہ گرایا اور ٹانگوں سے گھسیٹ کر الٹا نہ لٹکایا تو کیا تیری مردانگی اور کیا یہ شیخیت!

ذکر دوام تاریخ کا ایک باب۔اور اللہ اسے ہمیشہ اپنے مقبول بندوں کی زبانوں پہ جاری رکھتے ہیں ماشاء اللہ۔

ذکر دوام: مژدۂ حیاتِ دوام

ذکر دوام سے ذاکر کی قبر زندہ اور فیض بار رہتی ہے

اہل ذکر اللہ کی راہ میں مرے اگرچہ اپنے بستر پہ مرے۔انہیں ایک خصوصی زندگی عطا ہے جو عام مردوں کو حاصل نہیں پس ہم انہیں عام مردوں میں کیونکر شمار کر سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

''جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے انہیں مردہ مت کہو بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تم اسے نہیں سمجھتے'' (البقرہ:۱۵۴)

ذکر دوام کی برکات حیات وممات کی قید سے بالاتر ہیں،

ذکر دوام سے ترک تام اور

ترک تام بلوغ الی المرام ہے۔

ذکر دوام اللہ معی و ھو معکم کی حقیقت اور ذاکر و مذکور کے وصل کی واحد سبیل ہے

فاذکرونی اذکرکم واشکروا لی ولا تکفرون پہ جتنا بھی غور کرو کم ہے۔ ذکر کے بدلے ذکر کا وعدہ۔ اور یہی اے جان من! وصل کی اصل ہے۔

تیرا کوئی دم یاد سے خالی نہ گزرے۔ کوئی بھی دم غفلت میں نہ گزرے۔ یہ دم تیری قیمتی متاع ہے۔

ذکر و طاعت تیری منزل کے دو نشان ہیں، یہ نشان گرنے نہ پائیں۔

ذکر اور طاعت کی منزل مستغنی عن المدارج ہوتی ہے۔ تبلیغ و خدمت کے سوا کسی بھی کمال کو کبھی خاطر میں نہیں لاتی۔

مقام کوئی ہو نہ ہو، ترک الی اللہ اور خلق کی خدمت میں تیرا پہلا نمبر ہو، تیرے گھوڑے سے آگے کوئی گھوڑا نہ ہو۔

اکرام عام

ترک تام

ذکر دوام

اللہ کو سجدہ، محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام، تا دوام قیام،

بلوغ الی المرام

اور یہی ہے واذکر اسم ربک و تبتل الیہ تبتیلاً کا پیغام! ماشاء اللہ

تو نے اتنا بوجھ لادا ہوا ہے کہ مسافر اسے اٹھا نہیں سکتا۔ کمر توڑ رکھی ہے۔ چند ضروری اشیاء پہ اکتفا کر۔ ہلکا پھلکا بن اور ہر حال میں اپنے رب کی طرف راغب رہ۔

تو اپنے رب کی طرف رجوع کر، یہی میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مطہرہ ہے۔

☆ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَ تَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلاًo المزمل:۸

(اور اپنے رب کے نام کا ذکر کرتے رہو اور سب سے منقطع ہو کر اسی کی طرف متوجہ رہو!)

حاضر کے حضور میں حاضر رہا کر اور ذکر کیا کر

حاضر کبھی غیر حاضر نہیں ہوتا، ذکر بھی کبھی بند نہ ہو، سدا جاری رہے۔

o حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا قیامت کے دن اللہ کے نزدیک کون سا بندہ درجہ میں افضل و ارفع ہوگا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کو بہت زیادہ یاد کرنے والے۔ پھر پوچھا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ذکر الٰہی کرنے والا اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والے سے بھی افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر (جہاد کرنے والا) اپنی تلوار کافروں اور مشرکوں میں چلائے یہاں تک کہ اس کی تلوار ٹوٹ جائے اور وہ خود (یعنی جہاد کرنے والا) یا تلوار خون سے رنگین ہو جائے (یعنی شہید ہو جائے) پھر بھی اللہ کا ذکر کرنے والے اس سے درجہ میں بڑے ہیں۔

(جامع الترمذی جلد۲ ص۱۷۴)

o حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تمہیں نہ بتاؤں کہ کون سا عمل ہے جو تمہارے مالک کے نزدیک اچھا اور پاکیزہ ہے اور تمہارے درجوں میں سب اعمال سے بلند ہے اور تمہارے لیے اس سے بھی اچھا ہے کہ تم اپنے دشمنوں سے لڑو، تم ان کی گردنیں مارو اور وہ تمہاری گردنیں ماریں؟ صحابہ کرام نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضرور بتایئے۔ فرمایا وہ اللہ کا ذکر ہے۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے نزدیک ذکر الٰہی سے بڑھ کر کوئی دوسری چیز اللہ کے عذاب سے نجات دلانے والی نہیں۔

(جامع الترمذی جلد۲ صفحہ۱۷۴)

o حضرت مغارق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ معراج کی رات میرا گزر ایسے شخص کے پاس سے ہوا جو اللہ کے عرش کے نور میں ڈھانپا گیا تھا۔ میں نے کہا یہ کوئی فرشتہ ہے؟ مجھے بتایا گیا کہ نہیں۔ میں نے کہا وہ کوئی نبی ہے؟ کہا گیا کہ نہیں۔ میں نے کہا پھر یہ کون ہے؟ آواز آئی یہ وہ آدمی ہے جس کی زبان دنیا میں ذکر سے تر تھی اور اس کا دل ہر وقت مسجد سے لگا ہوا تھا اور اس نے کبھی اپنے ماں باپ کو گالی نہ دی تھی۔

(الترغیب والترہیب ج۲ ص۳۹۵)

o حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز اللہ تعالیٰ بعض قوموں کا حشر اس طرح فرمائیں گے کہ ان کے چہروں میں نور چمکتا ہوگا۔ وہ موتیوں کے منبروں پہ متمکن ہوں گے۔ لوگ ان پر رشک کریں گے۔ وہ لوگ انبیاء اور شہداء نہ ہوں گے۔ ایک دیہاتی نے گھٹنوں کے بل کھڑے ہو کر عرض کیا۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ان کا حال بیان فرما دیجئے تا کہ ہم ان

کو پہچان لیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ، وہ لوگ ہوں گے جو اللہ کی محبت میں مختلف جگہوں سے مختلف خاندانوں سے آ کر ایک جگہ جمع ہو گئے ہوں اور اللہ کے ذکر میں مشغول ہوں۔

(مجمع الزوائد ومنبع الفوائد ج ۱۰ صفحہ ۷۷)

o حضرت عمر بن عبسہ رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے۔ آپ فرماتے تھے رحمٰن کے دائیں ہاتھ ..... جبکہ اس کے دونوں ہاتھ ہی دائیں ہیں ..... میں کچھ لوگ ہوں گے جو نہ تو نبی ہوں گے اور نہ ہی شہید۔ ان کے چہروں پر سفیدی ہوگی جو دیکھنے والوں کو نظر آئے گی۔ ان پر نبی اور شہید رشک کریں گے بوجہ ان کی (عمدہ) نشست اور اللہ تعالیٰ کے قرب کے۔ پوچھا گیا:

اے اللہ کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم)! وہ کون لوگ ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ ایسی جماعتیں ہوں گی جو مختلف قبیلوں سے نکل کر اللہ کے ذکر پر جمع ہوں گی۔

وہ پیارے کلام کو چھانٹ لیں گی جیسے کھجوروں کو کھانے والا اچھی اچھی عمدہ کھجوروں کو چھانٹ لیتا ہے۔

(مجمع الزوائد ومنبع الفوائد ج ۱۰ صفحہ ۷۷)

o حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ اگر میں صبح کی نماز پڑھ کر طلوعِ آفتاب تک ایسی قوم کے ساتھ بیٹھوں جو اللہ کا ذکر کرتی ہو، مجھے اس بات سے زیادہ محبوب ہے کہ اللہ کے راستے میں جہاد کرنے کے لیے گھوڑوں کی پیٹھ پر بیٹھوں اتنی ہی دیر اور میں اگر عصر کی نماز پڑھ کر غروبِ آفتاب تک ایسی جماعت کے ساتھ بیٹھوں جو اللہ کا ذکر کرتی ہو، مجھے زیادہ محبوب ہے اس بات سے کہ اتنا عرصہ میں گھوڑوں کی پیٹھ پر بیٹھ کر

اللہ کے راستے میں جہاد کروں۔ (الدر المنثور ج ا صفحہ ۱۵۱)

○ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آسمان کے فرشتے اللہ کا ذکر کرنے والوں کے گھروں کو پہچانتے ہیں۔ ان کے گھر روشن ہوتے ہیں، جیسے اہل زمین چمکتے ہوئے تاروں کو پہچانتے ہیں۔

(الدر المنثور ج ا صفحہ ۱۵۲)

○ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا:

اعمال میں سے کون سا عمل اللہ عزوجل کو زیادہ محبوب ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں فرمایا تجھے موت آئے اور تیری زبان اللہ عزوجل کے ذکر سے تر ہو (یعنی زبان پر اللہ کا ذکر ہو)

(الوابل الصیب لابن قیم صفحہ ۱۶۷)

○ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے صبح وشام اللہ کا ذکر کرنا اللہ کے راستے میں تلواروں کے زخم کھانے سے بڑا درجہ رکھتا ہے اور سخاوت سے مال تقسیم کرنے سے بھی اجر میں زیادہ ہے۔

(الدر المنثور ج ا صفحہ ۱۵۰)

○ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے اگر دو شخص، ایک مشرق سے چلے اور دوسرا مغرب سے روانہ ہو، ایک کے پاس سونا ہو جو جائز طریقہ پر خرچ کرتا ہو اور دوسرا اللہ کا ذکر کرتا ہو اور دونوں راستہ میں آپس میں ملیں تو اللہ کا ذکر کرنے والا ان میں افضل ہوگا۔

(الدر المنثور ج ا صفحہ ۱۵۰)

o حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہما (دونوں) گواہی دیتے ہیں کہ حضور اقدس جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر وہ جماعت جو اللہ کا ذکر کرتی ہے، اسے فرشتے آ کر گھیر لیتے ہیں اور رحمتِ الٰہی ان لوگوں کو ڈھانپ لیتی ہے اور ان پہ اطمینانِ قلب نازل ہوتا ہے اور اللہ تبارک وتعالیٰ عزوجل ذوالجلال والاکرام ان کا ملائکہ مقربین میں ذکر کرتے ہیں۔

(ترمذی شریف جلد دوم)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے چند فرشتے راستوں میں اللہ کا ذکر کرنے والوں کو ڈھونڈتے پھرا کرتے ہیں اور جب ان کو اللہ کا ذکر کرنے والے مل جاتے ہیں تو وہ (اپنے ساتھی فرشتوں کو) پکارتے ہیں کہ آؤ اپنی حاجت کی طرف۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر یہ فرشتے ان لوگوں کو اپنے پروں میں ڈھانپ لیتے ہیں (اور) آسمانِ دنیا تک (تہ بہ تہ پہنچ جاتے ہیں) فرمایا پھر (ذکر کی مجلس برخاست ہونے کے بعد جب یہ فرشتے اپنے مقام پہ پہنچتے ہیں) اللہ تبارک وتعالیٰ ان سے دریافت کرتا ہے، اور حالانکہ وہ ان سے زیادہ واقف ہوتا ہے، کہ میرے بندے کیا کہہ رہے تھے؟ وہ کہتے ہیں (الٰہی!) تیری تسبیح وتکبیر وحمد وثنا کر رہے تھے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں (اے فرشتو!) کیا انہوں نے مجھے دیکھا ہے؟ فرشتے کہتے ہیں نہیں (واللہ انہوں نے تجھے نہیں دیکھا) اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں پھر اگر وہ مجھ کو دیکھتے تو کیا ہوتا؟

فرشتے کہتے ہیں اگر وہ تجھے دیکھتے نہایت شدت سے تیری حمد وثنا اور تسبیح و تقدیس کرتے۔ (حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا پھر اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں

(اے فرشتو!) وہ مجھ سے کس چیز کا سوال کرتے ہیں؟ فرشتے کہتے ہیں وہ تجھ سے جنت مانگتے ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں کیا انہوں نے جنت کو دیکھا ہے؟ (جو اس کی طلب کرتے ہیں) فرشتے کہتے ہیں نہیں دیکھا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں اگر دیکھتے تو کیا ہوتا؟ فرشتے کہتے ہیں اگر وہ اس کو دیکھتے تو بہت شدت سے اس کی خواہش کرتے۔ پھر اللہ تبارک وتعالیٰ فرشتوں سے کہتے ہیں وہ (ذاکرین) کس چیز سے پناہ مانگتے ہیں؟ فرشتے کہتے ہیں دوزخ سے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں کیا انہوں نے دوزخ کو دیکھا ہے؟ فرشتے کہتے ہیں نہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں اگر دیکھتے تو کیا ہوتا؟ فرشتے کہتے ہیں اگر وہ اس کو دیکھتے تو اس سے بھاگتے اور بہت ہی خوف کرتے۔ پھر اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتے ہیں (اے فرشتو!) میں تمہیں گواہ کرتا ہوں کہ ان لوگوں کو میں نے بخش دیا۔ پھر ان فرشتوں میں سے ایک فرشتہ کہتا ہے کہ اے اللہ! ان ذکر کرنے والوں میں ایک آدمی ذکر کی خاطر ان میں شامل نہ تھا بلکہ وہ کسی ضرورت سے وہاں چلا گیا تھا (اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟) اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں (میں نے اسے بھی بخش دیا کیونکہ) وہ ایسے لوگ ہیں جن کا ہم نشین بھی محروم نہیں رہتا۔

(بخاری شریف جلد سوم)

o حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خبردار ہو کہ میں نے تم سے بدگمان ہو کر تم کو قسم نہیں دلائی لیکن میرے پاس حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے۔ انہوں نے مجھے خبر دی کہ اللہ سبحانہ تمہارے سبب سے فرشتوں میں فخر کرتا ہے۔ یہ بات حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت فرمائی جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کی محفل سے گزرے تو فرمایا کس چیز نے تمہیں یہاں بٹھایا؟ حضرات اصحابِ کرامؓ نے کہا۔ ہم بیٹھے

اللہ سبحانہ کی یاد کرتے ہیں اور اس کی تعریف کرتے ہیں کہ اس نے ہمیں اسلام کی راہ بتائی اور اس کے سبب سے ہم پہ احسان کیا۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں اللہ کی قسم ہے کہ تمہیں اس کے سوا کسی اور کام نے تو یہاں نہیں بٹھایا؟ اصحابؓ نے عرض کیا اللہ کی قسم ہمیں سوا اللہ کی یاد کے کسی کام نے نہیں بٹھایا۔

(ابوسعیدؓ /مسلم)

o حدیث قدسی ہے اللہ سبحانہ فرماتا ہے قیامت کے روز لوگوں کو معلوم ہو جائے گا کہ اہلِ کرم (جن پر اللہ سبحانہ انعام فرمائے گا) کون ہیں؟ دریافت کیا گیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اہلِ کرم کون ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! مساجد میں ذکر کی مجلسیں کرنے والے۔

(ابوسعید خدریؓ/ ابن حبانؒ، طبرانیؒ فی الکبیر، ابویعلیٰؒ)

o حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تک دنیا میں سے اللہ اللہ کی آواز سنانے والے ختم نہ ہو جائیں، قیامت قائم نہ ہوگی۔

(انسؓ /ترمذی شریف جلد دوم)

☆

اھلِ ذکر وہ ہیں جو مُردوں کی طرح قبروں میں زندگی کی تمنا کریں اور زندہ رہ کر ذکر ہی میں محو اور ذکر ہی میں منہمک رہیں۔ ماسوا سے بے خبر۔ کسی سے التفات کریں نہ رغبت۔

اھلِ قبور ..... احوال الآخرت کے عارف ہوتے ہیں۔

کوئی گناہ نہیں کرتے

کیے ہوؤں ہی پہ نادم ہوتے ہیں

o حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مثال اس شخص کی جو ذکر الٰہی میں مشغول رہتا ہے اور اس شخص کی جو اللہ کا ذکر نہیں کرتا، زندہ اور مردے کی سی ہے۔

(صحیح البخاری ج ۲ صفحہ ۹۴۸)

o حضرت انس رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے صبح کی نماز پڑھ کر ایسی قوم کے ساتھ بیٹھنا جو سورج نکلنے تک اللہ کا ذکر کرتی ہو، تمام دنیا سے، جس پر سورج طلوع ہوتا ہے، زیادہ محبوب ہے اور عصر کی نماز کے بعد سورج غروب ہونے تک ایسی قوم کے ساتھ بیٹھنا جو اللہ کا ذکر کرتی ہو، دنیا و مافیھا سے زیادہ محبوب ہے۔

(الجامع الصغیر للسیوطی ج ۲ صفحہ ۱۰۱)

تیرا دل حاضر نہیں.....سوتا ہے

کیا ابھی اسے جگانے کا وقت نہیں آیا؟

ذکر الٰہی کا مقام دل میں ہوتا ہے اور دل ہی میں مقیم ہو کر ذکر کی مجلس قائم ہوتی ہے اور ایسی ہوتی ہے کہ پھر کبھی برخاست نہیں ہوتی رہتی، دنیا تک قائم و دائم رہتی ہے۔

کھا

پی

پہن

ذکر جوں کا توں جاری رہے۔ ہر کام اور ہر کلام ذکر ہی کے لئے ہو۔

ذکر الٰہی دعوۃ وتبلیغ الاسلام کا مدعا۔

ذکر ہی کی برکت سے مخلوق کی خدمت۔ اور ذکر ہی عین عبادت ہے۔

o حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان..... ''اللہ تعالیٰ کا ذکر کثرت سے کرو'' کی تشریح میں فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے بندوں پر ایسی کوئی چیز فرض نہیں فرمائی جس کی حد مقرر نہ کر دی ہو اور پھر اس کے لئے عذر کو قبول نہ فرما لیا ہو بجز اللہ کے ذکر کے۔ نہ اس کی کوئی حد مقرر فرمائی جس طرف اس کی رسائی ہو اور نہ اللہ نے اس کے ترک پر کوئی عذر قبول فرمایا بلکہ یہ فرمایا:

''اللہ کا ذکر کرو کھڑے اور لیٹے (اپنی کروٹوں کے بل)'' یعنی رات کو، دن کو، خشکی میں، سمندر میں، سفر میں، حضر میں، تونگری میں، فقر میں، بیماری اور صحت میں، آہستہ اور پکار کر، ہر حال میں اللہ کا ذکر کرو۔

(تفسیر ابن کثیر جلد سوم صفحہ ۴۹۵)

لوہا آگ کی آغوش میں دیکھتے ہی دیکھتے آگ بن گیا۔ وہی رنگ وہی خصلت۔ تیرا دل کیوں نہ پگھلا؟ ذکر کے نور کی برکت سے تیرا دل کیوں منور نہ ہوا؟ مذکور کی صفات کا کیوں نزول نہ ہوا؟ اپنے دل سے پوچھ..... یقیناً دل صحیح نشاندہی کرے گا۔ حالانکہ یہ کام سالوں کا نہیں، گھنٹوں کا کام ہے۔

ساری عمر دین کی راہ میں جدوجہد کی، دل کی حالت جوں کی توں رہی۔ دل اپنے مقام پر چٹان کی طرح ڈٹا رہا۔ ہر شے بدلی، دل مطلق نہ بدلا۔ جس حال میں تھا اسی میں رہا۔ جب تک تیرا دل نہیں بدلتا، تیری جدوجہد کیا گل کھلا سکتی ہے؟ اور کیا رنگ لا سکتی ہے؟

جبہ و دستار چہ معنی دارد؟

یہ دل سوتا ہے گویا مردہ ہے اسے بیدار کر۔ جیسے بھی ہو سکے ضرور کر۔

ہم نماز پڑھتے ہیں، قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہیں، تسبیحات کرتے ہیں، دعائیں مانگتے ہیں لیکن دل نہ معلوم کن خیالات میں محو ہوتا ہے اور اسے پتہ ہی نہیں ہوتا کہ وہ کیا پڑھتا ہے۔

آنکھ، کان، زبان.....دل کے دریچے ہیں
ہر شے انہیں سے گزر کر دل میں وارد ہوتی ہے
ان کے پاک ہونے سے ہی دل پاک ہوتا ہے
دل کو نفاق سے
عمل کو ریا سے
زبان کو جھوٹ سے اور
آنکھ کو خیانت سے پاک کر وماعلینا الا البلاغ

آنکھیں جب پاک ہو جاتی ہیں شوخ ہو جاتی ہیں، بے باک ہو جاتی ہیں۔ اور شوخی و بے باکی، مردانگی کے دو مقبول جوہر ہیں۔ مقبول عام اور مقبول الاسلام ماشاء اللہ۔

آنکھوں کی شوخی و بے باکی تو تیرے آبا کی آن وشان اور ملی حمیت کی جان تھی جو تو نے گم کر دی، ہائے ہائے، بتا اب تجھ میں کیا باقی ہے؟ پدرم سلطان بود.....

اے ہم نشیں! ''نظر'' ان نظروں کی تلاش میں سرگرداں ہے کہیں نظر نہیں آتیں۔ کہیں ناپید تو نہیں ہو گئیں؟ کیا بزمِ کونین کو اب ان کی ضرورت نہیں؟ ان کے بغیر تو یہ تن خاکی اربعہ عناصر کا پُتلا مٹی کا ایک بے قدر ڈھیر ہے۔ ان نظروں ہی کی بدولت تو یہ اشرف تھا!

تزکیۂ قلب کا انحصار مزکی کی نظر پہ موقوف ہوتا ہے، مطالعہ پہ نہیں۔

نفس زکی کی نظر سے مزکی ہوتا ہے مطالعہ سے نہیں اور

ہر زکی نبی الزکی صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی نظر سے مزکی ہے۔

جب بھی کسی میں کوئی خصلت پیدا ہوئی، نظر ہی کی بدولت ہوئی، کسی اور طرح کبھی نہیں۔

میرے آقا روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم! تیری نظر.....کل کائنات کا مرکز

ہم خاک نشین تیری نظر ہی کے بل بوتے پہ کچھ کرتے ہیں ورنہ کسی بھی شے پہ کوئی قدرت نہیں رکھتے۔

تیر نظر جب کسی پہ پڑ جاتی ہے بے نظیر بن جاتا ہے۔

نگاہ کرم.....حبشی کو بلال رضی اللہ عنہ

چرواہے کو اویس رضی اللہ عنہ

نمانی کو سعدیہ رضی اللہ عنہ اور

جابر کو فاروق اعظم رضی اللہ عنہ بنا دیتی ہے

قربانت شوم! حضرت امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ اپنے ایک گورنر سے:

''تیرا باپ مدینہ میں اونٹوں کی مالش کیا کرتا تھا، اگر تو نے اپنا حال و چال فی الفور نہ بدلا تو میں تجھے اسی کام پہ لگا دوں گا'' مرحباً مکرماً مشرفاً

ہر شے کی قدر و قیمت خو پہ موقوف ہے بو پہ نہیں اور خو کی کمی کو بو پورا نہیں کر سکتی۔ خو کے معنی خصلت اور بو کے معنی شکل و شباہت ہے۔

وہ بھی کیا دن تھے کہ جنگل کے بھیڑیے ہمارے دنبوں کا اکرام کرتے۔ جس جنگل

میں ہمارے دنبے چرتے، بھیڑیے اس جنگل کو چھوڑ کر دور دراز علاقوں میں جا بستے۔

اور وہ بھی کیا دن تھے کہ شیر ببر ہماری کلیوں کے آگے وفادار خادموں کی طرح پہرہ دیتے اگر چہ ہمیں ان کے پہرے کے مطلق ضرورت نہ ہوتی۔

اے جان من! ایک وہ بھی دن تھے کہ جنگل کے ریچھ ہمارے وضو کے لئے چشموں سے کوزے بھر کر لاتے۔

تجھے کیا بتاؤں ہم نے کیسے کیسے دن دیکھے۔ جب ہم جنگل میں ہرنیوں کو آواز دیتے اس جنگل کو ہمارے شیخ صاحب نے اپنے قدوم میمنت لزوم سے نوازا ہے ان کی دعوت کیلئے دودھ دے جائیں، سنتے ہی دوڑتی ہوئی آتیں اور ہم ان کا بکریوں کی طرح دودھ دوہتے اور اگر ہاتھیوں کو حکم دیتے حضرت صاحب کو سیر کرانے کے لئے حاضر ہو جاؤ جنگل کے تمام ہاتھی حاضر ہو جاتے، واللہ باللہ تاللہ

o حضرت عبداللہ بن برزی رحمۃ اللہ علیہ ایک ولی اللہ بزرگ تھے پیر و جمعرات کا روزہ پابندی سے رکھا کرتے تھے۔ اسی سال کی عمر تھی۔ ایک آنکھ سے کانے تھے۔ سلیمان بن زیدؒ نے ان سے آنکھ کے جانے کا سبب پوچھا آپ نے بتانے سے احتراز کیا۔ یہ بھی پیچھے پڑ گئے۔ مہینوں گزر گئے، نہ وہ بتاتے نہ یہ سوال چھوڑتے۔ آخر ایک دن تنگ آ کر فرمایا سن لو۔

میرے پاس برزہ میں جو دمشق کے قریب ایک شہر ہے، دو خراسانی آئے اور مجھ سے کہا کہ میں انہیں برزہ کی وادی میں لے جاؤں۔ میں انہیں وہاں لے گیا۔ انہوں نے انگیٹھیاں نکالیں بخور نکالے اور جلانے شروع کیے یہاں تک کہ تمام وادی خوشبو سے مہکنے لگی اور ہر طرف سے سانپوں کی آمد شروع ہوگئی لیکن یہ بے پرواہی سے بیٹھے رہے کسی سانپ کی طرف التفات تک نہ کی۔ تھوڑی دیر گزری تھی کہ ایک سانپ آیا جو ہاتھ بھر کا تھا اور

اس کی آنکھیں سونے کی طرح چمک رہی تھیں یہ بہت خوش ہوئے اور کہنے لگے..... اللہ کا شکر ہے ہماری سال بھر کی محنت ٹھکانے لگی۔

انہوں نے سانپ کو لے کر اس کی آنکھوں میں سلائی پھیر کر اپنی آنکھوں میں وہ سلائی پھیر لی میں نے ان سے کہا یہ سلائی میری آنکھوں میں بھی پھیرو انہوں نے پہلے تو بالکل انکار کر دیا لیکن جب میں نے بہت منت سماجت کی تو بمشکل راضی ہو گئے اور میری داہنی آنکھ میں وہ سلائی پھیر دی۔ اب جو میں دیکھتا ہوں تو زمین مجھے شیشے کی طرح معلوم ہونے لگی جیسے اوپر کی چیزیں نظر آتی ہیں ویسے ہی زمین کے اندر کی چیزیں بھی دیکھ رہا تھا انہوں نے اب مجھے کچھ دور ساتھ چلنے کو کہا میں نے منظور کر لیا۔ وہ باتیں کرتے ہوئے مجھے ساتھ لئے چلتے رہے۔ جب ہم کچھ دور نکل آئے تو دونوں نے اچانک مجھے بازوؤں سے پکڑ کر جکڑ لیا میرے ہاتھ پاؤں باندھ دیئے پھر ان میں سے ایک نے اپنی انگلی ڈال کر میری آنکھ نکال کر پھینک دی اور مجھے اسی طرح بندھا ہوا چھوڑ کر خود کہیں چلے گئے۔ اتفاقاً ایک قافلہ ادھر آنکلا انہوں نے مجھے اس حال میں دیکھا تو رحم کھا کر اس قید سے آزاد کر دیا اور میں واپس چلا آیا۔

(ابن عساکر، تفسیر ابن کثیر اردو سورۂ نمل پارہ ۱۹ آیت ۶۳، ۶۴)

دور حاضر کی ترقی کے علمبردارو! ان کی ترقی کا حال بھی دیکھو! یقیناً تمہاری کوئی بھی ایجاد ان کی کسی بھی ایجاد کی ہمسری نہیں کر سکتی!

دیکھا..... جنگل کے زہریلے سانپ مطیع ہو کر ان کے حضور غلامانہ انداز میں حاضری دیتے۔ وہ سانپ جس کی آنکھیں سونے کی طرح چمکیلی تھیں سب کا سردار تھا، اس کے زہر کا یہ عالم ہے کہ اگر جوش میں آ کر پھونک مار دے تو گردونواح کے سبزے کو آن واحد

میں بھسم کر دے راکھ بناڈالے..... لیکن اپنے حاکم کا حکم سنتے ہی تعمیل کے لئے حاضر خدمت ہوا۔

کسی اور کو یہ جرأت ہوسکتی ہے کہ ایسے زہریلے سانپ کی آنکھ میں سلائی پھیر کر اپنی آنکھوں میں پھیر لے؟

تسبیحات کے میدان میں بھی ہم اپنی مثال آپ تھے۔حضرت عمیر بن ہانی رضی اللہ عنہ روزانہ بلاناغہ ہزار سجدہ میں ایک لاکھ بار تسبیح پڑھتے اوراس معیار کو ابھی تک کوئی مات نہیں کرسکا واللہ اعلم بالصواب۔

- حضرت مسلمہ بن عمیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمیر بن ھانی رضی اللہ عنہ روزانہ بلاناغہ ہزار سجدہ نماز پڑھتے اور لاکھ بار تسبیح کرتے تھے۔ (ترمذی شریف جلد دوم)

انسانی کردار کی ہر خصلت کا ہر دور نے عملی نمونہ پیش کیا۔

جو نمونہ اسلام نے دیا نادر المثال، وراء الوریٰ اور سب کو مات کرتا ہے۔

صدر، سربراہ، وزیر اعظم، خلیفہ، بادشاہ ہی کے مختلف نام ہیں۔وہ بھی کیا دور تھا کہ مسلمانوں کی عظیم مملکت کے امیر مولا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ اپنے اور اپنے اہل وعیال کے کھانے کے لئے ایک یہودی کے باغ میں نلائی کیا کرتے تھے۔شام کو جب روزی کما کر لاتے، اگر کوئی سائل دروازے پر دستک دیتا اسے دے دیتے، خود پانی پی کر لیٹ جاتے اور یہ روز ہوتا۔آپ رضی اللہ عنہ کسی بھی سائل کو خالی نہ لوٹاتے۔

ایک سائل نے سوال کیا کہ اسے ایک لڑکا دیں آپ رضی اللہ عنہ نے دونوں دے دیئے۔حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد کی ساری داستان میں کوئی بھی ایسا واقعہ نہیں ملتا کہ کسی بادشاہ نے اپنے کھانے کے لئے کسی کے باغ کی نلائی کی ہو اور یہ بھی کبھی نہیں سنا کہ اللہ کے

نام پر کسی نے کسی کو بیٹے دیئے ہوں اور پھر وہ بھی حسن علیہ السلام و حسین علیہ السلام جیسے۔

منصور حلاج نے سخاوت کی حد کر دی۔ بندی خانے میں تین دن سے فاقے سے تھے تین دن سے انہیں کھانا نہیں دیا گیا تھا۔ بھوک سے نڈھال تھے۔ چوتھے دن جوں ہی کھانا پہنچا سائل بھی ساتھ ہی آ دھمکا.....اللہ کے نام پہ مجھے روٹی دو سخت بھوکا ہوں.....سائل نے پکارا اور منصور نے وہی کھانا سائل کے کشکول میں ڈال دیا اور یہ سخاوت کی حد ہے۔

خصائل الصالحین کی داستانیں گویا دیو پری کی داستانیں تھیں، ان کی مثال اب کہیں نہیں ملتی۔ آدمیت و انسانیت و بشریت کے کارہائے نمایاں کی تاریخ کا رنگ پھیکا پڑ چلا، تیری عنایت کی منتظر ہے۔

یہ واقعہ طریقت کی کتاب میں اہم مقام رکھتا ہے۔ سوہنی ایک کمہار کی لڑکی تھی مہینوال کی ملاقات کے لئے رات کو جاگتی، گھڑے پر تیرتی ہوتی دریائے چناب کو پار کر کے اپنے محبوب سے ملتی اور رات ہی کی تاریکی میں واپس لوٹ آتی، یہ اس کا روز کا معمول تھا۔ ایک دن اس کی نند کو پتہ چلا کہ وہ رات کو گھر پہ نہیں ہوتی۔ اس کا تعاقب کیا اور سارا ماجرا اپنی آنکھوں سے دیکھا دوسرے دن وہ دریا کے بیلے میں گئی اور اس کے پکے گھڑے کی جگہ مٹی کا کچا گھڑا رکھ آئی۔ سوہنی جب حسب معمول دریا عبور کرنے کے لئے آئی تو دریا میں طغیانی آئی ہوئی تھی۔ جب گھڑے کو اٹھایا تو دیکھا کہ وہ کچا تھا گھڑے نے کہا ''میں کچا ہوں، میں نے عشق کی آوی میں جل کر پکنے کی منزل طے نہیں کی۔ میں طغیانی کی تاب نہ لا سکوں گا''

سوہنی نے ایک نہ مانی، بسم اللہ پڑھ کر گھڑے کو اٹھا لیا۔ بجلی کی کڑک، بادل کی گرج، دریا کی موجوں کا شور، کمہاروں کی ایک لڑکی کے عزم کو پھیر نہ سکے۔ جب وہ

دریا میں کودنے کے لئے کمر بستہ ہوئی، دریا نے کہا:

''تو مجھ میں کبھی قدم نہ رکھنا، میری موجوں نے کبھی کسی کو معاف نہیں کیا، تو مجھ میں کود کر کبھی جانبر نہیں ہو سکتی''

مٹی کے کچے گھڑے نے بھی اپنی بے بسی کا اظہار کیا۔ بڑی منتیں کیں۔ دریا نے اسے بڑا سمجھایا لیکن اس کے عزم میں کوئی فرق نہ آیا اور اللہ کا نام لے کر اپنے محبوب کو ملنے کی تمنا لے کر دریا میں کود پڑی اور یہ شوق کی انتہا تھی۔

سوہنی کا عزم نادر المثال اور قیامت تک کے لئے طریقت کے نصاب کا ضروری باب بنا رہے گا۔

اس دنیا میں کردار کو بقا حاصل ہے، گفتار کو نہیں۔

حال کا نمونہ صاحب حال ہی دے سکتا ہے اکتسابیت نہیں۔

طریقت کی حقیقت جب اکتسابیت میں محجوب ہونے لگی تو حضرت مخدوم علاؤالدین علی احمد صابر قدس سرہ العزیز کو ایک بے مثل، اچھوتے اور انوکھے نمونہ کے لئے منتخب فرمایا گیا۔ ابھی ایک گھونٹ ہی بھری تھی کہ غٹ ہو گئے

کون سی گھونٹ جی؟..... کہا جذب و سکر کی

بس پھر کیا تھا، خاک میں نور کی تجلیاں مچلنے لگیں۔ ذات ذات میں محو ہوئی۔ بشری صفات کا خاتمہ ہوا۔ اور آپ نے اس محویت کے عالم میں بارہ سال گلہر کی شاخ کو تھامے کلیر کی پاک سرزمین کو مرکز تجلیات بنائے رکھا مرحباً مکرماً مشرفاً!

حضرت مخدوم صابر صاحب کا رنگ فقر کی تاریخ کو دنگ کر گیا ماشاء اللہ! کسی بھی تاریخ نے آج تک اس قسم کا کوئی واقعہ پیش نہیں کیا کہ کوئی تیری محبت کے نشے میں

چور ہو کر بغیر کچھ کھائے پیے بارہ سال کسی درخت کی شاخ کو تھامے کھڑا ہو۔ یہ اعلیٰ درجے کا نمونہ انہی کو عنایت ہوا مبارکا مکرماً مشرفاً!

منبع سر نبوت ہم ولایت حیدریؓ آفتاب چشتیاں مخدوم صابر کلیریؒ

محبت نے محبّ کی دادرسی۔ محبّ محبوب میں محو ہوا۔ گویا خاک میں نور جلوہ گر ہوا اور بشری صفات کا خاتمہ ہوا۔ خاتمہ بالخیر۔ اسی طرح طیب و مبارک محبت ہر محبّ کی داد دیا کرتی ہے اونگھ، نیند، بھوک، پیاس جاتی رہیں۔

اسی طرح جب ولایت علویہ کے کمالات کے تعارف کا فقدان ہوا، حضرت پیر الفیض شاہ شرف الدین المعروف بہ بوعلی شاہ قلندر پانی پتی قدس سرہ العزیز کو ایک دوسری قسم کے نمونے کے لئے نامزد کیا..... اور وہ درس و تدریس کو چھوڑ چھاڑ ویرانوں میں جا نکلے۔ مدتوں دریا میں کھڑے رہے یہاں تک کہ مچھلیوں نے آپ کی پنڈلیوں کا گوشت نوچ لیا۔ پھر جب کڑی ریاضت کے بعد ولایت علویہ کے مقام پہ فائز ہوئے، تمکنت کی حد کر دی۔ علاؤالدین خلجی کو لکھا۔

''تیرے ایک وزیر نے میرے ایک فقیر کو مارا ہے، غروب سے پہلے اسے ملک بدر کر ورنہ طلوع سے پہلے تیری جگہ کوئی اور ہوگا!''

سات سو سال بیت چکے، پھر کسی ماں کے لال کو اس قسم کے نمونے کی توفیق نصیب نہ ہوئی۔ کیا وہ آخری نمونہ تھے؟ کیا اب کسی بھی میکدے میں وہ مے نہیں؟ یا کسی آنے والے کیلئے محفوظ رکھی ہوئی ہے؟

اگر بادشاہت نعمت ہوتی تو ادھم کبھی اسے ترک نہ کرتے۔ اسی طرح اگر اجتماع کرامت ہوتی تو صابر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی مجلس کبھی برخاست نہ ہوتی۔ حال یہ تھا میرے آقا

کے وصال کے کئی سو سال بعد بھی کسی کو وہاں جانے کی جرأت نہیں ہوئی۔

اگر اجتماع کمال ہوتا تو میرے مولا میرے آقا میرے مخدوم میرے صابر کی مجلس کبھی برخاست نہ ہوتی۔ حال یہ تھا کہ شمس الارض شمس الدین ترک کے سوا کسی کو بھی باریابی نصیب نہیں ہوئی۔ یہاں تک کہ بعد وصال بھی کسی کو حاضری کی جرأت نہیں ہو سکی، جنگلی درندے ہی آپ کی دربانی پہ مامور رہے۔

اگر شہرت کمال ہوتی تو حضرت خواجہ اویس رضی اللہ عنہ عاشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم قرن کے ایک سنسان جنگل میں اپنے بھائی کے اونٹ چرا کر چھپ چھپ کر جھٹ نہ لنگھاتے (گزارتے)

اگر عبادت کمال ہوتی، شیطان کبھی مردود نہ ہوتا

اگر تقویٰ کمال ہوتا، برصیصا کبھی راندانہ جاتا

ندامت کا لبادہ اوڑھ کر محبوب کی ناز برداری کمال اور

محبوب کے فراق میں گھلنا کمالِ کمال ہے۔

میرے دلبر، میرے ابا جب جاں بحق ہوئے شمس الارض نے جنازہ کے لئے جسد اطہر کو رکھا اور امام کے انتظار میں دست بستہ کھڑا ہوا۔ ایک نقاب پوش سوار آیا اور جنازے کی نماز کی امامت فرمائی۔ شمس الارض نے دیکھا کہ شمالاً جنوباً جہاں تک بھی ان کی نظر پہنچتی تھی جنازہ پڑھنے والے صف آرا تھے۔ جب نماز پڑھ چکے تو شمس الارض نے عرض کی کہ لوگ مجھ سے پوچھیں گے کہ تیرے آقا کے جنازے کی نماز کس نے پڑھائی؟ تو کیا جواب دوں گا؟

اس پہ وہ مسکرائے، چہرہ انور سے نقاب سرکائی اور فرمایا شمس! تو مجھ سے دنیا میں

فنا و بقا کے بارے میں پوچھا کرتا تھا اس وقت میں تجھے کیا سمجھاتا اور کیسے سمجھاتا۔ پھر میرے ابا نے اپنے جسد اطہر کی طرف اشارہ فرمایا وہ فنا ہے یہ بقا..... یہ کہہ کر میرے آقا میرے دلبر میرے ابا ان ظاہری نظروں سے جنگل کی وادی میں روپوش ہو گئے۔

میرے آقا، اللہ کے محبّ العاشق اور رسول اللہؐ کے محبوب العاشق تھے اور محبّ و محبوب میں تیرا میرا نہیں ہوتا۔ میرے آقا کی رحلت کا یہ قابل رشک واقعہ ثابت کرتا ہے کہ اللہ کے مخلص بندے مرا نہیں کرتے۔ نقل مکانی کیا کرتے ہیں۔ عشق کبھی فنا نہیں ہوتا۔ ابدی حیات کا امین ہوتا ہے۔ اللہ اپنی محبت کے محبّ کا تذکرہ اپنے مخلص بندوں کی زبانوں پہ ہمیشہ زندہ رکھتا ہے۔

اے ہم نشیں! سدا رہ بہ عشق اللہ

دنیا ہیچ و بیکار است

محبت کو فنا نہیں۔ محبت کے سوا ہر شے فنا کی زد میں ہے اور فانی ہے۔

مقربین حق حقیقتاً زندہ ہیں اگرچہ صورتاً زندہ نہیں۔

مردوں کی قبروں پہ بے شک گنبد بنانا منع ہے اور نہ ہی آج تک کبھی کسی نے کسی مردے کی قبر پہ گنبد بنایا

جس کی قبر زندہ ہے بے شک زندہ ہے

اسی طرح ان کے اعراس باعث برکت، باعث رحمت اور باعث تقویت دین و ایمان ہیں۔

کبھی مردوں کو بھی کسی نے یاد کیا ہے۔ اگر وہ زندہ نہ ہوتے ان کی یاد زندہ نہ رہتی۔

ان کی یاد قوموں کی زندگی اور ان کا کردار مشعل راہ ہے۔

صدیاں گزرنے کے باوجود کسی بھی دل سے ان کی یاد فراموش نہ ہوئی، ہر دل ان کی یاد میں مسرور اور ان کی محبت میں مخمور ہے پھر ہم کیونکر انہیں عام مردوں میں شمار کر سکتے ہیں؟

وہ اسلام کے شیدائی تھے۔ اسلام کو جو ناز ان پر ہے کسی پہ بھی نہیں۔

ان کی حیات جاودانی ہے۔ جب تک دنیا رہے گی ان کا نام رہے گا۔ یہی زندگی کی مراد اور یہی زندگی کی اصل ہے۔

جس نے انہیں مردہ کہا متعصب ہے اور کوئی متعصب حقیقت کو نہیں پا سکتا۔

تعصب حسد کی ایک شدید قسم ہے اور حسد نیکیوں کو ایسے جلا دیتا ہے جیسے کہ آگ لکڑی کو۔

تعصب اور حسد ایک ہی خصلت کے دو مدارج ہیں

متعصب ذلیل فطرت ہے متعصب کے پاس تنقیص کے سوا کچھ اور نہیں ہوتا

متعصب کی تنقیص ضد کی بنا پہ ہوتی ہے لاعلمی پہ نہیں

تنقیص متعصب و حاسد کی جبلت میں داخل ہوتی ہے اور اس کا مدعا تعمیر حیات نہیں تخریب حیات ہوتا ہے۔ اس کے نزدیک زندگی کا منشور یہ ہوتا ہے کہ جس طرح بھی ہو اور جس پہ بھی ہو کوئی نہ کوئی تنقید ضرور کی جائے۔

اکابرین سلف کے کمالات اور شہدائے ملت کی حیات جاوداں کا انکار مت کر۔ اگر تیری قسمت میں تحسین نہیں تو تذلیل مت کر اور کبھی مت کر۔ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے چنے ہوئے بندوں کا وجود اپنی دنیا میں ہمیشہ زندہ و قائم رکھتے ہیں اور یہ ارادت ازلی کا

دستور ہے جو کبھی نہیں بدلتا۔

یا اللہ اس نوجوان نے مجھے نہیں دیکھا، میری صحبت میں نہیں بیٹھا، میری لکھی ہوئی کوئی کتاب نہیں پڑھی، مجھ کو تیرا بندہ سمجھ کر میرے مرقد پہ حاضر ہوا ہے، میں سفارش کرتا ہوں جو مراد لے کر یہ حاضر ہوا ہے پوری فرمادے یا حی یا قیوم آمین

اور یہ فیض ایک حاضری کا ہے!

مفکرین و مفسرین و محدثین کی طاہر و مطہر ارواح سے فیض یاب ہونا عین حقیقت۔

سب کے سب اپنے اپنے حال و مقام پہ محو عمل رہے۔ دم بھر کے لئے بھی غافل نہ ہوئے۔ اور انہی کی بدولت زندوں نے زندگی کا نمونہ سیکھا۔

خالق مخلوق کے ہر اس کلام کو جس پہ کہ متکلم نے عملی نمونہ دیا ہو، نگارخانۂ دہر میں خلق کی زبان پہ زندہ اور قائم رکھتا ہے۔

عملی نمونہ عامل دیا کرتا ہے، عملہ نہیں۔

جو کام

جو کلام

جو بات

جو ملاقات تیرے وہاں کام کی نہیں، یہاں مت کر اگرچہ راحت خیز ہو اور عزت آمیز ہو۔

مذموم عادات.....شیطانی

خصائل نبوت.....سراسر رحمانی

ناشکری.....مذموم تر

شکر ہی کی بدولت انسانیت عروج پذیر

شکر.....انسانیت و بشریت کا بہترین اعزاز

انتخاب.....صفت لاجواب

زندگی کی کامیابی کا انحصار، بہترین اور بدترین کی تمیز پہ موقوف۔

بندہ جب تمیز اٹھا دیتا ہے نہ اللہ کے احسان کا شکر کر سکتا ہے نہ زندگی کی قدر۔

اپنے بہترین اوقات.....بدترین مشاغل میں لگا دیتا ہے

اور بہترین صلاحیتیں.....بدترین امور میں کھپا دیتا ہے

بہترین کو بدترین میں بدل لینا ہی ناشکری ہے

پرلے درجے کی ناشکری

اس ناشکری کے باعث بندہ آفات کی زد میں رہتا ہے

جائزہ لے.....بدترین یا بہترین

اوقات

خیالات

مشاغل

محافل

لواحقین

معاونین

احباب

پڑوس

ہجرت کر، بدترین سے بہترین کی طرف

اللہ تیرے ہر بدترین کو بہترین سے بدلے۔ یا حی یا قیوم

بہترین یا بدترین

ذکر و تبلیغ.....بہترین اور

خرافات.....بدترین

اے میرے نوجوان! وقت تیری قیمتی متاع ہے اسے ضائع نہ کر۔ جب بھی کسی نے اپنے وقت کی قدر کی کامیاب ہوا۔ آج ہمیں وقت کی اہمیت کا احساس نہیں اور کسی کو بھی نہیں۔ نوجوان کا سارا وقت ریڈیو پہ گانے سنتے گزر جاتا ہے۔ قومیں کام ہی کی بدولت کامیاب ہوئیں۔ جس بھی قوم نے دنیا میں ترقی کی۔ ایک مرکز پہ متحد ہو کر کی اور کام کر کے کی۔

جس بھی کام کو کرو خوش اسلوبی سے کرو۔ محنت سے کرو۔ یہاں تک کہ پسینہ پسینہ ہو جاو اور پسینہ ہی مزدور کے کام کی زکوۃ ہے۔

امیر طبقے کا نوجوان، اللہ اللہ، کوئی کام نہیں کرتا، کام سے نفرت کرتا ہے۔ راحت و آرام کی زندگی بسر کرتا ہے۔ یہ سمجھتا ہے کہ کام کرنا مزدوروں ہی کا کام ہے امیروں کا نہیں۔ امراء دنیا میں کام کرنے نہیں عیش کرنے آئے ہیں۔ شب و روز ایک ہی دھن میں گزار دیتا ہے۔ کسی ایک شغل میں مشغول ہو کر دن رات ایک کر دیتا ہے اگرچہ بٹیر بازی ہو اللہ اللہ!

ساری دنیا جاگ اٹھی ہم سوتے ہیں۔ نہایت بے فکری سے پاؤں پسارے سو رہے ہیں۔ کوئی کروٹ نہیں لیتے نہ معلوم کب بیدار ہوں گے اور کیسے؟

گزار ہوادم ماضی اور آنے والا مستقبل ہے

ماضی گزر چکا۔ جیسے بھی گزرا گزر چکا

ماضی سے عبرت حاصل کر

مستقبل کی کسی کو خبر نہیں اور کوئی خبر نہیں

حال میں سب کچھ ہے۔ حال کو غنیمت جان، اور کسی بھی قیمت پہ ضائع مت کر۔ کارآمد کار میں مصروف رہ۔

زندگی ایک موقع ہے پھر کبھی ہاتھ نہیں آنا۔ کوئی بھی وقت ضائع مت کر۔

یہ کام جو تم کرتے ہو اور ہر کوئی کرتا ہے زنانہ ہیں مردانہ نہیں۔ مردوں کو زیب ہی نہیں دیتے۔ مرد بھی بھلا کبھی ایسی باتیں کیا کرتے ہیں۔ مردوں کی باتیں ہر کسی کے لئے نمونہ ہوتی ہیں۔

تیری نقل وحرکت ناپسند، نامعقول اور نامقبول

ہائے ہائے..... باز آ

آج بدل..... ابھی بدل

یہ وقت کی آخری پکار ہے

اس وقت ہمارے پاس باتوں کے سوا کوئی اور شے نہیں اور باتوں سے کبھی کوئی بات نہیں بنا کرتی۔ بگڑی ہوئی باتیں باتوں سے نہیں، عملی نمونے سے بنا کرتی ہیں!

یہ وہ زمانہ نہیں بدلا ہوا ہے

اگر ہم نے اپنے انداز نہ بدلے زمانہ ہمیں بدل دے گا

زمانہ کورانہ تقلید سے نالاں اور کسی نمونے کا طلبگار ہے۔ میدان عمل میں کوئی نمونہ پیش کر۔

ملی تعمیرات میں جو مقام اتحاد و ایثار کو حاصل ہے کسی دوسری خصلت کو نہیں۔ کسی کو اپنا بنانے کے لئے بہت کچھ کرنا پڑتا ہے لیکن کسی کو اپنا مخالف بنانے میں پل بھر کی نادانی کافی ہے

پیار کا بدلہ پیار

احسان کا بدلہ احسان اور

اکرام کا بدلہ اکرام ہے

بے شک تکریم مستحسن اور تحقیر مذموم ہے

انسانیت کا بلند ترین مقام انسانیت کا احترام ہے اور احترام ایک وسیع المعانی خصلت ہے صرف رسمی ''آؤ جی، آیئے جی'' ہی کا نام نہیں اور اللہ ہی اپنی بارگاہ رب ذوالجلال والاکرام سے جسے چاہتا ہے یہ خصلت عنایت فرماتا ہے اور اس مضمون پہ بھی یہ ختم الکلام ہے ماشاءاللہ لاقوۃ الا باللہ۔

توحید الی اللہ کے مقام پہ ہر آدمی، نیک ہو یا بد، آدمیت کے اعتبار سے واجب الاکرام ہے۔

آدمیت کا اکرام.....فرض

توہین.....حرام

دنیا میں ہر دین مساوات کی تعلیم دیتا ہے لیکن عملاً مساوات مفقود ہے اسی طرح سچائی اور اسی طرح پاسبانی۔

مساوات اسلامی تعلیمات کا لب لباب ہے۔ کسی بھی دست کار کو جسے امراء رذیل دستکار کہہ کہ پکارا کرتے ہیں یہ جرأت نہیں کہ ''چودھری'' کے برابر چارپائی پہ بیٹھ جائے اگرچہ حاجی ہو یا نمازی!

تعمیر ملت:

کسی قوم کی ترقی کا انحصار کام کرنے والے مخلص بندوں کے ملی جذبہ پہ موقوف ہوتا ہے۔ جو بندہ جس قابل ہو اسے وہی کام دیا جائے۔ ہر کام کرنے والے کی تحسین کی جائے۔ دلجوئی کی جائے۔ معقول اجرت دی جائے۔ اس کی پیش کردہ تجاویز پہ غور کیا جائے۔ اس کی سفارشات پورے غور سے جانچی جائیں ماشاء اللہ! پھر اس دماغ میں نو بہ نو عقلیں سوجھنے لگتی ہیں۔

کسی پیشے کو رذیل مت جان، کوئی پیشہ رذیل نہیں ہوتا اور غیر ضروری بھی نہیں، نظام کائنات کو چلانے کیلئے ہر پیشہ ناگزیر ہے۔

فن کار کی تحسین فن کی ترقی اور تحقیر تنزل کا باعث ہوتی ہے۔ ہم نے کپڑا بننے والے کو جولاہا، پاولی، کاسبی اور نہ جانے کیا کیا کہا؟ اس تحقیر نے اسے یہ سوچنے پہ مجبور کر دیا کہ اس کا فن مذموم ہے اور کوشش کی کہ فن اس کی نسل میں جاری نہ رہے۔ فروغ دینا تو درکنار وہ متنفر ہو کر اس سے دامن چھڑانے کے درپے رہا۔ ان تحقیر آمیز کلمات نے اس بے چارے کو کھڈی تک محدود رکھا اور دور حاضر کی پارچہ بافی کی تمام کلیں تحسین ہی کا ثمرہ ہیں۔ آدم زاد کی ستر پوشی کے معاون کو کمین و ذلیل قرار دینا کسی بھی طرح مستحسن نہیں۔

ہمارے دور استحسان کے کمالات ادراک میں نہیں آسکتے۔ ڈھاکے کی ململ کا پورا تھان انگوٹھی میں سے گزر جاتا، ناریل میں بند ہوسکتا۔ حوصلہ افزائی تو ہماری کس نے کرنی

تھی، انگوٹھے کاٹ کر صنعت کو ملیامیٹ کر دیا۔

جدید دور تمام تر سائنسی ترقی کے باوجود ویسے نادر نمونے ابھی تک پیش نہیں کر سکا۔

ملی تمکنت کا انحصار قومی کردار اور صنعت و حرفت پہ موقوف ہے۔ اگر تیغ بنانے والے لوہار کی دل جوئی کی جاتی تو کوئی وجہ ہی نہ تھی کہ وہ بکتر بند گاڑی اور طیارہ تیار کرنے میں اپنے کسی حریف سے پیچھے رہتا۔

قومی کردار بلند کرو

صنعت و حرفت کو فروغ دو

یہی دو صفات سیادت و قیادت کی امین ہیں

مزدوری قابل فخر کسب ہے

صبا نے صبح سویرے مزدور ہی کی پیشانی کو چوما ماشاء اللہ

نسیم نے مزدور ہی کے جسم الوجود کو تر و تازگی بخشی!

عید کے دن بھی مزدور کی عید نہیں ہوتی..... حسب معمول مشغول رہتا ہے

مزدور کی تحسین کر، محنت کی داد دے اور کسی بھی رنگ میں نفرت مت کر۔

ہر منصوبہ کو مزدور نے عملی جامہ پہنا کر پایۂ تکمیل تک پہنچایا لیکن تحسین و داد سے محروم ہے۔

مزدور کا احترام آدمیت کا احترام

مزدور کی محنت کی داد انسانیت کا تقاضا اور

مساوات بشریت کی تکمیل ہے!

خصلت انسانیت کی وہ صفت و سفارش ہے جو کبھی نظر انداز نہیں ہوتی۔

غریب کا وفاداری و خوداری و غیرت میں پہلا نمبر ہوتا ہے۔

غریب انسانیت کا نمونہ

شرافت کا دیوانہ

ادب کا پروانہ

اخلاق کا پیمانہ

دین کا مستانہ اور

درد دل کا آستانہ ہوتا ہے

فقیروں کا تذکرہ کسی بھی طرح امیروں کے تذکرے سے کم نہیں ہوتا، فوق الوریٰ ہوتا ہے۔ افسوس، نظر انداز کیا جاتا ہے۔ کرنے والی چیز تو فقراء کا تذکرہ ہے نہ کہ امرا کا۔

ابے امراء کا بھی کوئی تذکرہ ہوتا ہے؟ امراء ہی کے نام قلمبند کئے جاتے ہیں۔ امیر عیش پرست ہوتے ہیں، صاحب تذکیر نہیں۔ ہستی دہر میں نامور تذکرہ فقیروں کا ہے امیروں کا نہیں۔ خصلت کی دنیا میں سرفہرست فقراء ہی کا تذکرہ رہا۔ اول و آخر ظاہر و باطن کا تذکرہ فقراء ہی کو ورثہ میں ملا۔

بڑے آدمی کبھی ظلم نہیں کرتے، کسی سے زیادتی نہیں کرتے اور نہ ہی کسی سے انتقام لیتے ہیں۔ جہاں تک ہو سکے درگزر کرتے ہیں اور معاف کر دیتے ہیں۔ انہی خصائل کی بنا پر انہیں بڑا کہا جاتا ہے۔ گھٹیا درجے کے کام کبھی نہیں کرتے اور نہ ہی ان کو زیب دیتے ہیں۔ رشوت سب سے گھٹیا درجے کا کام ہے۔

مزدوری کسی بھی طرح کی ہو کوئی عار نہیں۔ چوری اور رشوت کسی بھی رنگ میں ہو عار ہے۔

رشوت، سود، جواء

بخل اور بھیک

انسان کی شرافت کو پامال کر دیتے ہیں

ان برائیوں کو اختیار کر کے آدمی کاہل، بزدل، آرام طلب اور خود غرض بن جاتا ہے اور بالآخر قعر مذلت میں گر کر اپنے دشمن کے آگے گردن جھکا دیتا ہے۔ ایک غیرت مند انسان ان برائیوں کے مقابلے میں موت پسند کرتا ہے۔

شیطان کے سر پہ سینگ نہیں ہوتے، مذموم خصائل کے باعث ہی شیطان شیطان ہے..... ورنہ یہی شیطان جب اوصاف حمیدہ کا حامل تھا، معلم الملائک تھا۔

اللہ نے اپنی رحمت، برکت، فتح و نصرت کے نزول کے بیّن اصول وضع فرمائے اور وہ کردار و خصائل ہیں۔ فرمایا "یہ اخلاق پیدا کرو یہ کردار پیدا کرو یہ خصائل پیدا کرو"

بے شک کردار کے بغیر ایمان مردوں کی منڈی میں کوئی قیمت نہیں پاتا۔

کردار اگرچہ کتنا بلند ہو، ایمان کے بغیر مکمل نہیں ہوتا۔

یا اللہ! جن بندوں کو تو نے کردار بخشا ہے ایمان بھی بخش۔ یا حی یا قیوم آمین۔

کردار کے ساتھ ایمان اور

ایمان کے ساتھ کردار لازم و ملزوم ہیں۔

کسی کو پہلے کردار عنایت ہوا پھر ایمان،

کسی کو پہلے ایمان پھر کردار۔

کردار بلا ایمان اور ایمان بلا کردار نہ مقبول الفطرت ہے نہ مقبول الاسلام۔

ہر بات پہ بحث

ہر بات پہ تنقید

ہر بات پہ نکتہ چینی

ہر کسی کو حقارت آمیز نگاہوں سے دیکھنا ہرگز اسلام کی تعلیم نہیں۔

ہر بات کا جواب کتاب وسنت کے مطابق دو۔کوئی مانے خواہ نہ مانے، سنانا فرض ہے، منانا فرض نہیں۔

کوئی بھلائی ایسی نہیں جس کا کہ قرآن کریم میں حکم نہیں دیا گیا اور کوئی برائی بھی ایسی نہیں جس سے منع نہیں کیا گیا۔

احکام میں بحث کی گنجائش نہیں۔جس نے کی، ناکام رہا۔

دین کی تبلیغ میں انا کا باب نہیں ہوتا، کتاب وسنت کے مطابق اتباع ہوتی ہے۔

جس بھی قوم نے دنیا میں ترقی کی، قرآن کریم کے بتائے ہوئے اصولوں پر چل کر کی۔ترقی کے تمام اصول قرآن ہی میں ہیں، کسی اور کتاب میں نہیں۔

کامیابی کے تمام اصول قرآن کریم میں ہیں۔جو بھی دنیا میں کامیاب ہوا، یا آئندہ ہوگا، قرآن ہی کے مطابق عمل کر کے ہوگا۔

ساری عمر دنیا کی مذمت کرتے گزری خود دنیا کی ایک بھی چیز نہ چھوڑ سکے۔اسی طرح لوگوں کو برائی سے باز رہنے کی تلقین میں عمر گزار دی، خود بالکل باز نہ رہے..... ہمارا یہ حال اصلاح طلب ہے۔

یہ کتاب قرآن کریم، قرآن حکیم، قرآن مجید، فرقان حمید اللہ کی کتاب ہے بندوں کو زندگی گزارنے کا پیغام سناتی ہے۔زندگی کا جو ضابطہ اسلام نے پیش کیا کسی اور مذہب میں اس کی مثال نہیں ملتی۔نہایت سادہ، سہل، مقبول الفطرت اور ہر کوئی ہر حال میں آسانی

سے اپنا سکتا ہے۔اس کتاب کو پڑھا گیا، حفظ کیا گیا، قرأت کی دلکش طرزیں جاری کیں، ریشم کے رومالوں میں لپیٹ کر الماریوں میں رکھا گیا، تفاسیر لکھی گئیں، مختلف موضوعات پہ بحث کے لئے آیات منتخب کی گئیں لیکن وائے افسوس! اس کتاب پر عمل نہیں کیا گیا۔اس کتاب میں ہر شے ہے ہم نے کسی بھی شے کو اس میں نہیں ٹٹولا۔اگر اس کتاب پہ عمل کیا جاتا تو مسلمان کو ایسے دن دیکھنے کبھی نصیب نہ ہوتے۔مسلمان نے اللہ کو مانا، اللہ کے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو مانا، اس کتاب کو مانا، لیکن نہ معلوم کیوں اس بیچارے کو اس پہ عمل کی توفیق نہ ہوئی۔

یا اللہ! اپنے حبیب اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمیشہ قائم ودائم رہنے والی نبوت و رسالت کی عزت وناموس کے صدقے، اپنے اس بھولے بھالے مسلمان کو اپنی کتاب پہ سو فیصدی عمل کی توفیق بخش یا حی یا قیوم آمین۔

یا حی یا قیوم! تیرے لطف وکرم سے تیرے حبیب اقدس واکمل واجمل واطیب واطہر روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ساری امت کو تیری کتاب قرآن عظیم وکریم وحکیم پہ عمل کی توفیق نصیب ہو یا حی یا قیوم آمین!

ہم اپنے علم پہ عمل نہیں کرتے۔بالکل نہیں کرتے۔اسی لئے کسی حقیقت کے راز کو نہیں پاسکتے۔اگر ہم اپنے علم پر عمل کریں تو کسی اختلافی مسئلے کو کبھی اتنا نہ کریدیں۔عمل کے نشے میں مخمور رہیں اور ملت اسلامیہ کے ہر معاملہ میں اخوت، اتحاد اور محبت کو فروغ دیں۔

ہماری یہ بے سند اور دل آزار باتیں صرف بے عملی ہی کی بدولت ہیں اور ساری دنیا میں چند گنتی کے بندے ہوں گے جو اپنے علم پہ عمل کرتے ہوں گے ورنہ سب کے سب جو کہتے ہیں کرتے نہیں۔کہتے سب کچھ ہیں کرتے کچھ بھی نہیں۔عمل کے نور کی ضیا سالک کی

راہ کو روشن رکھتی ہے کبھی تاریک ہونے نہیں دیتی ورنہ اس راہ کی تاریکی کو کوئی اور اجالا کبھی روشن نہیں کر سکتا۔

یہ امت ساری امتوں میں چنی ہوئی امت ہے۔اس کے پاس علوم وفنون کے خزانے ہیں۔قرآن ہے، تفسیر ہے، حدیث ہے، شرع ہے، فقہ ہے، اصول ہے، قانون ہے، منطق ہے، ادب ہے، میزان ہے، تحریر ہے، تقریر ہے، ہر شے ہے لیکن علم پہ عمل اور عمل پہ استقامت نہیں اور کسی کو بھی نہیں۔نہ معلم کو ہے نہ متعلم کو، نہ ان کو ہے نہ ان کو، اگر چہ ہر کوئی اس کا دعویدار ہے۔

کسی کام کو عزم بالجزم سے کرنے کیلئے ایک بات کافی ہوتی ہے۔سمجھانے کے لئے بار بار کہی جاتی ہے اور کئی بار کی جاتی ہے۔جو کر لیتا ہے مکا دیتا ہے اور تمہاری کبھی مکتی ہی نہیں۔ایک ہی بات کی بات کئے جا رہے ہو۔نہ باز رہتے ہو نہ شرماتے۔

قرآن کریم کا ہر حکم عین حکمت پہ مبنی اور سب بندوں کی بھلائی کے لئے ہوتا ہے۔سنت نے حکم کی تائید کی، ضمیر نے تصدیق کی، بتا! پھر کیا شک باقی رہا۔

تمہاری باتیں سن سن کر سننے والے شرمندہ ہوئے نادم ہوئے یہاں تک کہ برہمن ''رام رام'' جپنے لگا پر تو کبھی نادم نہ ہوا۔اپنی ہٹ پہ ڈٹا رہا۔اور اپنی کسی بات پہ کبھی پورا نہ اترا۔یہ تیری گراوٹ کی حد نہیں تو کیا ہے؟

دن نکلتے ہی رڑ کی ہوئی لسی کو رڑکنے لگ جاتے ہو۔جب تک تھک کر ہار نہیں جاتے رڑکتے رہتے ہو۔بھلا رڑکی ہوئی لسی سے مکھن حاصل ہو سکتا ہے؟

کولہو کے بیل کی طرح ایک ہی رٹ لگائے ہوئے ہو۔وہی بار بار دہرائے جاتے ہو۔اور ''پدرم سلطان بود'' کے نعرے سے دل کو بہلائے جاتے ہو۔ہٹنے کا نام تک نہیں

لیتے۔

تیری ہر بات میں صرف نام باقی ہے کام باقی نہیں حالانکہ کام ہی کی بدولت نام باقی رہتا ہے

کرنے والے کے لئے تیرے یہ سارے کام ایک ہی دن کے کام ہیں، مردوں کے لئے ایک دم کے.....اور تو نے صدی گزار دی!

جب کوئی بھی مہلت باقی نہ رہی تو پھر کیا کرے گا؟

جب یہ کام ہر کام سے افضل ہے تو کرتے کیوں نہیں؟ اسی طرح جب یہ برائی ہر برائی سے بدتر ہے تو رکتے کیوں نہیں؟

ہر قسم کی ہر بات کر چکے کوئی کسر باقی رہ گئی ہے تو وہ بھی کرلو۔ بات کارآمد نہ ملاقات۔ بتا تیری کسی بھی بات سے کیا حاصل؟ کوئی امید افزاء نتیجہ برآمد نہ ہوا.....تم بولتے ہو لوگ سنتے ہیں۔ جب چپ ہو جاتے ہو لوگ بھی خاموش۔ اللہ کے دین متین کے کسی بھی اخلاق کو اپنا۔ اور ضرور اپنا۔ صرف باتوں ہی پہ اکتفا نہ کر۔

جسے تو دین متین کہتا ہے اسی میں تجھے بات بات پہ اختلاف ہے اور سب اختلاف ہمارے اپنے ہی پیدا کردہ ہیں۔ فرقہ فرق سے ہے اور ہر فرق کے موجد.....ہم۔ اگر ہم فرق نہ کرتے کبھی فرقوں میں نہ بٹتے، سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوط تھامے رکھتے اور ہمیشہ دنیا میں کامیاب ہوتے۔

تبلیغ کی راہ میں جب دنیاوی مسائل داخل ہوئے، سیاست کہلائی۔ تبلیغ مبلغ کے حال پر روئی اور کہا کہ تو کاذب ہے۔ اللہ کے لئے گھر سے نکلا تھا، غیر اللہ کے کاموں میں مصروف ہو گیا، اسی لئے تبلیغ کی برکات بھی رخصت ہوئیں۔

بے کسی کی حد ہوگئی..... بے بسی کی بھی حد ہوگئی.....اللہ اللہ، نہ نفع کی سرخوشی نہ زیاں کا احساس! رات کی تاریک وحشت، طوفان کی غضبناکی، موجوں کا تلاطم، گرداب کی پھنکار.....ہوا مخالف، ناؤ شکستہ، بادبان بوسیدہ.....ملاح باہم دست وگریباں! یا حی یا قیوم برحمتک استغیث!

تیری قدرت ہی سے تیرا یہ بیڑا بننے لگتا ہے

بحر میں بیڑوں کے ملاحوں کا آپس میں دست وگریباں ہونا کہاں کی عقل مندی ہے؟ اپنے بیڑے کو بھنور سے بچا۔ گرداب سے ہٹا۔ چپو چلا اور ساحل پہ پہنچا..... بیڑے کی منزل ساحل ہے ساحل کی طرف متوجہ ہو۔ اگر ہو سکے کسی کو سہارا دے..... کسی گھری ہوئی کشتی کو گرداب سے نکال..... یہ ہے مردانگی کا جوہر نہ کہ باہم دست وگریباں ہونا!

مسلمان مسلمان سے متحد نہیں، ایک مطلب دوسرے مطلب کی طرف متوجہ ہے۔ ہر بات اور ہر ملاقات میں جھوٹ، غیبت، چغلی اور حسد کا عنصر کسی نہ کسی انداز میں موجود رہتا ہے۔ کوئی بھی ایسا نہیں جو امارت وامامت سے بے نیاز ہو۔ کسی نہ کسی روپ میں اسی جنون کا مجنون بنا رہتا ہے۔

گلی گلی میں مرکز کا قیام اس بات کی دلیل ہے کہ ہم ایک دوسرے سے متفق نہیں نہ ہی کسی سے محبت کرتے ہیں۔ بندے بندے نے ہر گھر میں ایک بستی بسائی ہوئی ہے کئی ایک گھروں میں دو دو۔ کوئی جماعت دوسری سے متفق نہیں۔ نہ اللہ کا ذکر مقصود ہے نہ دین کی تبلیغ اور نہ ہی مخلوق کی خدمت، ہر معاملہ میں اپنی ہی ذات مقصود ہے۔ کچھ رہے نہ رہے میری ذات ہر ذات پہ حاوی رہے۔

دین رہے نہ رہے، بھاویں کچھ بھی نہ رہے، میری انا قائم رہے..... پھر مجھے کسی

کی کوئی پرواہ نہیں نہ ہی کسی بات کا غم۔

اللہ سے ڈر۔ تیری ذات میں تیرا اپنا ہی نفس جلوہ گر ہے، اس کی مخالفت کر۔

بات بات پہ ڈر۔ ہر بات پہ ڈر۔ جو خود نہیں کرتا دوسرے کو مت کہہ۔

ذکر تو ہر کوئی کر سکتا ہے، کوئی مشکل نہیں البتہ نفس کی مخالفت بہت مشکل ہے۔ کوئی بندہ ایسا نہیں ملا جو اپنے نفس کا مخالف ہو۔ زبان پہ ہر شے عملاً کچھ بھی نہیں۔

نفس کی مخالفت طریقت کا اولین مقام ہے۔ بات بات پہ اور ہر بات پہ مخالفت کر۔ نفس بڑے سے بڑے مجاہدہ کی تاب لا سکتا ہے مگر ملامت کی خجالت کی نہیں۔ خجالت نفس کی مخالفت کا وہ حربہ ہے جسے پا کر کبھی جانبر نہیں ہو سکتا۔ سہم جاتا ہے، سسکنے لگتا ہے بالآخر نادم ہو کر دم توڑ دیتا ہے۔

تیرے اندازوں کی نظیر کہیں نہیں ملتی۔ تیرے سارے انداز پُر اسرار تھے، پُر انوار تھے اور تو اپنے انداز اپنے ساتھ ہی لے گیا کوئی تو چھوڑ کر جاتا۔ تیرا ایک غلام کو اونٹنی پہ سوار کر کے نکیل تھامے پیدل چلنا مساوات کی اور انداز جہانبانی کی انتہا تھی!

یہ کیا تھا؟ میکدۂ نبوت کے جام کی مدہوشی۔ تو نے اتنی پی اور ایسی پی کہ پی کر اپنے نفس کو لتاڑ دیا اور شیطان کو پچھاڑ دیا۔

مساوات:

اے میرے اللہ کے دین اسلام! تیرے شیدائیوں کے کس کس قصہ کو بیان کریں۔

حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ خلیفہ المومنین جب اپنے غلام کے ساتھ بیت المقدس کا سفر کر رہے تھے تو ایک منزل آپ اونٹنی پہ سوار ہوتے اور دوسری پہ آپ رضی اللہ عنہ

اپنے غلام کو سوار کرتے اور خود اونٹنی کی مہار تھامے آگے آگے چلتے تھے۔ جب شہر کے قریب پہنچتے ہیں تو سواری کی باری غلام کی آجاتی ہے۔ غلام اصرار کرتا ہے کہ منزل ختم ہونے کو ہے، لوگ حضور کے استقبال کو آئیں گے اور یہ زیب نہیں دیتا کہ عرب کا ایک گمنام بدو (آپؐ کا غلام) اونٹنی پہ سوار ہو اور آپ رضی اللہ عنہ نکیل پکڑے آگے آگے چلیں۔ آپ نے عدل و مساوات کی حد کر دی اور غلام کی ایک نہ مانی۔ اسے باری کے مطابق اونٹنی پہ سوار کیا اور خود آگے آگے چلتے رہے۔

حضرت آدم علیہ السلام کی ساری اولاد کی ساری تاریخ میں کہیں کوئی ایسی مثال نہیں ملتی کہ ایک خلیفہ وقت (بادشاہ) سواری کی نکیل پکڑے آگے آگے چل رہا ہو اور ایک غلام سواری پہ سوار ہو۔

تاریخ اسلام اور تاریخ انسانیت دونوں کے لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عمل کے ایسے نمونے چھوڑے ہیں جن کی چمک قیامت تک قائم رہے گی کبھی مدہم نہ ہوگی اور کبھی ختم نہ ہوگی واللہ، باللہ، تاللہ، ماشاءاللہ

انسان تو کیا، جانور بھی عمر رضی اللہ عنہ کے مامورات و منہیات کے تقدس کا احترام کرتے ماشاء اللہ۔

عمر رضی اللہ عنہ شیطان کے لئے کوڑا اور مساوات کے علمبردار ہیں۔

مساوات، انسانیت کے احترام اور عدل کی حد ہے، عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے سوا کوئی اور اس حد تک نہیں پہنچ سکا۔

عرب کے ایک بدو کو یہ جرأت حاصل تھی کہ بھرے مجمع میں یہ کہہ دے کہ ایک چادر میں عمر رضی اللہ عنہ کا کرتہ نہیں بن سکتا تھا دوسری چادر کہاں سے آئی؟

عمر رضی اللہ عنہ نے اس جسارت کی تحسین کی اور ان کی جبین پہ شکن تک نہ آئی۔ سائل کے سوال کا پورا جواب دے کر مطمئن کیا کہ دوسری چادر ان کے بیٹے کی تھی جو اس نے ان کو دے دی۔

لوگوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے شکایت کی کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے گھر کا پرنالہ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں گرتا ہے جس سے لوگوں پہ چھینٹیں پڑتی ہیں اسے اکھڑوا دیا جائے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے پوچھے بغیر مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی حرمت اور لوگوں کی تکلیف کے احساس اور شکایت کی بنا پر پرنالہ اکھڑوا دیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے دیکھا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے شکایت کی کہ

''اے عمر رضی اللہ عنہ! اے امیر المومنین رضی اللہ عنہ! تجھے معلوم ہے کہ وہ پرنالہ جو تو نے اکھڑوا دیا ہے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے نصب فرمایا تھا تو نے اسے اکھڑوا کر زیادتی کی ہے''

یہ سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کانپ اٹھے زمین پر بیٹھ گئے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا اے ابن عباس رضی اللہ عنہ! میرے کندھوں پہ چڑھ جاؤ اور اس پرنالہ کو وہیں گاڑ دو جہاں سے اسے اکھیڑا گیا تھا اور ساتھ ہی فرماتے جاتے تھے کہ اتنی اچھی سیڑھی تمہیں مدینہ بھر میں نہیں مل سکتی

یہ حکم بھی صرف عمر رضی اللہ عنہ نے ہی دیا کہ کوئی گورنر اپنے گھر کے آگے ڈیوڑھی نہ بنائے، جو بھی آئے بلا جھجک داد پائے، گھر کے در ہمیشہ کھلے رہیں اور در پہ دربان نہ ہو۔

☆☆☆

عدل

جنگلوں میں چرواہے کہتے ''کون خلیفہ صالح پیدا ہوگیا ہے جس کے عدل کی بنا پر بھیڑیے بکریوں کو نہیں چھیڑتے''

موسیٰ بن اعینؒ فرماتے ہیں کہ ہم کرمان میں بکریاں چراتے تو بھیڑیے ساتھ ساتھ چلتے.....کوئی گزند نہ پہنچاتے ایک روز ایک بھیڑیے نے بھیڑ پر حملہ کر دیا ہم نے سوچا کہ آج امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوگیا، تحقیق کی تو ایسا ہی نکلا۔

(تاریخ الخلفاء از امام سیوطیؒ جلد ۱۵ صفحہ ۲۳۴/۳۵)

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبرئیل میرے پاس آئے اور کہا (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) عمر رضی اللہ عنہ کی موت پر اسلام روئے گا۔

بے شک عمر فاروق رضی اللہ عنہ اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی تھے۔آپ کے دور خلافت میں کسی بھیڑ کو بھی یہ جرأت نہ ہوتی کہ کسی کی فصل میں قدم تک رکھتی۔جس دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وصال فرمایا جنگل میں ایک گڈریے نے دوسرے سے کہا کہ عمر رضی اللہ عنہ آج انتقال فرما گئے۔اس نے پوچھا تجھے اس کی کیوں کر خبر ملی؟ جواب دیا: میری بھیڑیں آج دوسروں کی فصلوں میں چگنے گئیں۔

عمر رضی اللہ عنہ و علی رضی اللہ عنہ کے نمونہ کو قیامت تک کسی کا کوئی نمونہ مات نہیں کر سکتا۔

امیر المومنین مولائے علی کرم اللہ وجہہ کے پاس دس سال تک مینڈھے کی کھال کا ایک ہی ٹکڑا رہا۔اسی پر آپ سوتے، اسی پر نماز ادا کرتے اور اسی پر اونٹ کو چارہ ڈالتے۔

مولائے علی کرم اللہ وجہہ اسلامی سلطنت کے فرمانروا ہو کر بھی نان جویں اور

سادہ پانی کے سوا کوئی غذا استعمال نہ کرتے۔

خلفائے راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی زندگیاں غیر معمولی، مسنون، مستحسن اور ساری امت کے لئے مشعل راہ تھیں اور یہ سنگ میل کی طرح آپ کے پیش نظر رہیں۔

خلفائے راشدین کے گھروں میں صرف کھانے پینے کی چند چیزیں ہوتی تھیں اور کوئی بھی شے نام کو بھی نہ رکھتے۔

صدیق رضی اللہ عنہ کو محبت

عمر رضی اللہ عنہ کو عدل

عثمان رضی اللہ عنہ کو حیا اور

علی رضی اللہ عنہ کو حکمت عطا ہوئی (حد درجے کی عطا ہوئی) اور بدرجہ اتم عنایت ہوئی پھر ان کے بعد کسی کو بھی اور کسی بھی زمانے میں یہاں تک رسائی نہ ہوئی۔

مومن کی عظیم خصلت: حیا

ایمان حیا کو پا کر قوی العزیز بنا

جس بھی میدان میں گرجا، حیا ہی کی بدولت گرجا

جب بھی کسی مدمقابل کو پچھاڑا، حیا ہی کی قوت سے پچھاڑا۔

ہر تذکرہ خصلت کا تذکرہ ہے، شخصیت کا نہیں۔ اور شخصیت کے پس پردہ خصلت کے سوا اور کوئی چیز نہیں ہوتی۔

نفاست فطرت کی پسندیدہ خصلت اور کسی کو بھی ناپسند نہیں۔

نفاست انسانیت کی مقبول عام فطرت ہے۔

نفاست اپنے فاعل (نفاست پسند) کو کبھی فراغت سے بیٹھنے نہیں دیا کرتی،
ہر وقت کسی نہ کسی انداز میں مصروف رکھا کرتی ہے۔

نظامت کی نفاست: اپنے کمرے کا جائزہ لے، کمرہ ہی دل کی ترجمانی کرتا ہے۔

اپنے دفتر کو دیکھ
جو شے وہاں رکھنے کے قابل نہیں، وہاں بالکل نہ ہو
جیسے فالتو مسودوں کے ڈھیر
بے مصرف فائلوں کے تھیلے
اور بے کار کاغذوں کے پلندے
تیری میز پہ ایک بھی ایسی شے نہ ہو جو تیرے دفتر کی ضروری زینت نہ ہو
گویا مرغ ذبح کر کے گوشت لے لیا اور
بال، کھال، آنتیں، ہڈیاں، نجاست، غلاظت، ہر شے باہر جوں کی توں۔
تیرے دفتر میں ہر شے کے لئے ایک مقام مقرر ہو۔ اور یہ مقام کبھی نہ بدلے۔
عملہ کو معلوم ہو کہ یہ چیز یہاں رکھی ہے
ہر کتاب ہر فائل اور ہر شے اپنے اپنے مقام پہ نمایاں ہو
یہاں تک کہ پن کشن بھی
یہاں تک کہ جیب میں موجود گھڑی اور قلم۔
تلاش میں ہی ہفتے نہ لگ جائیں
اور یہ سب باتیں
ذمہ داری کے شوق سے ہی ممکن ہیں۔

تیرا مکتبہ.....تیری محنت

شوق اور

لگن

کا آئینہ دار ہو

نئے نمبر لگانا

فائلیں بنانا

غیر ضروری اشیا کو جلانا

اور

روز کا کام روز نپٹانا

تیرے مکتبے کی فہارس.....مکمل ہوں

تفاصیل.....تازہ ترین

اور اشاریے.....جامع۔

عرق ریزی کر

دماغ سوزی کر

کبھی چین سے نہ بیٹھ۔

صاحب فن ہر چیز کو ایک ہی نظر میں دیکھ کر تیری محنت کی داد پہ مجبور ہو۔

ایسے معلوم ہو کہ سب کچھ آج ہی بنایا ہے

اس دھن میں رہ اور اس لگن میں مگن

کہ

تیرا دفتر ..... ہر دفتر کے لئے معیار ہو۔

اور دفتری تنظیم کا شاہکار ماشاءاللہ!

کسی خصلت کا نمونہ پیش کر اور

نمونہ میں خصلت کا نور کارفرما ہوتا ہے، کبھی بے نور نہیں ہوتا۔

خصلت کی کمی کو کثرت پورا نہیں کر سکتی ..... کسی بھی خصلت کی کمی کو کوئی کثرت کبھی پورا نہیں کر سکتی۔ خصلت پیدا کر، کثرت کوئی چیز نہیں۔

خصلت، کثرت پہ فوقیت رکھتی ہے۔ بازار دنیا میں جو مقبولیت قلیل خصائل صالحہ کو ہو جاتی ہے، کثیر اعمال ناقصہ کو نصیب نہیں ہوتی۔

کثرت کوئی شے نہیں اور خصلت میں ہر شے ہے۔

خصلت کبھی تنہا نہیں ہوتی، کبھی اکیلی نہیں رہتی، سجتی بھی نہیں۔ گھک کر بسا کرتی ہے۔ شہر بنا کر رہا کرتی ہے۔ اور شہر ہی کے نام سے منسوب ہوتی ہے۔

اخبار بینی ..... نکتہ چینی

بڑی صفت ..... نکتہ چین مت بن

انسانی کردار کے بعض نمونے اس قدر اللہ کو پسند ہوتے ہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ انہیں اپنے بندوں کی رہنمائی کے لئے اپنے نیک بندوں کی زبانوں پہ ہمیشہ زندہ رکھتے ہیں۔

حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا آڈٹ، اللہ اللہ ماشاءاللہ، خلفاء و امراء کے لئے سنگِ میل۔ ہو سکتا ہی نہیں کہ کوئی اس پہ پورا اترے۔ پورا تو کجا، عشر عشیر تک بھی ممکن نہیں۔

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے آڈٹ کے وہ نمونے پیش کئے جن کی نقلیں اپنا کر

اقوام عالم نے (مسلمان تو نہیں بنے پر) مسلمان کے کردار کے عملی نمونے پیش کئے اور جہانبانی کی تمام ادائیں ان پر چھائیں۔

کردار کی کمی کو کوئی عبادت پورا نہیں کر سکتی اور کردار عبادت کی کمی کو یکسر پورا کر دیتا ہے۔ جتنی بھی قومیں دنیا میں بلند ہوئیں کردار ہی کی بدولت ہوئیں۔ جس قوم کو اللہ اپنی دنیا میں بلند فرمانا چاہتے ہیں، اسے بلند کردار عنایت فرماتے ہیں۔ یہ کردار تیرا کردار نہیں۔ تیرا کردار ساری دنیا کے لئے ایک نمونہ ہو اور تیرے کردار کی رفعت کو کوئی مات نہ کر سکے۔ یہی خودی اور یہی بے خودی ہے۔

ہر شے گرے، گرا کرے، خودی کا وقار کبھی نہ گرے۔ اور خودی کے پاسبان خوددار ہوتے ہیں، کسی حیل وحجت کو خاطر میں نہیں لاتے۔

اے اونو جوان مسلم! تیرے گھوڑے کی گردن سے آگے کوئی گردن نہ ہو۔ کسی اکھاڑے میں کوئی تجھے پچھاڑ نہ سکے اور نہ ہی کوئی تجھ سے آگے نکل سکے۔

تیرا کردار بلند اور مقبول الاسلام ہو۔

محض باتوں سے کیسے راب راضی ہو! رب کی مرضی کے مطابق چلیں۔ ہر حال میں، جس میں بھی اللہ رکھے، شکر کریں رب راضی ہے ماشاء اللہ! تیری اپنی کوئی مرضی نہ ہو، تیرے رب کی مرضی ہی تیری مرضی ہو۔ مقام رضا سلوک کی منزل کا ابتدائی اور بنیادی مقام ہے۔

شکر بندگی کا بلند و بالا مقام ہے، صبر میانہ اور رضا ادنیٰ۔

ف: بندہ اگر صبر نہیں کرے گا تو کیا کرے گا؟ شکوہ صبر کے اجر کو کھا جاتا ہے لیکن کسی نقصان کی تلافی نہیں کرتا۔ یہ شرف اللہ نے صرف شکر ہی کو بخشا ہے۔

شکر بلا کو نادم

شیطان کو کھسیانہ اور

رضا کو راضی کرتا ہے

اور یہ مقام کسی اور صفت کو حاصل نہیں۔

طریقت الاسلام اور

فقر الی اللہ کا بلند ترین مقام شکر ہے اور جملہ مقامات اس کے تابع۔

شکر عبدیت کی بندگی اور معبودیت کا دلپسند اخلاق۔

توکل، رضا، شکر، صبر.....ایک ہی خصلت کے مختلف نام و مدارج ہیں۔

متوکل کے پاس کوئی زاد راہ نہیں ہوتا صرف اللہ ہوتا ہے۔ایک متوکل جنگلوں کی سیاحت کیا کرتا تھا اپنے ساتھ صرف ایک مشکیزہ اور ایک عصا رکھتا۔ایک جنگل میں اپنے عصا کی ٹیک لگائے آرام فرما رہا تھا کہ موت آ گئی۔ایک مدت اسی عصا کے سہارے وہیں کھڑا رہا۔

گویا حال نے عملی نمونہ دے کر حضرت سیدنا سلیمان علیہ السلام کے واقعہ کی تصدیق کر دی اور ثابت کر دیا کہ حال ماضی کا شاہد ہے۔جس نے ماضی کو دیکھنا ہو حال کو دیکھے۔جو شے ماضی میں تھی حال میں بھی ہے۔اگر حال میں نہیں تو ماضی میں بھی نہ تھی۔البتہ حال کو ماضی پہ فضیلت حاصل ہے۔

خصلت کی کشش توجہ کھینچ لیتی ہے نیز خصلت توجہ کا مرکز ہے اور توجہ اپنے مرکز سے دور نہیں ہوتی۔

جو قول و فعل اللہ رب العالمین کی بارگاہ رب ذوالجلال والاکرام میں مقبولیت کا

شرف حاصل کرلیتا ہے، قیامت تک اللہ کے بندوں کی زبانوں پہ زندہ اور باقی رہتا ہے۔ کسی بھی زمانے میں کبھی فنا نہیں ہوتا اور یہی باقیات الصالحات کی مقبول عام تشریح ہے۔

قول کی صدائیں کبھی فنا نہیں ہوتیں، ہوا میں معلق اور گونجتی رہتی ہیں۔ جس جذبے کے تحت بولی جاتی ہیں اسی جذبے کے ساتھ پوری آب و تاب سے قائم رہتی ہیں.....اور مورخ نے ایسے کسی دلکش عنوان کو کبھی محو ہونے نہیں دیا۔

ہم نے کب ان کو دیکھا؟ ان کی لکھی ہوئی کون سی کتاب پڑھی؟ ہم نے صرف ان کی خصلت کا تذکرہ سنا اور سنتے ہی لوٹ پوٹ ہوگئے۔ یہ تذکرہ اور اس قسم کے دیگر تذکرے صدیوں سے خاص و عام کے ورد زبان ہیں.....خصائل کے تذکرے پرانے نہیں ہوتے۔ انہیں سن کر کسی کا بھی جی نہیں بھرتا۔ سنتے ہی دل باغ باغ ہو کر خراج تحسین پیش کرنے لگ جاتا ہے۔

اے کورانہ تقلید کے مقلد! ان کی تقلید کر اور کسی خصلت کا نمونہ پیش کر۔ یہ دور باتوں اور کرامتوں کا نہیں، نمونے کا ہے۔ کوئی نمونہ پیش کر، اللہ تجھے توفیق بخشے **وما توفیقی الا باللہ!**

وہ شکل و شباہت میں تو ہم ہی جیسے تھے پر خصلت میں نرالے تھے!

کوئی ایسا کام ضرور کر کے جا جو تیرے چلے جانے کے بعد تیری نمائندگی کرے اور تیرے رب کی مخلوق فیض یاب ہو اور یہی باقیات الصالحات کا حقیقی مفہوم ہے۔

نام کی پروا مت کر.....کام سے گریز مت کر!

نام کوئی چیز نہیں.....کام کائنات کی روح رواں ہے

چنے ہوئے کاموں کے لئے چنے ہوئے بندے ہی مامور کئے جاتے ہیں ہر کوئی نہیں۔اور چنے ہوئے بندوں کی عمدہ خصلت یہ ہوتی ہے کہ جب تک وہ اپنے کام کو جس کے لئے انہیں چنا جاتا ہے، نہایت خوش اسلوبی سے پورا نہیں کر لیتے کبھی آرام نہیں کرتے اور نہ ہی اس کام کے سوا کسی اور کام کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

کرامت کوئی چیز نہیں کام پہ استقامت ہی کا اصطلاحی نام ہے۔کرامت کے خیال تک سے بے نیاز ہو کر کام میں مصروف ہو کہ کام کے سوا کسی اور چیز کی کوئی خبر نہ رہے۔یہ بہترین کرامت ہے۔

تیرا یہ شباب اے میرے نوجوان! تیری زندگی کی انمول دولت اور بہترین و مقبول ترین وقت ہے۔اللہ کرے تیرا یہ وقت کبھی ضائع نہ ہو اللہ کے بہترین و مقبول کاموں میں مشغول رہے۔

جس نے جو بھی پایا.....کام ہی کر کے پایا

عظیم کار کا اجر بھی عظیم ہوتا ہے۔

جو منزل عالم شباب میں اختیار کی جاتی ہے کامیاب ہوتی ہے۔جب کوئی دنیا کے کسی بھی کام کے قابل نہیں رہتا، اس کام کو جو ہر کام سے افضل ہے، کیسے کر سکتا ہے، کما حقہ کیسے کر سکتا ہے۔

بڑے میاں! یہ کام جو تیری نظروں میں کوئی اہمیت نہیں رکھتا کائنات کے وجود و قیام کا ضامن ہے اور جب یہ کام (اللہ کا ذکر اور اللہ کے دین اسلام کی تبلیغ) ختم ہوا، کائنات کا خاتمہ ہوا۔اس کام کے لئے بڑھاپے کا انتظار نہ کر۔جب ہاتھوں میں رعشہ، پاؤں میں لرزہ، سماعت و بصارت میں ضعف اور قوت میں کمی غالب آجائے تب تیرا اس طرف آنا کیا

انقلاب لاسکتا ہے؟اس کام کونظرانداز نہ کر، ہرگز نہ کر، اس طرف آ، اسے اپنا، شیب کا انتظار نہ کر، شباب میں آ، اس میں جان کھپا، یہ ہے کیمیا۔

اور اے جان من! یاد رکھ ہم نے یہاں سدا نہیں رہنا اور نہ ہی لوٹ کر آنا ہے۔آنے اور جانے پہ واویلا ہی واویلا اور پچھتانا ہی پچھتانا ہے۔

کام زندگی کا حاصل ہے، ہر کسی کو کام ہی کی بدولت اعزاز اور کام ہی کے عوض انعام واکرام عطا ہوتا ہے۔

شہادت کام ہی کے انعام کا اصطلاحی نام ہے۔انسانی زندگی کی جو جدوجہد اللہ کے ہاں مقبول ہو جاتی ہے اور اللہ جسے سب سے بہتر انعام عنایت فرمایا کرتے ہیں، وہ شہادت ہے۔

جس کام کے لئے اے میرے نوجوان! اللہ نے تجھ کو پیدا کیا ہے کر۔اور امر و نہی کا پابند ہو کر، کر۔فرمانروائی ہو یا سڑک پر روڑی کوٹنا، اپنے کام کے سوا کسی اور طرف متوجہ مت ہو۔تیرا کام تیرے رب کی قسم، تجھ کو کامیاب کردے گا ماشاءاللہ۔

اللہ کو یہ چیزیں بے حد پسند ہیں

دین کی تبلیغ اور

جماعت کی تنظیم

جو اسے اپنا لے.....مقبول ماشاءاللہ

معیار تبلیغ

اللہ کی راہ میں نکلنے والے مبلغین اسلام پہ واضح ہو کہ ملامت جس سے کہ آپ

گھبرائے ہوئے ہیں، تبلیغ کی قدیم ترین سنت ہے۔ تبلیغ الاسلام کے میدان میں جو شرف حضرات انبیا علیہم السلام کو حاصل ہے کسی اور کو نہیں۔ کیا اللہ کا کوئی ایک بھی نبی ایسا ہوا جس سے لوگوں نے تمسخر نہ کیا ہو اور جس کا مذاق نہ اڑایا ہو۔

گویا..... ملامت پہ صبر جمیل اور شکر عبدیت کی تکمیل ہے۔

اپنی عزت کو دین کی عزت پہ قربان کر۔ ہر قسم کی ملامت سے بے نیاز ہو کر اللہ کی راہ میں محو و منہمک ہو۔ اپنے آپ کو اللہ کے رنگ میں رنگ۔ بے شک اللہ کا رنگ ہر رنگ پہ غالب اور ہر جا مقبول ماشاء اللہ۔

مبلغ بردبار ہوتا ہے اور متحمل

اللہ کی رحمت کردار پہ نازل ہوتی ہے گفتار پہ نہیں۔

شہزادہ کونین مولائے حسین رضی اللہ عنہ کا کردار دین کی پیشوائی کا انسب معیار ہے۔

شہزادہ کونین مولائے حسین رضی اللہ عنہ نے درس دیا کہ میرے نانا کی امت میں شمولیت کے دعویدارو! دنیا کا کوئی شغل تمہیں اللہ کے دین اسلام کی دعوت و تبلیغ سے کبھی نہ روکے۔ کوئی خوف و خطر تیری راہ نہ روک سکے۔ زہے قسمت! اللہ کی دی ہوئی جان اللہ کی راہ میں نکلے۔

قبروں میں کوئی کام نہیں ہوتا قبروں والے قیامت تک پچھتاتے ہیں کہ دنیا میں کیوں کام نہ کیا اور تمام کاموں سے افضل کام اللہ کا ذکر اور اللہ کے دین کی دعوت و تبلیغ ہے۔

ساری دنیا کے کاموں سے مقبول ترین کام اللہ کے دین اسلام کی دعوت و تبلیغ ہے۔ اور یہ کام بندے پر ہر وقت اور ہر حال میں فرض ہے۔ ساری دنیا کے کاموں میں سے مقبول ترین کام اللہ کے دین اسلام کی دعوت و تبلیغ ہے اور اس سے افضل اور نافع کوئی کام

نہیں۔اس کے دو مقام ہیں خاص اور عام

خاص وہ ہیں جو کلیتًا اس کام کے لئے فارغ ہیں کوئی اور کام نہیں کرتے۔شب وروز اسی کام میں محو و منہمک رہتے ہیں۔ہر وقت طرح طرح کی تدابیر سوچتے رہتے ہیں کہ کس طرح لوگوں کے اذہان نیکی کی طرف راغب ہوں اور کس طرح برائی کا خاتمہ ہوتا کہ اللہ کی زمین پہ امن وسلامتی قائم ہو۔باقی سب کے سب عام ہیں۔

ہر کوئی ہر وقت جہاں بھی کوئی ہو ہر قسم کے ظلم وزیادتی سے کلیتًا اجتناب کرے اور ہر معاملہ میں دینی ہو یا دنیاوی عدل ومساوات کو پیش نظر رکھے پس یہی وہ میزان ہے جسے سیدھی رکھنے کا اللہ رب العالمین نے حکم فرمایا ہے اور یہی دین اسلام کی دعوت وتبلیغ کا حقیقی مفہوم ہے کہ ملت کا ہر فرد، صاحب ہو یا غلام، تاجر ہو یا کسان، سب کے سب ایک ہی مرکز پہ متحد ہو کر ملی وقومی تعمیر میں اجتماعی جدوجہد کریں۔جوں ہی ظلم وزیادتی کا خاتمہ ہوا سمجھو عدل ومساوات قائم ہوئے اور امن ہوا ماشاء اللہ لا قوہ الا باللہ۔

جب کوئی اللہ کی عنایت کردہ طاقت کو اپنی طرف منسوب کر کے ظلم وجارحیت کا باب کھولتا ہے.....سلب کر لی جاتی ہے!

ظلم وزیادتی سرداری وسروری کو کھا جاتی ہے۔

یا حی یا قیوم اسمع واستجب اللہ اکبر اللہ الاکبر اللہ الاکبر یا ذاالجلال و الاکرام!

عالم کو عمل، مومن کو کردار، مجاہد کو شجاعت، فقر کو زہد وتقویٰ عنایت فرما یا یا حی یا قیوم آمین! نوازش تیری قدیم عادت ہے اسے پھر سے دہرا۔تاریخ ایک مدت سے اس منظر کی منتظر ہے یا حی یا قیوم۔

روایات کہنہ تیری آبرو کی پاسبان تھی، منصۂ شہود پہ لا! وہی آب وہی تاب ماشاءاللہ!
تیرے آبا کے کردار میں دنیا نے وہ کچھ دیکھا جس کی نظیر ڈھونڈے سے نہیں ملتی

حق پرستوں کو زہر پینا پڑا
تپتی ریت پہ لیٹنا پڑا
بھڑکتی آگ میں کودنا پڑا
کھال اتروانی پڑی
سولی پہ چڑھنا پڑا
دہکتے انگاروں پہ لیٹنا پڑا
ننگی پیٹھ پہ کوڑے سہنے پڑے
بازو قلم کروانے پڑے
شیر خوار ذبح کرانے پڑے مگر حق سے باز نہ آئے۔

حق جب بھی حقیقی روپ میں جلوہ گر ہوا، تنہا باطل سے ٹکرایا۔ کسی کثرت کو خاطر میں نہ لایا۔ جمعیت سے ہرگز نہ گھبرایا۔ زر و جواہر کو ایک ہی ٹھوکر سے ٹھکرایا۔ موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مسکرایا اور .....خالق کون و مکاں نے اسے ابدی حیات کا مژدۂ جانفزا سنایا ماشاءاللہ۔

ایک جھوٹ چھپانے کیلئے نہ جانے کیسے کیسے جھوٹ بولنے پڑتے ہیں
جھوٹ.....جھوٹ ہی ہے چھپانے سے کبھی نہیں چھپتا
حق .....حق ہے کبھی بھی دبائے سے نہیں دبتا، دب سکتا ہی نہیں خواہ کسی پہاڑ کی غار میں دبا دیا جائے آگ میں جلا دیا جائے نیست و نابود کر کے نشان تک مٹا دیا جائے

ٹکڑے ٹکڑے کر کے دفنا دیا جائے۔

دنیا بھر کی باطل قوتیں مل کر بھی حق کو مٹانا چاہیں تو کبھی مٹا نہیں سکتیں۔ حق کبھی ناپید نہیں ہوتا اس کی نمود ہو کر ہی رہتی ہے۔ بارود بن کر پھٹتا ہے، موج بن کر ابھرتا ہے، نخلِ بہار بن کر اگتا ہے.....اور حق کی تقدیر بن کر باطل کی تدبیر پہ چھا جاتا ہے۔

حق و باطل اپنا کوئی وجود نہیں رکھتے دونوں قوتیں انسانی کردار میں نمودار ہو کر ازل سے دست و گریباں۔ ابد تک رہیں گی۔

حق و باطل کی تلواریں بار ہا آپس میں ٹکرائیں، ہمیشہ حق غالب رہا۔ نہ پہاڑ اس کی راہ روک سکے نہ طوفان۔ انسانی تاریخ کا ایک ایک ورق، پہاڑوں کی ایک ایک چوٹی، دریاؤں کی ایک ایک لہر، ریت کا ایک ایک ذرہ گواہ ہے کہ حق کے متوالے سر بکف کفن بردوش میدان کارزار میں نکلے اور نکلتے ہی رہے۔ ان کی ہیبت سے کفر و باطل کے ایوانوں میں لرزہ طاری ہو جاتا۔ بڑے بڑے شہ زور حق کا رعب و جلال دیکھ کر تھرا اٹھتے!

حق نے طرح طرح سے اور ہر طرح سے اپنے نام لیواؤں کو آزمایا۔

کبھی آرے سے چروا کر
کبھی شکم ماہی میں محبوس کر کے
کبھی بھٹ جھنکا کر
کبھی جسم میں کیڑے ڈلوا کر
کبھی مصر کے بازار میں بکا کر
کبھی جیل خانے بھجوا کر

کبھی بے کسی میں آزما کر

کبھی تخت شاہی پہ بٹھا کر

کبھی حرا میں رلا کر

کبھی ثور میں چھپا کر

کبھی احد میں دانت تڑوا کر

کبھی عرش پہ بلا کر

کبھی نانا صلی اللہ علیہ وسلم کے کندھوں پہ بٹھا کر

کبھی کربلا میں نیزے پہ چڑھا کر

کبھی بازو کٹوا کر

کبھی کھال کھنچوا کر

کسی سردار لٹکا کر

کبھی سر راہ لٹوا کر

مگر ہر بار حق نے

لہو کی ہر بوند

شہادت گہ الفت میں نچوڑ دی

منزل حق کے راہی نے اپنا راستہ بڑی شان سے طے کیا۔ نہایت ہی شان سے۔

حق

کبھی زکریا..... کبھی یحییٰ علیہ السلام

کبھی ابراہیم علیہ السلام.....کبھی موسیٰ علیہ السلام

کبھی خبیب رضی اللہ عنہ.....کبھی عباس رضی اللہ عنہ

کبھی حر.....کبھی حسین رضی اللہ عنہ

باطل

کبھی بخت نصر.....کبھی شداد

کبھی نمرود.....کبھی فرعون

کبھی یزید.....کبھی عمر وسعد

اس کا نام کچھ بھی ہو، آج تک حق کے آگے نہ ٹھہرا نہ قیامت تک ٹھہر سکے گا۔

انسانیت کا بلند ترین نمونہ صدق ہے اس پہ کسی کو گزر نہیں الا ماشاء اللہ

نمونہ میدان میں آتا ہے شگوفہ نکلتا ہی ہے، مسل دیا جاتا ہے

صدق مدت سے صدق کا منتظر ہے اللہ کسی صادق کو میدان میں لائے اور صادق ہی کسی صدق کا نمونہ پیش کر سکتا ہے کوئی دوسرا نہیں۔ جب تک وہ میدان میں نہیں آتا باطل کبھی گم نہیں ہوتا، ہو سکتا ہی نہیں۔

صدق آدمیت کا نمایاں ترین وصف

انسانیت کا بلند ترین نمونہ

بشریت کا عمدہ ترین کردار

دعوے دار.....زمانہ

کاربند.....شاذ و نادر

صدق مدت سے اور شدت سے اس کا منتظر ہے جو قول پہ ثابت، عہد کا پاسدار اور اپنے بول کا پابند ہو۔ اس کا اور صرف اس کا نمونہ ہر نمونے کو مات کر سکتا ہے۔

کوئی بھی بندہ جب صداقت کا سبق ازبر کر لیتا ہے۔ صفحۂ ہستی پہ صدیقیت کا مظہر اور اس کا ایک رکن گردانا جاتا ہے۔ صدیقت کی تمام ادائیں اس پہ چھا جاتی ہیں۔ اگر تام ہو تو نمونہ بن کر راہنمائی کرتا ہے۔ صدق باطل کو ختم کر دیتا ہے۔

''صدق صدق'' کہتے ہو حالانکہ صرف انبیائے کرام علیہم السلام اور ان کے بعد دنیا میں چند گنے چنے بندوں نے صدق کو اپنا عملی نمونہ پیش کیا۔

تین یا چار ہزار برس پہلے اللہ نے ایک جوان کو صدق کا نمونہ دینے کیلئے منتخب فرمایا ارض وسما کی ہر شے نے اس کے نمونے کو لبیک کہا اور وہ ایک راجہ تھا..... اسی طرح پانچ ہزار برس قبل ایک راجکمار کے عہد بالجزم کے نمونہ کو اللہ نے ہمیشہ کے لئے زندہ و قائم رکھا۔

صدق کا تذکرہ اللہ کا تذکرہ ہوتا ہے، کسی بھی زمانے میں کبھی گم نہیں ہوتا، رہتی دنیا تک زندہ اور قائم رہتا ہے۔ جو گم ہو جائے تذکرہ نہیں کہلاتا۔

صدق کا تذکرہ اللہ کو اس قدر پسند ہوتا ہے مذکور کی یاد کو کبھی بھولنے نہیں دیتا اور اس کائنات میں چند گنتی کے تذکرے زندہ ہیں۔

آدمی کی بہترین نیکی اور بدترین برائی آدمیت کی رہنمائی وعبرت کے لئے ہمیشہ زندہ رکھی جاتی ہے کبھی فنا نہیں کی جاتی اور تاریخ عالم ان دو ہی خصلتوں کے مجموعے کا اصطلاحی نام ہے۔

فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ (الحشر۲)

تخلیق آدم سے لے کر آج تک تاریخ عبرت کی داستانوں سے بھری پڑی

ہے۔بعض ملی ہوتی ہیں بعض قومی ، بعض اجتماعی ،بعض انفرادی ۔ بہرحال عبرت ہی کی داستانیں ہوتی ہیں ۔لیکن ہم میں سے کسی نے بھی، کسی سے کوئی عبرت حاصل نہیں کی، الا ماشاءاللہ۔

بندوں کی کری اور کہی ہوئی باتیں تاریخ ہوتی ہیں اور بندے ہی تاریخ ساز ہوتے ہیں۔اور تاریخ کسے کہتے ہیں.....؟

اگر چہ برا ہے،فرعون بھی تاریخ کا ایک ورق ہے۔

کسی نے بھی یہاں نہیں رہنا۔نہ جابر نے نہ مجبور نے۔داستان زندہ رہے گی

حضرت ابرہیم علیہ السلام.....رجوع الی اللہ کی حد

اورفرعون.....کفروشرک وشک کی انتہا۔

ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیا علیھم السلام میں سے مخلت کا مقام حضرت ابراہیم علیہ السلام کوعنایت ہوا۔ ہر تعلق سے بے تعلق ہوکر اللہ کی طرف متوجہ ہوئے۔

فرعون ہے.....کلیم علیہ السلام نہیں

نمرود ہے.....خلیل علیہ السلام نہیں

کلیم علیہ السلام اور خلیل علیہ السلام کے وارث !اپنے کردار سے وراثت کا ثبوت پیش کر۔

تیرے آبا کی خصلت تیری پیشوائی کے سوا اور کیا کام آسکتی ہے؟ زندگی کے میدان میں کوئی اپنی خصلت پیش کر، دادا کے نانا کی خصلت پہ مت اترا۔

تاریخ کو مختلف انداز میں پیش کرنے کیلئے کیا کیا نمونے تیار کئے۔انبیائے کرامؑ اور سلف صالحینؒ کا پہلا نمبر رہا۔بے شک ابن آدم کی تاریخ بڑی ہی دلچسپ ہے۔

اگر مصائب وآلام و امراض گناہوں ہی کی بدولت ہیں تو حضرت ایوب

صابر النبی نبی تھے، معصوم تھے کبھی بیمار نہ ہوتے اور اتنے نہ ہوتے کہ کیڑے کھا جاتے۔ ہر آدمی کے ساتھ جو کچھ بھی ہوتا ہے حکمت پہ مبنی اور اس کی بھلائی ہی کے لئے ہوتا ہے۔ انبیائے کرامؑ پہ جو مصائب نازل ہوئے ان کی امتوں کی رہنمائی کے لئے نمونہ کے طور پر ہوئے۔ مصائب و آلام کے تذکرے باقیات الصالحات ہوتے ہیں غیر معمولی انسان غیر معمولی مصائب و آلام میں گھرے ہوتے ہیں تا کہ آسائش میں محو ہو کر یاد سے کوتاہی نہ کریں۔

تاریخ عالم کے اوراق اولاد آدم کے نو بنو اور نوع بنوع واقعات سے مزین ہیں ان میں سے اکثر واقعات نہ صرف انسانی کردار کی عظمت کے امین ہیں بلکہ قیامت تک آنے والی نسل انسانی کی رہنمائی کا زندہ جاوید نمونہ ہیں۔ سیدنا ایوب علیہ السلام اللہ کے جلیل القدر نبی تھے، ایک بار دریا پہ نہا رہے تھے کہ اچانک سونے چاندی کے سکوں کی بارش ہونے لگی۔ آپ نے تیزی سے ان سکوں کو سمیٹنا شروع کیا تو ندا آئی:

ایوب ! کیا تم پہ انعامات کی کمی تھی کہ آپ نے یہ دولت اکٹھی کرنا شروع کر دی، کہا، میرے نزدیک یہ بارش سونے چاندی کے سکوں کی بارش نہیں بلکہ تیری رحمت کا اظہار ہے اور میں، اے میرے مولا! تیری رحمت سے کیوں کر بے نیاز رہ سکتا ہوں۔

سیدنا ایوب علیہ السلام کی زندگی کے مختلف واقعات میں ان کی ابتلا کا تذکرہ ناقابل فراموش تاریخی واقعہ اور عزم و استقلال اور صبر و استقامت کی دنیا کا منفرد تذکرہ ہے۔ تاریخ عالم اس کی نظیر پیش کرنے سے قاصر ہے۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے صرف فضل نبوت ہی سے سرفراز نہیں فرمایا تھا بلکہ دنیوی مال و دولت، آل اولاد اور عزت و توقیر بھی عطا

کی تھی ۔ایک بار شیطان نے اللہ کے حضور میں عرض کی کہ مجھے اقرار ہے کہ ایوب تیرے جلیل القدر نبی ہیں لیکن میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ تو نے انہیں ہر طرح کی آسائش دی ہوئی ہے انہیں کوئی تنگی تکلیف نہیں پھر وہ تیری عبادت کیوں نہ کریں اور شب و روز تیرے ذکر و طاعت میں کیوں نہ لگے رہیں۔لطف جب ہے جب ان سے سب کچھ لے لیا جائے پھر بھی ان کی زبان تیرے ذکر و شکر میں متحرک رہے میں جانتا ہوں کہ نرم بستروں پہ اللہ اللہ کرنے والے معمولی سی سختی پہ کس طرح تجھے بھول جاتے ہیں ایوب کا حال بھی ان سے مختلف نہیں ہوسکتا۔ میں تو یہ بھی کہتا ہوں کہ ان پر معمولی سی تنگی آئے گی انہیں ہر شے بھول جائے گی ذرا مجھے موقع دیا جائے تا کہ میں اپنے اس دعوے کا عملی ثبوت مہیا کرسکوں اور ایوب کے ذکر و طاعت کی حقیقت بے نقاب کردوں۔

اللہ تعالیٰ نے کہا:

جا تجھے کچھ وقت کے لئے مہلت دی گئی تجھے ان کے جسم کو از حد تکلیف پہنچانے اور اپنے دعوے کو صحیح ثابت کرنے کا اختیار دیا گیا تجھ سے جو ہوسکتا ہے کر لے جو داؤ تو چاہے چلا لے میرے ایوب کو جیسے چاہے آزما لے لیکن میرے ایوب کے پائے ثبات کو کبھی متزلزل نہ دیکھے گا اور اگر میرے ایوب کے صبر نے تیرا منہ نہ بند کر دیا اور تیرے چہرے پہ خاک نہ ڈال دی تو اسے میرا ایوب نہ کہنا

چنانچہ

آپ ابتلا میں مبتلا ہو گئے اور تاریخ ابتلا میں ابتلائے ایوب اور صبر ایوب ایک جاوداں مثال بن کر تاریخ کے صفحات میں ایک نئے باب کا عنوان بنے۔مال و دولت اور

آل اولاد سب آنکھوں کے سامنے رخصت ہوئی۔

جسم اطہر آزمائش کی انوکھی صورت سے دوچار ہوا۔ سارے بدن میں کیڑے پڑ گئے۔ چلنا پھرنا، اٹھنا بیٹھنا دوبھر ہو گیا۔ خوبصورت جسم ایک نیم جان لوتھڑا نظر آنے لگا۔ اس حال میں آپ نے اللہ سے دعا کی کہ

یا اللہ! میرے ساتھ اور جو چاہے ہو جائے زبان تیرے ذکر سے بند نہ ہو

کیڑوں کے باعث لوگوں نے آپ کے قریب آنے سے ہچکچانا شروع کیا حتی کہ آپ کے دو قریبی اور گہرے دوستوں میں سے ایک یہ کہہ کر الگ ہو گیا کہ نہ جانے ایوب پہ اس کی کس لغزش کی شامت پڑی ہے بہتر ہے اس سے کنارہ کشی کی جائے

چنانچہ آپ اپنی زوجہ محترمہ کے ہمراہ بستی سے باہر نکل گئے ایک مدت اس حال میں گزاری کہ سوائے اپنی باوفا رفیقہ حیات کے کوئی انسان آپ کے قریب تک نہ پھٹکتا تھا آزمائش کے اس کٹھن مرحلے میں آپ کی زوجہ محترمہ نے جس طرح حق رفاقت ادا کیا، وہ جملہ نساء العالمین کے لئے ایک لائق تقلید نمونہ اور قابل داد مثال ہے۔

کہا جاتا ہے کہ آپ سیدنا یوسف علیہ السلام کی لخت جگر تھیں، نبی کی بیٹی اور نبی کی حرم محترم۔

جب اپنے نامدار شوہر کی خدمت سے فارغ ہوتیں تو کھانے پینے کی چیزیں لانے کے لئے بستی کی طرف جایا کرتیں ایک روز آپ کی ملاقات ایک عورت سے ہوئی جس نے کھانے پینے کی چیزیں اس شرط پہ دینا منظور کیں کہ آپ اپنی زلفوں کے بال کاٹ کر اسے دیں۔

اللہ اللہ! اس کی یہ فرمائش نبوت کی کتنی بڑی آزمائش تھی۔ اس انتہا پہ پہنچ کر اب

آپ کی ابتلا کی منزل ختم ہونے والی تھی۔

سیدنا ایوب علیہ السلام نے آزمائش کے ہر مرحلے میں ذکر وشکر کی روشن مثال قائم کر کے شیطان کے اس دعوے کی قلعی کھول دی تھی۔

آپ اپنی کٹیا میں موجود تھے اور آپ کی حرم محترم ابھی تک بستی سے واپس نہ آئی تھیں کہ دو باتیں ظہور پذیر ہوئیں۔

پہلی یہ کہ آپ نے اپنی زوجہ محترمہ کی واپسی میں تاخیر پہ غصہ سے فرمایا:

میں تندرست ہوتے ہی اسے سو چھڑیاں ماروں گا اور دوسری بات یہ ہوئی کہ آپ نے اپنے ٹھکانے سے دور ایک چشمے کا اندازہ لگایا آپ نے دیکھا کہ اس میں کالے کوے گرتے ہیں لیکن جب باہر نکلتے ہیں تو سفید بن کر نکلتے ہیں آپ اللہ کے نبی تھے سوچا یہ اشارہ حکمت سے خالی نہیں۔

چنانچہ اپنی قابل فخر رفیقہ حیات کی واپسی کا مزید انتظار کئے بغیر خود ہی گھسٹتے گھسٹتے اس پانی تک جا پہنچے اور خود کو اس میں گرا لیا۔

جوں ہی پانی آپ کے جسم مبارک سے چھوا آپ فوراً تندرست ہو گئے

آپ نے ندا سنی: قُمْ قُمْ يَا سَيِّدَ الصَّابِرِيْن

دیکھا تو دو افراد کو اپنے قریب موجود پایا آپ کے استفسار سے پہلے ہی انہوں نے اپنا تعارف کراتے ہوئے کہا۔

آپ پہ سلامتی ہو اور ابتلا میں صبر پہ مبارک۔ میں جبرئیل ہوں اور یہ میکائیل۔

اسی دوران میں آپ کی زوجہ محترمہ بستی سے واپس آئیں تو آپ کو کٹیا میں نہ پایا حیران ہوئیں کہ آپ کدھر تشریف لے گئے۔

بالآخر آپ کی تلاش میں کٹیا سے نکلیں اور چشمے کے قریب آپ کو اس حال میں دیکھا کہ جسم اطہر بالکل تندرست تھا گویا کبھی علیل ہوا ہی نہ تھا۔ آپ کے اس طرح تندرست ہونے پہ وہ ایک عجیب حیرت میں مبتلا تھیں کہ سیدنا ایوب علیہ السلام کو اپنا عہد یاد آ گیا۔

جبریل علیہ السلام نے آپ کو متفکر پایا تو پوچھا! اس وقت آپ کس سوچ میں ہیں فرمایا اپنی زوجہ محترمہ کو چھڑیاں مارنے کا عہد کیسے پورا کروں جب کہ میری علالت میں ان کی خدمت عمدہ ترین سلوک کی مستحق ہے۔

جبرئیل علیہ السلام بولے یہ بھی کوئی مشکل امر ہے آپ سو تنکے لیں انہیں ایک رسی سے اکٹھا باندھ لیں اور پھر یہ جاروب ان کے جسم پہ آہستہ سے صرف ایک بار پھیریں گویا آپ نے انہیں سو چھڑیاں مارنے کا عہد پورا کر دیا۔

ابتلائے نبوت کا کوئی بھی حال کسی نہ کسی رنگ میں معروف زمانہ ہوتا ہے جیسے سیدنا ایوب علیہ السلام کی علالت محض علالت نہ تھی کئی عنایات کا پیش خیمہ تھی۔ ابتلا کے بعد کیسی کیسی نوازشات سے مشرف فرمائے گئے۔ کیا کیا رنگ دکھائے گئے اللہ اللہ! غسل صحت کے بعد جسم مبارک بعینہٖ ویسا ہو گیا جیسا کہ پہلے تھا البتہ آپ نے زبان مبارک پہ کیڑے محسوس کیے انہیں تھوکا تو ایک نے شہد کی مکھی بننے کا اعزاز پایا دوسرا جونک بنا۔ اور دونوں میں حضرت آدم علیہ السلام کی جملہ اولاد کے لئے شفا ہے، ماشاءاللہ

ابتلا کے بعد دلجوئی ربوبیت کی وہ فطرت ہے جو رب سے لے کر ماں تک جاری رہتی ہے۔ ابتلا کی دل جوئی عین فطرت ہے۔ اگر دل جوئی نہ ہوتی تو ربوبیت، ربوبیت کیونکر کہلاتی۔

حضرت آدم صفی اللہ علیہ السلام کی اولاد کی داستان صرف دو ہی ابواب پہ مشتمل ہے:

کردار اور ابتلا

کردار اور ابتلا لازم وملزوم

کردار اور ابتلا ہی تاریخ کے سنہری اوراق

ابتلا نے کردار کو زندگی بخشی اور مستحکم کیا

جس معیار کا کردار، اسی معیار کی ابتلاء

جس معیار کا معاون، اسی معیار کا مخالف

حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کو جب نمرود کی آگ میں پھینکنے کا اہتمام کیا

''کوسوں میں دہکتی ہوئی آگ میں کیوں کر پھینکا جائے؟''

شیطان حاضر تھا، بولا: گو پیا بنا کر

جب حضرت ابراہیمؑ کو آگ میں پھینکنے لگے آپ نے فرمایا

حسبنا اللہ ونعم الوکیل

اللہ تبارک وتعالیٰ نے یہ سن کر فرمایا

یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْم (الانبیا ۲۹)

بھڑکتے ہوئے شعلے برف بن گئے

اسی طرح تیری ہر داستان انوکھی اور محیر العقول ہے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام سے بھٹیاری کا بھٹ جھونکایا

حضرت یوسف جمیل اللہ علیہ السلام کو کنویں میں گرتے دیکھا

مصر کے بازار میں بکتے دیکھا اٹی سوت قیمت پڑی

پھر مصر کا سلطان بنا کر تخت پہ بٹھایا

یہ تھا تیری قدرت کی حکمت کا سر چشمہ!

کرب پہ صبر ہی کی بدولت یوسف نے شاہی پائی

صبر..... انسانیت کا معیار

عزم صمیم کی بنیاد

ولایت کا راز اور

نبوت کا ناز ہے

صبر.....مقام رسالت ہے

صبر.....ملک امامت

صبر.....وراثت فقر

صبر کا امام عشق

شہادت کا امام صبر

شہادت.....حیات جاوداں

حیات جاوداں.....ثمرہ شہادت

صبر..... محبت کی روح

شہادت کی شان

شجاعت کی پہچان اور

نفس کی لگام ہے

صبر وہ نور ہے جو ہر عابد، زاہد اور عارف کو منور کر دیتا ہے۔

کسی ایک خصلت کو اجاگر کرنے کے لئے قدرت نے کس کس حکمت کے مظاہرے کئے **الله الله ماشاء الله لا قوة الا بالله**

تیری حکمت کا باب وسیع المعانی۔کوئی بھی عارف نہیں ہوسکتا **الا باذن الله** ۔ انسانی فہم وادراک سے بالا۔

عجب حکمت ہے حضرت موسیٰ کلیم اللہ تھے، سلطان بحر و بر حضرت خضر کی ایک ننھی سی حکمت کو نہ پا سکے۔

جبر وقہر ایمان کا وہ ضروری جزو اور ایمان کی وہ مقبول الاسلام خصلت ہے جس کے بغیر نہ بچتا ہے نہ پھبتا۔

اوصاف حمیدہ کا بہترین وصف.....درگزر

ہر کسی کا ہر قصور معاف کردو۔ کسی سے کوئی انتقام مت لو۔ جو مزا، لذت، مرتبہ معاف کرنے میں ہے، بدلہ لینے میں نہیں۔ کسی کا کسی سے بدلہ لینا کوئی جوانمردی نہیں البتہ درگزر کرنا، معاف کردینا، صبر کرنا اور کچھ نہ کہنا بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے۔

اگر کوئی تم سے زیادتی کرے اگرچہ کتنی ہی زیادتی کرے معاف کردو، صبر کرو، کچھ نہ کہو۔ بے شک آپ نے بہترین بدلہ لیا۔ احسان کا بدلہ احسان ہے۔

جس سے بھی کوئی احسان کرو گے بدلہ پاؤ گے۔ اللہ رب العالمین نے فرمایا **هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانِ** (الرحمٰن ۶۰) کسی کو معاف کر کے تو دیکھ!

درگزر فرمانا

معاف کرنا اور

پردہ پوشی میرے اللہ کی شان ہے،

فقر کو یہ خصلت ورثہ میں ملی۔ اللہ کرے ہمیں بھی ملے۔ انتقام کوئی مراد نگی نہیں

پردہ پوشی فقراء کی مثالی خصلت ہے اور

پردہ پوشی ہی کی بدولت فقراً کو امتیازی شان حاصل ہے۔

خالق و مخلوق کے مابین بہترین اور محبوب ترین صفت کرم اور کرم نوازی ہے۔

یا اکرم الاکرمین یا کریم العفو یا نعم النصیر

ستاری و غفاری اللہ کی دو بڑی عادتیں ہیں۔ جو ان کو اپناتا ہے دو نعمتیں پاتا ہے۔

عزت پاتا ہے اور قوت پاتا ہے۔

بندوں کے عیبوں کا اخفا اور تجارتی مال کے عیبوں کا اظہار رحمت و برکت کا موجب ہے۔ یعنی بندوں کے عیبوں کو چھپانا ثواب اور تجارتی مال کے عیبوں کو چھپانا عذاب کا باعث ہے۔

بندوں کے عیبوں کو چھپا اور تجارتی مال کے عیب ظاہر کر

تا کہ تیرے دین اور تیری دنیا میں برکت ہو۔

بنیے کی تجارت صرف اس اصول پہ قائم رہی کہ وہ کبھی دھوکا نہ دیتا وعدہ کی خلاف ورزی نہ کرتا نیز یہ کہ معمولی سے نفع پہ اگر چہ دمڑی ہوتی اکتفا کرتا اور ہم اس پہ قائم نہیں۔

کاروباری ترقی کے دو ہی اصول ہیں: محنت اور دیانت۔

جس نے بھی ترقی کی ان ہی دو اصولوں پہ چل کر کی انفرادی ہو یا اجتماعی۔

بد دیانت دنیا میں ابھرا، چمکا، عروج کو پہنچا پھر زوال پذیر ہوا، غروب ہوا اور مٹ گیا۔ ہر بد دیانت کا یہی حشر ہوتا ہے۔ اور دیانت دار اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہوتا ہے۔ کبھی نہیں مٹا ہمیشہ زندہ رہتا ہے۔ اور اللہ ہر دیانت دار کی دیانت کا تذکرہ

قیامت تک اپنے نیک بندوں کی زبانوں پر زندہ رکھتا ہے۔

کون کہتا ہے کہ کسی کا کاروبار نہیں چلتا؟

مومن کا تو رزق ہی تجارت میں ہوتا ہے

جس بھی کاروبار میں محنت کی جاتی ہے اور دیانت سے کیا جاتا ہے برکت ہوتی ہے محنت تو ہر کوئی کرتا ہے دیانت نہیں کرتا۔ خیانت دیانت کو کھا جاتی ہے۔

دیانت اور محنت سے جو بھی کام کرو گے، برکت ہوگی ماشاءاللہ!

o حضرت عبدالرحمان رضی اللہ عنہ بن عوف نے اپنے محسن انصار حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے قرض حسنہ لے کر اپنی تجارت مدینہ منورہ کے بازار میں ایک دینار کے پنیر سے شروع کی اور ایک سال بعد اونٹوں کا ایک لدا ہوا قافلہ بیت المال کو دیا

وہی برکت آج بھی ہے دیانت اور محنت درکار ہے۔

ف: مکی مہاجرین کا قافلہ جب بے سروسامانی کے عالم میں مدینہ منورہ پہنچا تو تمام مدنی انصار اپنے اپنے گھروں کے آگے ان کے استقبال کے لئے کھڑے تھے جس کے گھر کے سامنے جو دوست گزرتا وہ اسے اپنا بھائی سمجھ کر اندر لے جاتا چنانچہ حضرت عبدالرحمان رضی اللہ عنہ بن عوف کی باری آئی حضرت سعدؓ کے گھر میں۔

حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے اپنے گھر کا سارا سامان دو حصوں میں تقسیم کر کے لگایا ہوا تھا اور آپ کی دو بیویاں تھیں آپ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے عرض کی کہ میرے گھر کا یہ سامان برابر دو حصوں میں لگایا ہوا ہے، جونسا آپ کو پسند ہو قبول کر لیں اور یہ میری دو بیویاں ہیں ان میں جونسی آپ قبول کریں میں طلاق دے دیتا ہوں۔

اس پر حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ پہ رقت طاری ہوگئی حضرت سعد رضی اللہ عنہ

کے اس بے مثال ایثار پہ ملائکہ انگشت بدنداں ہوئے۔آپ نے کہا یہ سارا سامان اور میری یہ بہنیں آپ ہی کو مبارک ہوں مجھے قرض حسنہ پہ ایک دینار دیں اور منڈی کا پتہ بتا دیں ،میرے لئے یہی کافی ہے۔

حال ماضی کا شاہد ہے۔جو صفت ماضی میں تھی حال میں بھی ہے۔اگر حال میں نہیں ماضی میں بھی نہ تھی۔

کوئی زمانہ کسی صفت سے کبھی خالی نہیں ہوتا ہر زمانہ ہر صفت سے متصف ہوتا ہے۔

عجز آدمیت کی وہ صفت ہے جو ہر قوت کو مات کر دیتی ہے۔

مسکرانا عمدہ ترین اخلاق اور دل جوئی عمدہ ترین خصلت ہے۔

دل جب بھی خوش ہوا کسی دل ہی کو خوش کرنے پہ ہوا۔دل کی ابدی راحت دل نوازی ہے۔

دل ہی سے دل رنجور اور دل ہی سے دل مسرور ہوتا ہے۔

دل.....عرش عظیم

دل جوئی.....صفت عظیم

دل ربائی.....خُلق عظیم

اور یہ دو ہی تو کَانَ خُلُقُهُ الْقُرْاٰن کی شرح مبین ہیں

صفت وہ ہے جس کی اغیار صفت کریں

صفات کے ساتھ برکات کا نزول وظہور ہوتا ہے اور یہ دونوں وہبی ہیں،اللہ ہی کی طرف سے بندوں کو عنایت ہوتی ہے۔

منصف وہ ہے جو انصاف کی جمیع صفات سے متصف ہو۔ اپنے پرائے میں کوئی تمیز نہ رکھے۔ جب عدل کی کرسی پہ بیٹھے عدل کرے یگانہ ہو یا بیگانہ، ایک ہی میزان سے تولے۔

اللہ نے پہلے آسمان کو بنایا پھر میزان قائم کی اور حکم دیا اس میزان کو قائم رکھو، ذرا سی بھی کمی نہ کرو۔ پھر زمین بنائی۔

عدلیہ میزان ہے

عدلیہ اپنے پرائے میں کوئی تمیز روا نہیں رکھا کرتی یہاں تک کہ مومن اور کافر میں بھی نہیں۔

شیر شاہ سوری ہندوستان کا حکمران تھا ایک دن اس کا بیٹا ہاتھی پر سوار بازار میں سے گزر رہا تھا کہ اس کی نظر ایک کوٹھے پر پڑی جہاں ایک عورت غسل کر رہی تھی۔ شہزادے نے ہاتھی کو روکا، شرارت سے اس عورت پہ پھول پھینکا اور چل دیا۔

شام کو جب اس عورت کا خاوند جو کہ ایک غریب لکڑہارا تھا گھر آیا تو بیوی کو مغموم اور مضطرب پایا۔ دریافت کرنے پر اس نے شہزادے کا سارا ماجرا اپنے خاوند کو کہہ سنایا لکڑہارے کا خون کھول اٹھا۔ اگلی صبح بیوی کو ساتھ لیا اور شیر شاہ سوری کے دربار میں جا پہنچا۔ شکایت کی اور انصاف چاہا۔ بادشاہ نے فریاد سنی، شہزادے کو طلب کیا، استفسار پر شہزادے نے ندامت سے سر جھکا لیا گویا یہ جرم کا اعتراف تھا۔

شیر شاہ نے حکم دیا کہ "شہزادے کی بیگم اسی طرح کوٹھے پہ غسل کرے اس لکڑہارے کو ہاتھی پہ سوار کرایا جائے اور یہ اسی طرح شہزادی پہ پھول پھینکے"

یہ تھا عدل، یہ تھا انصاف۔

اسلامی عدل کا ایک بے مثال نمونہ

شیخ المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاء قدس سرہ العزیز کے ملفوظات فوائد الفواد میں بیان کیا ہے کہ حضرت امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی ایک زرہ گم ہوگئی تھی۔ اتفاقاً ایک دن آپ رضی اللہ عنہ نے وہی زرہ ایک یہودی کے پاس دیکھی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اسے پکڑ لیا اور کہا کہ یہ زرہ میری ہے۔ یہودی نے کہا یہ زرہ میری ہے اور آپ اسے اس وقت تک نہیں لے سکتے جب تک عدالت میں دعویٰ دائر کر کے ثبوت پیش نہ کریں اور عدالت آپ کے حق میں فیصلہ نہ کردے۔

آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں ہی خلیفہ ہوں اور میں ہی مدعی تو یہ دعویٰ کس طرح ثابت ہوگا؟

بہتر یہ ہے کہ قاضی شریح رضی اللہ عنہ کے پاس اس دعویٰ کو تکمیل تک پہنچائیں۔ قاضی شریح رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نائب اور چیف جسٹس تھے۔ چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کی عدالت میں دعویٰ دائر کر دیا۔ مقدمے کی سماعت کے پہلے ہی مرحلے میں قاضی شریح رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مخاطب ہو کر کہا اگرچہ آپ خلیفہ وقت ہیں مگر اس وقت آپ ایک مدعی کے طور پر آئے ہیں اس لئے آپ یہودی کے برابر کھڑے ہوں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس بات کا برا نہیں مانا بلکہ قاضیٔ عدالت کے حکم کے مطابق یہودی کے برابر کھڑے ہو گئے اور کہا کہ یہ زرہ میری ہے جس پر یہودی نے ناحق قبضہ کر رکھا ہے۔ قاضی شریح رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اپنا دعویٰ ثابت کرنے کے لئے گواہ پیش کیجئے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور اپنے غلام قنبر رضی اللہ عنہ کو بطور گواہ پیش

کیا۔ قاضی شریح رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حسن رضی اللہ عنہ آپ کا بیٹا ہے اور قنبر رضی اللہ عنہ غلام یعنی دونوں آپ کے گھر کے فرد ہیں اس لئے عدالت ان دونوں کی گواہی آپ کے حق میں قبول نہیں کرسکتی۔ کوئی اور گواہ پیش کیجئے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ان دونوں کے علاوہ میرا کوئی اور گواہ نہیں ہے جسے میں عدالت میں پیش کروں۔

قاضی شریح رضی اللہ عنہ نے حکم دیا کہ چونکہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ گواہ پیش کر کے زرہ پہ اپنا حق ملکیت ثابت نہیں کرسکے اس لئے حضرت علی رضی اللہ عنہ اسے لینے کے مجاز نہیں ہیں۔ پس فیصلہ کیا جاتا ہے کہ زرہ یہودی کو دے دی جائے تا آنکہ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ عدالت کے تقاضے کے مطابق گواہ پیش کر کے اپنے دعوے کا ثبوت فراہم نہ کریں۔ یہ فیصلہ سن کر وہ یہودی ہکا بکا رہ گیا۔ اس کے وہم وگمان میں بھی یہ بات نہ آسکتی تھی کہ خلیفہ وقت کا مقرر کردہ کوئی قاضی خود خلیفہ پر اتنی جرح کرسکتا ہے اور اس کے خلاف فیصلہ دے سکتا ہے۔ وہ اسلامی عدل کے اس نمونے سے اتنا متاثر ہوا کہ فوراً مسلمان ہوگیا اور زرہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے حوالے کر کے کہنے لگا کہ یہ زرہ واقعی آپ کی ملکیت ہے اور میں اس پہ ناحق قابض تھا۔ آپ یہ زرہ قبول فرمایئے اور مجھے میری زیادتی کی معافی عطا کیجئے۔

امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے یہ حال دیکھا تو اپنی زرہ اسی کو بخش دی بلکہ اسے ایک گھوڑا بھی بطور عطیہ عنایت فرمایا۔ ماشاء اللہ، مبارکاً، مکرماً، مشرفاً

خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم میں سے کسی ایک خلیفہ رضی اللہ عنہ کا کردار پیدا کرو۔ خلافت ملے گی انشاءاللہ! کسی اور طرح سے کیسے مل سکتی ہے؟

خلفائے راشدینؓ کے بعد پھر کسی کو اللہ کی کتاب پہ پورے عمل کی توفیق نہ ہوئی

ہر کسی میں کوئی نہ کوئی کمی ضرور رہی۔ پورے کے پورے بہت کم اسلام میں داخل ہوئے حالانکہ اللہ رب العالمین نے فرمایا

''پورے کے پورے اسلام میں داخل ہو اور شیطان کی پیروی مت کرو''

اس امر پہ جتنا بھی غور کیا جائے کم ہے۔

اس کتاب کے احکام پہ چل تیری کوئی بھی چیز اس کے حکم کے خلاف نہ ہو۔

اگر قرآن کریم وحکیم وعظیم پہ عمل کیا جاتا، حکمت وبرکات کا نزول ہوتا اور ضرور ہوتا۔

جس فعل کو اللہ رب العرش العظیم نے سختی سے منع فرمایا ہے، اس پہ سختی سے کاربند ہیں؟ مثلاً اپنے روزمرہ کے معمولات کا خود جائزہ لیں۔ جھوٹ، ذخیرہ اندوزی، غیبت، عہد شکنی، چغلی، دھوکہ دہی، حسد، طعنہ زنی، بہتان طرازی، افترا پردازی۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنی کتاب قرآن کریم میں جن خصائل کو اپنی محبت کا موجب قرار دیا ہے انہیں اپنا اور انہی کی تبلیغ کر۔ ہو سکے تو سب کو، ورنہ کم از کم ایک کو ضرور اپنا۔ اللہ کے پسندیدہ خصائل یہ ہیں:

اللہ تبارک وتعالیٰ ان بندوں کو پسند کرتا ہے جو.....

توبہ کرنے والے اور پاک صاف رہنے والے ہیں۔

☆ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَ يُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ○ (البقرہ ۲۲۲)

کچھ شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں اور پاک صاف رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

پرہیز گاری اختیار کرنے والے ہیں

☆ فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ○ (آلعمران ۷۶)

سواللہ تعالیٰ ڈرنے والوں کو دوست رکھتا ہے

☆ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ○ (التوبہ ۳۶)

اور جان لو کہ اللہ پرہیز گاروں کا ساتھی ہے۔

.....

احسان کرنے والے ہیں۔

☆ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ○ (البقرہ ۱۹۵)

بے شک اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے

☆ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ○ (آلعمران ۱۳۴)

اور اللہ تعالیٰ نیکوکاروں کو پسند کرتا ہے۔

.....

☆ اِنَّ رَحْمَةَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ○ (الاعراف ۵۶)

بے شک اللہ کی رحمت احسان کرنے والوں کے بہت ہی قریب ہے۔

☆ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ○ (التوبہ ۱۲۰)

بے شک اللہ محسنین کا اجر ضائع نہیں ہونے دیا کرتا۔

☆ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ○ (العنکبوت ۶۹)

اور اللہ احسان کرنے والوں کا ساتھی ہے۔

اللہ کی راہ میں صفیں باندھ کر لڑتے ہیں۔

☆ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ○

(الصف۴)

بے شک اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو محبوب رکھتا ہے جو اس کی راہ میں اس طرح صفیں باندھ کر لڑتے ہیں گویا سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں۔

صبر کرنے والے ہیں

☆ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ○ (آلعمران۲۴۶)

اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

.....

اللہ پر توکل کرنے والے ہیں۔

☆ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ○ (آلعمران۱۵۹)

بے شک اللہ تعالیٰ بھروسہ رکھنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

.....

انصاف کرنے والے ہیں

☆ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ○ (المائدہ۴۲)

بے شک اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

.....

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرنے والے ہیں۔

☆ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ط

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ (آلعمران ۳۱)

(اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم آپ (لوگوں سے) کہہ دیجئے اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میری پیروی کرو، اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمہارے گناہ معاف کردے گا اور وہ بخشنے والا مہربان ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

○ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! بے شک اللہ تعالیٰ ہر کام میں نرمی کو پسند فرماتے ہیں۔

(صحیح بخاری جلد سوم صفحہ ۸۹۰)

○ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے تھے کہ بے شک اللہ تعالیٰ اس بندے سے محبت رکھتے ہیں جو متقی، غنی اور خفی ہو، (یعنی جو چھپ کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والا ہو)

(صحیح مسلم جلد اول ۴۰۸)

○ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ بے شک اپنے اس مومن بندے سے محبت کرتے ہیں جو فقیر ہو اور سوال سے اجتناب کرنے والا ہو۔

(سنن ابن ماجہ صفحہ ۳۱۳)

○ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے بے شک اللہ تعالیٰ ابرار، اتقیا، اور اخفیا سے محبت کرتے ہیں۔

(یعنی جو نیک پرہیز گار اور غیر معروف ہیں، لوگ ان کے درجہ و مرتبہ سے بے خبر ہیں مگر ان کا دل چراغ کی مانند روشن رہتا ہے)۔

(سنن ابن ماجہ صفحہ ۲۱۳)

- حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا احسان کرو بے شک اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

(سنن ابی داؤد مع عون المعبود جلد دوم صفحہ ۳۴۲)

- حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ خوبصورت ہیں اور خوبصورتی کو پسند فرماتے ہیں۔

(صحیح مسلم جلد اول صفحہ ۶۵)

- حضرت یعلی رضی اللہ عنہ نے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ بہت حیا کرنے والے ہیں اور پردہ پوشی فرماتے ہیں اور حیادار اور پردہ پوشی کرنے والے سے محبت کرتے ہیں۔

(سنن ابی داؤد جلد ۴ صفحہ ۷۰)

- حضرت سہل بن ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا میں زہد اختیار کرو اللہ تعالیٰ تم سے محبت کریں گے۔

(سنن ابن ماجہ صفحہ ۳۱۱)

- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو محبوب جانتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس کی ملاقات پسند کرتے ہیں۔

(صحیح مسلم جلد ۲ صفحہ ۳۴۳)

- حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم

نے فرمایا انصار سے مومن ہی محبت کرتے ہیں اور منافق ان سے بغض رکھتے ہیں۔ جو ان سے محبت رکھے اللہ تعالیٰ بھی ان سے محبت رکھتے ہیں۔

(صحیح بخاری جلد اول ۵۳۴)

o حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فیاض اور سخی سے محبت کرتے ہیں۔ مال فروخت کرے یا خرید کرے تو وہ فیاضی کا مظاہرہ کرتا ہے اور کسی کا حق دینے یا اپنا حق وصول کرنے میں فیاضی اختیار کرتا ہے۔

(موطا جلد ۳ صفحہ ۳۴۳)

o حضرت یعلی بن مرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو حسین سے محبت کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس سے محبت کرتا ہے۔

(جامع الترمذی جلد ۴ صفحہ ۳۴۱)

o حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا میری محبت واجب ہوگئی ان کے لئے جو مجھ سے محبت کرنے والے ہیں اور میری محبت میں بیٹھنے والے ہیں جو میری محبت میں ایک دوسرے کی زیارت کرتے ہیں اور میری راہ میں جان و مال خرچ کرتے ہیں۔

(موطا جلد ۴ صفحہ ۳۴۹)

o حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میرا بندہ ہمیشہ نوافل کے ذریعے میرا تقرب حاصل کرتا ہے۔ یہاں تک کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں۔ (صحیح بخاری جلد ۲ صفحہ ۹۶۳)

اور فرمایا

یہ ناپسندیدہ اعمال ہیں ان کے فاعل کو میں کبھی دوست نہیں رکھتا یا وہ کبھی میرے دوست نہیں ہو سکتے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ ان بندوں کو ناپسند کرتا ہے جو.....

دوسروں کو نصیحت کرتے ہیں مگر خود اس پر عمل نہیں کرتے۔

☆ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَالَا تَفْعَلُوْنَ ○ کَبُرَ مَقْتًا عِنْدَاللّٰہِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ○ (الصف ۲،۳)

اے ایمان والوں! تم ایسی بات کیوں کہتے ہو جو خود کرتے نہیں۔ اللہ تعالیٰ اس سے سخت بیزار ہے کہ تم ایسی بات کہو جو کرو نہیں۔

.....

حد سے تجاوز کرنے والے ہیں۔

☆ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ○ (البقرہ ۱۹۰، المائدہ ۸۷)

بے شک اللہ تعالیٰ حد سے بڑھنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

☆ اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ ○ (الاعراف ۵۵)

وہ حد سے بڑھنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

.....

فضول خرچی کرنے والے ہیں۔

☆ اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ○ (الاعراف ۳۱، الانعام ۱۴۲)

وہ بے جا خرچ کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

.....

ناشکری کرنے والے اور

گناہ کا ارتکاب کرنے والے ہیں

☆ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ○ (البقرہ ۲۷۶)

اور اللہ تعالیٰ کسی ناشکرے گنہ گار کو دوست نہیں رکھتا۔

☆ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِىْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ○ (المومن ۲۸)

بے شک اللہ حد سے بڑھنے والے (اور) جھوٹے کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

☆ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِىْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ○ (الزمر ۳)

بے شک اللہ جھوٹے اور ناشکرے کو نیک ہدایت نہیں دیا کرتا۔

☆ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ○ (المائدہ ۱۰۸)

اور اللہ نافرمانوں کو توفیق ہدایت نہیں دیا کرتا۔

.....

خیانت کرنے والے اور ناشکری کرنے والے ہیں۔

☆ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ○ (الحج ۳۸)

اللہ تعالیٰ کسی خیانت کرنے والے اور ناشکری کرنے والے کو دوست نہیں رکھتا۔

.....

خیانت اور گناہ کرنے والے ہیں۔

☆ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ○ (النساء ۱۰۷)

اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والے اور مرتکب جرائم کو دوست نہیں رکھتا۔

.....

دغابازی کرنے والے ہیں۔

☆ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْخَآئِنِیْنَ ○ (الانفال ۵۸)

بے شک اللہ تعالیٰ دغابازوں کو دوست نہیں رکھتا۔

.....

اترانے والے ہیں۔

☆ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْفَرِحِیْنَ ○ (القصص ۷۶)

بے شک اللہ تعالیٰ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

.....

سرکشی کرنے والے ہیں۔

☆ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِیْنَ ○ (النحل ۲۳)

وہ سرکشوں کو ہرگز پسند نہیں کرتا۔

.....

کفر کرنے والے ہیں۔

☆ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْكٰفِرِیْنَ ○ (آل عمران ۳۲)

اللہ تعالیٰ کافروں کو دوست نہیں رکھتا۔

☆ وَّاللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الْكٰفِرِیْنَ ○ (البقرہ ۲۶۴)

اور اللہ کفر کرنے والوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

☆ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا ۢ بَعِيْدًا ۝ (النساء ۱۱۶)

اور جس نے کسی کو اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرایا، وہ ہدایت سے بہت دور بھٹک گیا۔

.....

ظلم کرنے والے ہیں۔

☆ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ (آل عمران ۵۷)

اور اللہ تعالیٰ ظالموں کو دوست نہیں رکھتا۔

.....

☆ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ (الشوریٰ ۴۰)

اس میں شک نہیں کہ وہ ظلم کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

.....

تکبر کرنے والے اور شیخی بگھارنے والے ہیں۔

☆ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا ۝ (النساء ۳۶)

اللہ تعالیٰ تکبر کرنے والے شیخی باز کو دوست نہیں رکھتا۔

.....

☆ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ۝ (النحل ۲۳)

بے شک وہ (اللہ) غرور کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

.....

☆ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ۝ (لقمان ۱۸)

اللہ کسی اترانے والے شیخی خورے کو پسند نہیں کرتا۔

فساد پھیلانے والے ہیں۔

☆ وَاللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ○ (المائدہ ۶۴)

اور اللہ تعالیٰ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

☆ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ○ (القصص ۷۷)

بلاشبہ اللہ تعالیٰ فساد کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

☆ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ○ (یونس ۱۸)

بے شک اللہ مفسدین کے کام نہیں بننے دیا کرتا۔

انتخاب سبل المرام

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے سات سوالات اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے

جوابات:

۱: ابتداء تبلیغ میں کون لوگ آپ کے ساتھ ہوئے؟

فرمایا: آزاد اور غلام دونوں

۲: اسلام کیا ہے؟

فرمایا: خوش کلامی اور کھانا کھلانا

۳:ایمان کیا چیز ہے؟

فرمایا:صبر اور فیاضی

۴:سب سے اچھی اسلامی صفت کیا ہے؟

فرمایا:جس کی زبان اور ہاتھ سے سب مسلمان محفوظ ہوں

۵:سب سے افضل ایمان کیا ہے؟

فرمایا:اچھے اخلاق

۶:سب سے بہتر نماز کونسی ہے؟

فرمایا:جس میں قیام زیادہ ہو

۷:سب سے افضل ہجرت کیا ہے؟

فرمایا:جو خدا کو ناپسند ہو،اسے چھوڑ دیا جائے

(عمرو بن عبسہؓ۔للکبیر واحمد بلفظہ)

o ابتداءً اسلام کا آغاز بیکسی سے ہوا اور بیکسی ہی میں اس کا اعادہ ہوگا۔مبارک ہیں وہ بے کس جن کو یہ موقع ملے۔

(ابو ہریرہؓ۔مسلم)

o مومن کی بھی عجب شان ہے کہ اس کی زندگی کا ہر پہلو اس کے لئے بھلائی ہے اور یہ شرف مومن کے سوا اور کسی کو حاصل نہیں کہ اگر اسے مسرت ہو تو وہ شکر ادا کرتا ہے اور اگر تکلیف پہنچے تو صبر کرتا ہے اور یہ دونوں حالتیں اس کے لئے بہتر ہیں۔

(صہیبؓ۔مسلم)

o اے معاذ رضی اللہ عنہ.....میں تجھے بتا نہ دوں کہ چوٹی کی بات کیا ہے اور اس کا ستون کیا؟ عرض کیا:یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم!ضرور بتلایئے۔

فرمایا: چوٹی کی بات تو ہے اسلام، اس کا ستون ہے نماز اور اس کی کوہان ہے جہاد۔

پھر فرمایا کہ ان تمام باتوں کا نچوڑ نہ بتادوں؟

میں نے عرض کیا ضرور۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان مبارک کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: اے معاذ! اس پر قابو رکھو

عرض کیا: کیا ہماری گفتگو پر بھی مواخذہ ہوگا؟

فرمایا تیری عقل پر پتھر پڑیں، لوگوں کو صرف کلمات زبان ہی کی وجہ سے تو آگ میں منہ کے بل جھونکا جائے گا۔

(معاذؓ۔ ترمذی)

o ایمان کی کچھ اوپر ستر شاخیں ہیں، ان سب میں چوٹی کی چیز لا الـــــــہ الا اللہ (توحید) کا قائل ہونا ہے اور معمولی درجے کی چیز راستے سے ایذا رساں اشیاء کا ہٹا دینا ہے۔

حیا بھی ایمان ہی کی شاخ ہے۔

(ابو ہریرہؓ۔ متفق علیہ)

o یہ تین امور بھی ایمان میں داخل ہیں۔

۱۔ اپنی تنگ دستی میں دوسروں کی اعانت

۲۔ تمام عالم کے لئے سلامتی کی تڑپ

۳۔ اپنی ذات سے بھی انصاف کرنا

(عمار بن یاسرؓ۔ بزار)

o جس کی محبت اور بغض، عطا اور ترکِ عطا سب کچھ اللہ کے لئے ہو، وہ اپنے ایمان کو مکمل کر لیتا ہے۔

(ابوامامہؓ۔ابوداؤد)

o مسلم وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں اور مومن وہ ہے جس کی جان سے لوگوں کی جان و مال کو کوئی خطرہ نہ ہو۔

(ابوہریرہؓ۔ترمذی۔نسائی۔بخاری)

o ایک شخص نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ بہترین اسلام کونسا ہے؟ فرمایا: بھوکوں کو کھانا کھلانا اور شناسا و غیر شناسا سب کو سلام کرنا۔

(ابن عمرو بن العاصؓ۔بخاری۔مسلم۔نسائی)

o جو مسلمان کسی مسلمان کو کافر کہے تو اگر وہ کافر ہے تو فبہا ورنہ یہ (کافر کہنے والا) کافر ہو جائے گا۔ (ابن عمرؓ۔ابوداؤد)

o حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کو ایک سریے میں روانہ ہونے کا حکم دیا۔ وہ دن جمعہ کا تھا۔ ان کے ساتھی روانہ ہو گئے لیکن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے سوچا کہ میں ٹھہر کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز ادا کر لوں۔ پھر قافلے سے جا ملوں گا۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز ادا کر چکے تو انہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھ کر پوچھا: تم اپنے ساتھیوں کے ساتھ کیوں نہ روانہ ہوئے؟ عرض کیا: میں نے سوچا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز ادا کر کے پھر ان سے جا ملوں گا فرمایا کہ ساری کائنات زمین بھی تم خرچ کر ڈالو تو ان کی اس روانگی کی فضیلت کو نہیں پا سکو گے۔

(ابن عباسؓ۔ترمذی)

o حضور صلی اللہ علیہ وسلم کچھ لوگوں کے پاس سے گزرے جو سواری کے جانوروں پر چڑھے ہوئے باتیں کر رہے تھے فرمایا کہ اچھی حالت میں ان پر سوار ہو اور اچھی حالت میں انہیں چھوڑ بھی دیا کرو۔ ان کو اپنی گفتگو کے لئے راستوں اور بازاروں میں کرسیاں نہ بنا لیا کرو۔ بہتیری سواریاں ایسی ہیں جو اپنے سوار سے زیادہ بہتر اور زیادہ ذکر الٰہی کرنے والی ہوتی ہیں۔

(معاذ بن انسؓ۔احمد)

o جس محلے والوں کی صبح اس حال میں ہو کہ اس رات اس میں کوئی بھوکا رہ گیا تو ان لوگوں سے اللہ تعالیٰ بری الذمہ ہو گیا۔

(ابو ہریرہؓ۔احمد۔موصلی۔بزار۔اوسط)

o ایک شخص نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی سخت دلی کی شکایت کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا علاج یہ بتایا کہ یتیم کے سر پر رحمت کا ہاتھ پھیرو اور مسکین کو کھانا کھلاؤ۔

(ابو ہریرہؓ۔احمدؒ)

o بخدا وہ مومن نہیں۔ بخدا وہ مومن نہیں۔ بخدا وہ مومن نہیں، عرض کیا گیا کہ کون یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم؟ فرمایا: جس کے شر سے اس کا پڑوسی محفوظ نہ ہو۔

(ابو ہریرہؓ۔بخاوی و مسلم)

o جس نے میری ایک سنت کو بھی، جو میرے بعد ختم ہو چکی ہو، زندہ کیا وہ میرا محبّ ہے اور جو میرا محبّ ہے وہ میرے ساتھ ہوگا۔

(علیؓ۔رزین)

o لوگو! اعمال میں اپنی برداشت کا خیال رکھو، ورنہ تم ہی اکتا جاؤ گے نہ کہ خداوند کریم۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ عمل وہ ہے جس میں مداومت ہو اگرچہ وہ عمل مختصر ہو۔

(عائشہؓ۔ متفق علیہ)

o سہولت پیدا کرو۔ دشواری پیدا نہ کرو۔ خوشخبری سناؤ، نفرت نہ دلاؤ۔

(انسؓ۔ متفق علیہ)

o دین سہل چیز ہے، جو شخص اس میں سختی پیدا کرے گا اسی پر وہ ہی سختی مسلط رہے گی۔

(ابو ہریرہؓ۔ متفق علیہ)

o صالح سیرت، عمدہ طریقہ اور میانہ روی نبوت کے چالیس اجزاء میں سے ایک خالص جزو ہے۔

(ابن عباسؓ۔ ابوداؤد)

o میں مسجد میں گیا تو دیکھا کہ سمیر بن عبدالرحمان سابقہ امتوں کے واقعات سنا رہے تھے اور دوسری طرف حمید بن عبدالرحمان علم وفن کی تعریف میں مصروف تھے۔ اسی فکر میں کہ دونوں میں سے کس کے حلقے میں بیٹھوں، اونگھنے لگا۔ رویا میں ایک فرشتہ آیا اور بولا کہ تم یہ سوچ رہے ہو کہ دونوں میں سے کس کے پاس بیٹھوں اگر کہو تو تمہیں حمید کے حلقے میں جبریلؑ کو بیٹھا ہوا دکھا دوں۔

(ابن سیرینؒ۔ دارمی)

o عہدِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں دو بھائی تھے ایک حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس علم حاصل کرتا تھا۔ دوسرا دستکاری کر کے روٹی کماتا، دستکار نے اپنے بھائی کا شکوہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا۔ فرمایا: تمہیں اسی طالب علم کے صدقے میں روزی ملتی ہے۔

(انسؓ۔ ترمذی)

o اللہ جل شانہ، جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے، اسے دین کی سمجھ عنایت فرما دیتا ہے۔

(ابن عباسؓ۔ بخاری۔ مسلم۔ ترمذی)

o بخدا! اگر تمہاری تبلیغ سے ایک شخص کو بھی ہدایت حاصل ہو جائے تو یہ تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔

(سہلؓ بن سعدؓ۔ ابوداؤد)

o عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ ہر جمعرات کو وعظ و نصیحت فرمایا کرتے تھے۔ ایک شخص نے آپ سے کہا کہ اے ابوعبدالرحمان! میری تمنا یہ ہے کہ آپ ہر روز یہ سلسلہ جاری رکھیں۔ آپ نے جواب دیا۔ مجھے اس سے جو چیز مانع ہے وہ یہ ہے کہ میں تم لوگوں کو اکتانا پسند نہیں کرتا جس طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہم لوگوں کی اکتاہٹ کا لحاظ رکھتے ہوئے وعظ فرمایا کرتے تھے، اسی طرح میں بھی تم لوگوں کو وعظ و نصیحت کرتا ہوں۔

(شفیقؒ۔ بخاری۔ مسلم۔ ترمذی)

o عوام کو ان کی عقل کے مطابق مسائل بتاؤ۔ کیا تمہیں پسند ہے کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کی جائے۔ (علیؓ۔ بخاری)

o جب تم لوگوں کے سامنے ایسی گفتگو کرو گے جو ان کی عقل کی رسائی سے باہر ہو تو وہ کچھ لوگوں کے لئے فتنہ بن جائے گی۔

(ابن مسعودؓ۔ مسلم)

o جب تم میں سے کوئی امامت کرائے تو تخفیف سے کام لے کیونکہ مقتدیوں میں کمزور، بیمار اور بوڑھے بھی ہوتے ہیں۔

(ابو ہریرہؓ۔ متفق علیہ)

o رات کی نماز کو نہ چھوڑو اگرچہ بکری دوہنے کی مقدار کے برابر ہی کیوں نہ ہو۔

(جابرؓ۔ اوسط)

o حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم قبل از عشاء سونے سے اور بعد از عشاء بے کار باتیں کرنے سے منع فرماتے تھے۔

(ابو ہریرہؓ۔ بخاری۔ مسلم۔ ابوداؤد۔ ترمذی)

o مومن کو ایک کانٹا وغیرہ بھی چبھے تو اللہ تعالیٰ اس کے عوض اس کا ایک درجہ بلند کر دیتا ہے اور اس کی ایک خطا معاف فرما دیتا ہے۔

(عائشہؓ۔ موطا۔ ترمذی۔ اوسط۔ صغیر)

o جو شخص بھی شام کو کسی مریض کی عیادت کرتا ہے اس کے لئے ستر ہزار فرشتے صبح تک دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں اور اس کے لئے جنت میں ایک باغ تیار ہو جاتا ہے اور جو صبح ایسا کرے اس کے لئے ستر ہزار فرشتے شام تک دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں اور جنت میں اس کے لئے ایک باغ تیار ہو جاتا ہے۔

(علیؓ۔ ابوداؤد۔ ترمذی)

o آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایک جنازہ گزرا۔ پوچھا یہ راحت پانے والا ہے یا راحت دینے والا ؟ کسی نے اس بات کی وضاحت کے لئے عرض کیا۔ فرمایا: بندۂ مومن مر کر دنیا کے جھنجھٹوں سے آرام پالیتا ہے اور بندۂ فاجر کے مرنے سے انسان، زمین، شجر اور دوسرے ذی روح کو آرام نصیب ہوتا ہے۔

(ابوقتادہؓ۔ بخاری۔ مسلم۔ مؤطا۔ نسائی)

o کچھ لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب سے ایک جنازے کو لئے ہوئے گزرے اور اس کی تعریفیں کیں۔ فرمایا کہ اس کے لئے جنت واجب ہوگئی۔ پھر دوسرا جنازہ لے کر گزرے تو لوگوں نے اس کی برائی کی۔ فرمایا اس پر دوزخ لازم ہوگئی۔ پھر فرمایا تم آپس ہی میں ایک دوسرے کے گواہ عمل ہو۔

(ابوہریرہؓ۔ ابوداؤد)

o اگر کوئی مسلمان مرجائے اور اس کے قریب ترین پڑوسیوں میں سے تین گھرانے بھی اس کی کسی نیکی کی گواہی دیں تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرے بندے اپنے علم کے مطابق جس خیر کی گواہی دے رہے ہیں میں اسے قبول کرتا ہوں اور اس کی جو برائی میں جانتا ہوں، اسے میں معاف کرتا ہوں۔

(ابوہریرہؓ۔ احمد)

o میں نے تمہیں پہلے زیارت قبور سے روک دیا تھا۔ (کیونکہ تم حدیث الاسلام تھے) اور اب (جبکہ توحید پختہ ہوچکی ہے) زیارت کرسکتے ہو کیونکہ قبریں تمہیں آخرت کی یاد دلاتی ہیں۔

(بریدہؓ۔ مسلم۔ اصحاب سنن)

o بحر و بر میں جو مال تلف ہوتا ہے، وہ زکوٰۃ روک رکھنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔

(عمرؓ۔اوسط)

o ابن آدم کا حق سوائے ان تین چیزوں کے اور کسی شے سے وابستہ نہیں۔ وہ گھر جس میں وہ رہے۔ وہ کپڑا جس سے وہ ستر پوشی کا کام لے۔ اور خشک روٹی و پانی۔

(عثمانؓ۔ترمذی)

o ایک عورت نے کہا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری ماں مرگئی اور اس کے ذمے منت کا روزہ تھا تو کیا میں اس کی طرف سے روزہ رکھ لوں؟ فرمایا اگر تیری ماں پر قرض ہوتا، تو اسے ادا کر دیتی تو یہ اس کی طرف سے ادا ہو جاتا یا نہیں؟ عرض کیا! ہاں ہو جاتا۔ فرمایا کہ پھر اپنی ماں کی طرف سے روزہ بھی رکھ لے۔

(ابن عباسؓ۔للسنۃ الامالکا)

o جو شخص اس لئے علم پڑھتا ہے کہ علماء کا مقابلہ اور جہلا سے مناظرہ کر کے عوام کو اپنی طرف مائل کر لے اسے اللہ تعالیٰ دوزخ میں ڈالے گا۔

(کعب بن مالکؓ۔ترمذی)

o میں نے جن امور کی وضاحت نہیں کی، ان کی بابت دریافت مت کرو، پہلی امتیں اپنے نبیوں سے ایسے ہی سوالات کرنے پر اور انبیاء سے اختلاف کرنے کی وجہ سے ہلاک کر دی گئیں۔ جن امور سے میں روک دوں، ان سے تم بچے رہو اور جو حکم دوں مقدور بھر اس پر عمل کرو۔

(ابو ہریرہؓ۔بخاری۔مسلم۔ترمذی)

o بدترین وہ لوگ ہیں جو شر انگیز مسائل پوچھ کر علماء کو مغالطے میں ڈالتے ہیں۔
(ابو ہریرہؓ۔رزین)

o تمہیں یہ علم نہیں کہ مومن کا سجدہ مقامِ سجدہ کو سات تہوں تک پاک کر دیتا ہے۔
(عائشہؓ۔اوسط)

o

ایک شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سائل بن کر حاضر ہوا اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چند سوالات کئے جن کے جوابات آپ نے مرحمت فرمائے۔

اس نے پوچھا: اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! میں چاہتا ہوں کہ سب سے بڑا عالم بن جاؤں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ سے ڈرتا رہ تو سب سے بڑا عالم بن جائے گا (یعنی اللہ کا خوف رکھ اور اس کے حکموں پر عمل کر، اللہ تجھے علم و حکمت کے خزانے بخش دیں گے)

اس نے پوچھا: میں چاہتا ہوں کہ تمام لوگوں سے زیادہ مالدار بن جاؤں۔

ارشاد ہوا: قناعت اختیار کر، سب سے زیادہ مالدار ہو جائے گا۔

اس نے عرض کیا: میں چاہتا ہوں کہ سب سے بہتر شخص بن جاؤں

فرمایا: سب سے بہتر وہ ہے جو لوگوں کو نفع پہنچائے تو سب کیلئے نفع بخش بن جا، سب سے بہترین شخص بن جائے گا۔

اس نے عرض کیا: میں سب سے عادل شخص بننا چاہتا ہوں

ارشاد فرمایا: تو دوسروں کے لئے وہی پسند کر جو تو اپنے لئے پسند کرتا ہے،

تو سب سے زیادہ منصف اور عادل ہو جائے گا۔

عرض کیا: میں اللہ کے دربار میں سب لوگوں سے زیادہ مقرب بننا چاہتا ہوں۔

فرمایا: اللہ کا ذکر کثرت سے کر، تو اللہ کے دربار میں سب سے زیادہ مخصوص اور مقرب بن جائے گا۔

عرض کیا: میں محسنین ونیکوکاروں میں سے بننا چاہتا ہوں

ارشاد ہوا: تو اللہ کی یوں عبادت کر گویا تو اسے دیکھ رہا ہے اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو (کم از کم) اس طرح جیسے کہ وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔

عرض کیا: میں چاہتا ہوں کہ میرا ایمان مکمل ہو جائے۔

فرمایا: اپنے اخلاق سنوار لے، تیرا ایمان مکمل ہو جائے گا۔

پوچھا: میں اطاعت گزاروں میں سے بننا چاہتا ہوں

ارشاد ہوا: اپنے فرائض ادا کرتا رہ، تو اللہ کے مطیع لوگوں میں شمار ہوگا۔

عرض کیا: میں اللہ سے اس حال میں ملنا چاہتا ہوں کہ میں تمام گناہوں سے پاک صاف ہوں۔

فرمایا: جنابت سے غسل کیا کر، اس کی برکت سے گناہوں سے پاک اٹھے گا۔

عرض کیا: میں چاہتا ہوں کہ حشر میں نور کے ساتھ اٹھایا جاؤں۔

فرمایا: تو کسی پر ظلم نہ کر، قیامت کے دن نور میں اٹھائے گا۔

عرض کیا: میں چاہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ مجھ پر رحم کرے۔

فرمایا: تو اپنی جان پر رحم کر (اطاعت کر کے خود کو دوزخ سے بچا) اور خلق خدا پر رحم کر، اللہ تعالیٰ تجھ پر رحم کرے گا۔

عرض کیا: میں چاہتا ہوں کہ میرے گناہ کم ہو جائیں۔

فرمایا: کثرت سے استغفار کیا کر، تیرے گناہ کم تر ہو جائیں گے

عرض کیا: میں سب لوگوں سے بزرگ تر بننا چاہتا ہوں

فرمایا: مصیبت میں لوگوں سے اللہ کی شکایت نہ کر، سب لوگوں سے بزرگ تر ہو جائے گا۔

عرض کیا: میں چاہتا ہوں میرے رزق میں زیادتی ہو۔

فرمایا: تو ہمیشہ طہارت سے رہ، تیرے رزق میں برکت ہوگی۔

عرض کیا: میں چاہتا ہوں کہ میں اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا دوست بن جاؤں

فرمایا: جو چیزیں اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند ہیں، ان کو پسند کر اور جن چیزوں سے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو نفرت ہے ان سے نفرت کر۔ تو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا دوست بن جائے گا۔

عرض کیا: میں اللہ کے غضب سے بچنا چاہتا ہوں۔

فرمایا، کسی پر بے جا غصہ نہ کر، تو اللہ کے غضب اور ناراضی سے بچ جائے گا۔

عرض کیا: میں اللہ کے ہاں مستجاب الدعوات بننا چاہتا ہوں۔

ارشاد ہوا: حرام چیزوں اور حرام باتوں سے بچ، تو مستجاب الدعوات ہو جائے گا۔

عرض کیا: میں چاہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ مجھ کو قیامت میں سب کے سامنے رسوا نہ کرے۔

فرمایا: اپنی شرمگاہ کی حفاظت کر، اللہ تجھے رسوا نہ کرے گا۔

عرض کیا: میں چاہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے عیب چھپالے۔

فرمایا: تو اپنے بھائیوں کے عیب چھپالے، اللہ تعالیٰ تیرے عیب چھپائے گا۔

عرض کیا: میری غلطیاں کس طرح معاف ہوسکتی ہیں؟

فرمایا: خوف الٰہی سے رونے سے اور اللہ سے عاجزی کرنے سے اور بیماریوں سے۔

عرض کیا: کون سی نیکی اللہ کے نزدیک افضل ہے؟

فرمایا: اچھے اخلاق، انکسار، مصیبتوں پر صبر اور اللہ کے فیصلوں پر خوشی۔

عرض کیا: اللہ کے نزدیک سب سے بڑی برائی کیا ہے؟

فرمایا: بدترین اخلاق اور کنجوسی جس کی اطاعت کی جائے۔

عرض کیا: کون سی چیز اللہ کے غضب کو روکتی ہے؟

فرمایا: پوشیدگی سے صدقہ دینا، قرابت داروں کا حق ادا کرنا اور ان سے سلوک و احسان سے پیش آنا۔

عرض کیا: جہنم کی آگ کو کون سی چیز بجھائے گی؟

فرمایا: روزہ

(کنز العمال۔ جامع صغیر علامہ سیوطیؒ صفحہ ۶۰۱)

ان خصائل ہی کی بدولت دین کی تمکنت تھی، آن تھی، شان تھی، آواز تھی، گویا ہر شے تھی۔ یہ خصائل انسان کا وہ زیور ہیں کہ انہیں پا کر زندگی ماسوا سے مستغنی و بے نیاز ہو جاتی ہے۔

جملہ خصائلِ نبوت کسی نہ کسی دنیا میں کہیں نہ کہیں ضرور موجود ہوتے ہیں اور انہیں رہنا بھی چاہیے۔ان کے بغیر زندگی کس مصرف کی اور دنیا کس کام کی؟

اگر ایسے نہ ہوتا تو جو چھیڑ ہم کرتے ہیں کبھی کا اس کا بھٹہ بیٹھ جاتا۔ ان خصائل نبوت ہی کی بدولت یہ دنیا زندہ اور قائم ہے۔

خصائلِ نبوت.....زندہ باد

الحمد لله

یاحی یاقیوم

الحمد للحی القیوم فالله خیر الرازقین

والله ذوالفضل العظیم

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ

وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ آمین

○

امروز سعید و مسعود و مبارک ۱۶ رمضان المبارک ۱۴۲۷ھ

○

فیضانِ فیض

حضرت اویس محمد برکت علی لودھیانوی

قدس سرہ العزیز

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم علیہ السلام کرام اللہ وجہہ رضی اللہ عنہ رضی اللہ عنہ رضی اللہ عنہ رضی اللہ عنہ

دربارِ مصطفویہ خضریہ علویہ سعیدیہ اویسیہ ہجویریہ قادریہ

رضی اللہ عنہ رضی اللہ عنہ رضی اللہ عنہ رضی اللہ عنہ رضی اللہ عنہ رضی اللہ عنہ رضی اللہ عنہ رضی اللہ عنہ

صابریہ قلندریہ مجددیہ غفوریہ رحیمیہ کریمیہ امیریہ برکتیہ

المقام النجاف الضحاف المقبول المصطفین ○ کیمپ دارالاحسان سمندری روڈ فیصل آباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم اللھم صل وسلم وبارک علیہ وعلیہ مولانا وحبیبنا محمد
النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک ومرضاۃ نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا عزیز یا غفار یا ودود یا کریم یا رؤف یا رحیم یا معز یا مذل یا سمیع یا علیم یا قوی یا قیوم وانزل علینا یا حی یا قیوم

قُل

عشقُ محمدٍ صلی اللہ علیہ وسلم

مذہبی وحبہ ملتی

واطاعتہ منزلی !

(یہ کہہ) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق میرا
مذہب محبت میری ملت اور اتباع میری منزل ہے

ابوانیس محمد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک ورضی اللہ عن سیدنا ابی بکر الصدیق وعمر الفاروق وعثمان ذی النورین وعلی المرتضی وعن سائر الصحابۃ اجمعین استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ یا حی یا قیوم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّاٰلِهٖ وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ
اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ
يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

یہ دُرود شریف اور استغفار حضرت خواجۂ خواجگان سیدنا اویس قرنی رضی اللہ عنہ کا عمل اور اس سلسلۂ عالیہ کا موروثہ درود شریف ہے

دارُالاِحسان کا ہر عقیدت مند اور طالب اسکی مداومت کو اپنے اوپر لازم قرار دے، حسبِ قوت اور گنجائشِ وقت اسکے پڑھنے کی تعداد خود ہی مقرر کریں، مثلاً ہر نماز کے بعد کم از کم گیارہ بار ضرور پڑھیں۔ عشاء کی نماز کے بعد یا تہجد و فجر کے بعد کثرت سے پڑھیں مثلاً ایک بار، یا تین بار، یا پانسو بار یا اس سے بھی زیادہ بار، صرف ایک بات یاد رکھیں کہ جو تعداد ایک بار مقرر کریں اُس پر مداومت رکھیں!

فرمانِ تاجدارِ دارالاحسان
حضرت خواجہ محمد برکت علی لدھیانوی
قدس سرہ العزیز

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین

احمد سجاد آرٹ پریس
جمشید سٹریٹ موھنی روڈ لاھور فون ۷۳۵۷۱۵۹